Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

جنون تیرے عشق کا

از-کائنات اعجاز

مکمل ناول--

کاش

...کاش میں اپنے ماں باپ کی اکلوتی اولاد ہوتی

وہ کیمسٹری کے نوٹس ہاتھوں میں پکڑے,پاؤں میں جوتا پہنتے منہ ہی منہ میں بڑبڑائی..اور ساتھ ہی غصے

...سے روم سے باہر کی جانب نکل گئ

...ارابیلا

..ارابیلا

...سیڑھیاں اترتے ہوئے وہ اونچی اونچی پکارنے لگی

کیامسئلہ ہے تمہیں ایسے کیوں چیخ رہی ہو صبح صبح...؟؟

...ملیحہ بیگم جو عبدالجبار صاحب کے سامنے ناشتہ لگارہی تھی پریشانی سے اسکی جانب دیکھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ارابیلا جو پاس ہی کرسی پر بیٹھی تھی جیسے ہی اسکی نظر لال پیلی ہوتی اسپرا پر پڑی جلدی سے نظریں نیچے جھکا کر کھیر میں چمچ چلانے لگی....

کتنی دفعہ میں نے تمہیں بولا ہے بیلا میرے کمرے میں داخل نہ ہوا کرو, تمہیں سمجھ کیوں نہیں آتا... اسپرا نے دانت پیستے ہوئے کہا جبکہ بیلا اسے اگنور کرتی مزے سے کھیر کھانے لگی

اف اب کیا کر دیا ہے میرے بے بی نے ؟؟

ملیحہ بیگم نے محبت سے کہہ کر اسپرا کے ہاتھ سے نوٹس پکڑ لیے...

جیسے ہی انہوں نے ارابیلا کا کارنامہ دیکھا ان کے چہرے پر مسکراہٹ بکھرنے لگی اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ مسکراہٹ قہقہے میں بدل گئی.... عبدالجبار میرا خیال آپ کو بھی یہ دیکھنا چاہئے...

ملیحہ بیگم نے نوٹس انہیں دکھاتے ہوئے کہا...

عبدالجبار صاحب بھی دیکھ کر کھکھلا کر ہنس دیے..

ارابیلا جو تب سے نروس ہو کر بیٹھی تھی اپنے پیرنٹس کو مسکراتے ہوئے دیکھا تو وہ بھی مسکرانے لگی...

حد ہے, یہ میری فیملی ہے اسے کچھ کہنے کی بجائے سب قہقہے لگا رہے ہیں...

اسپرا نے سب کو گھورتے ہوئے کہا...

calm down Pari

ملیحہ بیگم نے اپنی ہنسی دباتے ہوئے کہا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

..لیکن بیلا بیٹا

the spelling is C—O—O—K

...نہ کہ وہ ہیں جو آپ نے لکھے ہیں

..عبدالجبار صاحب نے تھوڑا شرمندگی سے اپنی پانچ سالہ بیٹی کو دیکھتے ہوئے کہا

...اوہ پاپا جانی لائیں میں ابھی صحیح لکھ دیتی ہوں

..ارابیلا نے کہتے ہی اپنا ہاتھ نوٹس کی جانب بڑھایا

مجھے یقین ہی نہیں ہو رہا میرے کیمسٹری کے مارکس اس ریکارڈ پر منحصر ہیں اور آپ سب کو مزے

...سوجھ رہے ہیں

...اسپرا نے نوٹس واپس سے پکڑ کر چیختے ہوئے کہا... جبکہ باقی سب اپنی ہنسی ضبط کرنے لگے

...اسپرا نے واپس سے نوٹس کی طرف نظر گھمائی جہاں ایک آدمی کا سکیچ بنا ہوا تھا

..لیکن اصل فن یہ نہیں تھا بلکہ اسکے اوپر لکھی گئی تحریر تھی

"My daddy is the best cock in the world"

ایکچلی رات میں عبدالجبار صاحب نے چکن روسٹ بنایا تھا تو ان سے ایمپریس ہو کر ارابیلا نے نوٹس پر

..انکا سکیچ بنانے کی کوشش کی تھی

...میں کیا سوچ رہی ہوں اس سکیچ کو اپنے کمرے کی دیوار پر لگاؤں

...ملیحہ بیگم نے شرارت سے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

oh My God...

...اسپرا نے ٹیبل پر بیٹھ کر اپنا سر اپنے ہاتھوں میں تھام لیا

...اوکے ریلیکس صرف مزاق کر رہی ہوں یہ ناشتہ کرو پھر تم نے یونی جانا ہے

..ملیحہ بیگم نے مسکراتے ہوئے کہا

اللہ کا شکر ہے میں نے یہ اسائنمنٹ جمعرات کو جمع کروانی ہے اسلیے دوبارہ لکھ لوں گی لیکن اسکا یہ

...مطلب ہر گز نہیں ہے میں تمہیں معاف کر دوں گی

آج کے بعد اگلا سارا ہفتہ تم دیر رات واشروم اکیلی جاؤ گی جہاں بھوت ہوتے ہیں اور میں تمہارے

.ساتھ نہیں آؤں گی

اسپرا نے زبان چڑاتے ہوئے کہا اور ساتھ ہی بیلا کی پلیٹ سے کھیر کا چمچ لیا جبکہ بیلا اڑی

..ہوئی رنگت سے اسکی جانب دیکھنے لگی

...ماما

وہ جو منہ کھول کر رونے ہی لگی تھی اسپرا نے کھیر سے چمچ بھر کر جلدی سے اسکے منہ کے اندر رکھ کر

...اسکا منہ بند کر دیا

...اچھا سوری

..اسنے بیلا کی گال پر بوسہ دیتے ہوئے کہا جبکہ بیلا منہ بسورتے ہوئے کھیر کھانے لگی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ناشتہ کرنے کے بعد اس نے سب کو محبت سے بائے کہا اور پھر اپنی یونی کیلئے گھر سے نکل گئ

✸✸✸✸

...جیسے ہی اس نے اپنی گاڑی پارک کی اسکے کان میں اسکی دوست فاطمہ کی آواز ٹکرائ

Hi fati

..اسنے اپنا بیگ پکڑ کر باہر نکلتے ہوئے کہا

...پرابلم, بہت بڑی پرابلم

...فاطمہ نے جلدی سے اسکا ہاتھ پکڑ کر اندر کی جانب بڑھتے ہوئے کہا

کیسی پرابلم کیا ہو گیا ہے...؟؟؟

...اسپرا نے الجھتے ہوئے کہا

...فائقہ

...فاطمہ نے آہستگی سے کہا

یہ سنتے ہی اسپرا کا وجود تھما لیکن وہ جلد ہی خود کو قابو کرتے ہوئے فاطمہ کی سنگت واش روم کی

...جانب بھاگنے لگی

..واش روم میں پہنچ کر اسکی نظر فائقہ سے ٹکرائ جس کا وجود خوف اور ڈر سے کانپ رہا تھا

فائقہ کیا ہوا ہے.؟؟تم ٹھیک ہو...؟؟

...اسپرا نے اپنی بیسٹ فرینڈ کو خود کے قریب کر کے پریشانی سے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...وہ لڑکا جس پر ہم نے پرینک کیا تھا لاسٹ ویکنڈ

...فاطمہ آہستگی سے بڑبڑائی

ہاں تو پھر...؟؟

...اسپرا نے الجھتے ہوئے پوچھا

...وہ لڑکا اسی یونیورسٹی کا ہے میں نے اسے یہاں دیکھا ہے...فائقہ نے گھبراتے ہوئے کہا

..یہ سنتے ہی اسکی پریشانی ختم ہو گئی اور اسکے چہرے پر مسکراہٹ بکھر گئی

...میں نے اسے ہمارے گراؤنڈ میں دیکھا ہے

...اسپرا کے چہرے پر مسکراہٹ دیکھ کر فائقہ نے دانت پیسے

...لیکن اسپرا مسکراہٹ ضبط کرنے کی بجائے اور کھلکھلا کر مسکرادی

stop laughing idiot..

...اگر اس نے مجھے دیکھ لیا تو میری موت پکی ہے

...آجانا پھر میرے مرنے پر بریانی کھانے

...فائقہ نے اسکے پاؤں پر اپنی ہیل مارتے ہوئے کہا

calm down faiqa, He is not sure it's you...

..فاطمہ نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...یار وہ پہچانتا ہے دیکھ لینا تم لوگ

..ابھی فائقہ بول ہی رہی تھی ان کے کانوں میں بیل گونجی

stop being dramatic, stay away from him..

...ابھی تم صرف یہی کر سکتی ہو اب لیکچر سٹارٹ ہو گیا ہے چلو وہ لیتے جا کر

..اسپرا نے کہہ کر اسکا بازو پکڑ کر واشروم سے باہر نکل آئی

فیری ٹھیک کہہ رہی ہے اگر وہ ڈھونڈ بھی لے گا تو ہم سب مل کر اسکے نتائج سے نمٹ لیں گے ہمیشہ کی طرح...

...فاطمہ نے مسکراتے ہوئے کہا

...اور وہ تینوں لیکچر لینے کلاس کی جانب بڑھ گئیں

✸✸✸✸

...یار یہ دانش اور حمزہ کہیں نظر نہیں آرہے آج

..اسپرا نے کیفے ٹیریا میں بیٹھ کر اپنی دوستوں کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

...اوہ میڈم کو بہت یاد آرہی ہمارے ہونے والے جیجو کی

...فاطمہ نے شرارت سے کہا

اس سے پہلے فائقہ بھی کچھ کہتی اسکی نظر سامنے کھڑے تیمور پر پڑی, اور گھبراہٹ سے اسکی ہتھیلیاں نم ہونے لگیں..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

D do you need anything..??

فائقہ کی حالت دیکھتے ہوئے انہوں نے بھی اسکی نظروں کی سمت دیکھا تو اسپرا نے خود کو مضبوط ٹھہراتے ہوئے ایک ایک لفظ پر زور دیا..

i know you...

تیمور کی گہری آواز ان کی سماعتوں سے ٹکرائی جو فائقہ کی جانب دیکھ رہا تھا...

فائقہ کی آنکھیں حیرت سے پھیلیں اسکا وجود ڈر سے کپکپانے لگا اسنے کچھ بولنے کیلئے اپنے لب کھولے لیکن منہ سے کچھ نہیں نکلا...

فائقہ....

فاطمہ نے اسے پکارا لیکن جو اسنے کیا اس سے ان دونوں کو شاک لگا..

you know, i know,

you know i'll remember you,

and i know, you know, i know you'll remember how we danced'

وہ کھڑی ہو گئ اور لیریکس گانے لگی...

فاطمہ اور اسپرا صدمے سے اسکی جانب دیکھنے لگیں..

How we danced all night

یہ ان تینوں کا فیورٹ سونگ تھا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

جو وہ کھڑے ہو کر اونچی اونچی اب گانے لگی اور ساتھ ساتھ اپنے قدم کیفے ٹیریا سے باہر کی جانب بڑھانے لگی.. جبکہ وہاں موجود سب سٹوڈینٹس حیرت سے اسکی جانب دیکھنے لگے...

اسپرا نے اب ایک نظر تیمور کو اور پھر فاطمہ کو دیکھا اور زندگی سے بھرپور دونوں کے قہقہے کیفے ٹیریا میں گونجنے لگے..

اسی پل اسپرا کی نظر تیمور پر پڑی جو ہاتھ میں موجود ٹرے کو سختی سے پکڑے ہوئے تھا...

اسپرا نے جلدی سے اپنی ہنسی کنٹرول کر کے ٹیبل کے نیچے سے فاطمہ کے پاؤں پر پاؤں مارا...

سوری ہمارا وہ مطلب....

وہ تم تینوں ہی تھی نہ.. جنہوں نے پہلے کیچپ اور پھر پانی پھینکا....

اس نے سرد مہری سے انہیں گھورتے ہوئے کہا..

جس پر ان دونوں کے دل کی دھڑکن خوف سے بڑھنے لگی..

i don't know what you are ta...

میں نے سوچا جا کر تم لوگوں سے اچھے سے بات کرتا ہوں لیکن تمہاری دوست نے یہ جو پرفارمنس کی ہے لگتا ہے اب اپنے طریقے سے بتانا ہو گا...

تیمور نے اسپرا کی بات کو کاٹ کر دھمکاتے ہوئے کہا..

دیکھو مسٹر ہم نہیں جانتے تم کس بارے میں بات کر رہے ہو... بہتر ہے تم جاؤ یہاں سے...

اسپرا نے بات کو ختم کرتے ہوئے کہا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اوکے میں نے تمہاری دوست کو موٹی کہا بدلے میں اس نے اس دن اندھیرے میں میرے اوپر کیچپ اور پانی پھینک دیا... اس لیے حساب برابر ہو گیا اور میں نے کچھ نہیں کہا...

ل لیکن تم کیسے جانتے ہو وہ ہم ہیں...؟؟

اسپرانے لڑکھڑاتی آواز میں کہا...

تیمور نے گہری نظروں سے فاطمہ کی جانب دیکھا جس پر اسکے دل نے ایک بیٹ مس کی... ایکچلی تمہاری دوست نے آج بھی وہ ہی براسلیٹ پہنی ہوئی ہے جو اس دن پہنی تھی بس اسی سے اندازہ ہوا ہے...

اسنے فاطمہ کی براسلیٹ کی جانب اشارہ کیا...

فاطمہ نے جلدی سے اسکے اوپر ہاتھ رکھ لیا...

اوکے حساب برابر...

ہم نے جو کیا وہ زیادہ ہو گیا اس کیلئے

we are sorry...

فاطمہ نے جلدی سے کہا...

Ahan next time be careful..

وہ اسے آنکھ مارتا مزید کچھ کہے وہاں سے غائب ہو گیا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا نے فاطمہ کی جانب دیکھا جو صدمے سے اس جگہ کو دیکھ رہی تھی اور پھر نظریں جھکا کر برگر کھانے لگی...

okay i see you in next lecture..

کچھ دیر خاموشی میں کھانا کھانے کے بعد جب فائقہ کے واپسی کے کوئی اثرات نظر نہیں آئے تو اسپرا نے اٹھتے ہوئے کہا...

okay..

فاطمہ نے جلدی سے کہہ کر باہر کی جانب دوڑ لگائی...

فاطمہ کیا ہو گیا ہے یار ریلیکس...

سارے لیکچر کے دوران فاطمہ کو نارمل نہ ہوتے دیکھ کر اسپرا نے آہستگی سے کہا...

لیکن وہ خاموش رہی...

yaar it was just a wink or a compliment, okay??

اسپرا نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھ کر نرمی سے کہا...

Stupid flirt..

فاطمہ نے تپے ہوئے لہجے میں کہا..

جس پر اسپرا کی جان میں جان آئی...

وہ اپنی دوستوں کو چیختے چلاتے سن سکتی تھی لیکن خاموشی ہرگز نہیں برداشت کر سکتی تھی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

yeah, he is stupid

...اسپرا نے اسکی ہاں میں ہاں ملاتے ہوئے سامنے بورڈ کی جانب دیکھا اور پھر وہ لیکچر لینے لگیں

✸✸✸✸

who is that guy??

...دانش نے سلگتے ہوئے لہجے میں کہا

..اسپرا نے پریشانی سے اسکی جانب دیکھا اور اسکے ہاتھ کے اوپر اپنا ہاتھ رکھ دیا

...اس وقت وہ پانچوں گارڈن ایریا میں موجود تھے

His name is Taimoor Haider..

..حمزہ نے دانت پیستے ہوئے کہا

تم لوگ اس نئے لڑکے کے بارے میں بات کر رہے ہو؟؟

..فائقہ نے ان دونوں کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا

...ہاں آج ہی اس نے فٹبال ٹیم کو بھی جوائن کیا ہے اور خود کو کیپٹن سمجھنے لگا ہے

..دانش نے ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے کہا

اسپرا اسکی فٹ بال کو لے کر پسندیدگی اچھے سے جانتی تھی اکثر وہ ٹیم کا پارٹ ہونے کی وجہ سے اسے

.... بھی ٹائم نہیں دے پاتا تھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

Relax man, trust me

..تم اس سے زیادہ اچھے کھلاڑی ہو

..حمزہ نے اسکے کندھے کو سہلاتے ہوئے کہا

i hate him too

..فاطمہ نے منہ بسورتے ہوئے کہا

مطلب تم لوگ اسے جانتے ہو پہلے سے ہی؟؟؟

...دانش نے آئبرو اچکاتے ہوئے کہا

..جس پر اسپرا کھکھلا کر مسکرا دی اور پھر اسے سارا واقعہ بتانے لگی

...واؤ فائقہ تم بہت سمارٹ ہو

...حمزہ نے اسکے گال کھینچتے ہوئے کہا جس پر وہ بلش کرنے لگی

..اگر وہ تمہارے ساتھ واپس سے کچھ کرنے کی کوشش کرے تم مجھے بتانا میں دیکھ لوں گا اسے

...دانش نے فاطمہ کو دیکھتے ہوئے کہا... جس پر اسنے آہستگی سے سر ہلا دیا

...اوکے گائز میرا خیال ہے اب آپ لوگوں کو گھر جانا چاہئے

...دانش نے اسپرا کی جانب دیکھتے ہوئے کہا

مطلب تم نہیں چھوڑ رہے مجھے...؟؟

..اسپرا نے منہ پھولاتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

I'm sorry baby, i can't today...

...دانش نے اسکے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں تھامتے ہوئے اداسی سے کہا

it's okay...

..ہم نکلتے ہیں پھر

...اسپرا نے اٹھتے ہوئے کہا اور ساتھ گرلز کی جانب دیکھا

کیا مطلب تم بھی نہیں چھوڑ رہے مجھے...؟؟

..فائقہ نے حمزہ کو گھورتے ہوئے کہا

...سوری بے بی اگلا میچ بہت امپورٹینٹ ہے اور ابھی بہت ساری پریکٹس کرنی ہے

..حمزہ نے اپنے بالوں پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا

تم لوگ کوئی پرینک کرنے کا سوچ رہے ہو...؟؟

..اسپرا نے مشکوک لہجے میں پوچھا کیونکہ ابھی تو دونوں پریکٹس سیشن سے آئے تھے

...نہیں تو

...دونوں نے جلدی سے کہا

..لڑکیوں نے ان دونوں کی جانب مشکوک نظروں سے دیکھا مگر پھر اگنور کرتی وہاں سے چلی گئیں

✸✸✸✸

گھر واپس آکر کچھ دیر آرام کرنے کے بعد اسپرا جو اپنی انگلش اسائنمنٹ مکمل کرنے میں مصروف تھی..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اچانک سے لاؤڈ میوزک کی آواز اسکے کانوں میں گونجے لگی

غصے سے وہ اپنے بیڈ سے اٹھ کر کمرے سے باہر نکل گئ کیونکہ وہ جانتی تھی یہ آواز کدھر سے آرہی ہے..

ارابیلا کے کمرے کے قریب پہنچ کر اس نے زور زور سے دروازے کو کھٹکھٹایا کچھ دیر بعد دروازہ کھل گیا

جہاں ارابیل جمپ سوٹ میں ملبوس تھی بال کندھوں تک بکھرے ہوئے تھے اور لپ سٹک ہونٹوں پر بری طرح پھیلی ہوئ تھی جس پر اسپرا کو اندازہ ہوگیا ماما کے کاسمیٹکس کی شامت آئ ہوئ تھی..

Decrease the volume...

..اسپرا نے چیختے ہوئے کہا

what....

..بیلا نے بھی چیختے ہوئے کہا

DECREASE THE VOLUME

..اسپرا نے اسکے کان میں اور اونچی آواز میں کہا کیونکہ میوزک کی آواز بہت زیادہ تھی

increase the volume??

..ارابیلا نے معصومیت سے پوچھا

...اوہ میری پیاری بہن میں نے کہا کم, کم کرو آواز

..اسپرا نے نیچے جھک کر اسکے کان میں ایک ایک لفظ پر زور دیا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میرے کان میں کیوں چیخ رہی ہو ویسے بولو آواز کم کرو میں کر دیتی ہوں

...ارابیلا نے آنکھیں پٹپٹاتے ہوئے کہا اور پھر اپنے قدم سٹیریو کی جانب بڑھا دیے

اتنا کافی ہے...؟؟

...بیلا نے سادگی سے پوچھا

...جبکہ اسکے والیوم مزید تیز کرنے پر اسپرا دانت پیس کر رہ گئ

..اور خود آگے بڑھ کر جا کے والیوم کم کر دیا

...اب اگر تم نے تیز کیا میں چڑیل کو بتاؤں گی اور وہ تمہیں کھا جائے گی

...اسپرا نے اسے دھمکایا

....بہت بری ہو تم پری

...بیلا نے منہ بسورتے ہوئے کہا

that's like my girl...

...اسنے اسکی گال پر کس کرتے ہوئے کہا کیونکہ اب وہ جانتی تھی والیوم تیز نہیں ہو گا

...اور اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئ تاکہ اسائنمنٹ مکمل کر سکے

✸✸✸

تم پریکٹس کیوں نہیں کر رہے آج؟؟

اسپرا جو کلاس لینے کے بعد دانش کی پریکٹس دیکھنے آئ تھی لیکن وہاں پریکٹس نہ ہوتی دیکھ کر اسکے

..قریب آکر پوچھنے لگی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اوہ ہائے سویٹ ہارٹ

یہ جو نیا لڑکا آیا ہے اسے آج گراؤنڈ میں 50 راؤنڈ لگانے کا شوق چڑھا ہوا تھا اسلیے آج بس گراؤنڈ ...مصروف ہے

..دانش نے سامنے اشارہ کرتے ہوئے کہا جہاں تیمور راؤنڈ لگانے میں مصروف تھا

what did you do...??

..اسپرا نے آئبرو اچکاتے ہوئے پوچھا

میں نے...؟؟

...یار میں کیا کروں گا جو بھی کیا ہے اس نے خود کیا ہے

...دانش نے منہ بناتے ہوئے کہا

....دانش

..اسپرا نے وارن کیا

...اوکے میں بتاتا ہوں یہاں آؤ

اس نے اسپرا کو خود کی جانب کھینچتے ہوئے کہا اور اسے اپنے برابر بٹھا دیا ساتھ ہی آس پاس ...لڑکوں کی پرواہ کیے بغیر اسکے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے لیے

Tell me...

..اسپرا نے اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ہم نے اپنے کمپیوٹر جینیس ارسلان کو کہا کہ کوچ کی ایک مزاحیہ وڈیو بنا کر تیمور کے یوٹیوب اکاؤنٹ کے ذریعے اپلوڈ کر دو وہ اس نے بنا کر کر دی... ہماری یونی کے بچوں کے دیکھنے سے پہلے ہی کوچ نے دیکھ لی اور اسی کی سزا ملی ہے اسے...

دانش نے اسے یہ سب اتنے سکون سے بتایا کہ کوئی عام سی بات چل رہی ہو...

ہمم تو تم نے کچھ نہیں کیا تھا...؟؟

اسپرا نے صدمے سے اسکی جانب دیکھا...

ہاں میں نے کیا ہے لیکن یقین کرو وہ اس قدر فنی وڈیو ہے تمہاری سوچ ہے... کوچ خالی نیلے رنگ کے شورٹس پہنے ہوئے ہے جس پر گولڈن رنگ کے ستارے بنے ہوئے ہیں...

دانش نے قہقہہ لگاتے ہوئے کہا..

تم نے مجھے سینڈ کیوں نہیں کی..؟؟ کہیں وہ یوٹیوب سے ڈیلیٹ تو نہیں ہو گئی...

اسپرا نے مسکراتے ہوئے پوچھا..

ہاں ہو گئی ہے لیکن حمزہ کے پاس اسکی ایکسٹرا کاپی پڑی ہوئی ہے اسکے لیپ ٹاپ میں...

دانش نے حمزہ کو آنکھ مارتے ہوئے کہا جس پر اسنے تھمب اپ کا اشارہ کیا...

کیا تیمور جانتا ہے اس سب کے پیچھے تم ہو...؟

اسپرا نے پریشانی سے پوچھا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ہاں وہ جانتا ہے لیکن حیران کن بات یہ ہے کہ اس نے نہ ہی یہ کوچ کو بتایا ہے اور نہ ہم سے اس سلسلے میں کوئی لڑائی کی ہے...

..دانش نے تیمور کی جانب دیکھتے ہوئے حیرت سے کہا جو راؤنڈ پر راؤنڈ لگا رہا تھا

..دانش تمہیں ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا یہ گیم ہے اور گیم بھی فیئر طریقے سے کھیلی جاتی ہے

..اسپرا نے اسے سمجھاتے ہوئے کہا

whatever, i really don't care..

....لیکن دانش میں

Hey danish

party tonight by Ahmed..

...اس سے پہلے اسپرا اپنے الفاظ مکمل کرتی حمزہ کی آواز گونجی

پارٹی, لیکن پارٹی کس خوشی میں...؟؟؟

...اسپرا نے ناسمجھی سے حمزہ سے پوچھا

احمد اسٹریلیا جا رہا ہے اور اگلے پانچ سال تک واپس نہیں آئے گا اسلیے جانے سے پہلے پارٹی دے رہا ہے...

..حمزہ نے اسکی جانب دیکھتے ہوئے جواب دیا

...اوہ ٹھیک

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

we will be there...

Right babe??

..دانش نے اسپرا کی جانب دیکھتے ہوئے اس سے پوچھا

... لیکن دانش ماما نے تو آج آپ لوگوں کی فیملی کو ڈنر پر انوائیٹ کیا ہوا ہے

..اسپرا نے لب چباتے ہوئے کہا

...اوہ ہاں تم نے رات میں مجھے بتایا بھی تھا

.... خیر میں اپنی ہونے والی ساس وماں کو خود ہی منالوں گا ہم پارٹی پر چلیں گے

... تم فکر مت کرو پھوپھو مجھے منع نہیں کریں گی

...اس نے اسپرا کو یقین دلاتے ہوئے کہا

وہ اسکا ماموزاد تھا اور وہ جانتی تھی ماما کو وہ کس قدر عزیز ہے اسلیے اسکی جانب دیکھتے ہوئے مسکرا دی....

اوکے پارٹی اسکے گھر میں ہے کیا...؟؟

..اسپرا نے مسکراتے ہوئے پوچھا

... نہیں سویٹ ہارٹ کلب میں, جو ٹاؤن کے آخر میں ہے وہاں

...حمزہ نے اسکے گال کھینچتے ہوئے کہا

...اوکے میں گرلز کو بتادوں...اسپرا نے اٹھتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

okay love...

...دانش نے فلائنگ کس کرتے ہوئے کہا جس پر وہ مسکرادی اور فاطمہ فائقہ کی طرف بڑھ گئ

✸✸✸✸

Oh My God

you are looking so beautiful my princess...

ملیحہ بیگم نے اپنی بیٹی کو پسندیدہ نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا جو وائٹ رنگ کا لباس پہنے خوبصورتی سے میک اپ کیے نظر لگ جانے کی حد تک پیاری لگ رہی تھی...

...شکریہ ماما

...اسپرانے ہیل پہنتے ہوئے کہا

..جیسے ہی دروازے کی بیل بجی وہ جانتی تھی باہر دانش ہے اسکا دل تیزی سے دھڑکنے لگا

....لگتا ہے دانش آگیا ہے چلو میں اس سے مل لوں

...ملیحہ بیگم کہہ کر نیچے کی جانب روانہ ہو گئیں

اف اللہ جی پہلے بھی دانش کے ساتھ باہر جاتی رہی ہوں لیکن آج اس دل کو سکون کیوں نہیں ہے اتنا بے چین کیوں ہے...؟؟

...وہ اپنی دھڑکنوں کو معمول پر لاتی منہ ہی منہ میں بڑبڑائی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

وہ جیسے ہی سیڑھیاں اترنے لگی اسکی نظر دانش کی طرف اٹھی جو انتہائی پیار الگ رہا تھا اور اسکی والدہ سے باتوں میں مصروف تھا...

لیکن جیسے ہی اسکی نظر اسپر اکی طرف اٹھی اسکی آنکھیں تھمیں وہ لگ ہی اس قدر حسین رہی تھی...

اہم اہم اہم...

ملیحہ بیگم نے گلا کھنکارا...

امم سوری...

دانش نے کان کھجاتے ہوئے کہا...

سوری پھوپھو ہماری وجہ سے آج کے ڈنر کا پروگرام کینسل ہو گیا ہے....

دانش نے شرمندگی سے کہا...

کوئی بات نہیں بیٹا کتنی دفعہ سوری بولو گے بس میری لاڈلی کا خیال رکھنا تمہیں پتہ ہے نہ اسے کتنی شرارتیں سوجھتی ہیں..

ملیحہ بیگم نے پریشانی سے کہا...

آپ بالکل فکر نہ کریں میں اپنی فیانسی اور ہونے والی بیوی کا پورا خیال رکھوں گا اور زرا سی بھی شرارت کرے گی تو اسکے کان کھینچوں گا...

دانش نے محبت سے ان کے ماتھے پر بوسہ دیتے ہوئے کہا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہمیشہ خوش رہو دونوں

...ملیحہ بیگم مسکراتے ہوئے بولیں

hey beautiful..!!

...دانش نے سیڑھیوں پر کھڑی ارابیلا کو کہا

...اوہ دانشش

یہ کہتے ہی ارابیلا تیزی سے سیڑھیاں اتر کر دانش کی بانہوں میں آسمائی... جس نے بغیر دیر کیے اسے

...اوپر کی جانب اچھال کر کیچ کیا

..جس سے اسکی ہنسی پورے گھر میں گھونجنے لگی

تو آپ اور پری باہر جا رہے ہو...؟؟

....ارابیلا نے اسکی گردن کے گرد اپنے بازو حائل کر کے پوچھا...ساتھ دانش کے گال پر کس کیا

...ہاں میں اور پری باہر جا رہے ہیں

دانش نے اسکے بال کان کے پیچھے کر کے محبت سے جواب دیا

....اوہ

...ارابیلا نے بس اتنا ہی کہا

...ایک منٹ لیکن میں تمہارے لیے بھی کچھ لایا ہوں

...اس نے اپنی جیب سے چاکلیٹس نکالتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...جس پر بیلا کے چہرے پر زمانے بھر کی خوشی بکھرنے لگی

...واؤ کتنا پرفیکٹ ہے نہ یہ

...شکریہ اللہ پاک اس شخص کو میری زندگی میں شامل کرنے کیلئے

..اسپرا ان دونوں کو ہنستے مسکراتے دیکھ کر دل ہی دل میں بولی

اوکے چلیں اب....؟؟

...اس نے اسپرا کے سامنے ہتھیلی پھیلاتے ہوئے کہا

...ہاں ہاں

...وہ جو اپنے خیالوں میں کھوئی ہوئی تھی جلدی سے باہر نکل کر بولی

...اور اپنا ہاتھ اسکے ہاتھ میں دے دیا

...اوکے بائے پری اور دانش

...ارابیلا نے دروازے پر کھڑے ہو کر کہا

...بائے اور دونوں اپنا بہت سارا خیال رکھنا

...ملیحہ بیگم نے دونوں کو محبت سے کہہ کر دروازہ بند کر دیا

✸✸✸

Babe...??

...دانش نے محبت سے بھرپور لہجے میں اسے پکارا جو گاڑی کا دروازہ کھولنے لگی تھی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

yes..?

....اس نے پلٹ کر اسکی جانب سوالیہ نظروں سے دیکھا

....میں چاہتا ہوں تم یہ پہنو

...دانش نے ہاتھ میں موجود گولڈ کی چین کی طرف اشارہ کیا جس میں خوبصورت سا دل بنا ہوا تھا

it's cute..

...اسپرا نے اسکی گہری نیلی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا

امم کیا میں پہنا سکتا ہوں پلیز....؟؟

....ہاں ضرور

...اس نے آگے بڑھ کر اسپرا کی گردن سے بال پیچھے کر کے چین پہنا دی

...پرفیکٹ

...وہ اسکا رخ اپنی جانب کر کے بڑبڑایا

Thanks Danish...

وہ مسکراتی آنکھوں سے اسکی جانب دیکھتے ہوئے بولی

مجھ سے ویٹ ہی نہیں ہو رہا ہماری شادی کب ہو گی ویسے میں نے آج ماما کو کہا ہے پھوپھو اور انکل سے

....شادی کی ڈیٹ لیں

...جس پر اسپرا کے دل نے ایک بیٹ مس کی...اور گال دہکنے لگے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...چلیں اب

...دانش نے دروازہ کھول کر کہا

...جس میں وہ بیٹھ گئ

...اور پھر وہ دونوں پارٹی کیلئے روانہ ہو گئے

✸✸✸✸

MORTE CLUB

یہ کچھ عجیب نام نہیں ہے...؟؟

...اسپرا نے کلب کے سامنے کھڑے ہو کر نام دیکھتے ہوئے دانش سے پوچھا

it means "Death" in italian

دانش نے اسکا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتے ہوئے سکون سے کہا جبکہ خوف سے اسپرا کے دل کی ..دھڑکن تیز ہونے لگی

...ک کوئ اپنے کلب کا نام ڈیتھ کلب کیوں رکھے گا

...اس نے اسکے ہاتھ پر اپنی گرفت مزید سخت کر کے بوکھلاتے ہوئے کہا

calm down babe it's just a name..

...شاید اسکا اونر اٹالین ہو اس وجہ سے اسکا نام ایسا ہے

اسپرا کو انکمفرٹیبل دیکھ کر دانش نے اسے کمر سے پکڑ کر خود کے قریب کیا اور اپنے قدم کلب کی طرف ...بڑھا دیے..جہاں دو باڈی گارڈ کھڑے تھے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

دانش نے نیچے جھک کر ایک باڈی گارڈ کے کان میں کچھ کہا جس سے اس نے فوراً اندر جانے کیلیئے راستہ کھول دیا...

جیسے ہی ان دونوں نے اپنے قدم کلب کے اندرونی حصے میں رکھے وہاں انہیں ہر چیز نیون لائٹ کی وجہ سے بلیک رنگ کی نظر آنے لگی.....

الکوحل کی خوشبو ہر جانب محسوس کر کے اسپرا نے جلدی سے دانش کے بازو پر اپنی پکڑ مزید مضبوط کر دی...

دانش اسپرا کی پریشانی محسوس کر کے جلدی سے اسے لے کر لوگوں کے جھنڈ سے آگے بڑھنے لگا جہاں لوگ دیوانہ وار لاؤڈ میوزک پر ڈانس کرنے میں مصروف تھے...

جلد ہی وہ لوگ ایک دروازے تک پہنچے اور پھر وہاں سے کھلے ایریا میں داخل ہو گئے...

وہاں اپنے چہرے دیکھ کر اسپرا کی جان میں جان آئی...

کیونکہ وہاں سب انکے کلاس فیلوز اور فرینڈز موجود تھے...

آس پاس درخت لائٹس سے سجے دلکش لگ رہے تھے اور اسکے بالکل سامنے ایک بہت بڑی عمارت موجود تھی..

That's the VIP session...

اس عمارت میں جتنے بھی لوگ موجود ہیں وہ سب رومینس کرنے میں مصروف ہیں...

جو تم مجھے کرنے نہیں دیتی...

دانش نے اسے عمارت کو دیکھتے پایا تو اسکو پشت سے پکڑ کر خود کے قریب کرتے ہوئے اسکے کان میں

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...سرگوشی نما بتانے لگا

....جس سے اسپرا کے گال لال ٹماٹر ہو گئے

....دیکھو تم کسی دن میرے ہاتھو

....دانش

...اس سے پہلے اسپرا اپنے الفاظ مکمل کرتی کسی کی اونچی آواز انکی سماعتوں سے ٹکرائی

...احمد

...دانش نے پلٹ کر اسے پکارا اور پھر اسے گلے لگالیا

....کیا یار جانا ضروری ہے, مت جاؤ

..دانش نے اداسی سے کہا

...ہاں ضروری ہے لیکن فکر مت کرو ہم رابطے میں رہیں گے

...احمد نے اسکی پشت کو سہلاتے ہوئے کہا

hey Ahmed...

...اسپرا نے مسکراتے ہوئے کہا

you are looking super beautiful...!!

..احمد نے اسے آنکھ مارتے ہوئے کہا جس پر اسپرا بلش کرنے لگی

..اسی وقت دانش نے اسکی کمر کے گرد پوزیسولی ہاتھ رکھ دیا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

Behave man, she is mine...!!

...دانش نے وارن کیا

ہاہاہا

...اوکے,اوکے ریلیکس

...احمد نے سیرینڈر کرتے ہوئے کہا... جس پر اسپرا کی مسکراہٹ مزید گہری ہو گئ

.اوکے آپ لوگ پارٹی انجوائے کرو میں باقی سب سے مل لوں

..احمد کہتا ہوا باقی لوگوں کو ویلکم کرنے چلا گیا

...بہت بری بات ہے فیری

..دانش نے اس کا رخ اپنی جانب کر کے منہ بسور کر کہا

کیا...؟؟

..اسپرا نے نا سمجھی سے کہا

You blushed red at his compliment...

...دانش نے آئبرو اٹھاتے ہوئے کہا

so...??

...اسپرا نے نے بھی اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

Excuse me...!!

..دانش نے اسے کمر سے پکڑ کر خود کے قریب کرتے ہوئے کہا

...اچھا اچھا سوری

...میرا خیال ہے ہمیں اپنے گینگ کو ڈھونڈنا چاہیے

...پتہ نہیں اتنے رش میں سب کدھر ہیں

....اسپرا نے اسکا دیہان حمزہ فاطمہ اور فائقہ کی طرف کیا

...وہ دیکھو سامنے فاطمہ اور فائقہ

...دانش نے اسکا رخ انکی جانب کیا...جو دنیا سے بیگانہ ہو کر ڈانس کرنے میں مصروف تھیں

✸✸✸

کچھ شرم ہے دونوں کو کیسے ڈانس کرنے میں مصروف ہو, آس پاس کی کچھ ہوش بھی ہے..؟؟

...اسپرا نے ان کے قریب جا کر منہ بناتے ہوئے کہا

...اوہ واؤ فائنلی میڈم آ گئی ہے

...اور دیر سے آجانا تھا

...فائقہ نے اسے گھورتے ہوئے کہا

....یہ حمزہ کدھر ہے

...دانش نے آس پاس حمزہ کو نا پا کر فائقہ سے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

,,,ادھر

..حمزہ کی آواز نے ان کی توجہ اپنی جانب کھینچی جس کے ہاتھ میں کولڈ رنکس کے دو گلاس موجود تھے

.....جو اس نے آگے بڑھ کر دانش اور اسپرا کو پکڑا دیئے

...جیسے جیسے رات گزرنے لگی ویسے ویسے پارٹی کا مزہ دگنا ہونے لگا

ستارے آسمان پر پوری آب و تاب سے چمکنے لگے جبکہ چاند انکا بادشاہ بنا آسمان کی خوبصورتی کو چار چاند

...لگانے لگا

وہ پانچوں مسلسل ڈانس اور ڈرنکس پی کر تھک گئے تو ان سیڑھیوں پر جا کر بیٹھ گئے جو

...کلب کی طرف جا رہی تھیں VIP

..جہاں دانش حمزہ کی کسی بات پر دل کھول کر ہنس رہا تھا جبکہ لڑکیاں اپنی باتوں میں مصروف تھیں

hey fati wanna dance...??

..طیب جو فٹبال ٹیم کا کھلاڑی تھا اس نے فاطمہ کے قریب آکر پوچھا

....اسکا نام فاطمہ ہے فاطی نہیں..اور وہ تمہارے ساتھ ڈانس نہیں کرے گی

...اس سے پہلے فاطمہ کچھ بولتی تیمور کی سلگتی ہوئی آواز گونجی

...سب نے حیرت سے تیمور کی جانب دیکھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

.... لیکن میں ڈانس کروں گی

فاطمہ نے تیمور کو چڑھانے کیلئے کہا... لیکن جیسے ہی اپنا ہاتھ طیب کے ہاتھ میں دینے لگی... تیمور اسکا ...ہاتھ تھام گیا

منع کیا ہے نہ سمجھ نہیں آیا کیا...؟؟

تیمور نے اپنی براؤن آنکھیں اسکی کالی آنکھوں میں گاڑھتے ہوئے کہا جس پر فاطمہ کے دل نے ...ایک بیٹ مس کی

... تیمور اپنی حد میں رہو اور اسکا ہاتھ چھوڑو

.. دانش اور حمزہ نے ایک دم سے کھڑے ہو کر کہا

...جو کہا ہے اس پر دیہان دینا اور نہ سننے کی مجھے عادت نہیں ہے

...وہ ان دونوں کو اگنور کرتا جھٹکے سے اسکا ہاتھ چھوڑ کر وہاں سے چلا گیا

.... تمہاری تو

...اس سے پہلے دانش غصے سے اسکے پیچھے جاتا اسپرا نے اسکا بازو پکڑ کر روک دیا

... مت جاؤ پلیز, اگنور کرو

...ویسے بھی سب ٹھیک ہے ریلیکس

...اسپرا نے اسکے بازو کو سہلایا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

تم ٹھیک ہو....؟

...فائقہ نے فاطمہ سے پوچھا

...ہاں یار ٹھیک ہوں...ویسے ہی زیادہ شوخا ہوتا ہے دوبارہ ملے منہ توڑ دوں گی اسکا

....فاطمہ نے اپنی دھڑکنوں کو معمول پر لاتے ہوئے سکون سے کہا تاکہ سب نارمل ہو جائیں

Are you sure...

...اور اگر تمہیں ڈانس کرنا ہے جاؤ کرو میں بھی دیکھتا وہ کیا کرتا ہے

...دانش نے اسکی جانب دیکھتے ہوئے کہا

..نہیں میرے پاؤں درد کر رہے ہیں وہ تو بس اسے چڑھانے کیلیے کرنے لگی تھی ورنہ ہمت نہیں ہے

...فاطمہ نے طیب کی جانب دیکھتے ہوئے کہا

...چلو ٹھیک ہے ویسے کوئی بات ہو تو بتا دینا

...حمزہ نے اسکی جانب دیکھتے ہوئے کہا جس پر وہ محض سر ہلا گئی

let's dance..??

...دانش نے اسپرا کے سامنے اپنا ہاتھ پھیلاتے ہوئے کہا

...دیکھو میں نہیں....اتنی ہائی ہیل پہنی ہوئی ہے...میں گر جاؤں گی

وہ منہ بسورتے ہوئے بولی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...تم فکر مت کرو, ہم آہستہ آہستہ ڈانس کریں گے اور تمہیں بالکل بھی گرنے نہیں دوں گا

دانش نے اسے بانہوں میں بھر کر ڈانس فلور پر کھڑا کرتے ہوئے کہا اور ساتھ ہی اسکے بازو اپنی

...گردن کے گرد حائل کر دیے جبکہ اپنے بازو اسکی کمر کے گرد

...اور لیریکس کے مطابق ہلکا ہلکا وہ ڈانس کرنے لگے

someone's trying to be romantic... ??

...اسپرا نے اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا جہاں اسکے لیے محبت موجود تھی

ہمم, تمہارا مطلب ہے میں ویسے رومینٹک نہیں ہوں....؟؟

...اس نے اسپرا کو گھما کر واپس سے تھامتے ہوئے پوچھا

.... نہیں, تم رومینٹک تو بالکل بھی نہیں ہو

اسپرا نے گہری سوچ میں ڈوبنے کی ایکٹنگ کرتے ہوئے کہا

...یہ سراسر الزام ہے سویٹ ہارٹ

....دانش نے منہ بسورتے ہوئے کہا جس پر وہ کھکھلا کر ہنس دی

...دانش بھی اسے ہنستا دیکھ کر مسکرا دیا اور اپنا ماتھا اسکے ماتھے کے ساتھ ٹکا دیا

i love you Aspara..

دانش نے مدہوش لہجے میں کہا اسپرا نے اپنی پلکوں کی باڑھ اٹھا کر اسکی آنکھوں میں دیکھا جو محبت سے

...لبریز تھیں اسکے دل کی دھڑکن تھمی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

لیکن اس سے پہلے وہ کوئی جواب دیتی اسے محسوس ہوا جیسا اسکا وجود کسی کی نگاہوں کے حصار میں جل رہا ہے گھبراہٹ اور خوف سے اسکی ہتھیلیاں نم ہونے لگیں...

لیکن اس نے ان آنکھوں کی تپش کو اگنور کر کے سامنے کھڑے اپنے فیانسی پر فوکس کرنا چاہا لیکن بے سود...

اسپرا ریلیکس بے بی کوئی جلدی نہیں ہے جواب دینے کی.... اتنی نروس کیوں ہو رہی ہو... میں پہلی دفعہ تھوڑی یہ کہہ رہا....

دانش نے اسے گھبرایا ہوا دیکھا تو پریشانی سے اسکا بازو سہلاتا ہوا بولا...

م میں ٹھیک ہوں.....

بس ویسے ہی...

اسپرا نے خود کو مضبوط ٹھہراتے ہوئے کہا...

جس پر دانش نے سمجھتے ہوئے اس کا ہاتھ پکڑ کر دوسری جانب گھمایا اور ڈانس کرنے لگا...

حصے کی بالکونی میں کھڑا اسی کی VIP جبکہ اسی پل اسپرا کی نگاہ اٹھی اور دور کھڑے وجود سے ٹکرائی جو جانب دیکھ رہا تھا...

اسکی بلیک ٹی شرٹ اسکے وجود سے چمٹی ہوئی تھی جبکہ بازوؤں پر ٹیٹو صاف نظر آرہے تھے...

وہ بغیر پلکیں جھپکے اور یہاں وہاں دیکھے صرف اسی کو دیکھنے میں مصروف تھا جس کے لب آپس میں پیوست تھے اور کالے رنگ کے بال ماتھے پر بکھرے ہوئے تھے....

اسپرا کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...بیوٹیفل

...وہ زیر لب بڑبڑائی

کون....؟؟

وہ اسکے وجود میں اس قدر کھو گئی کہ یہ بھی بھول گئی کہ اس وقت وہ یہاں اپنے فیانسی کے ساتھ موجود ...ہے...دانش کی آواز اسے ہوش کی دنیا میں لائی

....ک کوئی نہیں

....م مجھے پانی پینا ہے پلیز

...اس نے اپنے خشک ہوتے لبوں پر زبان پھیرتے ہوئے کہا

...اوہ میں ابھی لایا...دانش کہتا پانی لینے چلا گیا

....اس نے واپس سے اسی جگہ دیکھا جہاں ابھی بھی کھڑا وہ شخص اسے سخت نظروں سے دیکھ رہا تھا

...وہ اس جگہ سے زرا برابر بھی نہیں ہلا تھا اور نہ ہی اسنے اپنی پلکیں جھپکی تھیں

...وہ اسے غصے سے گھورنے لگی...لیکن اس پر کوئی فرق نہیں پڑا

...تو وہ بھی اسکی ڈارک پیچ بلیک آنکھوں میں بغیر پلکیں جھپکے دیکھنے لگی

کچھ وقت جب دونوں ایسے ہی بغیر پلکیں جھپکے ایک دوسرے کو دیکھتے رہے جیسے ایک دوسرے کی روح ...تک میں جھانک رہے ہوں تو اسپر انے محسوس کیا جیسے اسکے لب مسکرائے ہوں

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....یعنی اسے اسپرا کا یوں چیلنج کرنا مزا دینے لگا ہو

...جس پر اسپرا کا پورا وجود خوف سے لرزا...نہ جانے کیوں اسے اس سے خوف محسوس ہوا

...پری

...دانش نے پانی کی بوٹل اسکے سامنے بڑھاتے ہوئے اسے پکارا

...گھر چلیں

اس نے جلدی سے کہا کیونکہ اسکی دھڑکنیں خوف سے بڑھتی جا رہی تھیں...دانش نے پریشانی سے

...اسکی جانب دیکھا

Are you alright??

...دانش نے نرمی سے پوچھا

yeah, yeah, I'm perfectly fine

...بس گھر چلیں

...اسپرا نے خود کو کمپوز کرتے ہوئے کہا

...اوکے میں سب کو بائے بول آؤں پھر نکلتے

...بائے بولنے کے بعد وہ لوگ جیسے ہی وہاں سے نکلنے لگے

اس نے آخری دفعہ پیچھے پلٹ کر اسی جگہ کو دیکھا جہاں ابھی وہ ویسے ہی,اسی حالت میں کھڑا اصرف

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اسے ہی دیکھ رہا تھا

...اسی پل کسی نے اسکی کمر کے گرد اپنا بازو حائل کیا جس پر وہ گھبرا کر اچھلی

...ریلیکس فیری...میں ہوں دانش

لیکن اسکی آنکھیں واپس سے اسی بالکونی کی جانب گئیں...جہاں اس نے اسکے وجود کو ہلکا سا آگے کی

...جانب ہوتا ہوا محسوس کیا

..اور پھر اسکے لبوں کی مسکراہٹ مزید گہری ہو گئ

اسپرا نے اسکی گہری کالی آنکھوں میں دیکھا جو اسے کچھ کہہ رہیں ہوں.... جیسے کہ وعدہ کر رہی ہوں

..کچھ ہو گا

....اور یہ کچھ بہت ہی جلد ہو گا

...ڈر, خوف اور بے بسی سے اسکا وجود لرزا وہ جلدی سے دانش کا ہاتھ پکڑ کر کلب سے باہر نکل آئ

اٹھ جاؤ پری اور کتنا سونا ہے...؟؟

...ملیحہ بیگم نے اسکے اوپر سے چادر اتارتے ہوئے کہا

...ماما سونے دیں نہ پلیز اتنی نیند آ رہی ہے

اسپرا نے کروٹ بدلتے ہوئے کہا اور ساتھ ہی ہاتھ آگے بڑھا کر بلینکٹ لینا چاہا جو ملیحہ بیگم نے اسکی

...پہنچ سے دور کر دیا

...اٹھ جاؤ اسپرا رات ایسا بھی کیا کرتی رہی ہو پارٹی میں جو اٹھ ہی نہیں رہی

...انہوں نے آس پاس کی بکھری چیزیں سمیٹتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا جو واپس سے سونے کی کوشش کر رہی تھی اچانک سے پارٹی کے ذکر پر اسی شخص کا وجود اسکی آنکھوں میں آسمایا...

جس سے اسکی نیند بھک سے اڑ گئ اور بوکھلا کر اٹھ کے بیٹھ گئ...

اف اللہ جی اتنی مشکل سے تو رات سوئ تھی اب اٹھتے ہی پھر سے اسکا چہرہ یاد آ گیا ہے..

وہ اپنی دھڑکنوں کو معمول پر لاتے ہوئے منہ ہی منہ میں بڑبڑائ...

کیا ہوا ہے اب ایسے کیوں بیٹھی ہو....؟؟

ملیحہ بیگم نے ساری چیزیں سمیٹنے کے بعد اسکی جانب رخ کر کے پوچھا جو دل پر ہاتھ رکھے بیٹھی تھی..

ک کچھ نہیں... میں فریش ہوتی ہوں...

اس نے خود کو کمپوز کرتے ہوئے کہا اور ساتھ ہی جلدی سے واشروم میں گھس گئ...

پری میری ایک میٹنگ ہے کلائنٹ کے ساتھ 2 بجے تک اسلیے تم بیلا کے ساتھ مارکیٹ چلے جانا کچھ شاپنگ کر آنا میں نے لسٹ بنا دی ہے...

انہوں نے واشروم کے باہر کھڑے ہو کر کہا...

وٹ... لیکن ماما آج سنڈے ہے... اور میں ارا کے ساتھ کہیں نہیں جا رہی اتنا تنگ کرتی ہے وہ...

پری نے جلدی سے واشروم کا دروازہ کھول کر احتجاج کیا...

سوری بیٹا لیکن مجبوری ہے پلیز میں جلدی آ جاؤں گی...

اصل میں ان کا اپنا بوتیک تھا اور آج اسی سلسلے میں انکی ایک کلائنٹ کے ساتھ میٹنگ تھی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اوکے فائن جائیں آپ

...اسپرا نے منہ بناتے ہوئے کہا

...میری شہزادی

وہ اسکا ماتھا چوم کر اس کے روم سے چلی گئیں

✸✸✸✸

فریش ہو کر کھانا کھانے کے بعد وہ بیلا کے ساتھ مارکیٹ چلی گئ...وہاں پہنچ کر اس نے ارابیلا کو ٹرالی

...میں بٹھایا اور چیزیں خریدنے لگی

...پری چیٹوز

...وہ بیلا کی بات کو نظر انداز کرتی جو ضروری چیزیں تھیں وہ ٹرالی میں ڈالنے لگی

میں نے کہا مجھے چیٹوز کھانے ہیں اگر نہیں لے کر دیئے تو میں یہاں شور مچادوں گی تم مجھے کڈنیپ

...کرنے کی کوشش کر رہی ہو

...ارابیلا نے اسکو بلیک میل کیا

...اوہ مائ گاڈ کون کہے گا تم پانچ سال کی ہو ڈراما کوئین

...اس نے ٹرالی میں چیٹوز پھینکتے ہوئے کہا

....اور پلیز 2

...بیلا اسکی بات کو اگنور کرتے ہوئے معصومیت سے بولی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

یقین کرو بیلا اگر تمہارا منہ اب بند نہ ہوا تو میں تمہیں یہاں ہی چھوڑ کر چلی جاؤں گی پھر سچ میں کڈنیپ ہو جانا...

اسپرا نے 2 اور چیٹوز ٹرالی میں پھینکتے ہوئے اسے دھمکایا...

جس کا اس پر اچھا خاصا اثر ہوا اور چپ کر کے بیٹھی رہی...

اسکے بعد اس نے ضرورت کی ساری چیزیں خریدنے کے بعد اپنے اور بیلا کیلئے چاکلیٹس لیں... اور سامان لے کر باہر آ کر کیب کا انتظار کرنے لگی...

کچھ دیر میں کیب آئی اور وہ دونوں سارا سامان اس میں رکھ کر بیٹھ گئیں...

تھکاوٹ کی وجہ سے اس نے کار کی سیٹ کے ساتھ سر ٹکا کر آنکھیں بند کر دیں...

کیا مسئلہ ہے بیلا آہستہ کھاؤ یار, اتنی اونچی اونچی چبا کر کھا رہی ہو...

اسپرا نے زچ ہوتے ہوئے کہا لیکن اسے لگا اس نے جلتی آگ میں تیل کا کام کیا ہے کیونکہ بیلا نے اور اونچی آواز میں چبانا شروع کر دیا تھا...

اسپرا نے آنکھیں کھول کر اسکی جانب دیکھا جس کے منہ اور ہاتھوں ہر جگہ چیٹوز لگے ہوئے تھے جس کی وجہ سے وہ بہت کیوٹ لگ رہی تھی... اسپرا نے اٹھ کر اسکا منہ رومال سے صاف کیا جس پر بیلا کھکھلا کر ہنس دی...

اسی پل اس نے روڈ کی جانب دیکھا کہ آخر پتہ چلے ہم کدھر تک پہنچے ہیں...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ہم کدھر جارہے ہیں...؟؟

اسپرا نے جب محسوس کیا کہ ڈرائیور دیئے گئے اڈریس کے مطابق انہیں لے کر نہیں جارہا ہے ...تو اس نے پوچھا جبکہ وہ خاموش رہا

...ایکسیوزمی... تم نے یوٹرن لینا تھا اور آگے ہمارا گھر تھا

پھر بھی اسکا کوئی جواب نہیں آیا تو خوف سے اس کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا... اس نے دروازہ کھولنے ...کی کوشش کی مگر ناکامی نے اسکا منہ چڑھایا

...گاڑی روکو

..اس نے چیختے ہوئے کہا اور ساتھ ہی ارا کو اپنی گود میں بٹھا لیا

i said stop the car...

...اسپرا نے سلگتے ہوئے لہجے میں کہا جبکہ بیلا نے اسکی کمر کے گرد اپنے بازو باندھ دیے

...جب اس پر کوئی اثر نہیں ہوا تو وہ جلدی سے سیل نکال کر نمبر ڈائل کرنے لگی

اس سے پہلے کال کر دیتی اسے ارا کے شور کی آواز سنائی دی اس نے سر اٹھا کر دیکھا جہاں وہ آدمی اس کے سر کے اوپر پسٹل رکھے ہوئے تھا جس کے سر پر کیپ اور آنکھوں پر گلاسس لگے ہوئے تھے ...اسلیے اسکا چہرا نظر نہیں آرہا تھا

..اسپرا کی سانسیں تھمیں اور موبائل ہاتھ سے گر گیا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اگر تم نے زرا سی بھی ہوشیاری کرنے کی کوشش کی.. آئی پرامس میں ٹرگر دبانے میں زرا سی بھی دیر نہیں لگاؤں گا...

...اس نے نرمی سے کہا لیکن اسکی آواز میں دھمکی واضح تھی

...اسپرا کا پورا وجود خوف سے لرزا اور اسنے بیلا کو اور سختی سے اپنے سینے میں بھینچ لیا

....پلیز ہمیں جانے دو

...اس نے التجائیہ کہا

....اپنا موبائل پکڑاؤ

...وہ اسکی التجا کو نظر انداز کرتا کرخت لہجے میں بولا

..اسپرا نے جلدی سے نیچے جھک کر اپنا سیل اسے پکڑا دیا

خاموش رہو میں تمہیں ہلکی سی بھی چوٹ نہیں پہنچاؤ گا ورنہ میں جان لینے سے بھی گریز نہیں کروں گا...

اس نے انہیں وارن کرنے کے بعد واپس سے گاڑی سٹارٹ کر کے اس دفعہ اسکی سپیڈ پہلے سے بھی زیادہ تیز کر دی..

....پلیز ہمیں جا

...میں نے چپ رہنے کے بارے میں کیا کہا تھا

...اس سے پہلے اسپرا اپنے الفاظ مکمل کرتی اسکی شعلی برساتی آواز اس کے کانوں میں ٹکرائی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اس نے جلدی سے بیلا کے ماتھے پر اپنے لب رکھ دیے اور اسکے بعد ایک لفظ نہیں بولی کیونکہ وہ اکیلی نہیں تھی اسکے ساتھ ایک اور بھی زندگی موجود تھی جسے اسے ہر صورت محفوظ رکھنا تھا...

..کچھ وقت بعد اس شخص نے گاڑی ایک عمارت کے سامنے روکی

...اور دروازہ کھول کر ان دونوں کو باہر نکالا

...وہ بغیر کچھ کہے اسے ساتھ آنے کا اشارہ کرتے آگے آگے چلنے لگا

...پری یہ کیسی جگہ ہے مجھے گھر جانا ہے

ارا نے خوف زدہ لہجے میں کہا اور ساتھ ہی وہ لوگ کمرے میں داخل ہوئے جہاں موجود آدمی فوری طور پر خاموش ہو گئے...

..ششش

اسپرا نے اسکے کان میں سرگوشی کی جس پر بیلا نے اسکے گرد اپنی بانہوں کی گرفت سخت کر دی...اور ساتھ ہی اس نے کمرے میں نظر دوڑائی جہاں آدمی شرٹ لیس تھے لیکن انکا وجود سیاہی سے بھرا ہوا تھا اور وہ جم چھوڑ کر انہیں دیکھنے لگے...اسپرا کو ان سے خوف محسوس ہوا...

...اسی پل ایک اور دروازہ کھولا...اس شخص نے انہیں کمرے میں دھکیلا اور دروازہ لاک کر دیا

✸✸✸✸

hey open the door...

دروازہ کے یوں لاک ہو جانے پر اسپرا نے چیختے ہوئے کہا, کمرے میں اس قدر خاموشی تھی کہ اسے اپنے پاؤں کی چاپ صاف سنائی دینے لگی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...پری

ہمم... بیلا کی پکار پر اس نے اسکی نگاہوں کی سمت دیکھا جہاں ایک وجود دیوار کے ساتھ پشت لگائے ... آرام سے کھڑا تھا

اسے اپنا وجود کپکپاتا ہوا محسوس ہوا کیونکہ وہی بلیک پیچ آنکھیں جو اس نے کل رات پارٹی میں دیکھی ... تھی جو اسے وارن کر رہی تھیں

..وہ آج بھی بغیر کوئی حرکت کیے اور پلکیں جھپکے صرف اسی کو دیکھ رہا تھا

اسکی گردن اور بازو پر مختلف قسم کے ٹیٹو بنے ہوئے تھے اسکی آنکھوں میں اس قدر سرد مہری ... تھی کہ اسپرا کو اپنا وجود ساکن ہوتا محسوس ہونے لگا

...اس نے کچھ کہنے کیلئے اپنے لب کھولے لیکن خوف سے منہ سے ایک لفظ بھی نہیں نکلا

please let me go...

...وہ ہمت کر کے نرمی سے بولی لیکن جلد ہی اسے اپنے لفظوں پر پچھتاوہ ہونے لگا

..اس کی ذات میں اس قدر پاور تھی کہ وہ کسی کو بھی اپنے سامنے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر سکتا تھا

...اس نے اسپرا کی بات کا جواب نہیں دیا اور نہ ہی اپنی پلکیں جھپکیں

ایک پل کو تو اسپرا کو بھی خدشہ ہوا کیا یہ انسان ہے... سانس بھی لے رہا ہے یا نہیں... اس کی نظریں ... صرف اسکے وجود پر مرکوز تھیں

...اسپرا کا دل کیا کہ وہ اپنا وجود کہیں ایسی جگہ چھپا دے کہ وہ اسے نہ دیکھ پائے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...پری گھر چلو, مجھے ڈر لگ رہا ہے

..بیلا نے خوفزادہ ہوتے ہوئے کہا

...ششش ہم بہت جلد یہاں سے چلے جائیں گے

...ڈر تو اسے بھی لگ رہا تھا لیکن اسے خود کو مضبوط ٹھہرانا تھا

..اس نے سر اٹھا کر جیسے ہی سامنے دیکھا اسے اپنی جانب قدم بڑھاتے پایا

..اسکے ہر اٹھتے قدم پر اسپرا کی دھڑکن تیز ہونے لگی

اسکی آنکھوں میں دیکھنا اسکے لیے مشکل ہونے لگا لیکن اس کے باوجود وہ اسکی آنکھوں میں بغیر پلکیں جھپکیں دیکھتی رہی...

...اور ارابیلا پر اسکی گرفت مزید سخت ہو گئ

تمہارا نام کیا ہے...؟؟

...اسکی گہری اور پر سکون آواز کمرے میں گونجی..اسپرا کا پورا وجود خوف سے لرزا

...اسپرا

...اس نے سرگوشی نما آواز میں کہا

اسپرا کیا...؟؟

...تمہارے والد مر چکے ہیں...یا کبھی سر نیم ملا ہی نہیں ہے

...اس نے نرمی سے پوچھا لیکن اسکی آواز میں سختی نمایاں تھی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اسکی بات پر اس کا خون کھول کر رہ گیا

...اسپرا عبدالجبار

...اس نے دانت پیستے ہوئے کہا

جس پر سامنے کھڑے شخص کے لب زرا سا مسکرائے اور اس نے اپنے قدم مزید اس کی جانب

...بڑھائے جس پر پری نے اپنی گرفت بیلا پر مزید سخت کر دی

اسپرا

اسپرا

..اسپرا عبدالجبار

...وہ مزے سے اسکا نام پکارنے لگا

... جس پر اس نے کچھ نہیں کہا اور اس دروازے کو دیکھنے لگی جس سے وہ آئی تھی

تم جانتی ہو... تم اس وقت یہاں کیوں ہو...؟؟

...اس نے پر سکون لہجے میں پوچھا

... نہیں, پلیز مجھے جانے دو

...اسپرا نے امید بھری نظروں سے اسکی جانب دیکھا

You were looking super hot as hell last night, do you know??

...اسکے الفاظ پر اسپرا کا رنگ زرد پڑا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اس شخص نے آنکھیں بند کر کے لمبی سانس لی اور پھر اسکی جانب اپنے قدم بڑھانے لگا

..خوف سے اس کی آنکھیں پھیلیں اور وہ پچھلی جانب اپنے قدم بڑھانے لگی

Don't move...

...اسکے حکمیہ لہجے پر اسپرا کا وجود تھما

وہ قریب آیا اور اسکے کان کی جانب جھکنے لگا اسکا چہرہ اسپرا کے وجود کو نہیں چھو رہا تھا لیکن اسکی سانسوں

...کی تپش اپنے وجود پر صاف محسوس کر کے اسپرا کا دل سے تیزی سے دھڑکنے لگا

...اسکی آنکھیں خود بخود بند ہو گئیں جبکہ وجود خوف سے کپکپانے لگا

Stop shaking..

..اس نے اسپرا کو کمر سے پکڑ کر خود کے قریب کرتے ہوئے کہا

..جس پر اسکی آنکھیں جھٹ سے کھل گئیں

...دور رہو مجھ سے

...اس نے چیختے ہوئے کہا جبکہ وہ نظر انداز کرتا اسکے وجود کی خوشبو کو محسوس کرنے لگا

وہ شکر ادا کرنے لگی کہ ان دونوں کے درمیان بیلا موجود ہے...اس نے اسکے سینے پر ہاتھ رکھ کر دور

..دھکیلنا چاہا مگر بے سود

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

Stop please..

...جب اس پر کچھ اثر نہیں ہوا تو اس نے التجائیہ کہا

...جس سے وہ جلدی سے اسے چھوڑ کر دور جا کھڑا ہوا

...گھر جا کر اپنا سارا سامان تیار کرو میں تمہیں کل دوپہر 2 بجے ریسیو کر لوں گا

..اس نے اسپرا کی براؤن آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا

کیا...؟؟

...اسپرا نے بے یقینی سے اسکی جانب دیکھا

...جو تم نے سنا ہے

....تم ہوتے کون ہو مجھے حکم دینے والے کہ جاؤں

میں نے تمہیں جو کہا ہے وہ جا کر کرو, اور اگر تم نے پولیس کو اس میں شامل کرنے کی کوشش کی تو یقین

...کرو میں تمہاری بہن کا گلا کاٹ کر پھینک دوں گا

...اس نے اسپرا کے الفاظ کاٹ کر شعلہ برساتی نظروں سے اسکی جانب دیکھتے ہوئے کہا

..جس پر بیلا نے رونا شروع کر دیا اور خوف سے اسکا وجود لرزنے لگا

....تمہاری ہمت بھی ک

اس سے پہلے وہ اپنے الفاظ مکمل کرتی وہ آگے بڑھا اور اسکے بال اپنی مٹھی میں جکڑ کر اسکو اپنی جانب

کھینچا, تکلیف سے اسکی آنکھیں نم ہونے لگیں... لیکن وہ جزبات سے خالی نظروں سے اسکی جانب

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...دیکھنے لگا...اور دوسرا ہاتھ آگے بڑھا کر بیلا کو اسکی گردن سے پکڑا

...جس سے بیلا کی چیخ و پکار کمرے میں گونجنے لگی جبکہ اسپرا کا وجود ڈر سے کپکپانے لگا

اس نے اس بے رحم انسان کی گرفت سے نکلنے کی کوشش کی مگر بجائے چھوڑنے کے وہ اسکے بالوں ..کو اور سختی سے جھکڑ گیا اور ساتھ بیلا کی گردن پر بھی پریشر بڑھانے لگا

...پ پلیز اسکی گردن کو چھوڑو ت تم اسے تکلیف دے رہے ہو وہ بچی ہے

اسپرا نے سسکتے ہوئے کہا اور ساتھ اسکے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر اسکی گرفت ڈھیلی کرنے کی ..کوشش کرنے لگی

لیکن چھوڑنے کی بجائے, بغیر اسپرا کو سوچنے سمجھنے کا موقع دیے وہ بیلا کو اسکی گردن سے ہی ..پکڑ کر اس کی پہنچ سے دور کر گیا

....اوہ میرے خدایا

...اسپرا روتے ہوئے اسکی جانب بڑھی مگر وہ اسے اور اوپر کی جانب اٹھا گیا

...دوبارہ مجھ سے سوال کیا تو تم اسے کبھی نہیں دیکھ پاؤ گی بے بی

اس نے بیلا کو ہوا میں ہی گردن سے پکڑ کر یہاں وہاں گھماتے ہوئے کہا اور ساتھ اسپرا کو اسکے ...بالوں سے جھکڑ کر خود کے سینے سے لگایا

...م میں کبھی سوال نہیں کروں گی...پلیز اسے چھوڑو, تمہیں خدا کا واسطہ ہے پلیز چھوڑ دو اسے

اسپرا نے اسکے سینے سے لگے ہی سسکتے ہوئے کہا جس پر اس نے بیلا کی گردن آزاد کر دی اور وہ ...زمین پر آگری اور شدت سے رونے لگی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ابھی اسپرا بیلا کو پکڑنے کیلیے نیچے جھکی ہی تھی کہ اس نے واپس سے اسپرا کے بال مٹھی میں جھکڑ کر اسکا رخ اپنی جانب کیا...

پلیز...

وہ تکلیف سے آنکھیں بند کر کے کھولتے ہوئے بولی.. جس پر اسنے اسکے بال آزاد کر دیے تو وہ جلدی سے نیچے ہوئ اور بیلا کو اپنے گلے ساتھ لگا کر اسکے منہ کو دیوانہ وار چومنے لگی...

پھر وہ آگے بڑھا اور جا کر کمرے کا دروازہ کھول دیا...

now get out..

اور جا کر وہ کرو جس کا کہا ہے... کسی بھی قسم کی ہوشیاری کرنے کی کوشش کی تو یقین کرو پھر جو میں کروں گا وہ تمہیں زرا بھی پسند نہیں آئے گا. میں وارن صرف ایک دفعہ کرتا ہوں اور وہ میں نے تمہیں ابھی کر دیا ہے...

اس نے سکون بھرے لہجے میں کہا جبکہ اسکی آواز میں چھپی دھمکی صاف نظر آرہی تھی...

وہ بغیر یہاں وہاں دیکھے بیلا کو اپنی بانہوں میں بھر کر باہر کی جانب بھاگی جبکہ اسے اپنے پیچھے اسکا زندگی سے خالی قہقہہ صاف سنائ دیا..

ڈیول انسانی روپ میں مونسٹر...

وہ منہ ہی منہ میں بڑبڑاتی.. اسی گاڑی میں جا بیٹھی جس پر وہ آئ تھی... اور وہ ڈرائیور بغیر کچھ کہے گاڑی چلانے لگا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

... تمہیں مجھے کال کر کے بتانا چاہیے تھا پاگل لڑکی

... دانش نے غصے سے یہاں وہاں ٹہلتے ہوئے کہا

... میں کیسے کر سکتی تھی جب اس نے مجھ سے میرا موبائل ہی لے لیا تھا

اسپرا نے اسکی جانب دیکھتے ہوئے کہا اصل میں جب وہ دونوں گھر پہنچیں تو خالی گھر دیکھ کر ایک عجیب

... ساڈر محسوس ہونے لگا تو اسپرا نے کال کر کے دانش کو اپنے پاس بلا والیا اور اسے سب بتا دیا

... ہمیں اس بارے میں پولیس کو بتانا چاہیے

... دانش نے جلدی سے کہا اس کے وجود کے ہر حصے سے ان دونوں کیلئے فکر نمایاں تھی

... تمہیں کیا لگتا ہے یہ سب اتنا آسان ہے دانش

... تم نہیں جانتے جو سب میں نے دیکھا ہے وہ انسان ہی نہیں ہے, تم نہیں سمجھ سکتے

.. اسپرا نے اپنے آپ کو خود میں ہی سمیٹتے ہوئے کہا

تو تمہارا کیا خیال ہے اس ایڈیٹ کو ایسے ہی جانے دوں جس نے تمہیں اور ارا کو کڈنیپ کروایا اور

... دھمکایا ہے... پولیس کو بتانے دو فیری

... وہ اسکے برابر بیٹھتا ہوا سخت لہجے میں بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

لیکن میرے پاس کوئی پروف بھی نہیں ہے,اور نہ میں جانتی ہوں وہ ہمیں کدھر لے کر گئے, میں

...بس اتنا جانتی ہوں وہاں ایک بلڈنگ تھی اور جم تھا

...اسپرا نے اس عمارت کو سوچتے ہوئے آہستگی سے کہا

تم نے بتایا تھا تم نے اسے پہلے کلب میں بھی دیکھا تھا,پولیس اس فوٹیج کے ذریعے ڈھونڈ لے گی.. تم

...بس حامی تو بھرو...وہ سلگتے ہوئے لہجے میں بولا

...جبکہ اسپرا اپنا آپ خود میں چھپاتی منہ نیچے کر گئ

..جب اسکی طرف سے خاموشی رہی تو دانش آگے بڑھا اور اسے اپنے سینے سے لگا گیا

مجھے تم ایسی خاموش بالکل بھی اچھی نہیں لگ رہی....اور اس راہ چلتے گھنڈے کی وجہ سے تمہیں ٹینشن

...لینے کی ضرورت نہیں ہے...پولیس سے چار جوتے پڑیں گے تو خود ہی اسکی ساری اکڑ نکل جائے گی

...اس نے اسپرا کے بال سہلاتے ہوئے نرمی سے سمجھایا

نہیں,دانش تمہیں آئیڈیا بھی نہیں جو میں نے دیکھا ہے...اسکی آنکھوں میں ایک عجیب سا جنون ہے

...سب کچھ تباہ و برباد کر دینے کا

اسکے وجود میں اس قدر وحشت ہے کہ وہ اگلے انسان کا سینہ بھی انتہائ سکون سے چیر کر اسکا دل باہر

...نکال لے اور اسے زرا برابر بھی پچھتاوہ نہ ہو

..وہ اس قدر بے رحم ہے کہ میرے سامنے بیلا کو گردن سے پکڑ کر زمین پر پھینک دیا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اسکے پاس دل نہیں ہے وہ بھیڑیا ہے, مونسٹر ہے

..اسپرا نے سسکتے ہوئے کہا

.....شش ہم پولیس کو بتائیں گ

....نہیں

...اسپرا نے اسکے الفاظ کاٹتے ہوئے کہا

...بچوں جیسی باتیں مت کرو فیری

..وہ چیخا

اسنے دھمکی دی ہے اگر پولیس کے پاس گئ تو وہ اسپرا کو جان سے مار دے گا...یقین کرو وہ جھوٹ نہیں

...کہہ رہا تھا وہ کر گزرے گا

..اسپرا نے بھی چیختے ہوئے کہا..اس کے بعد کچھ لمحے کمرے میں خاموشی رہی

فائن, میں تمہارے گھر کے باہر نظر رکھواؤں گا کوئ سچ میں یہاں آتا ہے یا یہ صرف اسکی کھوکھلی

...دھمکیاں ہیں

...اس نے دانت پیستے ہوئے کہا

...چلو اٹھو, اٹھ کر فریش ہو جاؤ, جب تک پھوپھو اور انکل نہیں آتے میں یہاں ہی ہوں

....وہ اسکا ہاتھ پکڑ کر واشروم کی جانب لے گیا

...لیکن بیلا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...فکر مت کرو میں اس کے پاس ہی جا رہا

...اسپرا سر ہلاتی واشروم میں شاور لینے چلی گئ

✸✸✸✸

بیلا کدھر ہے...؟؟

...فریش ہو کر آ کر اسپرا نے دانش سے پوچھا

...بہت مشکل سے اسکا دیہان بٹایا ہے, ابھی پیزا منگوا کر دیا ہے وہ ہی کھا رہی ہے

دانش نے ٹی وی روم کی جانب اشارہ کیا جہاں بیلا ایک کرسی پر بیٹھی پیزا کھانے کے ساتھ ساتھ کارٹون بھی دیکھ رہی تھی..

..اسپرا جلدی سے آگے بڑھ کر اسکے ساتھ کاؤچ پر بیٹھ گئ

اب کیسا فیل کر رہی ہو میری جان...؟؟

...اسپرا نے اسکی گردن کی طرف دیکھتے ہوئے کہا جبکہ اس جلد کو نیلا دیکھ کر اسکی سانسیں تھمیں

...میں ٹھیک ہوں پری

....بیلا نے نرمی سے کہا

Does it hurt??

اس نے ہلکا سا زخم کو چھو کر پوچھا

..نہیں دانش نے آئنمنٹ لگائ تھی اس وجہ سے اب یہ درد نہیں کر رہا

...اس نے اسپرا کو پیزا کی سلائس پکڑاتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

بیلا جانی کیا آپ اس بارے میں ماما پاپا کو بتاؤ گی.؟؟

..دانش نے اسکے برابر بیٹھتے ہوئے پوچھا

وہ بہت برا ہے,, کیا وہ کل آئے گا جیسے اس نے وعدہ کیا تھا؟؟

..اس نے اسپرا کی جانب سوالیہ نظروں سے دیکھا

...وہ کہتا ہوا دروازے کی جانب بڑھ گیا

....لیکن میں

....یہاں رہو

علی نے اسے ٹوکتے ہوئے سختی سے کہا جس پر اسپرا لب بھینچ کر رہ گئ اور اسکے چلے جانے ...کے بعد واپس سے سامنے کا منظر دیکھنے لگی جہاں ابھی علی پہنچا تو احمد اسے کچھ بتانے لگا ...جو کافی دور کھڑی اسپرا سننے سے قاصر تھی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

مگر اس نے محسوس کیا کہ گھٹنوں کے بل بیٹھے شخص نے انکی بات پر قہقہہ لگایا جس کے چہرے پر زرا برابر بھی خوف نہیں جھلک رہا تھا جبکہ اسکا ہونٹ پھٹا ہوا تھا اور باقی جسم کی بھی کافی بری حالت تھی...

اسی لمحے ارحم نے نیچے جھک کر اسکے منہ پر زور دار پنچ مارا جس سے وہ زمین پر گرا... احمد نے آگے بڑھ کر ارحم کو اسکے کندھے سے پکڑ کر پیچھے کرنا چاہا مگر وہ آگے بڑھ کر اس شخص کے بال مٹھی میں جھکڑ کر اسکا رخ اپنی جانب کیا لیکن بجائے ڈرنے کے اس شخص کے چہرے پر مسکراہٹ بکھر گئ...

کیا اس شخص کو خود پر رحم نہیں آرہا... کیا یہ نہیں جانتا سامنے کونسا جلاد اس کے بیٹھا ہے... اسپرا اس شخص کو مسکراتے دیکھ کر خود سے بڑبڑانے لگی... لیکن تبھی اس نے محسوس کیا جیسے اس شخص کی مسکراہٹ سمٹی ہو اور اسکی نظریں زین کی جانب گئ جو جیب میں ہاتھ ڈالے اسے کچھ کہہ رہا تھا...

اس شخص نے زین کو دیکھنے کے بعد واپس سے ارحم کی جانب دیکھا....

سارے لوگ اس کے ارد گرد کھڑے اس شخص کو دیکھنے لگے جبکہ وہ صرف ارحم کو دیکھنے لگا... اس کے بعد اس شخص نے ارحم کی جانب دیکھتے ہوئے کچھ کہا جس پر علی نے پلٹ کر اسپرا کی جانب دیکھا...

اس سے پہلے علی واپس سے اس شخص کی جانب دیکھتا اس نے اپنا ہاتھ آگے لا کر اپنے گلے پر کچھ مارا جس سے خون نکل کر زمین پر گرنے لگا اور وہ شخص وہیں پر دم توڑ گیا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

سامنے اس شخص کو خود کی جان لیتے دیکھ کر اسپرا کے منہ سے چیخ نکل گئ مگر وہ جلد ہی اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر باقی چیخوں کو دبانے لگی... ساتھ سامنے دیکھنے لگی جہاں اب البیر ٹو ارحم پر چیخ رہا تھا مگر وہ نظر انداز کرتا سامنے پڑے وجود کو مسلسل دیکھتا رہا جبکہ زین اور علی البیر ٹو کے اوپر چلانے لگے..

علی نے آگے بڑھ کر ارحم کے کندھے پر ہاتھ رکھا تو جیسے وہ ہوش میں آیا اور ایک نظر البیر ٹو کی جانب دیکھا پھر اسے کالر سے پکڑ کر زمین پر پٹکا اور بغیر ہچکچائے اسکے سر پر اپنی پسٹل تان گیا.... اس سے پہلے وہ چلا دیتا زین نے ارحم کو پشت سے پکڑ کر دوسری طرف کیا اور کچھ کہنے لگا... جس پر ارحم نے شعلہ برساتی نظروں سے البیر ٹو کی جانب دیکھا...

Where is she ...???

...ارحم انتہائ اونچی آواز میں چلایا... جو آواز اسپرا کے کانوں سے بھی ٹکرائ

....وہ وہاں ہے

علی نے جلدی سے کیچن کی گلاس وال کی جانب اشارہ کیا جہاں اسپرا کھڑی تھی.. جس پر ارحم نے جھٹکے سے اسکی جانب دیکھا...

ارحم کی آنکھوں میں اس قدر شدت دیکھ کر اسکا دل کانپنے لگا... اسی پل علی نے اسے باہر آنے کا اشارہ کیا تو وہ دروازہ کھول کر دھڑکتے دل کے ساتھ ان کی جانب اپنے قدم بڑھانے لگی..

...جبکہ ارحم آس پاس لوگوں کی پرواہ کیے بغیر اسکی جانب بڑھ گیا

اسپرا نے آج پھر اسکی آنکھوں میں وہی جنون اور پاگل پن محسوس کیا جو اس نے اس وقت محسوس کیا تھا جب ارحم نے اسے کڈنیپ کیا تھا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ارحم نے قریب آکر اپنی پچ ڈارک بلیک آنکھیں اسکی براؤن آنکھوں میں گاڑھ دیں جو انتہائی کولڈ تھیں اسپرا کے دل میں خوف کی لہر دوڑی ....

....اارح

اس سے پہلے وہ کچھ بول پاتی وہ اسے کمر سے پکڑ کر باہر دروازے کی جانب لے جانے لگا جبکہ اسپرا کو محسوس ہونے لگا اگر ارحم نے ابھی اسکی کمر پر اپنی گرفت نارمل نہیں کی تو اسکی ہڈیاں ٹوٹ جائیں گی ....

مگر وہ لاپرواہ بنا اسے کھینچتا ہوا گاڑی کے قریب لے گیا اور پسنجر سیٹ کا دروازہ کھول کر اسے گاڑی کے اندر پٹک دیا...

...جبکہ اسپرا نم آنکھوں سے ارحم کا یہ جنگلی روپ دیکھنے لگی

...کچھ ہی دیر میں وہ دونوں گھر میں موجود تھے

✸✸✸✸✸

...میں نے اپنی آنکھوں سے قتل دیکھے ہیں پہلے اس ہاٹل میں اور اب اس پارٹی میں

..یاخدایا میری زندگی کیا سے کیا ہوتی جارہی ہے

...اسپرا مرر کے سامنے کھڑی ہو کر جیولری اتارتے ہوئے سوچنے لگی

...جس کی وجہ سے اسکا سر درد بڑھنے لگا, کیونکہ آج مرنے والا شخص اسکی نظروں سے جا ہی نہیں رہا تھا اسپرا نے جلدی سے اپنے سر کو ہاتھوں میں لے کر آنکھیں بند کر لیں شاید اسکا چہرہ نظروں سے اوجھل ہو جائے...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

مگر اسی پل اس نے محسوس کیا کسی نے اسے کمر سے پکڑ کر پیچھے کی جانب کھینچا ہے جس سے اسکی پشت اس کے سینے سے ٹکرائی ہو.... خوف سے اس نے مڑ کر میں دیکھا جہاں وہ ڈری سہمی ارحم کے حصار میں موجود تھی....

ارحم اسکے بال کندھے سے پیچھے ہٹا کر وہاں اپنا لمس چھوڑنے لگا جس سے اسپرا کی دھڑکنیں منتشر ہونے لگیں... تبھی اس نے اسپرا کا بازو پکڑ کر زور سے اسکا رخ اپنی جانب کیا اور اسکے گلے پر اپنا ہاتھ رکھ کر وہاں دباؤ بڑھانے لگا.. ساتھ ہی اسکے بالوں اور گردن میں اپنا چہرہ چھپا کر اسکی خوشبو اپنی سانسوں میں اتارنے لگا...

ارحم...

گلے پر بڑھتا دباؤ جب برداشت سے باہر ہوا تو اس نے تکلیف سے پکارا... مگر وہ انجان بنتا اسے گلے سے چھوڑ کر بازو سے پکڑ کر بیڈ کی جانب دھکیل گیا...

ارحم پلیز.... ک کیا ہوا ہے...؟؟

وہ لڑکھڑاتی آواز میں بولی اور اسکا ہاتھ پکڑ کر خود کے سامنے بٹھایا.... اس نے محسوس کیا جیسے ارحم دیکھ تو اسی کی جانب رہا ہے مگر اسکا دیہان یہاں نہیں ہے....

شاید اس مرنے والے شخص نے جو کہا وہ اسے ٹارچر کر رہا ہے...

اسپرا نے پریشانی سے سوچا اور اپنے ہاتھ آگے بڑھا کر اسکا چہرہ اپنے ہاتھوں کے پیالے میں بھرا جس سے وہ اپنے ٹرانس سے نکل کر اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا... اس وقت ارحم کی آنکھیں اس قدر سرد تھیں کہ اسپرا نے خوف سے جلدی سے اپنے ہاتھ اسکے چہرے سے ہٹانے چاہے... لیکن اس....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...سے پہلے وہ ہٹاتی... ارحم نے اسکے ہاتھ پر اپنی گرفت سخت کر دی

اور آنکھیں بند کر کے اسکا لمس محسوس کرنے لگا پھر لمبا سانس کھینچ کر اس نے اپنی آنکھیں کھول دیں...

....تم پریشان لگ رہے ہو

...اسپرا نے اسکے قریب جا کر اسکے کندھے پر سر رکھتے ہوئے کہا

...نہیں...بالکل بھی نہیں

...ارحم نے اسپرا کے بالوں میں انگلیاں چلاتے ہوئے کہا

...ہاں تم ہو.... تم ہو پریشان ارحم

...اس نے اپنے الفاظ پر زور دیا مگر وہ اگنور کرتا اسکے ماتھے پر اپنے لب رکھ گیا

بتاؤ ارحم کیا ہوا ہے..؟؟

اسپرا نے اسکے چہرے کی جانب دیکھتے ہوئے کہا جہاں کوئی احساس نہیں تھا بلکہ اسکی آنکھیں بلینک تھیں...

....کچھ نہیں

...تم جھوٹ بول رہے ہو

....نہیں میں نہیں بول رہا

....ارحم نے اسے خود سے دور کر کے اٹھتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...رک جاؤ پلیز

اسپرا نے التجائیہ کہا جس پر اس نے پلٹ کر کچھ پل اسپرا کی آنکھوں میں دیکھا اور پھر وہ بیڈ پر ہیڈ بورڈ کے ساتھ پشت لگا کر بیٹھ گیا... جس پر اسپرا نے ارحم کے قریب جا کر اسکے گرد اپنے بازو باندھ کر سینے پر سر رکھ دیا...

اس آدمی نے دوسرے آدمی کو کیوں قتل کیا....؟؟

اسپرا نے پارٹی میں مرے ہوئے شخص کو سوچتے ہوئے پوچھا جس کی وجہ سے علی اسے نام نہیں بتا پایا تھا... کیونکہ اسکی اچانک باڈی گرنے پر سب لوگ چیخنے لگے تھے.....

وہ ایک وارننگ تھی...

ارحم نے عام سے لہجے میں کہا...

وارننگ...؟؟

اسپرا نے سوالیہ نظروں سے اسکی جانب دیکھا...

لیکن نہیں ہو پائی... آج شپمنٹ کو امپورٹ کرنا تھا دوسرے ممالک میں...

ارحم نے مایوسی سے کہا...

وہ سب کون ہیں...؟؟

اسپرا نے اسکی شرٹ کے بٹن کے ساتھ کھیلتے ہوئے پوچھا...

وہی آدمی ہیں جنہوں نے ہمارے گھر پر حملہ کیا فائل کیلئے اور ہاٹل میں بھی ہم پر اٹیک کیا تھا....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...لیکن تم نے کہا تھا کہ تم نے کچھ آدمیوں کو پکڑ کر ان سے انفارمیشن حاصل کر لی ہے

...اسپرا نے تجسس سے پوچھا

ہم نے لیڈر کو پکڑا ہے اس نے بس بتایا ہے وہ کیا چاہتے ہیں.... لیکن یہ نہیں بتایا وہ سب آخر ہیں

....کون

...ارحم نے اسکے بال چہرے سے ہٹاتے ہوئے بتایا

کیا وہ آدمی یہاں اپنے لیڈر کو بچانے آیا تھا..؟؟؟

اسپرا نے ارحم کی گردن کے گرد بازو حائل کر کے دھڑکتے دل کے ساتھ اپنے کپکپاتے لب اسکے ماتھے

..پر رکھتے ہوئے پوچھا

....نہیں

کل پانچ آدمی آئے تھے جن میں چار بھاگ نکلے اور پانچواں جیسے خود جان بوجھ کر ہمارے

...پاس آیا

...جیسے وہ رکنا چاہتا تھا

....ارحم نے سوچتے ہوئے کہا

.تمہیں ایسا کیوں لگا...؟؟؟

....اسپرا نے اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھا

...کیونکہ وہ میسج ہم تک پہنچانا چاہتا تھا

...ارحم نے سکون سے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کیا میسج دیا اس نے پھر...؟؟

اسپرا نے اس شخص کو سوچتے ہوئے کہا جس کی آنکھوں میں زرا سی بھی ڈر نام کی چیز نہیں تھی...

اس نے کہا کہ ہماری شپمنٹ ان کے قبضے میں ہے اور ہمارے وہاں موجود سارے آدمیوں کو انہوں نے جان سے مار دیا ہے...

ان شپمنٹس میں ایسا بھی کیا تھا...؟؟

اسپرا نے دلچسپی سے پوچھا...

'Spirit, They are Alberto's business....'

اسی وجہ سے وہ تم پر چلا رہا تھا..؟؟

اسپرا نے البیرٹو کا چلانا یاد کرتے ہوئے پوچھا...

ہاں لیکن مجھے اسکے چلانے سے فرق نہیں پڑا... اصل برا بس تب لگا جب انہوں نے میرے آدمیوں کا قتل کیا ہے...

وہ گہرہ سانس کھینچتا ہوا بولا...

I'm sorry for your loss..

پتہ نہیں کیوں لیکن اسپرا کے منہ سے نکل گیا شاید اسکے دکھ پر اسے بھی تکلیف ہوئی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....سو جاؤ کچھ دیر

ارحم نے اسکے بال سہلاتے ہوئے کہا اور ساتھ چھت کی جانب دیکھنے لگا...جبکہ اسپرا اسکی ...دھڑکنوں کو سننے کے ساتھ کچھ سوچنے لگی کیونکہ نیند آنا تو مشکل تھا

سمجھ نہیں آرہا جیسا ارحم کا کام ہے اسکے ہزاروں دشمن ہیں...پھر تو اسے ان سب کی عادت ہو جانی چاہئے لیکن جب اس آدمی نے کچھ کہا تھا تو ارحم کا چہرہ پیلا پڑ گیا تھا جیسے کچھ بہت قیمتی پل میں اس سے ....چھین لیا گیا ہو

.وہ اس شخص کے آخری الفاظ سوچتے ہوئے دل ہی دل میں بولنے لگی

ارحم اس شخص نے خود کی جان کیوں لے لی...؟؟

.اسپرا نے ارحم کے دل پر اپنی انگلی سے دل بناتے ہوئے پوچھا

.....کیونکہ اسکا کام ختم ہو گیا تھا

لیکن جب تم شپمنٹس کے بارے میں جان گئے تھے تو ان سب کو یہاں آکر اپنی جان موت کے منہ میں دھکیلنے کی کیا ضرورت تھی.... ؟؟

اسپرا نے پوچھا....جب کچھ دیر بعد کوئی جواب نہیں آیا تو اس نے سر اٹھا کر ارحم کی جانب دیکھا جو ....اسکی ہی جانب دیکھ رہا تھا اسکی آنکھوں میں کچھ تو تھا جس سے اس کا دل لرزا

...مگر وہ جلد ہی خود کو کمپوز کر کے اپنے چہرے پر مسکراہٹ بکھیر گیا

....تم بہت سوچتی ہو

...وہ نرمی سے بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اس نے مرنے سے پہلے کچھ کہا تھا,,, صحیح کہہ رہی ہوں نہ...؟؟

...اسپرا نے ارحم کے گال پر ہاتھ رکھتے ہوئے پوچھا

...ہمم

....ارحم نے شدت بھری نظروں سے اسپرا کی جانب دیکھتے ہوئے کہا

کیا کہا اس نے...؟؟؟

...اپنے دماغ پر زیادہ زور مت دو اور سو جاؤ

.....مجھے بتاؤ ارحم

تم نے کہا وہ کوئی میسج دینے آئے...اور انہوں نے کسی قسم کی کوئی لڑائی نہیں کی صرف ایک آدمی کو مارا تاکہ تمہاری توجہ حاصل کر سکیں...پھر باقی بھاگ نکلے اور ایک آدمی رک گیا...تم نے کہا اس نے بتایا تمہاری شپمنٹس ان کے قبضے میں ہیں...لیکن یہ بتانے والی کوئی بات نہیں کیونکہ یہ تم ویسے بھی جان جاتے..

اب تم مجھے یہ بتاؤ....آخر اس نے لاسٹ پر مرنے سے پہلے ایسا بھی کیا کہا جو تم اتنا پریشان ہو گئے..؟؟؟

....اسپرا نے بحث کی...جس پر کمرے میں کچھ پل کیلئے خاموشی چھائی

...ہمم کچھ کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

مجھے بتاؤ کیا کہا تھا...؟؟

...وہ بے چینی سے پوچھنے لگی

میں چاہتا ہوں تم آج کے بعد اس گھر سے باہر نہیں نکلو... تم صرف گھر پر رہو گی... اور اگر کبھی باہر

.... جانا بھی ہوا تو صرف میرے ساتھ

...ارحم نے حکمیہ میں لہجے میں کہا

واٹ...؟؟

کیوں...؟؟

.میں نہیں... میں جاؤں گی

اس نے احتجاج کیا

.... میں کچھ کہہ رہا ہوں سمجھ نہیں آرہا

...وہ غصے سے بولا

...ارحم

...بحث مت کرو

وہ سرد مہری سے بولا... جس پر وہ منہ پھولا کر اسکی گردن کے گرد اپنے بازو باندھ کر اپنا چہرہ اسکے سینے

...میں چھپا گئی کیونکہ اب وہ مزید اسکا چہرہ نہیں دیکھنا چاہتی تھی

..جس پر ارحم نے نرمی سے اسکے بال سہلائے اور اسکا ہاتھ پکڑ کر وہاں اپنے لب رکھ دیے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

... تبھی اسپرا نے ناراضی سے اپنا ہاتھ چھڑانا چاہا مگر وہ اس پر اپنی گرفت سخت کر گیا

Don't move away from me...

میں جانتا ہوں میں کیا کر رہا ہوں اور میں یہ صرف تمہیں محفوظ رکھنے کیلئے کر رہا ہوں جو میں ہر قیمت پر رکھوں گا...

وہ نرمی سے بولا

مجھے محفوظ....؟؟؟

...اس نے نا سمجھی سے اسکی جانب دیکھا

...اس شخص نے خود کو مارنے سے پہلے ایک نام لیا تھا

...ارحم نے یاد کر کے سلگتے ہوئے لہجے میں کہا

نام....؟؟

...اس نے اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے تجسس سے پوچھا

....ہاں ایک نام

...ارحم نے اسکی گال اپنے انگوٹھے سے سہلاتے ہوئے اسکی جانب نرمی سے دیکھتے ہوئے کہا

اور وہ نام کیا تھا...؟

.وہ ارحم کے ماتھے سے بال پیچھے کرتے ہوئے پوچھنے لگی

....اسپرا عبدالجبار

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

حد ہے اگر کسی پرندے کو بھی قید کرو تو اسے بھی کچھ دیر کیلئے کھلے آسمان پر اڑنے کی آزادی ہوتی ہے... لیکن ارحم تم نے مجھے اسکی بھی اجازت نہیں دی..

اس پارٹی میں ہوئے حادثے کے بعد جب ارحم نے اسپرا کا گھر سے نکلنا بالکل بند کر دیا تو وہ پیزا بنانے کے ساتھ ساتھ خود سے بڑبڑانے لگی...

خود نواب زادہ سارا دن اور کئی بار رات بھی باہر گزار آتا ہے,,بس میرا ہی نکلنا منع ہے.... آج تم گھر آؤ صحیح بتاتی ہوں تمہیں ....

وہ غصے سے اوون سے پیزا نکالتے ہوئے کہنے لگی...

ایک منٹ میری اس دن کے بعد دانش سے کوئی بات نہیں ہوئی پتہ نہیں وہ کیسا ہو گا؟؟

کیا پلین ہے اسکا...؟؟

کیا سوچ رہا ہو گا...؟؟

کہیں جو سب پارٹی میں ہوا اس کے پیچھے وہ تو نہیں...؟؟؟

یا اللہ میں بھی کیا سوچ رہی ہوں... وہ ایسا نہیں ہے... وہ انتہائی سلجھا ہوا انسان ہے... کرائم وغیرہ سے اسکا کوئی لینا دینا نہیں ہو سکتا....

افففف میری زندگی ایک ماہ میں ایڈونچر میں بدل گئی ہے کب کیا ہو جائے کچھ پتہ ہی نہیں چلتا...

وہ باہر کی جانب بڑھتے ہوئے تلخی سے سوچنے لگی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...وکٹر پیزا تیار ہو چکا ہے

...اسپرا کے باہر جانے پر وکٹر نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا تو وہ بتانے لگی

...واٹ... میم... نہیں اسکی کوئی ضرورت نہیں ہے

...وہ جلدی سے بولا

کیوں ضرورت نہیں ہے... تم لوگ انسان نہیں ہو کیا...؟؟

...میں نے تمہارے لیے اور باقی چار گارڈز کیلئے بنایا ہے جو گیٹ کے باہر ڈیوٹی دے رہے ہیں

...اسپرا نے کیچن کی جانب بڑھتے ہوئے کہا

... میم... باس کو اچھا نہیں لگے گا

...وہ سپاٹ لہجے میں بولا

مجھے پرواہ نہیں ہے... تم لوگوں نے میری اور تیمیہ کی آج بہت مدد کی ہے... بس شکریہ کے طور پر کھلا

....رہی ہوں

اسپرا نے کندھے اچکاتے ہوئے کہا کیونکہ گارڈز نے نئے پودے لانے اور گارڈن کی صفائی

...کرنے میں ان دونوں لڑکیوں کا کافی ساتھ دیا تھا

.... لیکن میم

...میں جو کہہ رہی سمجھ نہیں آرہا

...یہ لو پکڑو اور باقی سب کے ساتھ مل کر جا کے کھاؤ

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا نے پانچ بڑے پیزے اسکو پکڑاتے ہوئے کہا جو کافی ہچکچاہٹ کے بعد وکٹر نے پکڑ لیے اور اپنے قدم باہر کی جانب بڑھا دیئے... جبکہ اسپرا بھی پیزے کی دو سلائس ساتھ کولڈ ڈرنک لے کر کاؤچ پر بیٹھ کر کھانے لگی...

ابھی وہ کھا کر فارغ ہوئی تو اسے دروازہ کھلنے کی آواز سنائی دی...

Hey...

اسپرا نے فیک مسکراہٹ ارحم کی جانب اچھالی لیکن وہ اگنور کرتا کیچن کی جانب بڑھ گیا اور اپنے لیے پیزا کی چند سلائس پلیٹ میں رکھ کر آ کے اس کے بالکل ساتھ بیٹھ گیا..

میرے خیال میں کاؤچ پر بہت زیادہ جگہ ہے... میرے ساتھ چپک کر بیٹھنا ضروری نہیں... اسپرا نے اسکے بازو پر ہاتھ رکھ کر تھوڑا دور کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا... لیکن ارحم نے نظر انداز کر کے ریموٹ پکڑ کر ٹی وی چلا دیا..

کیا مسئلہ ہے... پیچھے ہٹو....

ارحم کا اسے نظر انداز کرنا سلگا ہی گیا اسلیے غصے سے بولی...

ٹھیک ہے بیٹھو یہاں ہی... ایسا کرو اپنی ٹانگیں سارے کاؤچ پر پھیلا لو...

جب اسکی طرف سے کوئی جواب نہیں آیا تو وہ سلگتے ہوئے لہجے میں کہہ کر کاؤچ سے اٹھ گئی مگر اس سے پہلے وہ ایک بھی قدم آگے بڑھاتی ارحم نے اسکا بازو پکڑ کر اپنی جانب کھینچا جس سے وہ اسکی گود میں آ گری...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا نے چونک کر اسکی جانب دیکھا جو سکون سے یہ سب انجوائے کر رہا تھا تو اسپرا نے اسکے سینے پر مکہ مار کے اسے گھورا جس پر ارحم نے اسے آنکھ مار دی تو اسکے گال لال ٹماٹر ہونے لگے...

...فائنلی ارحم تم خول سے نکل کر آہستہ آہستہ میرے سامنے آنے لگے ہو

میں جانتی ہوں مجھے تم سے بہت دور رہنا چاہیے لیکن اسی لمحے مجھے تجسس بھی ہوتا ہے اس شخص سے ملوں جس کو تم نے کئ تہوں کے نیچے چھپا رکھا ہے...

...تمہارے اصل سے ملنے کو دل کرتا ہے ارحم

وہ اسکی گود میں خود کو کمفرٹیبل کر کے اسکے ماتھے سے خود کا ماتھا ٹکا کر آنکھیں بند کر کے سوچنے لگی..کچھ پل بعد اسنے آنکھیں کھول کر نیچے کی جانب دیکھا جہاں اسکی براؤن آنکھیں ارحم کی پچ ڈارک بلیک آنکھوں سے ٹکرائ ساتھ ہی ارحم کے لبوں پر مضحکہ خیز مسکراہٹ بکھری...

...مسکرانا بند کرو

اسپرا نے نرمی سے کہہ کر اسکی گردن کے گرد بازو حائل کر کے اسکے سینے پر اپنا سر رکھ کر دانش کے ساتھ کی گئ گفتگو بار بار یاد کرنے لگی...

دانش ایک بار پھر سے میرے لیے آیا ہے...اس نے ضرور کوئ پلین بنایا ہو گا...شاید پولیس بھی اسکے ساتھ شامل ہو...

..اس دفعہ مجھے کوئ بے وقوفی نہیں کرنی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...یہی آخری موقع ہے اپنی دنیا میں پھر سے واپس جانے کا

...وہ خود سے سوچنے لگی

What are you thinking???

ارحم کے سوال پر اسپرانے سر اٹھا کر اسکی جانب دیکھا جو ٹی وی دیکھنے کے ساتھ ساتھ پیزا بھی کھا رہا تھا

...وہ کندھے اچکاتی اسکی پلیٹ سے سلائس پکڑ کر کھانے لگی

...یہ میری سلائس ہے...واپس رکھو تم اپنا حصہ کھا چکی ہو

...ارحم نے شکایت کی

...تو.....ابھی بھی کافی کیچن میں پڑا ہوا ہے اور کھالینا

اسپرانے سکون سے کہا جس پر ارحم نے فوری سلائس کی جانب دیکھا اور پھر نیچے جھک کر اسکا بڑا سا بائٹ لے لیا..

اسپرانے صدمے سے سلائس کی جانب دیکھا جو اس نے ابھی تھوڑا سا کھایا اور باقی سب ارحم کے منہ میں موجود تھا...

.....تم....پیزا....چور....ہو

...وہ چیختے ہوئے ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے بولی

...میں نے پہلے ہی کہا تھا وہ میری سلائس ہے

...ارحم نے کاک کا سپ لیتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...لیکن میں نے بھی کہا تھا کیچن میں ابھی کافی زیادہ موجود ہے

وہ اسے گھورتے ہوئے بولی اور ساتھ جو تھوڑا سا ٹکرا اسکے ہاتھ میں بچا تھا اسے اپنے منہ میں ڈال لیا...لیکن وہ اسے اگنور کرتا اپنے ہاتھ ٹیشو سے صاف کرکے واپس سے ٹی وی دیکھنے لگا...

تمہارا دن کیسا گزرا...؟؟

.اسپرا نے جب دیکھا وہ کھا چکا ہے تو اس سے پوچھنے لگی

...ناٹ بیڈ

تم بتاؤ اپنا...؟؟

...وہ مصروف سے انداز میں بولا

بہت اچھا.... تمہیں پسند آیا جو میں نے لان میں کیا...؟؟

.اسپرا نے امید سے اسکی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا جو ٹی وی دیکھ رہا تھا

...ہمم اچھا ہے

...ارحم نے عام سے لہجے میں کہا

....میری طرف دیکھو

اسپرا نے اسکا چہرہ اپنے ہاتھ میں پکڑ کر اسکا رخ اپنی جانب کرتے ہوئے کہا جس پر اس نے کچھ پل اسکے چہرے کو دیکھا اور واپس سے ٹی وی دیکھنے لگا...

اسپرا نے گھور کر ٹی وی کی جانب دیکھا جیسے اس بچارے ٹی وی کا قصور ہو جو ارحم اسے توجہ نہیں دے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...رہا

...اس نے ہاتھ آگے بڑھا کر ریموٹ پکڑا اور ٹی وی بند کر دیا

...اب تمہارا سارا وقت اور توجہ صرف میری

...جب ارحم نے جھٹکے سے اسکی جانب دیکھا تو وہ سکون سے بولی

اب میں دوبارہ پوچھ رہی ہوں...جو میں نے کیا لان میں تمہیں پسند آیا یا نہیں...؟؟

...وہ اپنے الفاظ واپس سے دہراتے ہوئے پوچھنے لگی

...ہاں...ہاں...مجھے پسند آیا

...ارحم نے بوریت سے کہا

you got bored of me right??

اسپرا نے جھوٹی پریشانی چہرے پر سجاتے ہوئے کہا....اسے لگا ارحم اب اسے خود سے دور

....دھکیل دے گا مگر اس نے جو کیا اسے شاک کر گیا

...اسپرا کی بات پر ارحم کی آنکھیں پھیلیں...اور اسنے جھٹکے سے اسے کمر سے پکڑ کر خود سے قریب کیا

تمہارا دماغ خراب ہو گیا ہے کیا...؟؟؟

.....میں کبھی نہیں.... کبھی نہیں مطلب کبھی بھی نہیں تم سے تھک سکتا یا بوریت محسوس کر سکتا

...آئندہ ایسا فضول کبھی مت سوچنا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

وہ اسکے گرد اپنی بانہوں کا حصار باندھتا جنون سے بولا... جس پر اسپرا کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا....

... کیونکہ اسکے الفاظ اور کہنے کے انداز پر وعدہ تھا

اسپرا اس کی باتوں میں مت بہکو یہ وہی ہے جس نے تمہاری ہنستی مسکراتی زندگی تباہ کر دی ہے.. دانش

...جو تمہاری وجہ سے اس وقت ویل چیئر پر موجود ہے ... کو سوچو پلیز

یہ تمارے دماغ کے پرزے کدھر گھوم رہے ہیں.؟؟

....ارحم نے اسپرا کو خیال میں کھوئے دیکھا تو آئبرو اچکایا

..امم... کہیں نہیں

...اسپرا نے اسکے ماتھے پر اپنے لب رکھتے ہوئے کہا

...میں نے وکٹر کو کچھ سامان لانے کو کہا ہے...شاید اس پر کافی رقم خرچ ہو جائے

...اسپرا نے ٹاپک بدلتے ہوئے کہا

.جتنے چاہے خرچ کرو اس میں پریشان ہونے والی کیا بات ہے

ارحم نے ستاروں کی مانند چمکتی آنکھوں سے اسپرا کی جانب دیکھتے ہوئے کہا... جس پر نا چاہتے

...ہوئے بھی اسکے دل نے ایک بیٹ مس کی

اور میں سوچ رہی ہوں گھر کے دروازے کی سائڈز کو ڈیکوریٹ کروں اور اسکے آس پاس کے ایریا

...کو.....اگر تمہیں کوئی پرابلم نہ ہو تو

.اسپرا نے لب چباتے ہوئے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...جیسا دل چاہے ویسا گھر سجاؤ

...آخر یہ تمہارا اپنا گھر ہے مجھے کوئی اعتراض نہیں

...ارحم نے اسکے بال کان کے پیچھے کرتے ہوئے مسکرا کر کہا

...تمہیں اکثر مسکرانا چاہیئے

...جانتے ہو تمہاری مسکراہٹ کس قدر خوبصورت ہے

اسپرا نے دھڑکتے دل کے ساتھ ارحم کے گال پر اپنا لمس چھوڑتے ہوئے کہا...جس پر ارحم نے شاک

...سے اسکی جانب دیکھا

اسپرا تم میرے ساتھ کیا کرنے کی کوشش کر رہی ہو...؟؟؟

...ارحم نے اپنا ماتھا اسکے ماتھے کے ساتھ ٹکاتے ہوئے اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھا

...ارحم

...اسپرا نے اسے اسکے نام سے پکارا

...بولو ٹیسورو

ارحم نے مسکراتی آنکھوں سے اسے دیکھتے ہوئے پوچھا...جس پر اسپرا کے لب مسکرائے

...آج کی رات میں کس قدر سکون ہے نہ

...وہ اسکے بازو پر موجود ٹیٹوز پر انگلی پھیرتے ہوئے بولی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...مطلب

...ارحم نے اسے سوالیہ نظروں سے دیکھا

...کیونکہ تم پرسکون ہو....کتنے اچھے لگتے ہو ایسے

.وہ اسکی گردن میں اپنا چہرہ چھپاتے ہوئے بولی

نیند آرہی ہے...؟؟

....ارحم نے اسکی بات کو اگنور کر کے پوچھا

نہیں...ابھی نہیں...کیوں تمہیں آرہی ہے...؟؟

...اسپرانے سر اٹھا کر اسکے چہرے کو دیکھا

...نہیں...میں سوچ رہا تھا....ہم باہر چلیں....لانگ ڈرائیو پر....صرف تم اور میں

...ارحم نے اسکے بال سہلاتے ہوئے کہا

....مزاق کر رہے ہو نہ میرے ساتھ

..اسپرانے اسکی ناک کے ساتھ خود کی ناک کو مس کرتے ہوئے کہا

...نہیں

..تم ہمیشہ باہر نکلنے کے بہانے ڈھونڈتی ہو

..اور میں قید کرنے کے

....جانتا ہوں بور ہو جاتی ہو

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...بس اسی لیے

..وہ اسکی ناک کو چومتے ہوئے بولا

مطلب اب میں باہر جا سکتی ہوں...؟؟

..اسپرانے چہکتے ہوئے پوچھا

نہیں ابھی بھی باہر بہت خطرہ ہے...اور میں یہ بھی ابھی نہیں جانتا کہ آخر کون لوگ ہیں وہ.....جو

...تمہارے پیچھے پڑے ہوئے ہیں

...وہ پریشانی سے بولا

..تم فکر مت کرو...جب تک تم نہیں بولو گے میں گھر سے باہر قدم بھی نہیں رکھوں گی

...وہ مسکراتے ہوئے بولی

...چلو چلتے ہیں

ارحم نے اسکا ہاتھ پکڑ کر اٹھاتے ہوئے کہا... اور جلد ہی وہ دونوں گاڑی میں موجود تھے.. گاڑی میں ہلکا ہلکا میوزک گونج رہا تھا جبکہ وہ دونوں اپنے اپنے دل میں موجود جنگ سے لڑ رہے تھے.

ہم کدھر جا رہے ہیں...؟؟

جب گاڑی ایک خالی روڈ سے جنگل کے درمیان والے روڈ پر داخل ہوئی تو اسپرانے گھبراتے ہوئے ....پوچھا... کیونکہ ایک تو کافی اندھیرا تھا اور اوپر سے جنگل

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کہیں ارحم نے مجھے دانش کے ساتھ تو نہیں دیکھ لیا اس لیے اتنا میٹھا بن کر مجھے یہاں لایا ہے تاکہ میرا قتل کر دے اور کسی کو کان وکان خبر بھی نہ ہو....

...ویسے بھی گینگ کا لیڈر ہے ایک قتل کر بھی دے اسکی کونسی صحت خراب ہونی

...اسپرا نے اپنے خشک ہوتے لبوں پر زبان پھیرتے ہوئے سوچا

ہم کدھر جا رہے ہیں...؟؟

...اسپرا نے اپنے ڈر پر قابو پاتے ہوئے پوچھا

.بہت جلد جان جاؤ گی

ارحم نے ٹرن لیتے ہوئے کہا جس سے گاڑی انتہائی اندھیرے والے روڈ پر جانے لگی جہان آس پاس کسی قسم کی روشنی کا نام و نشان نہیں تھا...

کافی دیر بعد گاڑی جا کر ایک گھر کے سامنے رک گئی جس کے پورچ میں ٹرک کھڑا تھا گھر چھوٹا سا تھا جسکی کھڑکیاں ٹوٹی ہوئی تھیں...جہاں کسی چرند پرند کا نام ونشان نہیں تھا سوائے اس وقت ان دونوں کو...

یہ کیسی جگہ ہے....؟؟

..چلو ہمیں چلنا ہے

ارحم نے اسپرا کا ہاتھ پکڑ کر جنگل کی جانب چلتے ہوئے کہا...جیسے جیسے وہ جنگل کے اندر جانے لگے اسپرا کی سانسیں خوف سے تھمنی لگیں...ایک دفعہ تو اس نے اپنا ہاتھ چھڑا کر دوسری جانب بھاگنا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...چاہا مگر ارحم نے اسکے ہاتھ پر اپنی گرفت سخت کر دی... جس پر اسپرا کا دل مزید ڈر سے لرزنے لگا

...بس چاند کی روشنی اس جگہ کو تھوڑا بہت روشن کر رہی تھی اس کے علاوہ کسی قسم کی روشنی نہیں تھی

...ارحم تم نے مجھے مارنا ہی ہے تو کسی اچھی جگہ موت دو... اتنی خوفناک موت تو مت مارو

...وہ پریشانی سے بولی جس پر ارحم نے رک کر ایک نظر اسپرا کی جانب دیکھا

...نہ.... میں موت بھی لوگوں اپنی چوائس کے مطابق دیتا ہوں

وہ سکون سے بولا.. جس پر اسپرا کا پورا وجود کپکپایا

....ارحم

....اسپرا نے بے بسی سے اسے پکارا

تم ایسا کیسے سوچ سکتی ہو میں تمہیں یہاں مارنے کیلئے لایا ہوں... اگر مارنا ہوتا تو گھر میں ہی مار کر کہیں .... تمہیں دفن کر چکا ہوتا

اسپرا کی درد بھری پکار پر ارحم نے پلٹ کر اس کے بالوں میں انگلیاں پھنسا کر اسکا رخ اوپر کر کے ... سرد مہری سے کہا... جس پر اسپرا کی آنکھوں سے آنسوں ٹوٹ کر گال بھگونے لگے

یقین نہیں ہے مجھ پر...؟؟

ہمم...؟؟؟

....ارحم نے اپنی پچ ڈارک بلیک آنکھیں اسکی براؤن آنکھوں میں گاڑھتے ہوئے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....ایسا نہیں ہے

i trust you....

...اسپرانے اسکے گلے لگ کر کہا... لیکن جب اپنے الفاظ کا احساس ہوا تو اپنی آنکھیں بند کر گئ

بس اتنے اندھیرے میں گھبرا گئ تھی اوپر سے یہ جنگل...مجھے اندھیرا اچھا نہیں لگتا ارحم....اس سے

....خوف محسوس ہوتا ہے مجھے

....وہ اسکے گرد اپنی بانہوں کا حصار سخت کرتے ہوئے بھیگے لہجے میں بولی

اوہ میری شیرنی کو اندھیرے سے ڈر لگتا ہے...؟؟

.. .ارحم نے شرارت سے پوچھا

. .. نہیں جی...مجھے اندھیرے سے ڈر نہیں لگتا بس اس جنگل نما اندھیرے سے تھوڑا سا لگ رہا ہے

...وہ اس سے دور ہو کر اسکے بازو پر ہلکا سا پنچ مار کر منہ بسورتے ہوئے بولی

...اچھا چلو بس تھوڑا سی اور واک کر لو....ویسے بھی موٹی ہو رہی ہو

...ارحم نے اسکا ہاتھ پکڑ کر آگے بڑھتے ہوئے کہا

... جھوٹے نہ ہو تو....خود ہو گے موٹے.

وہ اسکے بازو پر چٹکی بھرتے ہوئے بولی لیکن وہ مسکراتا جھاڑیاں پیچھے کر کے راستہ بناتا آگے

...بڑھنے لگا

تم مجھے کم از کم بتاؤ ہم جا کدھر رہے ہیں.؟؟

...اسپرانے واپس سے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....جان جاؤ گی ٹیسورو

..وہ سکون سے بولا

..دیکھو ارحم م مجھے کسی قسم کی بوریت محسوس نہیں ہو رہی ہے... چلو گھر واپس چلیں

...تم مجھے لانگ ڈرائیو کیلئے لائے تھے.. .لانگ واک کیلئے نہیں

...اسپرا نے گھنے جنگل کو گھبراہٹ سے دیکھتے ہوئے کہا

اسپرا مجھے لگا اب تک تم اتنا جان گئ ہو گی کہ تمہیں درد دینے کا حق صرف اور صرف میرا ہے... اور میرے علاوہ تمہیں کبھی کوئ ہرٹ نہیں کر سکتا... اور تم جانتی ہو میں تمہیں تکلیف صرف اس وقت ...دیتا ہوں جب تم میری بات رد کرتی ہو.... اسلیے ڈرنا بند کرو پر سکون ہو جاؤ ہم بس پہنچ گ ئے

...ارحم نے نرمی سے کہا جس پر اسپرا خاموشی سے اسکا چہرہ دیکھ کر آگے بڑھنے لگی

کچھ دیر مزید چلنے کے بعد ایک بڑا سا ٹاور انہیں دکھائ دینے لگا... جب وہ قریب پہنچے تو اسپرا نے ..محسوس کیا کہ یہ کافی پرانا ٹاور ہے کیونکہ اسکا گیٹ ٹوٹا ہوا تھا اور اندر بھی کافی زیادہ اندھیرا تھا

...یہ کافی پرانا ٹاور ہے میں اکثر یہاں کھیلنے آیا کرتا تھا

...ارحم کی آواز اسکی سماعتوں سے ٹکرائ... جو ٹاور کو دیکھنے میں مصروف تھی

...اس سے پہلے وہ کچھ کہتی ارحم موبائل کی ٹارچ چلا کر اسکا ہاتھ اپنے ہاتھ میں جکڑ کر اندر قدم رکھ گیا

...اسپرا صدمے سے اتنی زیادہ سیڑھیوں کو دیکھنے لگی جو انہیں اوپر لے کر جانے والی تھیں

ارحم احتیاط سے ہر سیڑھی چڑھنے لگا... وہاں اس قدر خاموشی تھی کہ ان دونوں کے قدموں کی چاپ ...صاف سنائ دینے لگی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا کافی سیڑھیاں چڑھ کر اوپر دیکھتی مگر پھر بھی اسے صرف سیڑھیاں ہی دکھائی دیتی.....اسے لگا جب مزید اوپر چڑھنے کی اس میں طاقت نہیں ہے تو وہ ارحم کے بازو کو پکڑ کر رک گئ...

ارحم.... مجھ سے اور اوپر نہیں چڑھا جائے گا...

اسپرا نے اسکے کندھے پر سر رکھ کر تھکاوٹ سے کہا..

A little more baby...

ارحم نے اسکے گال کو سہلاتے ہوئے کہا جس پر اسپرا نے اوپر کی جانب دیکھا جہاں ابھی ان لوگوں نے آدھا راستہ بھی طے نہیں کیا تھا...

مجھ سے نہیں ہو گا...

وہ وہیں گندی سیڑھیوں پر بیٹھتے ہوئے بولی ساتھ ایک نظر ارحم کے چہرے کو دیکھا جس پر تھکاوٹ نام کا کوئ تاثر نہیں تھا..

climb on me...

ارحم نے اسکے سامنے گھٹنے کے بل بیٹھتے ہوئے کہا...

جب اسپرا کے پاس کوئ اور آپشن نہیں رہی تو وہ اسکی گردن کے گرد اپنے بازو باندھ کر ہچکچاتے ہوئے اسکی کمر پر چڑھ گئ...

i hate to admit but my body just moulds perfectly to his...

زرا بھی ان کمفرٹیبل محسوس نہیں ہو رہا.... مگر میں یہ بات کبھی ارحم کو نہیں بولوں گی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

جب ارحم بغیر رکے تیزی سے سیڑھیاں چڑھنے لگا تو اسپرا اسکے چہرے کو دیکھتے ہوئے دل ہی دل میں بولنے لگی..

کچھ ہی دیر میں وہ دونوں ٹاور کے ٹاپ حصے میں پہنچ گئے تو اسپرا ارحم کی پشت سے اتر کر ٹاور کے کنارے پر لگی ریلینگ کے پاس جا کر کھڑی ہو گئ جہاں اس نے نظر نیچے کی طرف گھومائ تو اسے لگا جیسے وہ جنگل کی وادی میں کھو گئ ہو... کیونکہ نیچے صرف درخت ہی درخت تھے...

واؤ....

مگر جیسے ہی نظر اٹھا کر اس نے سامنے دیکھا تو اسکے منہ سے بے ساختہ نکلا کیونکہ وہاں سے سارا شہر جگ مگ کرتا دکھائ دے رہا تھا....

تبھی ارحم اسے ہاتھ سے پکڑ کر ٹاور کے دوسرے کونے میں لے جانے لگا جہاں ریلینگ ٹوٹی ہوئ تھی وہ اسپرا کے ساتھ اس جگہ پر ٹانگیں نیچے کی جانب کر کے سکون سے بیٹھ گیا...

اتنی اونچائ پر اسپرا کو خوف محسوس ہونے لگا تو اس نے ارحم کا بازو مضبوطی سے پکڑ لیا....

یہ بہت خوبصورت نظارہ ہے...

اسپرا نے سامنے کا منظر واپس سے دیکھتے ہوئے کہا جس پر ارحم نے اسکا ہاتھ اپنے ہاتھ میں پکڑ کر اسکی انگلیوں میں موجود خالی جگہ اپنے ہاتھ کی انگلیوں سے بھر دی...

جب ہم چھوٹے تھے یہاں اپنا بہت سا وقت گزارتے تھے...

ارحم نے نرمی سے کہا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...چلو جی فائنلی اب ارحم کے پچھلے وقت کے بارے میں کچھ پتہ چلے گا

...اسپرا نے ارحم کی بات پر سوچا

ہم....؟؟

...اسپرا نے ناسمجھی سے اسکی جانب دیکھا

...ہمم زین اسکا بڑا بھائی ارسل اور میں

ارحم نے لمبا سانس کھینچا اور پھر بولا... میں نے جس گھر کے سامنے گاڑی پارک کی تھی وہ زین لوگوں کا ...گھر تھا

ارحم کی بات نے اسپرا کی توجہ اسکی جانب کھینچی مگر اس نے اپنی نظروں کو سامنے شہر کی روشنیوں اور ...ڈارک درختوں کی جانب رکھا جو ٹھنڈی ہوا چلنے کے باعث ڈانس کرنے میں مصروف تھے

میری ماما اور زین کے پاپا ایک ساتھ پڑھتے تھے اور انہیں اس دوران ایک دوسرے سے محبت ہو گئی... مگر میری ماما کی فیملی شادی کیلئے نہیں مانی کیونکہ وہ یتیم اور غریب تھے پر میری ماما نے ضد کی کہ اگر ...شادی کروائے گی تو صرف اس سے جس سے انہوں نے محبت کی ہے

ماما کی ضد دیکھ کر میرے نانا ابو نے ماما کی شادی زبردستی امیر گھرانے میں کر دی... شادی کے کچھ ہی ...دنوں میں انہیں احساس ہو گیا کہ جس سے انکی شادی ہوئی ہے وہ کوئی انسان نہیں بلکہ مونسٹر ہے

...ارحم انتہائی آہستگی سے بتانے لگا مگر پھر بھی اسکا ہر لفظ اسپرا کی سماعتوں کے ساتھ ٹکرانے لگا

زین کے پاپا اپنی زندگی میں آگے بڑھ گئے اور انہوں نے کسی اور عورت کے ساتھ شادی کر لی... ایک سال بعد انہیں اللہ نے بیٹے سے نوازا جسکا نام انہوں نے ارسل رکھا... وہ اپنی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

زندگی میں اتنے خوش تھے کہ ماما کو مکمل ہی بھول گئے کیونکہ انہیں لگتا تھا ماما بھی اپنی زندگی میں بہت خوش ہیں...

مگر ایک سال بعد انہیں واپس سے ماما فٹ پاتھ پر پڑی مل گئیں اس وقت وہ پانچ ماہ کی پریگنینٹ تھیں...زین کے پاپا انہیں اپنے ساتھ اپنے گھر لے گئے...زین کی ماما بھی اس وقت واپس سے پریگنینٹ تھیں مگر انہوں نے یہ جانتے ہوئے بھی کہ ماما ان کے شوہر کی پہلی محبت ہے انہوں نے کھلی بانہوں سے انکو اپنے ساتھ رکھا....

...جب ارسل دو سال کا ہوا تو میری پیدائش ہوئی اور میرے دو ماہ بعد زین کی ماما نے زین کو جنم دیا

...اسپر اکا دل کیا وہ آگے اس کہانی کا ایک لفظ بھی نہ سنے...کیونکہ اسے اندازہ ہو گیا آگے کیا ہوا ہو گا جیسے ابھی اس گھر کی حالت ہے لگتا ہے وہ تینوں اس دنیا سے چلے گئے ہوں گے اور پیچھے ان تینوں نے کرائم کی دنیا میں اپنے قدم رکھ لیے بس.....

کیا یہ کہانی مجھے میرے ماں باپ لٹا دے گی...؟؟

دانش کو واپس سے اسکے قدموں پر کھڑا کر دے گی...؟؟

مجھے میری زندگی واپس مل جائے گی... ؟؟؟

...وہ غصے سے سوچنے لگی مگر اسی پل ارحم کی آواز نے پھر سے اسکا دیہان اپنی جانب کھینچا

ہم تینوں اکٹھے بڑے ہونے لگے...زین کے پاپا دن رات محنت کرتے..اور انکی محنت کا نتیجہ تھا انہوں نے تین ٹرک خرید لیے...جبکہ ان کے علاوہ میری اور زین کی ماما سویٹر بن کر لوگوں کو بیچتی....

...اس طرح ہم سب کی زندگی اچھی گزرنے لگی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

یہ جو اتنا ویرانہ ہے... یہ جگہ ایسی نہیں ہوا کرتی تھی... یہاں آبادی تھی لوگ رہتے تھے یہاں اپنی فیملیز کے ساتھ..

...ارحم نے سامنے کافی دور گلی کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا جو اب ویران پڑی تھی

یہاں کے لوگ بہت ہنس مکھ اور ملنسار تھے ماما کے اتنا عرصہ یہاں پر گزار دینے پر انہوں نے کبھی ماما کی کردار کشی یا فضول بکواس نہیں کی کہ ہم لوگ کس رشتے سے ادھر رہ رہے...

ہم اسی ٹاؤن کے لوکل سکول میں پڑھتے تھے اور اپنے ہمسائیوں کے بچوں کے ساتھ کھیلتے مگر ایک دن ارسل جنگل میں کافی آگے نکل گیا اور اس نے یہ جگہ ڈھونڈی...

....ارحم نے ٹاور کی جانب دیکھتے ہوئے کہا

اگلے دن وہ مجھے اور زین کو بھی یہاں لایا اس طرح یہ جگہ ہم تینوں کی پسندیدہ جگہ بن گئی ہم اکثر رات کو چوری چوری یہاں آتے کیونکہ بچوں کو جنگل میں جانے پر پابندی تھی مگر ہم تینون کو ہی چیلنجنگ چیزیں اچھی لگتی تھیں... ہم لوگوں کے سونے کے بعد یہاں بھاگ آیا کرتے تھے...

...ارحم نے وہ وقت یاد کرتے ہوئے قہقہہ لگا کر کہا

...جس پر اسپرا نے پلٹ کر ارحم کی جانب دیکھا جس کی آنکھیں سچ میں خوش تھیں

جب ارسل 11 کا اور زین اور میں 9 سال کے ہوئے تو ماما نے زین کے ماما پاپا کو بتایا کہ انہیں خدشہ تھا کہیں ان کے شوہر انہیں اور انکے بچے کو اس دنیا میں آنے سے پہلے ہی نہ ختم کر دیں... اسلیے وہ اپنے بچے کی حفاظت کیلئے اسے چھوڑ کر بھاگ آئیں تھیں....

جس پر زین کے ماما پاپا خوش ہوئے فائنلی میری ماما نے اپنی خاموشی کو توڑا ہے اور انہیں کچھ بتایا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہے...کیونکہ وہ ہمیں اپنی فیملی کا حصہ سمجھنے لگے تھے

...ارحم نے آنکھیں بند کر کے کھولتے ہوئے کہا

.... اسپرا میری ایک زندگی تھی

...میری ایک زندگی تھی جو میرے باپ نے اپنے ہاتھوں سے تباہ کر دی

...وہ غصے سے چلایا

....ارحم میری بھی ایک زندگی تھی

....ایک زندگی تھی جو تم نے آکر تباہ کر دی

....اسپرا کا دل کیا وہ یہ الفاظ ارحم کے منہ پر چیخے لیکن اسکی بجائے اس نے یہ کہا

پھر کیا ہوا...؟؟؟

...اسپرا نے آہستگی سے پوچھا

...وہ بہت امیر آدمی تھا

.....بہت ہی زیادہ.... جبکہ دوسرے ہاتھ میرے ددیال والے اتنے ہی لالچی تھے اور

اس سے پہلے وہ اپنے الفاظ مکمل کرتا اسکی جیب میں بجتے سیل نے ان دونوں کی توجہ کھینچی....ارحم نے

...اسپرا کا ہاتھ چھوڑ کر اپنی پاکٹ سے سیل نکال کر کال ریسیو کی

Sí...

...کچھ دیر بات سننے کے بعد ارحم بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

che cosa? sto arrivando...

...ارحم نے جلدی سے کہہ کر کال بند کر دی

...ہمیں نکلنا ہے ابھی اسی وقت

...ارحم نے اٹھ کر کہا اور ساتھ اسکے آگے اپنا ہاتھ بڑایا

کیوں...؟؟

اسپرا نے اسکا ہاتھ تھامتے ہوئے مایوسی سے کہا کیونکہ وہ نہیں جانتی تھی اب کب گھر سے باہر نکلنا ہو..

...کچھ ضروری کام آگیا ہے

...ارحم نے اسکا ہاتھ پکڑ کر قدموں پر کھڑا کرتے ہوئے کہا

...اوکے

اسپرا نے سانس کھینچتے ہوئے کہا اور وہ دونوں نیچے کی جانب سیڑھیاں اترنے لگے ارحم کے قدموں کا پیچھا کرنے کیلئے اسپرا کو تقریباً بھاگنا پڑنے لگا....

جب انہوں نے ٹاور سے باہر قدم رکھا تو اسپرا نے جلدی سے جنگل کے خوف سے ارحم کا بازو پکڑ لیا اور جلد ہی دونوں گاڑی کے سامنے موجود تھے...

اسپرا نے نظر اٹھا کر گھر کی جانب دیکھا اور فرض کرنے لگی تین بچے دو عورتیں اور ایک آدمی لان میں بیٹھے سب باتیں کر رہے اور خوشیوں سے بھرپور قہقہے لگا رہے...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....بیٹھو اسپرا

...ارحم کی آواز پر وہ اپنے خیالوں کو جھٹک کر گاڑی میں بیٹھ گئ تو اسکے بیٹھتے ہی ارحم نے گاڑی چلا دی

کیا ارحم پچھتا رہا ہے مجھے اپنے ماضی کے بارے میں بتانے پر....؟؟

جب سارے راستے وہ ایک لفظ نہیں بولا تو اسپرا اسکی جانب دیکھتے ہوئے سوچنے لگی جس کے ہاتھ

....سٹیرنگ پر جبکہ نظریں روڈ پر جمی ہوئیں تھیں

...جو بھی ہے میں خوش ہوں ارحم کے ماضی کے بارے میں کچھ تو جان ہی گئ ہوں

تبھی اسپرا کی نظر روڈ کی جانب گئ جو وہی تھا جس کے ذریعے وکٹر اسے مارکیٹ اور ہاٹل لے کر گیا تھا

...جہاں وہ دانش سے ملی تھی

...ارحم گاڑی روک کر باہر نکلا تو اسپرا بھی گاڑی سے باہر نکل آئ

...سامنے وہی ہوٹل دیکھ کر اسکا دل تیزی سے دھڑکنے لگا

...وہ ارحم کے ساتھ ہاٹل میں داخل ہوئ جسکی لائٹس بند تھی سوائے کیچن کے

ارحم سیدھا جا کر کیچن میں داخل ہو گیا جس کے کارنر پر ایک اور دروازہ موجود تھا جسے کھول کر وہ باہر

...نکل گیا

اسپرا بھی اسکے پیچھے پیچھے باہر نکل گئ لیکن کھلے آسمان کے نیچے جا کر گندی سی سمیل اسکے ناک سے

ٹکرائ تو اس نے جلدی سے ہاتھ اپنے ناک پر رکھ لیا.... ساتھ ہی نظر گھوما کر یہاں وہاں دیکھا جہاں

لوگ جانوروں کا گوشت کاٹنے میں مصروف تھے اور ہر طرف خون اور پانی بکھرا پڑا تھا جبکہ ارحم آرام

...سے قدم آگے بڑھاتا گیا جیسے اسکے لیے یہ کوئ بڑی بات نہیں

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...زبیر

ارحم نے پکارا جبکہ اسپرا نے جلدی سے آگے بڑھ کر ارحم کے بازو پر اپنی گرفت سخت کر دی... پتہ نہیں کیوں مگر اسے زبیر سے عجیب سی گھبراہٹ محسوس ہوتی تھی کیونکہ اسکی دو تین جو ملاقاتیں زبیر کے ساتھ ہوئیں تھیں وہ ناخوشگوار تھیں...

....ہیلو اسپرا

...زبیر نے سامنے سے آکر سگریٹ سلگاتے ہوئے کہا جس پر اسپرا اسے گھور کر رہ گئ

سامان کدھر ہے...؟؟

ارحم نے دوٹوک لہجے میں پوچھا... جس پر زبیر نے سر ہلایا اور اپنے قدم آگے بڑھا دیئے جبکہ ارحم اسکے پیچھے چلنے لگا.. دوسری طرف اسپرا دیہان دیہان سے قدم اٹھانے لگی تاکہ اسکے پاؤں پر کسی قسم کا خون نہ لگ جائے...

کچھ ہی دیر میں وہ لوگ ایک ٹرک کی جانب بڑھنے لگے جس کے قریب دو آدمی کھڑے تھے مگر ان لوگوں کے قریب پہنچنے پر وہ ادب سے اپنا سر جھکا گئے...

....میں نے تم لوگوں کو کہا تھا مال کو نیچے اتارو

..زبیر نے ان دو آدمیوں کو سلگتے ہوئے لہجے میں کہا

...ل لیکن علی سر نے کہا تھا تب تک نہ اتاریں جب تک باس خود نہ دیکھ لیں

ایک آدمی نے خوف سے ارحم کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا... جس پر زبیر نے آگے بڑھ کر سامنے پڑے مال پر سے کپڑا ہٹا دیا....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپر انے ارحم کے بازو کا سہارہ لے کر تھوڑا اوپر ہو کر ٹرک میں دیکھا آخر اس میں ایسا ہے بھی کیا....؟؟

مگر وہاں بہت ساری بندوقیں دیکھ کر اسکی سانسیں تھمیں... جبکہ ارحم نے صرف ایک نظر انہیں دیکھا...

کیا تم انہیں چیک نہیں کرو گے..؟؟

...زبیر نے سوالیہ نظروں سے پوچھا

...مجھے تم پر یقین ہے

...ارحم کہہ کر دوسرے دو آدمیوں کی جانب مڑا

...انہیں نیچے اتارو

...وہ ان دونوں کو حکمیہ لہجے میں بولا

....ارحم

ایک آواز پیچھے سے انکی سماعتوں سے ٹکرائی... جس پر سب نے پلٹ کر پیچھے دیکھا جہاں علی انکی جانب آرہا تھا..

تم ٹھیک ہو.؟؟

..ارحم نے اسکی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہاں ٹھیک ہوں... لگتا تم نے ریفلیں چیک کر لیں ہیں اسلیے یہ آدمی اتار رہے

... علی نے ان کے قریب آ کر کہا

ہاں دیکھ لیا... کیا احمد جو ڈائمنڈ لایا تھا وہ بینجامین تک پہنچ گئے... ؟؟

...ارحم نے سوالیہ نظروں سے علی کی جانب دیکھا

...کیلئے نکل رہی ہے UK ہاں تم فکر مت کرو شیزا کے پاس ہیں...وہ کل

... علی نے ٹرک کی جانب بڑھتے ہوئے کہا

تو یہ سب ایسے گوشت کاٹتے ہیں اگلے دن کیلئے...؟؟

اسپرا نے ارحم کی جانب دیکھتے ہوئے عجیب سا منہ بنا کر پوچھا ساتھ اسے وہ پل یاد آنے لگا

جب اس نے یہاں اتنے شوق سے کھانا کھایا تھا... جس پر ارحم نے قہقہہ لگایا

.. نہیں یہ ریسٹورنٹ کیلیے نہیں بلکہ اس کام کیلئے ہے

ارحم نے رائفلز کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا

...مطلب

..اسپرا نے نا سمجھی سے پوچھا

وہ دیکھو....وہ سب کیسے کاٹ رہے... مطلب وہ صرف سراخ کر رہے ہیں تا کہ اندر رائفل پوری

... آجائے

...ایووووووو

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا کے ری ایکشن پر وہ مسکرایا اور اسے پشت سے ہگ کر کے اسکے بالوں میں چہرہ چھپایا تا کہ اسکی خوشبو محسوس کر سکے...

you smell good..

ارحم نے اسکے بالوں کو چوم کر اسکا رخ اپنی جانب کرتے ہوئے کہا... جس پر اسپرا کا دل نہ چاہتے ہوئے بھی تیزی سے دھڑکنے لگا...

یہاں پر کیا ہو رہا ہے ارحم..؟؟

اسپرا نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا اور پھر آس پاس..

تمہیں کیا لگتا ہے جانم...؟؟

سمگلنگ ہو رہی ہے بس..

وہ عام سے لہجے میں بولا...

جس پر اسپرا نے حیرت سے اسکی جانب دیکھا اور پھر ان آدمیوں کو دیکھنے لگی جو بندوقیں گوشت میں فٹ کر رہے تھے...

کیا وہ ak 47 ہے...؟؟

اسپرا نے ایک رائفل کی جانب اشارہ کرتے ہوئے پوچھا...

No, that's Kalashnikov...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...کی طرح لگتی ہے ak 47 اوہ مگر

..اسپرانے واپس سے اس رائفل کو دیکھتے ہوئے کہا

...ہیں ak 47 نہیں... تم وہ سامنے دیکھ رہی ہو...وہ

..ارحم نے دوسری جانب پڑی رائفلز کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا

تو پھر یہاں اس وقت کتنی قسم کی رائفلز موجود ہیں...؟؟

...اسپرانے پلٹ کر اسکا چہرہ دیکھتے ہوئے پوچھا

Kalashnikov, ak 47, Deer and Sniper

...وہ سکون سے بولا

اور یہ کدھر ایکسپورٹ ہوتی ہیں...؟؟

...اسپرانے آئبرو اچکایا

...میرا خیال ہے اب ہمیں نکلنا چاہیے

....ارحم کے کہنے پر وہ دونوں گاڑی میں بیٹھ کر گھر کی جانب نکل گئے

کیا ٹائم ہوا ہے...؟؟

...اسپرانے ارحم کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا جو گاڑی چلانے میں مصروف تھا

..بج گئے ہیں...سو جاؤ... تمہیں نیند کی ضرورت ہے 4

...ارحم کے کہنے پر وہ سیٹ کے ساتھ سر رکھ کر آنکھیں موند گئی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

✸✸✸✸

کیا لگتا ہے یہ ٹھیک ہے...؟؟؟

اسپرا نے تیمیہ سے پوچھا جو کہ اسکے پیچھے کھڑی اس سارے کارنامے کو دیکھ رہی تھی جو ان دونوں نے مل کر سرانجام دیا تھا...

ٹھیک کو چھوڑو.... یہ بہت خوبصورت ہے ارحم کو بہت پسند آئے گا...

تیمیہ نے پسندیدہ نظروں سے مین گیٹ, سیڑھیوں اور فرنٹ پورچ کو دیکھتے ہوئے کہا جسے ان دونوں نے مل کر پھولوں اور گملوں کی مدد سے سجایا تھا...

مجھے بے صبری سے انتظار ہے کب ارحم آئے اور یہ سب دیکھے...

تیمیہ نے مزید کہا...

اوکے میں کوکیز لے کر آتی ہوں... یقیناً تمہیں بھی بھوک لگی ہو گی...

اسپرا کہہ کر کیچن کی جانب بڑھ گئ کیونکہ وہ جانتی تھی تیمیہ کو اسکے ہاتھ کی کوکیز کتنی پسند ہیں... پچھلے کچھ وقت میں اسکی دوستی تیمیہ سے کافی اچھی ہو گئ تھی اور باتوں میں اسے پتہ چلا تھا کہ اسکے ماں باپ کار ایکسیڈنٹ میں وفات پا گئے تو وہ اپنی آنٹی کے پاس رہنے لگی اور وہ ایک بوٹانسٹ ہے...

تم بہت خوش نظر آرہی ہو تیمیہ خیریت ہے...؟؟

اسپرا نے کوکیز اور ساتھ ہاٹ چاکلیٹ کے 2 مگ سمیت ٹرے ٹیبل پر رکھتے ہوئے پوچھا..

ہاں یار... میں نے کبھی نہیں سوچا تھا یہ جگہ اتنی پیاری بھی لگ سکتی... بہت اچھا ورک کیا ہے تم نے...

تیمیہ نے مسکراتے ہوئے کہا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میں نے اکیلے نہیں کیا یہ سب... تم بھی برابر کی حصہ دار ہو

...اسپرا نے مگ تیمیہ کی جانب بڑھاتے ہوئے کہا اور خود اسکے سامنے والی کرسی پر بیٹھ گئ

...ارحم ہمیشہ اپنے گھر کو رنگینیوں سے دور رکھتا ہے

امم مطلب فرنیچر اور دیواروں پر پینٹنگ ہے مگر اسکے باوجود ارحم کے گھر سے صرف تنہائ محسوس ...ہوتی تھی

...شکر ہے فائنلی کچھ تبدیلی آئ

تیمیہ نے اداسی اور مسکراہٹ کے ملے جلے تاثرات میں کہا جس پر اسپرا نے نظر اٹھا کر تیمیہ کی جانب ...دیکھا

آخر اسکو ارحم کے خوش ہونے یا غمگین ہونے سے کیا فرق پڑتا ہے...وہ تیمیہ کا چہرہ دیکھ کر سوچنے ...لگی

...وہ بہت برا ہے... صرف اپنی منوانا جانتا ہے

...اسپرا نے منہ بناتے ہوئے کہا

... صحیح کہہ رہی ہو

...تیمیہ نے ہنستے ہوئے کہا

تم اسے اتنے اچھے سے کیسے جانتی ہو..؟؟

اسپرا نے سوالیہ نظروں سے تیمیہ کی جانب دیکھا جس پر اس نے آئبرو اچکا کر اسپرا کی جانب دیکھا اور ...پھر کندھے اچکائے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

تمہیں نہ یہاں کام کرتے ہوئے خوف محسوس ہوتا ہے... نہ تم اسکی موجودگی سے ڈرتی ہو... کیا تم اسکی کوئی ایکس گرل فرینڈ ہو؟؟؟

.. اسپرا کی بات پر تیمیہ لوٹ پوٹ کر ہنسنے لگی جیسے اسپرا نے اسے کوئی دنیا کا نمبر ون لطیفہ سنایا ہو

... یہ مزاق تو نہیں ہے

... اسپرا نے اپنے بالوں میں ہاتھ چلاتے ہوئے کہا

خیر میرے لیے یہ کسی مزاق سے کم نہیں تھا... ایکچلی ارحم کی کبھی کوئی گرل فرینڈ نہیں رہی... یہاں تک کہ وہ لڑکیوں کی کوئی خاص عزت بھی نہیں کرتا تھا... اور اسکی نظر میں یہ ریلیشن شپ وغیرہ سب ... بکواس تھا

.. تیمیہ نے مگ سے ہاٹ چاکلیٹ کا گھونٹ بھرتے ہوئے کہا

کچھ تو ہو گا نہ پھر.... کیا وہ سپیشل ہے تمہارے لیے..؟؟

.. ورنہ کوئی کسی کو اتنے اچھے سے کیسے جان سکتا

... اسپرا نے اسکی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا

تم جیلس ہو رہی ہو...؟؟

... تیمیہ نے مضحکہ خیز مسکراہٹ چہرے پر سجا کر پوچھا

... میں کیوں جیلس ہوں گی وہ بھی اس ایڈیٹ کی وجہ سے

... جس نے مجھے اور میرے والدین کو کڈنیپ کر لیا

.... میرے فیانسی کی ٹانگ توڑ دی.. اور مجھ سے زبردستی نکاح کر لیا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...تمہارا دماغ ٹھیک ہے... تم ایسا سوچ بھی کیسے سکتی ہو... میں جیلس ہوں گی

اسپرا غصے سے چلائی لیکن جیسے ہی اسے اپنے الفاظ کا اندازہ ہوا تو وہ پچھتانے لگی... کیونکہ تیمیہ کی ... مسکراہٹ سمٹ کر غم کا تاثر دینے لگی تھی

....تیمیہ میں

...کچھ نہیں ہوتا

..تیمیہ نے کرسی سے اٹھتے ہوئے کہا

تیمیہ سوری... مجھے تم پر ایسے چلانا نہیں چاہئے تھا لیکن ارحم پر اتنا غصہ ہے نہ کہ قابو کرنا مشکل ہو گیا... ...ایکچلی مجھے نفرت ہے اس سے

اسپرا نے اسے روکتے ہوئے جلدی سے کہا.. جس پر تیمیہ نے کچھ پل اسکے چہرے کو دیکھا اور کرسی پر بیٹھ گئ.

... مجھ میں اور ارحم میں ایسا کچھ بھی نہیں ہے... جو تم ایسے پریشان ہو رہی ہے

...تیمیہ نے نرمی سے کہا

... نہیں مجھے کوئ پریشانی نہیں ہے.... نہ مجھے کوئ پرواہ ہے وہ باہر کیا کرتا ہے اور کیا نہیں

...مجھے بس.... نفرت ہے اس سے

....اسپرا نے کرسی پر بیٹھتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

امم میں سمجھ سکتی ہوں ارحم جیسے انسان کے ساتھ رہنا اتنا آسان کام نہیں ہے... کافی مشکل انسان ہے وہ...

...وہ سکون سے بولی جس پر اسپرا نے نظر اٹھا کر اسکی جانب دیکھا

...ویسے تم کوکیز بہت اچھے بناتی ہو تمہیں اکثر یہ بناتے رہنا چاہیے

...تیمیہ نے ٹاپک بدلتے ہوئے کہا... جس پر اسپرا نے مسکراتے ہوئے اسکی جانب دیکھا

...امم اگر تم برا نہیں مانو تو مجھے کپڑے بدلنے ہیں کیونکہ مجھے خود سے پسینے کی سمیل آرہی ہے

...تیمیہ نے کرسی سے اٹھتے ہوئے کہا

..امم ایسا کرو تم شاور لے لو میں تمہیں کپڑے پکڑا دیتی ہوں

...جس پر تیمیہ ہاں میں سر ہلا کر اندر بڑھ گئ

...اسپرا نے برتن ٹیبل سے اٹھا کر کیچن میں رکھے اور خود اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئ

...تیمیہ میں نے کپڑے بیڈ پر رکھ دیے ہیں... دروازہ بند کر کے جا رہی بدل لینا

...اسپرا نے اونچی آواز میں کہا

...ٹھیک ہے

تیمیہ کی آواز پر اسپرا نے نظر گھوما کر کمرے کی جانب دیکھا جہاں سائیڈ ٹیبل پر تیمیہ کی واچ پاؤچ اور موبائل پڑا ہوا تھا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا نے آگے بڑھ کر تیمیہ کا سیل پکڑ لیا پھر گھبرا کر واشروم کی جانب دیکھا جہاں سے پانی کے گرنے کی آواز آرہی تھی ..

...اس نے دھڑکتے دل کے ساتھ موبائل اون کیا تو وہ بغیر پاسورڈ مانگے کھل گیا

وہ سیل لے کر دبے قدموں سے اپنے کمرے کی جانب چلی گئ...وہاں پہنچ کر اس نے اپنی ناول والی کتاب اٹھائ اور اس میں سے دانش کا دیا ہوا نمبر نکال لیا...

...اسنے کپکپاتے ہاتھوں کے ساتھ موبائل پر نمبر ڈائل کرنے کے بعد کان سے لگایا

...ہیلو

...کچھ بیل کے جانے بعد دانش کی آواز گونجی

...دانش

...اسپرا نے اپنے خشک ہوتے لبوں پر زبان پھیرتے ہوئے پکارا

...اوہ پری...مجھے یقین تھا تم کال کرو گی

...وہ اسپرا کی آواز پہچانتے ہوئے بولا

.....مجھے وقت ہی نہیں ملا...میں صرف

...جانتا ہوں...جانتا ہوں

اسپرا میں بس چاہتا ہوں تم گھر کے پچھلے دروازے سے باہر نکلنا اور جنگل کی جانب چلنا...تم نے کسی قسم کا ٹرن نہیں لینا صرف سیدھا چلنا ہے...تمہیں اپنی دائیں جانب ایک بنیان کا درخت ملے گا اس

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

درخت کے پاس بلیک کلر کا شاپر ہے... اسکے نیچے تم مٹی کی کھودائی کرو گی تو سیل موجود ہے... تم نے وہ موبائل لے کر اسکے ذریعے میرے ساتھ رابطہ کرنا ہے.... ٹھیک ہے...؟؟؟

...اسپرا کی بات کاٹتے ہوئے وہ جلدی سے بتانے لگا

دانش پہلے تم مجھے بتاؤ... تمہیں کیسے پتہ چلا میں کدھر ہوں...؟؟ کیا چل رہا ہے یہ سب... کچھ مجھے بھی ...بتاؤ

بے بی تم مجھ پر یقین کرتی ہو نہ... پھر جیسے میں کہہ رہا ہوں بس ویسے کرو... ابھی کسی قسم کا سوال مت کرو..

...میں تمہارے فون کا انتظار کروں گا

....ٹھیک ہے لیکن

...اوکے میں انتظار کروں گا

وہ کہہ کر کال کٹ کر گیا جبکہ اسپرا موبائل کو گھور کر رہ گئ... پھر اس نے جلدی سے موبائل سے نمبر ...ڈیل کیا اور پھر کال ہسٹری چیک کی... مگر وہاں نمبر موجود نہیں تھا

.وہ واپس سے دبے قدم چلتی تیمیہ والے کمرے میں گئ اور سیل سائیڈ ٹیبل پر رکھ دیا

.. شکر ہے میں نے تیمیہ کے باہر نکلنے سے پہلے رکھ دیا سیل واپس

...اسپرا نے کمرے سے باہر نکل کر لمبا سانس کھینچتے ہوئے دل ہی دل میں کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

✸✸✸✸

...شکر ہے فائنلی اب مجھے یہاں سے آزادی مل جائے گی

...تیمیہ کے چلے جانے کے بعد اسپرا نے پچھلے دروازے کی جانب بڑھتے ہوئے دل میں سوچا

مگر وہاں پالتو کتے کی طرح کھڑے باڈی گارڈز اور اوپر سے باہر اندھیرے کو دیکھ کر وہ واپس اندر آ گئ

...کیونکہ اس وقت باہر نکلنا سراسر بے وقوفی تھی

ابھی وہ اوپر واپس اپنے کمرے میں جانے ہی لگی تو ڈور بیل کے بجنے کی آواز پر وہ خوف سے اچھلی... مگر

..اپنی دھڑکنوں کو معمول پر لا کر وہ دروازے کی جانب بڑھ گئ

ڈیم وکٹر تم نے مجھے ڈرا دیا... تم اس وقت یہاں کیا کر رہے ہو....؟؟

...اسپرا نے جب سامنے وکٹر کو دیکھا تو فوری بولی

...سوری میم... لیکن باس نے کہا ہے آپ کو ابھی اسی وقت ان کے پاس چھوڑ کر آؤں

...وہ سپاٹ لہجے میں بولا جس پر اسپرا کا دل خوف سے دھڑکنے لگا

اس وقت...؟؟

...اسپرا نے پریشانی سے پوچھا

...جی میم یہی حکم ہے

...اوکے تم ویٹ کرو میں کوٹ پہن کر آتی ہوں

...اسپرا کہہ کر اپنے کمرے میں گئ اور کوٹ پہن کر نیچے آ گئ

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...کچھ ہی دیر میں وہ وکٹر کے ساتھ کاسینو کی عمارت کے سامنے کھڑی تھی

وکٹر نے کچھ کوڈ ڈائل کیا تو دروازہ کھل گیا اور وہ دونوں اندر داخل ہو گئے... وکٹر خاموشی سے

...آگے آگے چلنے لگا جبکہ اسپرا اسکے پیچھے قدم بڑھانے لگی

...ایلیویٹر میں جا کر وکٹر نے کچھ بٹن دبائے تو لفٹ نیچے کی جانب 1 فلور پر جانے لگی

...؟اسپرا نے سوالیہ نظروں سے وکٹر کی جانب دیکھا 1

yeah below the garage....

...اوہ اسی لیے تم نے ایک کے بعد کئی اور ڈجٹس دبائے

..اسپرا نے سوچتے ہوئے پوچھا

...ہمم...یہ نیچے کی جانب جانے کا کوڈ ہے

...وہ سکون سے بولا

اس طرح کے اور کتنے فلور ہیں...؟؟

...اسپرا نے وکٹر کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا

.....صرف یہی ہے

اس کے بعد لفٹ کھلی اور وہ دونوں ایک کمرے میں داخل ہو گئے جو ارحم کے آفس کی طرح لگ رہا تھا جیسا بالکل گھر میں موجود تھا جہاں اسپرا جب گھر میں حملہ ہوا تھا تو علی کے ساتھ گئی تھی....بالکل

...ویسے ہی شیلف نما دیوار دھکیل کر وہ آگے بڑھ گئے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اایسی جگہ پر بلانے کا کیا مقصد ہے...؟؟

کہیں ارحم کو دانش کے بارے میں پتہ تو نہیں چل گیا...؟؟

کافی وقت سے ارحم نے مجھے ٹارچر نہیں کیا اسکا یہ مطلب نہیں وہ کرنا بھول گیا ہے... کہیں دانش نے واپس آکر سوئے ہوئے شیر کو جگا تو نہیں دیا... ؟؟

....اسپرا میم

...ہمیں چلنا ہے....پلیز چلیں

...وکٹر کی آواز اسے خیالوں کی دنیا سے حقیقت میں لائی جہاں وہ سیڑھیوں کے سامنے کھڑی تھی

....م مجھے گھر جانا ہے

میں نے سنا ہے یہ لڑکی تمہارے ساتھ تمہارے گھر کے اندر رہ رہی ہے.... تم آج سے پہلے کبھی کسی

...لڑکی کو اپنے گھر کے اندر نہیں لے کر گئے پھر یہ سب کیا ہے

..وہ لڑکی غصے سے چلائی ساتھ اسپرا کو نفرت سے دیکھنے لگی

...کیونکہ اس کے جیسی پہلے کبھی اور کہیں ملی ہی نہیں

...اب مل گئی ہے تو ظاہری سی بات ہے اپنے بہت قریب اور سنبھال کر رکھوں گا اور

وہ مسکراتی آنکھوں سے اسپرا کی جانب دیکھتے ہوئے بولنے لگا

جس پر اس لڑکی نے اسپرا کو گھورا.... تو اسپرا کا دل کیا آگے بڑھ کر اس لڑکی کا منہ توڑ دے... مگر وہ

..خاموشی سے ارحم کی بات مکمل ہونے کا انتظار کرنے لگی

She is my wife..

My feisty woman...

وہ محبت سے اسپرا کے گال سہلاتے ہوئے بولا جس پر اسپرا نے سکون بھری لمبی سانس کھینچی جو

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

جانے وہ کب سے روکے ہوئے تھی ساتھ ہی اس نے اپنی مسکراہٹ کو روکنے کیلئے اپنے منہ کی اندرونی گال کو دانتوں کی مدد سے کاٹا..

لیکن یہ....

ہمیں جانا ہے..

وہ اس لڑکی کی بات کو کاٹتا اسپرا کا کمر سے پکڑ کر آگے بڑھ گیا...

مجھے ایسے مت دیکھو...

ارحم نے کہا...

کیسے..؟؟

اسپرا نے نرمی سے پوچھا ساتھ اسکے خوبصورت چہرے کو مسکراتی آنکھوں سے دیکھنے لگی..

like you adore me...

ارحم کے الفاظ پر اسپرا کی مسکراہٹ مزید گہری ہو گئی تو اس نے اپنا دایاں بازو اسکی کمر کے گرد باندھ کر اسکے کندھے پر اپنا سر رکھا اور اسکے قدم کے ساتھ قدم ملانے لگی... تبھی اس نے محسوس کیا جیسے ارحم نے اس بالوں پر اپنے لب رکھے ہوں..

ارحم نے اسپرا کو کافی لوگوں سے ملوایا...

وہ جب جب اسے اپنی وائیف بولتا اسپرا کے پیٹ میں تتلیاں اڑنے لگتی... نا جانے کیوں اسکے منہ سے سننا اسے بہت اچھا لگ رہا تھا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

انجن کے سٹارٹ ہونے کا شور اور لوگوں کے نعروں کی آواز نے اسپرا کی توجہ اپنی جانب کھینچی تو وہ اس شور کی جانب اپنے قدم بڑھانے لگی...

وہاں کیا چل رہا ہے ارحم...؟؟

اسپرا نے ارحم سے پوچھا جو اسکا ہاتھ پکڑے ہوئے تھا.

ریس...

ارحم کہہ کر اسپرا کو ساتھ لیے لوگوں کے درمیان سے گزرتا آگے بڑھنے لگا جو ریس کے شروع ہونے کیلئے بہت پرجوش تھے.

جب وہ لوگ آگے پہنچ گئے تو انکی نظر سامنے لائن میں کھڑی چار گاڑیوں پر پڑی جن کا رنگ بلیک, اورنج, ریڈ اور گرین تھا..

اور وہاں ایک لڑکی شورٹ ڈریس میں موجود تھی جس کے ہاتھ میں پیلے کلر کا کپڑا تھا جیسے ہی اس نے وہ کپڑا پھینکا گاڑی میں موجود آدمیوں نے انجن سٹارٹ کیا اور اپنی گاڑیاں بھگانے لگے...

come on..

ارحم نے مڑتے ہوئے کہا اور وہ دونوں اسی راستے سے واپس جانے لگے جس سے وہ دونوں وہاں آئے تھے..

تم نے کبھی ریس میں حصہ لیا ہے.؟؟

اسپرا نے تجسس سے پوچھا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہاں ایک وقت میں بہت... لیکن علی تو آج بھی پاگل اس کیلئے

..وہ اونچی آواز میں بولا کیونکہ میوزک کی آواز یہاں بہت لاؤڈ تھی

تم نے بند کیوں کر دی...؟؟

..کیونکہ میں بور ہو گیا تھا

..وہ کندھے اچکاتا ہوا بولا

یہ ریسورٹ کلب کی طرح لگ رہا ہے..؟؟

سونگ انتہائی اونچی ایک کارنر i want you اسپرانے ارد گرد آنکھیں گھوماتیں ہوئے کہا جہاں سے گونج رہا تھا جبکہ وہاں لڑکے اور لڑکیاں دل کھول کر ڈانس کرنے میں مدہوش تھے....ان لوگوں پر گرتی مختلف رنگوں کی روشنیاں اس منظر کو اور بھی دلکش بنا رہی تھی...

...مجھے ڈانس کرنا ہے

...اسپرانے ارحم کو کھینچ کر لوگوں کے رش سے گزرتے ڈانس فلور کی جانب لے جانے لگی

...مجھے ڈانس کرنا نہیں آتا

...وہ اونچی آواز میں چلایا تاکہ اسپرا سن سکے

...لگا دیا Locked away تبھی ڈی جے نے سونگ تبدیل کر کے

اسپرانے ارحم کی بات کو نظر انداز کر کے اسکے دونوں ہاتھ اپنی کمر پر رکھے اور خود کے دونوں بازو اسکی گردن کے گرد حائل کر کے ڈانس کرنے لگی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

Baby tell me would you die for me..??

would you spend your whole life with me..??

would you be there to always hold me down...??

...لیریکس پر وہ دونوں ایک دوسرے کی آنکھوں میں دیکھنے لگے

Tell me would you really cry for me..??

Baby don't lie to me..

if i didn't have anything..

i wanna know would you stick around??

ارحم اسپرا کے ساتھ چھوٹے چھوٹے سٹیپ لے کر ڈانس کرنے لگا... جس پر اسپرا کے چہرے پر مسکراہٹ بکھری کیونکہ وہ ساتھ ساتھ ارد گرد بھی دیکھ رہا تھا کہیں اسکے آدمی نہ دیکھ لیں کہ وہ اس وقت ڈانس کرنے میں مصروف ہے... کیا سوچیں گے...

...ارحم نے تب ہی نظر اٹھا کر اسپرا کی جانب دیکھا اور پاؤٹ بنایا

وہ اسے پاؤٹ بناتا اتنا کیوٹ اور معصوم لگا کہ اسپرا نے آگے جھک کر بغیر سوچے سمجھے اسکی تھوڑی کو چوم لیا جس سے اسکا پاؤٹ مسکرہٹ میں بدل گیا اور آنکھیں ستاروں کی مانند چمکنے لگیں...

.. م مجھے ایسے مت دیکھو

..اسپرا نے مضبوط لہجے میں کہنا چاہا مگر اسکے باوجود اسکی آواز لڑکھڑائی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کیسے...؟؟

..ارحم کی مسکراہٹ مزید گہری ہو گئ

...جیسے کہ تمہیں یہ آنکھیں صرف مجھے دیکھنے کیلئے ملی ہوئ ہیں

....اسپرا کے منہ سے الفاظ نکلنے کی دیر تھی وہ نیچے جھکا اور اسکے لبوں پر گستاخی کر گیا
جس پر اسپرا کے گال لال ٹماٹر ہو گئے اور وہ گھبرا کر یہاں وہاں لوگوں کو دیکھنے لگی جو اپنی
...ہی دھن میں اپنی دنیا میں مدہوش تھے

..ریلیکس سویٹ ہارٹ یہاں کے لوگوں کو فرق نہیں پڑتا آس پاس کیا ہو رہا ہے
...وہ آنکھ مارتا بولا تو اسپرا اپنی بے ترتیب ہوتی سانسوں کو بحال کر کے اسکے سینے پر مکے برسانے لگی
جس پر وہ دل کھول کر ہنسنے لگا تو وہ اسکے چہرے کو اپنی نگاہوں میں بسانے لگی کیونکہ اسکی ہنسی یہاں بج
.رہے میوزک سے بھی کہیں زیادہ حسین اسکے کانوں کو لگ رہی تھی

...پھر کچھ لمحے ارحم نے ریلیکس ہو کر اچھے سے اسکے ساتھ ڈانس کیا

...چلو اب چلیں

ارحم نے اسکا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا اور وہاں سے باہر کی جانب نکلنے لگے لیکن وہ چلتے چلتے
.اونچی اونچی گانا گانے لگی

...تم بالکل پاگل بچی لگ رہی ہو...اگر یہی حال رہا تو لوگ پلٹ پلٹ کر تمہیں دیکھیں گے
.وہ اسکے بال سہلاتے ہوئے بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

یہاں کھڑا کوئی ایک انسان بھی نظر اٹھا کر میری طرف نہیں دیکھے گا جب اسے پتہ ہو گا میرے ساتھ کون چل رہا ہے...

وہ مغرور سے لہجے میں اسکی جانب دیکھتے ہوئے بولی جس پر ارحم نے مسکراتے ہوئے سر ہاں میں ہلایا...

اس کے بعد ان دونوں نے بیڈ مینٹن کھیلا جس میں ارحم نے اسپرا کو تینوں دفعہ ہی ہرا دیا...

یہ چیٹینگ ہے میں نہیں کھیلتی تمہارے ساتھ..

وہ ریکٹ رکھ کر اسکی جانب قدم بڑھا کر منہ بسورتے ہوئے بولی جس پر ارحم نے قہقہہ لگایا...

ویسے بولو جانم کھیلنا نہیں آتا... فکر مت کرو میں سکھا دوں گا...

وہ اسکے گال کھینچتے ہوئے نرمی سے بولا جس پر اسپرا اسے گھور کر رہ گئی...

اس کے بعد ان دونوں نے کھانا کھایا اور پول سائیڈ کی جانب چلنے لگے... مگر درمیان میں رک کر اس نے اسپرا کو ایک سٹول پر بٹھایا...

یہاں رکو میں کچھ دیر میں واپس آتا ہوں...

ارحم نے اسپرا کو کہہ کر ایک گارڈ کو اسکی حفاظت کیلئے کھڑا کیا...

مجھے چھوڑ کر مت جاؤ پلیز...

اس سے پہلے وہ چلا جاتا اسپرا نے اسکی کلائی کو تھامتے ہوئے کہا جس پر ارحم نے آنکھوں میں نرم تاثر لیے اسکی جانب دیکھا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میں بس ابھی ایک منٹ میں آیا ٹیسورو

وہ اسکے بالوں کو چہرے سے ہٹاتا ہوا بولا تو اسپرا نے اسکی کلائی چھوڑ دی.. تو وہ سیکنڈز میں حال سے غائب ہو گیا...

Hi baldy.... ??

اسپرا نے پاس کھڑے باڈی گارڈ کو پکارا اسے اسکا نام تو آتا نہیں تھا اوپر سے اسکی گنج تھی اسلیے اس نے یہی کہہ کر پکار دیا.... لیکن وہ آدمی نظر انداز کرتا سٹیچو بنا کھڑا رہا...

ہیلو.... ایکسکیوز می.... آپ سے بات کر رہی...؟؟

..اسپرا نے چٹکی بجاتے ہوئے کہا لیکن وہ وہاں سے ٹس سے مس نہیں ہوا

کیا آپکو سنائی نہیں دے رہا...؟؟

..وہ آئبرو اچکاتے ہوئے بولی مگر وہ روبوٹ کی طرح سیدھا کھڑا رہا

...تم مجھے جواب دو ورنہ میرا ارحم آکر تمہارے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے باہر پھینک دے گا

...اسپرا نے اسے دھمکایا مگر وہ سٹیچو بنا کھڑا رہا

یا خدا تم سب گارڈز ایسے روبوٹ کی طرف کیوں کھڑے رہتے ہو...؟؟

...یہ کوئی اصول ہے یا تم لوگوں کو ویسے ہی ایسے کھڑا ہو کر مزا آتا ہے

...اسپرا نے سوالیہ نظروں سے اسکی جانب دیکھا مگر وہ وہ چپ رہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

چھوڑو یہ سب کیا تمہاری کوئی گرل فرینڈ ہے..؟؟

...افف یہ بھی کیسا سوال ہے...ضرور ہو گی...اچھے خاصے نوجوان ہو

ویسے وہ کیا خوبصورت ہے..؟؟

اسپرانے سوچا شاید غلطی سے ہی کچھ کہہ لے مگر نہ....شاید جیسے اسپرانے بولنے کی قسم کھائی ہوئی ہے

..اس نے چپ رہنے کی کھائی ہوئی ہے

بتاؤ پیاری ہے یا نہیں...؟؟؟

...بتا بھی دو شرما کیوں رہے ہو

کیا بتا دے وہ تمہیں...؟؟

ارحم نے اسکے قریب آکر پوچھا جو سویم سوٹ پہنے ہوئے تھا اور اسکے ہاتھ میں ریڈ شرٹ اور

...بلیک جینز تھی

ایک منٹ تم ایسے کیوں گھوم رہے اور تمہارے ہاتھ میں کیا ہے..؟؟

...اسپرانے اس کے برابر کھڑے ہو کر ناسمجھی سے پوچھا

...شکریہ ریکرڈ

....ارحم نے گارڈ کی جانب مڑتے ہوئے کہا

...کوئی بات نہیں سر

...ریکرڈ نے مسکراتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اوہ گاڈ تم مسکراتے بھی ہو...مجھے لگا بس چلتے پھرتے روبوٹ ہو

...اسپرا نے ریکرڈ کو مسکراتے ہوئے دیکھا تو حیرت سے بولی

..جس پر اس نے ایک نظر ارحم اور پھر اسپرا کی جانب دیکھا

...دیکھو برا مت ماننا یہ بہت زیادہ بولتی ہے..میں جانتا ہوں

...ارحم نے شرارت سے اسپرا کی جانب دیکھا جو اسے گھورنے لگی

...مگر ریکرڈ مسکرا کر سر ہلاتا وہاں سے چلا گیا

ایک منٹ میں بور ہو رہی تھی تو بس پوچھ لیا تمہاری گرل فرینڈ ہے یا نہیں....اور ویسے بھی میں بہت

...زیادہ نہیں بولتی بس عام لڑکیوں کی طرح سے تھوڑا سا زیادہ بولتی

...وہ منی بسورتے ہوئے بولی

..نہیں....تم عام لڑکیوں سے کئی گنا زیادہ بولتی ہو

...نہیں

...ہاں...اور چلو اب

وہ اسے پکڑ کر کمروں کی جانب لے گیا...ایک کمرے کا دروازہ کھول کر اس نے اسپرا کو لباس پکڑا کر

...اندر کی جانب دھکیلا

...اوپسس کوئی پاگل ہو رہا ہے مجھے جینز اور شارٹ شرٹ میں دیکھنے کیلئے

...اسپرا نے شرارت سے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....خوش فہمیاں.... جاؤ جا کر کپڑے بدلو

...وہ دروازہ بند کرتے ہوئے بولا

...ابھی بدل کر آؤں گی تمہاری نظریں مجھ سے ہٹیں گی ہی نہیں

...وہ اتراتے ہوئے بولی

...ویری فنی... تم سے زیادہ خوبصورت لڑکیاں یہاں باہر موجود ہیں

...وہ سکون سے بولا تو اسپر انے زور سے اسکے منہ پر دروازہ بند کر کے لاک کر دیا

....ایڈیٹ نہ ہو تو... اس کی ہمت بھی کیسے ہوئی میرے سامنے یہ کہنے کی

...میں بھی اسے بتاؤں گی آخر میں ہوں کون.... ہمت بھی کیسے ہوئی میرے چہرے پر یہ کہنے کی

.وہ اونچی اونچی کہنے لگی ساتھ کپڑے بدلنے لگی

میں تمہیں سن سکتا ہوں جو بھی تم مجھ پر چلا رہی ہو.... کیونکہ یہ تم سب اپنے ذہن میں نہیں بول رہی....

...وہ دروازے کی دوسری جانب سے چلایا

...اچھی بات ہے

وہ غصے سے چلائی اور مرر کے سامنے کھڑے ہو کر اپنے بالوں کا میسی جوڑا بنانے لگی... جوڑا بنانے کے بعد اس نے کچھ بالوں کی لٹیں نکال کر چہرے پر گرا دیں...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

you dead woman...??

...ارحم نے پوچھا اور ساتھ دروازے پر دستک دینے لگا

... آرہی ہوں

..اسپرا نے نرمی سے کہہ کر دروازہ کھول دیا جس پر ارحم کی آنکھیں حیرت سے پھیلیں

میں تمہیں دوبارہ سے ایسا لباس کبھی پبلک میں نہیں پہننے دوں گا... ابھی میں سوچ رہا تھا تمہیں بکنی کی جگہ ایسے لباس میں پول میں لے جاتا ہوں.. لیکن تم اس میں بھی اتنی پیاری لگ رہی ہو.....

ارحم منہ ہی منہ میں بڑبڑانے لگا... جبکہ اسپرا اسکے اس ری ایکشن پر کھکھلا کر ہنس دی.... جس پر ارحم نے اسے گھورا اور کمر سے پکڑ کر واپس سے پول سائیڈ کی جانب لے جانے لگا..

جہاں لوگوں کا رش زیادہ نہیں تھا پول کا پانی ٹرانس پیرنٹ تھا اور پول میں کپلز موجود تھے جو باتیں کرنے کے ساتھ ساتھ ہنس رہے تھے... تبھی اسپرا کی نظر جکوزی پول کے اوپر ڈانس کر رتے دھویں کی جانب گئی جو انتہائی خوبصورت نظرانہ پیش کر رہا تھا اس سے پہلے اسپرا اسکی جانب قدم بڑھاتی ارحم اسے کمر سے پکڑ کر مختلف رستے کی جانب لے گیا..

..جب اسے سمجھ آیا کدھر لے کر جا رہا ہے تو اسکی آنکھیں پھیلیں

.....اوہ نو

....ارحم نہیں پلیز

... نہیں...مجھے سلائیڈ لینا بالکل بھی اچھا نہیں لگتا پلیز

...وہ چلانے لگی لیکن وہ ان سنا کرتا اسکا بازو پکڑ کر سیڑھیوں کے قریب لے گیا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

climb...

...ارحم کی بات پر اسپرا نے دکھی سا پاؤٹ بنا کر اسکی جانب دیکھا شاید ارحم ترس کھا جائے

not working.. climb...

ارحم کے الفاظ پر اسپرا نے آگے بڑھ کر ارحم کے گال کو اپنے لبوں سے چھوا اور چیزی مسکراہٹ اپنے چہرے پر سجائی... جس پر اس نے محسوس کیا کہ ارحم کے چہرے پر سمائل آرہی ہے لیکن وہ جلد ہی خود کو قابو کر گیا..

still not working....come on.... climb..

ارحم نے اسے تھوڑا سا آگے کی جانب دھکیلتے ہوئے کہا جس پر اسپرا نے سیڑھی پر قدم رکھ دیا...اور پھر وہ اسکے ساتھ چھوٹے چھوٹے سٹیپ اٹھانے لگی...

جب وہ لوگ فائنلی اوپر پہنچ گئے تو اسپرا نے دھڑکتے دل کے ساتھ سلائیڈ کی جانب دیکھا جو کافی اونچی تھی...اسپرا نے ارحم کی جانب دیکھا اور نہ میں سر ہلایا...

مگر اس نے اسپرا کو کمر سے پکڑ کر سلائیڈ کے کنارے پر کھڑا کیا...

ارحم نہیں پلیز...یہ بہت اوپر ہے...میں نہیں کر سکتی

اسپرا نے گھبراتے ہوئے کہا...

تم کر سکتی ہو...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...جب میں تمہیں کہوں جمپ تو تم کود جاؤ گی..اوکے

...ارحم نے اسے کہا لیکن اس نے نہ میں سر ہلایا

....جمپ

اسپرا نے جمپ نہیں مارا لیکن ارحم اسکا ہاتھ پکڑ کر کود گیا...اور وہ جلدی سے سلائڈ میں گھومتے پانی کی جانب جانے لگے..

....اور کچھ ہی لمحوں میں وہ دونوں زور سے پانی میں گرے

اسپرا جلدی سے تیر کر پول کے کنارے پر بیٹھ گئ اور لمبے لمبے سانس لینے لگی...کچھ لمحوں بعد وہ نارمل ہوئ تو ارحم کی جانب دیکھنے لگی جو ریلیکس اسکے سامنے کھڑا تھا..

....ایڈیٹ

وہ چلائ... مگر ارحم ہنسنے لگا اور اسپرا کے برابر بیٹھ کر کناروں پر ہاتھ رکھ کر آنکھیں بند کر گیا جبکہ اسپرا آسمان پر موجود ستاروں کو دیکھنے لگی..

میری ماما بتاتی ہیں مجھے شروع سے ہی ستارے دیکھنے کا بہت شوق تھا جب بھی رات ہوتی میں آسمان پر ستارے دیکھنے بھاگ جاتی..اور اگر کبھی بارش کے باعث کسی رات ستارے نہیں نکلتے تو مجھے غصہ آنے لگتا اور رونا شروع کر دیتی...

میرے ماما کہتی ہیں میں ستاروں کی بہت دیوانی ہوا کرتی تھی..

اسپرا کے الفاظ پر ارحم نے دھیرے سے اپنی آنکھیں کھول کر ستاروں کی جانب دیکھا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

یہ خوبصورت ہیں نہ..؟؟

..اسپرا نے ارحم سے پوچھا

yeah, bright, shiny and twinkling

...ارحم نے اسپرا کی جانب اپنا چہرہ کیا

just like you..

...وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولا

ارحم کے الفاظ پر اسپرا کے گال دہکنے لگے مگر وہ جلد ہی خود کو کمپوز کر کے مسکرانے لگی اور ارحم کے

...چہرے کی جانب دیکھنے لگی

... صرف کچھ گھنٹے اور....چند گھنٹے مزید..اور میں تمہیں کبھی نہیں دیکھ پاؤں گی

..وہ خود سے سوچنے لگی

...اسپرا

....جب اسکی آنکھیں ارحم کے چہرے سے ہٹنے سے انکاری ہونے لگی تو ارحم نے اسکے سامنے ہاتھ ہلایا

م م میں صرف سوچ رہی تھی کہ آج تمہارے ساتھ زین یا علی اور باقی سب میں سے کوئی بھی نہیں

ہے...ایسا کیوں بھلا...؟؟

...اسپرا نے آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....کیونکہ میں تمہارے ساتھ اکیلے میں کچھ وقت گزارنا چاہتا تھا

وہ اسپرا کو دیکھتے ہوئے بولا اس کے بعد ان دونوں نے کچھ وقت پول میں گزارا اور اس وقت کے دوران جب بھی کوئی آدمی اسپرا کی جانب دیکھتا تو ارحم اسے ان نظروں سے دیکھتا کہ وہ شخص واپس اس کی طرف دیکھنے کی غلطی نہیں کرتا...

پھر ان دونوں نے ڈنر کیا اور بائیک پر بیٹھ کر گھر کی جانب نکل گئے...

بائیک پر بیٹھے ہوئے اسپرا نے اپنے اطراف میں نظریں گھمائیں تو اسے روڈ خالی اور دکانیں بند نظر آنے لگیں..

ارحم کیا وقت ہوا ہے...؟؟

اسپرا کے پوچھنے پر ارحم نے بتایا کہ 3 بج رہے ہیں...

....واٹ

قسم سے پتہ ہی نہیں چلا کب وقت گزر گیا...

اسپرا نے مسکراتے ہوئے کہا اور ارحم کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر آہستہ آہستہ کھڑا ہونا شروع کر دیا...

جبکہ ارحم نے اپنے پیچھے موومنٹ ہوتی محسوس کی تو بائیک کی سپیڈ آہستہ کر دی..

اسپرا کیا کر رہی ہو... انسانوں کی طرح بیٹھ جاؤ ورنہ گر جاؤ گی.. وہ چلایا تو اسپرا ہنسنے لگی اور اسکی بات کو ان سنا کر کے اسکے پیچھے کھڑی ہو گئی...

پھر کچھ لمحوں بعد جب اس نے محسوس کیا کہ وہ اور ارحم دونوں ہی کمفرٹیبل ہیں تو اسنے اپنی بانہیں

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...کھول دیں اور ٹھنڈی ہوا کو محسوس کرنے لگی جو اسکے وجود کو چھو کر گزرنے لگی

اسکے بعد وہ زور زور سے دیوانہ وار چلانے لگی جس پر ارحم ہنسنے لگا کیونکہ اسے اسپرا کے روم روم سے خوشی جھلکتی ہوئ محسوس ہونے لگی... تبھی اس نے سیٹ پر واپس سے بیٹھ کر ارحم کے گرد اپنی گرفت مزید سخت کر دی...

You are mine tesoro..

only mine..

ارحم نے پوزیسیولی کہا جس پر اسپرا نے حیرت سے اسکی جانب دیکھا جو اب بائیک کی سپیڈ تیز کر چکا تھا...

وہ بھی خود کو نارمل کر کے واپس سے اونچی اونچی گانا گانے لگی... جس پر ارحم کا دل کیا اپنے کان بند کر لے...

... مگر سننا اسکی مجبوری تھی... اسپرا ابھی اسکی حالت کا مزہ لیتے نان سٹاپ سارے رستے گاتی رہی

میری تم سے التجا ہے آئندہ اپنی اس حسین آواز کو گانے کیلئے استعمال مت کرنا ورنہ میرے کانوں میں سننے کی صلاحیت ختم ہو جائے گی....

وہ بائیک سٹینڈ پر کھڑی کر کے طنزیہ بولا کیونکہ اسپرا کو سونگ گانا بالکل بھی نہیں آتا تھا.. مگر وہ بائیک کی سیٹ پر بیٹھی ہوئ ہی اسے گھورنے لگی.

اب کیا چاہتی ہو اٹھا کر لے جاؤں...؟؟

...جب ارحم نے اسے بائیک سے اترتا نہ دیکھا تو اسکے قریب ہو کر بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہاں لے کر چلو میرے پاؤں درد کر رہے...ہائی ہیل میں چلنا اتنا سیاپا ہوتا ہے

...وہ بانہیں کھولتی ہوئی بولی

...پاگل

...وہ کہہ کر اسے برائیڈل سٹائل میں اٹھا کر اپنے روم میں لے گیا

..اور بیڈ پر بٹھا کر اسکے سینڈل اتارنے لگا

..ی یہ ک کیا کر رہے ہو...م میں خود ہی کر لوں گی

اسپرا نے جب اسے اپنی سینڈل کی سٹرپ کھولتے دیکھا تو لڑکھڑاتی آواز میں بولنے لگی...کیونکہ وہ دی

...ارحم سے ایسی کوئی امید نہیں رکھ رہی تھی

...شش

...اس نے کہہ کر اسکے جوتے اتارے اور پھر اٹھا کر واشروم میں لے گیا

...چلو اب فریش ہو جاؤ کوئی لائیٹ سے کپڑے پہن لو تاکہ سکون سے سو سکو

وہ اسے وہاں کھڑا کر کے اسکے وارڈروب کی جانب بڑھا اور ایک ڈریس نکال کر اسپرا کو پکڑایا اور

...واشروم کا دروازہ بند کر دیا

..اور خود بھی کپڑے لے کر چینجنگ ایریا کی جانب بڑھ گیا

✸✸✸✸

اب کیسا محسوس کر رہی ہو...؟؟

...ارحم نے اسکے برابر بیڈ پر گرنے کے انداز میں لیٹ کر پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...بہتر

...مجھے محسوس ہو رہا ہے تم بھی تھک گ ئے ہو ارحم

...وہ اسکے قریب ہو کر اسکے سر کو ہلکا ہلکا سا دباتے ہوئے بولنے لگی

کیا تم نے انجوائے کیا... ؟؟

..ارحم نے سائیڈز سے لائٹ آف کر کے لیمپ جلاتے ہوئے پوچھا

...بہت.... میں نے بہت زیادہ انجوائے کیا

وہ پرجوش لہجے میں بولی... جس پر وہ مسکرایا اور اسکا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے گیا جس کے ساتھ اسپرا اسکا سر دبا رہی تھی...

...مجھے خوشی ہوئی ہے... چلو اب سو جاؤ... تم بھی کافی تھک گئی ہو

وہ بلینکٹ اسکے اوپر اوڑھ کر اسے خود کے سینے کے ساتھ لگا کر آنکھیں بند کر گیا تو وہ بھی اسکی دھڑکنوں کو محسوس کرتی آنکھیں بند کر گئی...

....وہ جب سے یہاں آئی تھی آج پہلی دفعہ وہ اسکے اتنے قریب سو سکی تھی وہ بھی اس قدر سکون سے

✸✸✸✸

جب سوئے ہوئے اسپرا نے کروٹ بدلی تو اسے اپنے برابر کی جگہ خالی محسوس ہوئی جس پر اسپرا کی آنکھیں جھٹ سے کھل گئیں اور اسکے کانوں میں نیچے والے فلور سے باتوں اور قہقہوں کی آوازیں سنائی دینے لگی....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اوہ مائی گاڈ کل تو مجھے یہاں سے جانا تھا یہ نیچے کونسی محفل لگی ہوئی ہے

...وہ جلدی سے بیڈ سے اٹھ کر واشروم میں گئی اور فریش ہو کر نیچے کی جانب چلی گئی

.جہاں اسکی توجہ زین کی فنی باتوں نے کھینچی جس پر باقی سب ہنس رہے تھے

"The Sleeping Beauty has finally woken up... "

زبیر نے استہزائیہ مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے کہا جس پر سب نے پلٹ کر اسپرا کی جانب دیکھا..

ارحم نے اسپرا کی جانب دیکھتے ہوئے وام سمائل پاس کی جسے اسپرا نے ہچکچاتے ہوئے واپس لٹائی..

تم بہت شائن کر رہی ہو...جب لاسٹ ٹائم میں نے تمہیں دیکھا تھا تو تم مجھے بہت مرجھائی ہوئی لگی تھی...کوئی سیکریٹ؟؟

...شیزہ جو زبیر کے برابر بیٹھی ہوئی تھی اسپرا اور ارحم کی جانب شرارت سے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگی

...امم...وہ....شاید اب میں کھانا دیہان سے کھا رہی ہوں اسلیے

...اسپرا نے لب چباتے ہوئے کہا جبکہ دل کیا کہ بولے اب ارحم مجھے ٹارچر جو نہیں کرتا

...ظاہری سی بات ہے...بالکل یہی تو وجہ ہے

علی نے اپنی ہنسی دباتے ہوئے معنی خیز لہجے میں کہا جس پر باقی سب بھی ہنسنے لگے جبکہ اسپرا کے گال دہکے...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اس سے پہلے کوئی اور کچھ کہتا ارسل کیچن سے ٹرے ہاتھوں میں لیکر لے وہاں داخل ہوا اور آگے بڑھ کر وہ ٹرے ٹیبل کے اوپر رکھ دی جس میں بیک ہوئی کوکیز اور کافی کے مگ تھے جو سب نے اپنے ہاتھ آگے بڑھا کر تھام لیے ..

... تم میری کافی لے لو میں دوبارہ اپنے لیے بنا لاتا ہوں

ارسل نے اپنے مگ کی جانب اشارہ کیا اور واپس سے کیچن کی جانب بڑھ گیا اس سے پہلے وہ چلا جاتا

... اسپرا نے اسے واپس بلایا

کوئی بات نہیں... آپ پیے.. میں ویسے بھی اپنے لیے ناشتہ بناؤں گی... کوئی اور ہے جس نے کرنا ہے...؟؟

... اسپرا نے سب کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا

... میں... شیزہ نے اپنا ہاتھ کھڑا کیا

... میں صدیوں سے بھوکا ہوں اسپرا

... علی نے کہہ کر اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھا اور تکلیف بھری نظروں سے اسپرا کی جانب دیکھا

... ڈرامے باز

.. احمد نے کہہ کر علی کی جانب کشن پھینکا... جس پر وہاں موجود سب کے لب مسکرائے

.... میرے لیے ایک سینڈوچ

... احمد نے معصوم سا منہ بنا کر کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اور آپ دونوں کیا کھاؤ گے...؟؟

...اسپرا نے زین اور ارسل دونوں بھائیوں کی جانب دیکھا

....کچھ بھی

...ان دونوں نے ایک ساتھ کہا تو اسپرا کیچن کی جانب بڑھ گئ

what the hell..

اگر یہ سب یہاں رہے تو میرا یہاں سے نکلنا ناممکن ہے بے شک پھر پولیس آئے یا کوئ بھی... یہ ...لوگ مجھے کہیں نہیں جانے دیں گے

وہ کیچن میں آکر بریڈ سلائس اور چیز شیلف پر رکھتے ہوئے خود سے بڑبڑائ اور ساتھ سبزیاں پکڑ کر ...سلاد بنانے لگی

تبھی اسے کسی کے قدموں کی چاپ کیچن میں داخل ہوتے ہوئے سنائ دینے لگی تو اس نے نظر اٹھا کر سامنے دیکھا جہاں ارحم ایک ہاتھ جیب میں جبکہ دوسرا دیوار پر رکھ کر اسکی ہی ..جانب دیکھ رہا تھا

کیا ہوا ہے...؟؟

...اسپرا نے سلاد کیلئے سبزیاں کاٹتے ہوئے پوچھا

کیا بنانے لگی ہو...؟؟

...ارحم نے اسکی جانب قدم بڑھاتے ہوئے پوچھا

..مجھے نہیں پتہ فی الحال احمد کیلئے سینڈچ بنا رہی ہوں

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

..اوکے میں تب تک چکن فرائی کر دیتا ہوں

.ارحم کے الفاظ پر اسپرا نے اپنا کام درمیان میں چھوڑ کر حیرت سے ارحم کی جانب دیکھا

تمہیں کھانا بنانا آتا ہے..؟؟

.اسپرا نے ارحم سے پوچھا جو گوشت فریج سے نکال رہا تھا

...اف کورس....مجھے کھانا پکانا آتا ہے

..ارحم نے اسے گھورتے ہوئے کہا اور واپس سے اپنے کام میں مصروف ہو گیا

...ویری فنی

اسپرا نے مسکراتے ہوئے کہا جب اس نے فرض کیا کہ ارحم اپنی پسٹل سے سبزیوں کو شوٹ کر کے

...کاٹ رہا ہے

...میں نے ساری زندگی اپنے لیے کھانا تمہارے آنے سے پہلے خود ہی بنایا ہے

..وہ اسکے ہنسنے پر اسکے بال ہلکے سے کھینچتے ہوئے بولا.. اور چکن فرائی کرنے لگا

تم پھر یہاں پر ملازمائیں کیا کر رہی ہیں...؟؟

...اسپرا نے اسکے بازو پر تھپڑ مار کر ایک آئبرو اچکاتے ہوئے پوچھا

میں نے انہیں صرف گھر کی صاف ستھرائی کیلئے رکھا ہے باقی کھانا بنانا اور لانڈری کا کام دیکھنا وہ تمہاری

....ذمہ داری ہے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

..لیکن میں تمہاری ملازمہ نہیں ہوں

...اسپرا نے اسے گھورا

....واٹ

....تم نہیں ہو.... تم ایسا سوچ بھی کیسے سکتی ہو

...ارحم نے اپنا کام چھوڑ کر پریشانی سے اسکی جانب دیکھتے ہوئے کہا

اپنے شوہر کیلیئے کھانا بنانے سے تم ملازمہ نہیں بن جاتی...بلکہ اس سے محبت بڑھتی ہے...دو انسانوں کو

...قریب ہونے کا موقع ملتا ہے

...یاد کر کے دیکھو تو یہ کھانا ہی پہلا سٹیپ تھا جس نے ہمیں ایک دوسری کی جانب کھینچا تھا

...اسی پل اسپرا کے ذہن میں وہ شام آئ جس دن اس نے پہلی بار ارحم کیلیئے اٹالین فوڈ بنایا تھا

اسپرا کو اپنے الفاظ کی سختی کا احساس ہوا تو شرمندگی سے سر نیچے جھکا گئ...جس پہ ارحم نے اسکے بالوں کو

...اپنے لبوں سے چھوا

اہمم اہمم میری مدد کی کوئ ضرورت ہے...؟؟

شیزہ نے کیچن میں داخل ہو کر مسکراتے ہوئے پوچھا تو وہ دونوں جلدی سے ایک دوسرے سے

...دور ہوئے

جس کے بعد ارحم نے اومیلیٹس اور چکن فرائ کیا جبکہ شیزہ نے کوئیچ ڈش بنائ اور اسپرا نے سینڈوچ اور

...ٹوسٹ بنائے

..جب ان لوگوں نے یہ سب جا کر ٹیبل پر رکھا تو سیکنڈز میں سب کی پلیٹس میں غائب ہو گیا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا کیچن میں کھڑی ہو کر ڈائننگ ٹیبل کی جانب دیکھنے لگی جہاں زبیر شیزہ کیلئے بریڈ پر بٹر لگا رہا تھا,

ارسل زین کی جانب آملیٹ بڑھا رہا تھا,احمد نے علی سے سینڈوچ چرا کر بڑا سا بائیٹ لیا جس پر علی نے

..اسکی کمر پر مکا جڑا اور ساتھ ہی اسکی نظر ارحم پر گئ جو پسندیدہ نظروں سے اسکی جانب ہی دیکھ رہا تھا

...یہ سب ماحول اسے ایک فیملی کی طرح لگ رہا تھا

...نہ کہ ایک گروپ کی طرح جو مافیہ میں ملوث ہیں

...لیکن میں اس سب کا حصہ نہیں ہوں....میرا آج یہاں آخری دن ہے اور کل چلی جاؤں گی

...وہ ارحم سے نظریں پھیر کر کیچن سے ان کی جانب بڑھ گئ

...اسپرا مجھے اور سیں ڈوچ چاہیے پلیز

...جب اسپرا ڈائننگ ٹیبل کی جانب آئ تو علی چلایا

..یہ پکڑو...اور کھاؤ

اسپرا نے سینڈوچ کی جو ٹرے ہاتھ میں پکڑی ہوئ تھی اسے تھماتے ہوئے کہا اور ارحم کی بائیں

...جانب بیٹھ گئ

تمہیں اسکی حالت کا فائدہ نہیں اٹھانا چاہیے جب وہ ٹھیک ہو گیا نہ تو تمہیں کک مارنے سے باز نہیں

...آئے گا

...ارسل نے احمد سے کہا جو ابھی بھی علی کی پلیٹ سے سینڈوچ چرا کر کھا رہا تھا

...میں ٹھیک ہوں بالکل

...علی نے منہ پھولایا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

تم ڈاکٹر نہیں ہو.... میں ہوں.... اور جانتا ہوں میرے مریض کی حالت کتنی بہتر ہے.... ارسل نے اسکی جانب دیکھتے ہوئے کہا جس پر علی آنکھیں گھما کر رہ گیا...

ارحم احمد کے پاس لاہور سے کچھ انفارمیشن ہے میرے خیال میں تمہیں سننی چاہئے...

زین نے ارحم کی جانب دیکھتے ہوئے کہا جس پر سارا ماحول سنجیدگی میں بدل گیا جبکہ لفظ لاہور سن کر اسپرا کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا..

رائیٹ.... میں نے تمہیں انفارمیشن حاصل کرنے کو کہا تھا... پھر کیا خبر..؟؟

ارحم نے اپنے منہ میں موجود کھانے کو چباتے ہوئے پوچھا..

اسپرا کو اس گھٹیا عورت نے جو بھی بتایا وہ کچھ بھی نہیں ہے... اس سے کہیں زیادہ انفارمیشن میرے پاس ہے...

احمد کے الفاظ پر اسپرا نے غصے سے ااپنے ہاتھوں کی مٹھیاں ٹیبل کے نیچے بنائیں..

چیئرمین نے اس کے پیچھے اپنے خاص آدمی بھیجے ہیں جنہوں نے ہمارے لیے پرابلمز پیدا کی... لیکن ان سب کے علاوہ جو سب سے بڑی پرابلم ہے وہ اسکے فیانسی کی ماں ہے...

احمد نے کہہ کر اسپرا کی جانب دیکھا جس پر اس نے اپنے چہرے کو بلینک رکھا اور کوئی تاثر نہیں دیا...

وہ فٹبال کھلاڑی.... رائیٹ اسپرا...؟

زبیر نے مضحکہ خیز مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے پوچھا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ہاں... اس کی ماں وکیل ہے اور ثبوت تلاش کر رہی ہے.. اسکے گھر کی سیکیورٹی کافی شاندار ہے... وہ عورت کافی زیادہ چلاک ہے...

..احمد نے ارحم کی جانب دیکھتے ہوئے کہا

...اور اسکے باوجود تم اسکے گھر میں گھس گئے

...ارحم نے آئبرو اچکا کر امپریس ہوتے ہوئے اسکی جانب دیکھا

...اوہ ہاں... میں گھس گیا

میں نے اس عورت کا کمرہ دیکھا ارحم.. اس نے تو تمہارے بارے میں پوری فائل تیار کی ہوئی ہے... وہ ہم لوگوں کے بارے میں سب کچھ جانتی ہے... اور اسکا بیٹا وہاں کہیں نہیں تھا... کہا جاتا ہے کہ اسکی ٹانگ ٹوٹ چکی ہے اسلیے باقی کی زندگی وہیل چیئر پر ہی گزارے گا...

..احمد کے آخری الفاظ پر زبیر نے قہقہہ لگایا جبکہ اسپرا اپنا غصہ قابو کرنے کی کوشش کرنے لگی

...زبیر

...زین نے وارن کیا

ویسے وہ ایڈیٹ سچ میں فٹبال ٹیم کا کھلاڑی بننا چاہتا تھا کیا..؟؟

..زبیر نے مزے سے اسپرا کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا

...زبیر بس بھی کرو

..زین نے غصے سے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

تو میں کہہ رہا تھا وہ لڑکا کہیں نہیں ہے... میں نے اسکے بارے میں انفارمیشن حاصل کرنے کی کوشش کی لیکن کچھ بھی ہاتھ نہیں آیا...

اور تمہیں یاد ہے وہ آفیسر سنان جسے اٹالین پولیس کے ساتھ تمہیں مارنے کا حکم ملا تھا

احمد کے سوال پر ارحم کا وجود کچھ لمحوں کیلیئے تھما تو اسپرانے بغیر سوچے سمجھے ٹیبل کے نیچے سے ارحم کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لیا...

آفیسر سنان نومان....

زین نے کہا....

ہاں وہ ہی... اس نے ارحم کے خلاف واپس سے کیس اوپن کیا ہے اور اس دفعہ بڑی ٹیم ارحم کو پکڑنے کیلیئے تیار کی ہے... اور ہاں اس آفیسر نے تمہارے بارے میں انفارمیشن اسکے فیانسی کے زریعے حاصل کی ہے...

اسکا مطلب دانش اور وہ آفیسر اس وقت یہاں موجود ہیں...

ارحم نے کہہ کر بات ہی ختم کر دی..

صحیح سمجھے...

احمد نے ہامی بھری..

اسکا مطلب پولیس... اسکا فیانسی اور اسکی ماں.. ساتھ اس چیئرمین کے آدمی سب ارحم کے پیچھے ہیں...

ارسل نے کہا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

.... نہیں پولیس اور وہ وکیل ارحم کے پیچھے ہے

.. جبکہ چیئرمین کے آدمی اور دانش اسپرا کے پیچھے ہیں

.. زین نے بتایا

کیا لگتا ہے یہ سب آپس میں مل کر کام کر رہے ہیں...؟؟

.. شیزہ نے پہلی دفعہ بات چیت میں حصہ لیا

ہو سکتا ہے... ابھی ہم کچھ بھی صحیح سے نہیں کہہ سکتے... لیکن اس دفعہ وہ آفیسر ارحم کو نہیں چھوڑنے

... والا ویسے بھی اس نے اسکے چہرے پر وہ نشان جو چھوڑا ہے

.. علی لب چباتے ہوئے بولا

.. یہ بھی تو ہو سکتا وہ سب کے سب بس اسپرا کو لینے آئے ہوں

... تمہیں سکیورٹی مضبوط کرنی چاہئے

.. زبیر نے ارحم کیا جانب دیکھتے ہوئے استہزائیہ کہا جو مزے سے کھانا کھانے میں مصروف تھا

... میرے خیال میں تمہیں اسے کچھ دن کہیں اور ٹھہرانا چاہیئے

... شاید کاسینو

.. زین نے مشورہ دیا

... میرے خیال میں جہاں اسپرا سب سے زیادہ محفوظ رہ سکتی وہ صرف ارحم کے قریب ہی

.. شیزہ نے سکون سے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

جس پر اسپرا کا دل کیا وہ چلائے... اسے صرف اسی شخص سے تو دور جانا ہے مگر وہ خاموش رہی...

میرے خیال میں ہمیں پہلے ان کے پلین کا پتہ کروانا چاہیے... آخر ان لوگوں کی کیا سوچ ہے...؟؟ وہ اتنے بڑے شہر میں اس وقت کدھر ہیں...؟؟ ہمیں ان تک پہنچنا ہو گا...

زبیر نے ارحم کی جانب دیکھتے ہوئے کہا

. صحیح کہہ رہے ہو... اور مجھے امید ہے تم آج سے ہی اس پر اپنا کام شروع کر دو گے

.. ارحم نے کہا تو زبیر نے اپنا ایک آئبرو اچکایا

... تم سچ میں یہ کام مجھے کہہ رہے ہو... وہ بھی اس کیلئے کرنے کیلئے

. زبیر نے سلگتی نظروں سے اسپرا کی جانب دیکھتے ہوئے کہا

.. تم نے سنا زبیر... اور مجھے میرے الفاظ دہرانا پسند نہیں

... ارحم کے الفاظ فائنل تھے... جس کے بعد زبیر چپ رہا اور ان لوگوں کی گفتگو وہاں ہی ختم ہو گئ

... تو اسپرا شیزہ کی مدد سے برتن اٹھا کر کیچن کی جانب لے گئ

کچھ دیر بعد جب وہ دونوں کیچن سے نکلی تو اسپرا کی نظر علی احمد اور زبیر کے ہاتھ میں موجود سامان کی جانب گئ...

... ان میں کیا ہو سکتا کوئ لاش, بازو, یا پھر کوئ زندہ انسان

.. وہ خود سے سوچنے لگی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

..اس میں صرف کپڑے ہیں

..شیزہ نے ہنستے ہوئے کہا تو اسپرا نے بھی ہچکچاتے ہوئے مسکراہٹ اپنے چہرے پر سجائی

....سوری مجھے لگا کچھ بہت بھیانک ہو گا

..ہاہاہا شکر ہے ایسا کچھ نہیں ہے...اور مجھے امید ہے تمہیں ہمارا یہاں رہنا برا نہیں لگے گا

....شیزہ کے الفاظ پر اسپرا نے نا سمجھی سے اسکی جانب دیکھا

کیا تمہیں ارحم نے نہیں بتایا...؟؟

...شیزہ نے اسپرا کو ایسے دیکھ کر پوچھا

...نہیں

..اوہ میں علی احمد اور زبیر کچھ دنوں کیلئے یہاں ہی رہ رہے ہیں

...شیزہ نے کہہ کر اسپرا کے چہرے کو دیکھا جس پر اسپرا نے اپنے چہرے کو بلینک رکھا

...اوہ واؤ یہ بہت اچھی خبر ہے

اسپرا نے مسکراتے ہوئے کہا جبکہ اندر سے وہ غصے سے پاگل ہونے لگی...کیونکہ ان لوگوں کے

...ہوتے وہ کیسے جائے گی یہاں سے

ہم لوگ سکون سے رہیں گے اور میری پوری کوشش ہو گی زبیر تمہارے ساتھ ٹھیک طریقے سے

...رہے

...جس پر اسپرا نے ہاں میں سر ہلایا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...وہ تمہیں زیادہ پسند نہیں کرتا... لیکن سمجھ نہیں آتا وہ کیوں

شاید ارحم آج سے پہلے کسی لڑکی کو اپنے گھر نہیں لایا ہے اور وہ تمہیں لیکر سیریس ہے... جبکہ شاید زبیر

...ابھی تم پر یقین نہیں کرتا... اسے لگتا ہے تم دھوکا دو گی

لیکن جب وہ ایک دفعہ سمجھ جائے گا تم ایسی نہیں ہو تو وہ ٹھیک ہو جائے گا... کیونکہ اسے

...ارحم بہت زیادہ عزیز ہے

..شیزہ اسے تفصیل سے بتانے کے بعد آدمیوں کی جانب بڑھ گئ جو سامان اوپر لے کر جا رہے تھے

تبھی اسپرا نے سامنے دیکھا جہاں ارحم ارسل اور زین کے ساتھ باتوں میں مصروف تھا... زین نے

...پلٹ کر اسپرا کی جانب دیکھا کچھ پل اسے دیکھنے کے بعد واپس سے ارحم کی جانب متوجہ ہو گیا

مجھے جانے سے پہلے زین سے بھی ایک آخری دفعہ بات کرنی ہو گی اس نے مشکل وقت میں میرا یہاں

..کافی ساتھ دیا تھا

کچھ وقت بعد جب ارسل اور زین چلے گئے تو اسپرا نے اپنے قدم ارحم کی جانب بڑھائے

تاکہ وہ اس سے ان سب کے یہاں رہنے کے بارے میں بات کر سکے... جو وہ سب ابھی کاؤچ

...پر بیٹھ کر ٹی وی دیکھنے میں مصروف تھے

...ارحم

...اسپرا کی پکار پر اس نے سوالیہ نظروں سے اسکی جانب دیکھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے اکیلے میں

اسپرانے اسکے برابر بیٹھ کر سر گوشی نما کہا تو وہ اٹھ کر سیڑھیوں کی جانب بڑھ گیا اور کچھ ہی لمحوں میں

..وہ دونوں کمرے میں موجود تھے

...تم نے مجھے بتایا کیوں نہیں یہ سب ہمارے ساتھ رہ رہے

...اسپرانے اسے گھورا

...اوہ مائی گاڈ تم نے اسلیے بلایا مجھے یہاں

...مجھے لگا شاید کچھ پرائیویٹلی رومینس کرنا چاہ رہی

...ارحم نے مسکراتے ہوئے کہا

بتایا نہیں...؟؟

.اسپرانے اسکی بات پر آنکھیں گھماتے ہوئے کہا اور جواب کا انتظار کرنے لگی

...میں تمہیں بتانے ہی والا تھا

کب...؟؟؟

...آج...جب وہ آجاتے

...وہ سکون سے بولا

...لیکن کیوں آئے ہیں وہ لوگ یہاں

...اور ہمارے ساتھ کیوں رہ رہے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

.. مجھ سے دوبارہ مت پوچھنا... یہ میرا فیصلہ ہے اور وہ لوگ یہیں رہیں گے

...مجھے وجہ بتاؤ

..اسپرا نے اسکے قریب ہوتے ہوئے پوچھا

...کچھ کام کیلئے

کیسا کام....؟؟؟

That's none of your concern Aspara...

...ارحم نے سنجیدگی سے کہا

...فائن... لیکن ابھی کیوں... کیا وہ لوگ کچھ دنوں کے بعد یہاں نہیں رہ سکتے تھے

...اسپرا نے الجھتے ہوئے کہا

..کیا مسئلہ ہے تمہیں

..یہ گھر میرا ہے اور میری مرضی جسے چاہے رکھوں اور جسے چاہے نکال دوں

وہ بول کر اسے پیچھے ہٹا کر دروازے کی جانب بڑھ گیا... مگر اس سے پہلے وہ دروازہ کھول کر باہر نکل

..جاتا... اسپرا تیزی سے آگے بڑھ کر دروازے کے سامنے کھڑی ہو گئ

.

یہ صرف تمہارا گھر نہیں... میرا بھی ہے... بیوی ہوں تمہاری... برابر کی حصہ دار ہوں... اسلیے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میرے فیصلے بھی معنی رکھتے ہیں

...وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولی

...میرا فیصلہ فائنل ہے

..وہ اسے کمر سے پکڑ کر سائیڈ پر کر کے دروازہ کھول کر باہر نکل گیا اور وہ اسے بس جاتا دیکھ کر رہ گئ

...ارحم کے جانے کے بعد اسپرا کا ذہن اسے کل کے حوالے سے ٹارچر کرنے لگا

اگر اس دفعہ ارحم کو پتہ چل گیا تو وہ یقیناً دانش کو جان سے مار دے گا...اس نے سوچتے ہوئے آگے بڑھ کر دروازہ لاک کیا اور پھر اپنی کبرڈ کی جانب بڑھ کر سیل ڈھونڈا اور دانش کا نمبر ڈائل کر کے کان کو لگایا..

...دانش میں ہوں اسپرا

...کال ریسیو ہوتے ہی وہ جلدی سے بولی

ہاں بولو پری سب ٹھیک ہے..؟؟

...دانش نے پریشانی سے پوچھا

...میرا خیال ہے ہمیں کل کا پلین پوسٹپون کر دینا چاہیے

..اسپرا نے تیزی سے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

واٹ...؟؟

کیوں.... کل کے پلین میں کیا خرابی ہے...؟؟

..دانش نے حیرت سے پوچھا

ایکچلی ارحم کے دوست یہاں رہ رہے ہیں پتہ نہیں دنوں کیلیئے یا ہفتوں کیلیئے... اور ان لوگوں کے ہوتے ہوئے یہ ممکن نہیں..

کتنے لوگ ہیں وہ..؟

..دانش نے لمبا سانس کھینچ کر پوچھا

...چار ہیں ایک عورت کو ملا کر

....تو یہ زیادہ نہیں مطلب اب 8 گارڈ اور چار یہ لوگ

...ہمم اوکے اسپر اکل کا ہی پلین فائنل ہے

... نہیں... تم سمجھ نہیں رہے وہ چار آٹھ لوگوں کے برابر ہیں... یہ بہت بڑا رسک ہو گا

..وہ فکر مندی سے گویا ہوئ

میں یہ رسک اٹھانے کیلیئے تیار ہوں... تمہیں میں دو دفعہ کھو چکا ہوں... اب نہیں کھو سکتا... اتنی تکلیف تو مجھے تب بھی نہیں ہوئ جب ارحم نے میری ٹانگ پر ہتھوڑی تھی جتنی تمہیں اسکے ساتھ دیکھ کر ہوتی ہے اسپر اس شخص نے تم سے تمہارا سب کچھ چھین لیا تمہارے ماں باپ کو قید کر کے رکھا ہوا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہے... کیا تم میں کوئی غیرت نہیں بچی

..دانش کے الفاظ پر اسکے ذہن میں وہ پل یاد آئے جب ارحم نے اسکو کڈنیپ کیا تھا

... مجھ پر یقین کرو اسپرا... سب ٹھیک ہو جائے گا

...جب وہ خاموش رہی تو وہ واپس سے بولا

...ٹھیک ہے

...اسپرا نے کہہ کر کال بند کر دی

مجھے اتنا برا کیوں محسوس ہو رہا ہے....؟؟ مجھے اسے اور اس جگہ کو چھوڑتے ہوئے خوشی کیوں محسوس نہیں ہو رہی.....

اس نے مجھے تکلیف دی مجھے کڈنیپ کروایا میرے ماں باپ کو ہرٹ کیا یہاں تک کہ اپنے ساتھیوں کو انہیں قتل کرنے کا حکم دیا...

..مگر قتل کروایا تو نہیں نہ

..دل فوری اس شخص کے حق میں اترا

...وہ مونسٹر ہے....مافیہ کی دنیا کا بادشاہ

...اسکا دماغ چلایا

you are my wife..

my feisty woman..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میں کل تمہارا یقین توڑ کر اپنی دنیا میں واپس چلی جاؤں گی

...تم سے اور تمہاری اس دنیا سے بہت دور

...اس کے ذہن میں جب ارحم کے کہے الفاظ گونجنے لگے تو وہ نم لہجے میں بڑبڑائی

you are light in my darkness..

My feisty woman..

you are mine...

online mine...

جب ارحم کے الفاظ اسکے ذہن میں میوزک کی طرح مسلسل بجنے لگے تو وہ وہیں زمین پر بیٹھ کر سسکنے لگی..

...وہ م مونسٹر ہے...لوگوں کی جانیں لیتا ہے

...وہ خود کو سمجھانے لگی لیکن اسکے باوجود آنسو اسکے گال بگوتے رہے

....اسپرا

ارحم کی پکار پر اسپرا کے پیٹ میں تتلیاں اڑنے لگی وہ جلدی سے خود کو کمپوز کر کے زمین سے اٹھی اور سیل آف کر کے کے اپنی کبرڈ میں چھپانے کیلئے اسکی جانب بھاگی...

...اسپرا دروازہ کھولو

...ارحم نے کہہ کر دروازہ بجایا

..موبائل اچھے سے چھپانے کے بعد اس نے اپنی آنکھیں خشک کیں اور دروازے کی جانب چل پڑی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....میں نے کہا یہ ڈیم دروا

اس سے پہلے وہ اپنے الفاظ مکمل کرتا اسپرا نے دروازہ کھول دیا جہاں ارحم غصے سے کھڑا تھا مگر جیسے ہی ..اس نے اسپرا کی جانب دیکھا اسکی آنکھوں میں نرمی آسمائی

ٹیسورو تم ٹھیک ہو...؟؟

ارحم نے فکر مندی سے آگے بڑھ کر اسکے چہرے کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں بھر کر پوچھا اور ساتھ ..اپنا انگوٹھا اسکی گال پر پھیرنے لگا

ہاں ٹھیک ہوں... تم کیوں پوچھ رہے ہو...؟؟

...اسپرا نے لب چباتے ہوئے پوچھا

تم رو رہی تھی...؟؟

...ارحم نے کمرے میں داخل ہو کر اپنے پاؤں سے دروازہ بند کرتے ہوئے پوچھا

..ن نہیں

اسپرا نے نم لہجے میں کہا اور ساتھ ہی اپنی آنکھیں اسکے چہرے سے پھیر گئ کیونکہ اسکی جانب دیکھنا اسکے لیے مشکل ہونے لگا تھا... ارحم نے ایک قدم مزید آگے بڑھایا اور ان دونوں کے درمیان میں ...سے فاصلہ بالکل ختم کر دیا.. اور تھوڑی سے پکڑ کر اسکا چہرہ اپنے چہرے کی برابر کیا

یہ صرف چند ہفتوں کی بات ہے اسپرا وہ سب لوگ یہاں سے چلے جائیں گے پھر جیسے تمہارا دل ...کرے...جو تم چاہو.. جیسے تم چاہو ویسے رہنا

..ارحم نرمی سے بولنے لگا تو وہ خاموشی سے اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

مجھ پر یقین کرو اسپرا مجھے بھی یہ سب کر کے اچھا نہیں لگ رہا لیکن مجبوری ہے... تمہیں زبیر بالکل بھی تنگ نہیں کرے گا.... رہی بات احمد اور علی کی ان دونوں کو تمہارے ساتھ وقت گزارنا اچھا لگتا ہے وہ تمہاری عزت کرتے ہیں.. تم ان سب کے ساتھ مالز میں گھومنے جا سکتی ہو... میں جانتا ہوں تم گھر اکیلے رہ کر بور ہو جاتی ہو..

وہ اسکی بھیگی آنکھوں کو چومتے ہوئے محبت سے بولا جس پر اسپرا کے دل نے ایک بیٹ مس کی...

ہمم ٹھیک ہے...

وہ خود کو نارمل کر کے نم آنکھوں سے مسکراتے ہوئے بولی... جس پر ارحم اسکے ماتھے کو اپنے لبوں سے چھو کر اپنے سینے کے ساتھ لگا گیا...

میں نے تم سے جھوٹ بولا تھا جب کہا کہ تمہارے آنسو مجھے سکون پہنچاتے ہیں کارامیا...

وہ اسکے بال سہلاتے ہوئے بولا...

اسپرا میرے بارے میں تم ایک بات جان لو جب میں غصے میں ہوتا ہوں تو جھوٹ بولتا ہوں... ہر وہ کام کرتا ہوں جس سے سامنے والے کو تکلیف ہو... وہ تڑپے اور سسکے...

تم پاگل ہو قسم سے...

اسپرا نے آہستگی سے کہا اور اپنے بازو اسکی گردن کے گرد حائل کر دیئے...

جی بالکل جیسے تم میرے لیے اور میں تمہارے لیے..

ارحم نے اپنی ناک اسکی ناک کے ساتھ رگڑتے ہوئے کہا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

... نہیں میں نہیں ہوں

.. اسپرا نے سچائی کا مظاہرہ کیا

... ہاں تم ہو اسپرا... تم میرے لیے کھلی کتاب کی طرح ہو جسے میں پڑھ سکتا ہوں

تم نے مجھ سے نفرت کی جو میں نے تمہارے ساتھ کیا تمہارا دل کیا کہ تم مجھے ویسے ہی تکلیف میں تڑپتا ہوا دیکھ سکو... لیکن اسی لمحے تم نے مجھے انسان کے طور پر اپنایا... جو میرے لیے کافی تھا... تم نے مجھے ... خود کے قریب آنے دیا کیونکہ تمہیں خوف تھا کہ میں نا جانے تمہارے پیرنٹس کے ساتھ کیا کروں

... لیکن تم نے جب بھی میرے پاس وقت گزارا وہ دل سے تھا اس میں کبھی کوئی ملاوٹ نہیں تھی

... تم مانو یا نہ مانو اسپرا... تمہارا یہ دل میرے لیے دھڑکنے لگا ہے

... تمہاری آنکھوں میں میرا عکس ہے

... لیکن تمہیں ابھی مجھ پر یقین نہیں ہے تمہیں لگتا ہے میں تمہیں اور تمہارے اپنوں کو ٹارچر کروں گا

اسپرا میں بس ایک دفعہ تمہارا یہ یقین جیت لوں یقین کرو تم ساری دنیا کے سامنے غرور سے کہو گی یہ ... میرا ہے... اس کے بعد میں تم سے جان بھی چھڑانا چاہوں تو تم مجھے خود سے باندھ کر رکھو گی

... وہ آخری بات شرارت سے بولا جبکہ اسپرا شاک کی حالت میں اسکی جانب دیکھنے لگی

..... ن ن نہ

... ارحم

شیزہ کی آواز کی وجہ سے اسپرا کے باقی الفاظ منہ میں ہی رہ گئے.. ارحم بھی جلدی سے اسے خود سے دور کر کے دروازہ کھول کر کمرے سے باہر نکلا کیونکہ وہ جانتا تھا باہر کوئی ایمرجنسی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہے

...اسپرا بھی جلد ہی خود کو کمپوز کر کے اسکے پیچھے بھاگی

جب وہ لوگ نیچے پہنچے تو انکی نظر سامنے گارڈ سے ٹکرائی جو دروازے کے پاس کھڑا تھا اور اسکی حالت کافی ناساز لگ رہی تھی...اس گارڈ کو دیکھ کر اسپرا کا وجود ٹھنڈا پڑا کیونکہ وہ یہاں کا گارڈ نہیں بلکہ مائشہ ...کا تھا جو اس پر نظر رکھے ہوئے تھا

مائشہ کو کیا ہوا...؟؟

اس سے پہلے کوئی اور پوچھتا اسپرا نے دھڑکتے دل کے ساتھ پوچھا کیونکہ اسے مائشہ کی کافی فکر ہو رہی تھی مگر گارڈ نے جواب دینے کی بجائے اسے چھوڑ کر ارحم کی جانب دیکھا جو اسپرا کے پہلو میں ہی کھڑا تھا.

...باس ہم نے کوشش کی لیکن وہ بہت سمارٹ تھی

وہ ارحم کی جانب دیکھتے ہوئے بولا جبکہ زبیر دیوار کے ساتھ پشت لگائے کھڑا تھا جبکہ شیزہ اسپرا کی جانب پریشانی سے دیکھنے لگی..

کیا ہوا...؟؟

..ارحم کے پوچھنے پر اس شخص نے بتایا کہ وہ بھاگ گئی ہے جس پر اسپرا نے سکون بھرا سانس کھینچا جس کے بعد ارحم اور زبیر ڈارک روم میں گئے جہاں انہیں پتہ چلا کہ مائشہ نے ایک گارڈ کو چاکو مارا اور واشروم کی کھڑکی سے بھاگ گئی جبکہ دوسرے گارڈ نے اسے پکڑنا چاہا مگر وہ لمحوں میں اسکی آنکھوں ..سے اوجھل ہو کر غائب ہو گئی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ارحم اور زبیر ساری رات باہر رہ کر صبح کے وقت واپس آئے اور آتے ہی علی اور احمد کی موجودگی میں کوئی بات چیت کرنے لگے...

پتہ نہیں یہ لوگ آخر کیا کر رہے ہیں کچھ سمجھ نہیں آرہا اور آج تو دانش نے بھی آنا ہے... یا خدا سب ٹھیک سے ہو جائے...

اسپرا نے جب انہیں دوپہر تک آفس سے نکلتا نہ دیکھا تو وہ خود سے بڑبڑائی اور گارڈن کی جانب بڑھ گئی جہاں اسے تیمیہ مل گئی اسکے ساتھ اس نے اچھی خاصی گپ شپ لگائی...

تم یہاں آج رہنے والی ہو...؟؟

جب اس نے تیمیہ کا گھر واپسی کا کوئی موڈ بنتا نہیں دیکھا تو پوچھ بیٹھی...

ہاں آج میں ڈنر یہاں ہی کروں گی..

تیمیہ نے مسکراتے ہوئے کہا جس پر اسپرا اسے ایکسکیوز کر کے اپنے روم میں چلی گئی... جیسے جیسے وقت گزرنے لگا اسکا دل پاگل ہونے لگا... یہاں تک کہ اسے چلتے اے سی میں بھی پسینے آنے لگے...

کچھ گھنٹوں بعد جیسے اسپرا لوگوں نے پلین کیا ہوا تھا ویسے ہی ارحم کو کال آئی اور وہ علی کے ساتھ گھر سے چلا گیا... جبکہ اب گھر میں باقی زبیر احمد شیزہ اور تیمیہ اسکے ساتھ رہ گئے...

وہ ارحم کے جانے کے بعد اپنے کمرے میں بھاگی اور جیکٹ پہن کر اس میں موبائل رکھ لیا کیونکہ اب کچھ ہی دیر میں دانش آنے والا تھا...

تبھی دروازہ زور سے بجا تو اسپرا جلدی سے بغیر سوچے سمجھے نیچے کی جانب بھاگی....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

زبیر نے آگے بڑھ کر دروازہ کھولا تو سامنے وکٹر موجود تھا جس کے چہرے پر پریشانی کے تاثرات تھے...

...کچھ گڑبڑ ہے باہر تین گاڑیاں ہمارے گھر کی جانب بڑھ رہی ہیں

...وکٹر دروازہ کھلتے ہی جلدی سے بتانے لگا

...جس پر اسپرا نے لب چبائے کیونکہ وہ سمجھ گئی کہ یہ دانش لوگ ہی ہوں گے

...زبیر نے کچھ پل وکٹر کو دیکھنے کے بعد استہزائیہ مسکراہٹ کے ساتھ اسپرا کی جانب دیکھا

...وہ سب اسکے لیے آرہے ہیں

...زبیر نے خطرناک نظروں سے اسپرا کو دیکھتے ہوئے کہا

...ہمیں یہاں سے نکلنا چاہیے

...احمد نے مشورہ دیا

...ہم نہیں جاسکتے...وہ لوگ پہنچنے والے ہیں

...وکٹر پریشانی سے بولا

...سب کے سب اندر آجاؤ

...زبیر نے کہا تو وکٹر باقی گارڈز کی جانب بھاگا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...تم ہمیں بزدل اور ڈرپوک لوگوں کی طرح اندر چھپنے کا مشورہ نہیں دے سکتے

تیمیہ نے سلگتے ہوئے لہجے میں کہا تو اسپرا نے حیرت سے پلٹ کر تیمیہ کی جانب دیکھا جسکی آنکھوں میں آگ تھی....

میں کب کہہ رہا یہ گھر ہمارے لیے محفوظ پناہ گاہ ہے میں سوچ رہا ہوں ہوٹل ایک ڈسٹریکشن ہو سکتی ہے...

...وہ احتیاط سے بولتا اسپرا کی جانب دیکھنے لگا

...وہ لوگ ہمارے ہوٹلز کے بارے میں جانتے ہوں گے

..شیزہ نے کہا

ایڈیٹ فیانسی اپنی فیانسی کو.... اوپسس سوری کسی اور کی بیوی کو یہاں سے لے جانے آرہا ہے چلو ہم بھی دیکھتے اسے کیا ملتا ہے...

..زبیر غصے سے دھاڑا

تم لوگوں کو جو کرنا پڑے کر گزرو... تم میں سے نہ کسی کی جان جانی چاہیے نہ وہ لوگ اسپرا کو یہاں سے لے جا پائیں...

...جب سب گارڈ گھر کے اندر آگئے تو زبیر حکمیہ لہجے میں بولا جس پہ سب نے ہاں میں سر ہلایا

اور ان لوگوں میں سے کوئی بھی یہاں سے زندہ نہیں جانا چاہیے... میں یہاں سب کو مرا ہوا دیکھنا چاہتا ہوں خاص کر کے اس دانش کو.... مجھے امید ہے ارحم کو میرا یہ تحفہ پسند آئے گا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

وہاں پہ موجود سب لوگ اپنی پسٹلز نکال کر آنے والے وقت کیلئے خود کو تیار کرنے لگے جبکہ اسپرا خوف سے سب کی جانب دیکھنے لگی..

Time for some fun...

جب گاڑیوں نے دروازے کے قریب آکر دروازہ توڑنا شروع کیا تو تیمیہ نے مزے سے کہا جس پر اسپرا پھیلی ہوئی آنکھوں سے اسکی جانب دیکھنے لگی... تیمیہ نے جب اسپرا کو مسلسل خود کو دیکھتے پایا تو اسے آنکھ ماری....

تبھی گولیوں کی چلنے کی آوازیں گونجنے لگی اور سیکنڈز میں گھر کی کھڑکیوں کے شیشے ٹوٹ کر چکنا چور ہوگئے تو اسپرا خوف اور بے بسی سے چیخنے لگی جبکہ باقی سب سکون سے یہ نظارہ دیکھنے لگے...

جیسے ہی مین گیٹ توڑ کر کچھ آدمی اندر داخل ہوئے تو زبیر اور باقی گارڈز بغیر سوچے سمجھے اندھا دھند ان لوگوں پر گولیاں چلانے لگے...

Move...Move inside

احمد نے اسپرا کو کیچن کی جانب دھکیلا اور شیلف کے قریب زمین پر بٹھایا تو وہ تھوڑا سا اپنا سر اوپر کر کے ان آدمیوں کی جانب دیکھنے لگی جو ابھی گھر میں داخل ہوئے تھے جنہوں نے پولیس کی طرح کا لباس نہیں پہنا ہوا تھا بلکہ عام لباس پہنا ہوا تھا... اس نے ان سب میں سے دانش کو وہاں ڈھونڈنا چاہا مگر وہ کہیں نہیں تھا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کاؤچز اور ٹیبلز مسلسل چلتی گولیوں کی وجہ ٹوٹ چکے تھے جبکہ زبیر بھوکے شیر کی طرح ان لوگوں پر .... گولیاں چلا کر ہنس رہا تھا جیسے اسے یہ سچویشن مزا دے رہی ہو جبکہ باقی سب لوگ سیریس تھے .. ان میں سے کچھ لوگ احمد شیزہ اور تیمیہ کو کمزور سمجھ کر انکی جانب بھاگے

جیسے ہی ایک آدمی تیمیہ کے قریب پہنچا اس نے اپنی ٹانگ گھما کر اسکے پیٹ پر ماری جس سے وہ زمین پر گر گیا اور پھر سکون سے اسکے ماتھے پر اپنی پسٹل کا نشانہ باندھ کر گولی چلا دی.. جبکہ دوسری طرف احمد .. کاؤچ کا سہارا لے کر سامنے سے آتے آدمیوں پر نشانہ باندھ کر انکی جانیں ختم کرنے لگا

... سارا حال کچھ ان کے لوگوں کی اور کچھ ارحم کے آدمیوں کی لاشوں کی وجہ سے بھرا پڑا تھا

وکٹر کی گولیاں ختم ہو گئ تو وہ احتیاط سے خود کو چلتی گولیوں سے بچا کر آدمیوں کو پکڑ کر ان کی گردنیں مروڑ کر زمین پر پھینکنے لگا جیسے وہ کوئ انسان نہ ہوں بلکہ ٹماٹر ہوں جنہیں وہ سکون سے مسل رہا ہے دوسری طرف زبیر بھی اب لوگوں کو ہاتھوں سے مارنے لگا ایک آدمی کو اسنے بالوں سے پکڑ کر اسکا سر دیوار کے ساتھ زور سے مارا اور اسی پل سامنے سے آتے آدمی کے منہ پر پاس پڑا ٹی وی زور سے دے ...مارا

... یہ بہت ہی زیادہ ہیں زبیر

... شیزہ چلائ تو زبیر نے پلٹ کر اسکی جانب دیکھا

اسپرا کو ساتھ لیکر ارحم کے آفس کے ذریعے باہر نکلو تم لوگ... یہاں میں اور وکٹر سب سنبھال لیں ...گے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...نہیں

...تیمیہ نے فوری کہا

...ہم تمہیں یہاں چھوڑ کر نہیں جائیں گے...میں تمہیں چھوڑ کر کہیں نہیں جا رہی

...شیزہ نے چیختے ہوئے کہا اور سامنے سے آتے آدمی کے دل میں گولی مار دی

...ہمارے پاس اور کوئی راستہ نہیں ہے

..احمد نے زبیر کے ساتھ ہامی بھری

...یہ آدمی بہت زیادہ ہیں...تم ویسا کرو جو میں کہہ رہا

زبیر نے فائنل الفاظ میں کہا تو تیمیہ نے کیچن کی جانب بڑھ کر اسپرا کو اسکے بازو سے پکڑا...اور احتیاط سے ارحم کے آفس کی جانب لی جانے لگی جبکہ زبیر اور وکٹر ان آدمیوں کو ختم کرنے لگے تاکہ وہ ..دونوں بغیر کسی رکاوٹ کے وہاں سے نکل سکیں

اس سے پہلے تیمیہ دروازہ کھولتی سامنے سے دروازہ خود بخود ہی کھل گیا جہاں سے مائشہ اور اسکے پیچھے ...کھڑے آدمی نمودار ہوئے

کہیں جا رہے ہو آپ لوگ...؟

مائشہ نے مضحکہ خیز مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے پوچھا اور ساتھ ہی اسکے پیچھے کھڑے آدمیوں نے ان لوگوں کے سروں پر پسٹلز کا نشانہ باندھ دیا... جبکہ اس وجہ سے گھر میں ...چل رہی فائرنگ اور مار پیٹ بھی رک گئ

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....ان سب کو باندھ دو

مائشہ نے حال میں موجود اسکے گارڈز کو حکم دیا جس پہ حال میں موجود اسکے آدمیوں نے آگے بڑھ کر شیزہ تیمیہ زبیر اور احمد کے ہاتھ باندھ دیئے جبکہ اس کے ساتھ آئے ہوئے گارڈز نے اپنی پسٹل کا ...نشانہ مسلسل ان سب پر اور خاص کرکے اسپرا کے سر پر تان کر رکھا

دوسری طرف مائشہ ان سب کو غصیلی نظروں سے دیکھنے لگی... جبکہ اسپرا نے بھی نظر اٹھا کر مائشہ کی ...جانب دیکھا جو اسے کافی چست اور بہت زیادہ خطرناک لگی

...کچھ غلط ہے

اسکا دماغ بڑبڑایا تبھی اسپرا کی نظر زبیر پر ٹھہری جو انتہائی غصے اور نفرت کے ملے جلے تاثرات سے ..مائشہ کی جانب دیکھ رہا تھا

...ایک پکا اور سچا دوست جو اپنے دوست کے لیے جان دینے سے بھی نہ ڈرے

مائشہ نے زبیر کی جانب دیکھتے ہوئے کہا اور پھر شیزہ کی جانب بڑی جو زبیر کے ساتھ ہی کھڑی ...تھی

ایک مخلص اور جان نچھاور کرنے والی بیوی وہ بھی پکے اور سچے دوست کی جو اپنے دوست کیلئے جان ....دینے سے بھی نہ ڈرے

اس نے شیزہ کو دیکھتے ہوئے کہا اور اپنے قدم احمد کی جانب بڑھا دیے جو شیزہ کی دوسری ...جانب بیٹھا ہوا تھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اگر تم نے یہ انفارمیشن کچھ دیر پہلے اکٹھی کر لی ہوتی تو تم لوگ ابھی اس حالت میں نہ بیٹھے ہوتے.... صحیح کہہ رہی ہوں نہ...

وہ احمد کی جانب دیکھتے ہوئے مسکرائی..

اوہ مالن.....

اس نے تیمیہ کی جانب دیکھتے ہوئے کہا... ویسے مالن یا حفاظت کرنے والی...

وہ طنزیہ لہجے میں بول کر قہقہہ لگانے لگی جس پر اسپر نے نا سمجھی سے مائشہ کی جانب دیکھا....

تمہیں کچھ سمجھ نہیں آرہا...؟؟؟

مائشہ نے اسپرا کے چہرے پر الجھن دیکھ کر پاگلوں کی طرح ہنستے ہوئے پوچھا...

تمہیں سچ میں لگتا ہے ان لوگوں نے مجھے کڈنیپ کیا تھا...؟؟

مائشہ نے ہنستے ہوئے زبیر لوگوں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا جو گھٹنوں کے بل زمین پر بیٹھے ہوئے تھے اور انکے ہاتھ پیچھے کی جانب رسی سے بندھے ہوئے تھے.

سکار پیو تمہیں جان سے مار دے گا...

احمد غصے سے چلایا... جس پر مائشہ نے نیچے جھک کر انگلی سے اسکی تھوڑی کو اوپر کیا...

ہم اس کے بارے میں بعد میں دیکھ لیں گے..

وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولی..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...تمہیں سیریسلی لگا انہوں نے مجھے کڈنیپ کیا....نو...نیور. میں نے خود کو خود کڈنیپ کروایا

...وہ اپنی جانب انگلی کرتے ہوئے چلائی

...بہت مبارک ہو

زبیر نے بور ہوتے ہوئے کہا... جس پر احمد شیزہ اور تیمیہ اتنی بھیانک حالت میں بھی ہنسنے لگے تو مائشہ کا چہرہ غصے اور بے عزتی سے لال ٹماٹر ہو گیا...

اس نے ایک گارڈ سے پسٹل چھینی اور زبیر کے ماتھے کا نشانہ باندھا مگر وہ بھی بغیر ڈرے چیلنجنگ آنکھوں سے اسکی جانب دیکھنے لگا... جس پر شیزہ نے پریشانی سے زبیر کی جانب دیکھا...

اب تمہیں مجھے کچھ کہنا ہے...؟؟

...مائشہ نے مسکراتے ہوئے پوچھا

...ابھی زبیر کچھ بولنے ہی لگا تھا شیزہ اسکے قریب ہو کر سینے سے لگ گئ جس پر زبیر نے اپنا منہ بند کر لیا

...اچھا فیصلہ کیا

مائشہ نے طنزیہ کہہ کر پسٹل گارڈ کو واپس پکڑا دی.. تبھی مائشہ نے پلٹ کر اسپرا کی جانب دیکھا تو اسپرا کو اسکی آنکھوں میں نفرت اور بدلے کی بھوک نظر آئ....

میرے ہی آدمیوں نے تم لوگوں پہ گھر پر حملہ کیا... اور ہم نے وہ حملہ ارحم سے فائل حاصل کرنے کیلئے کیا تاکہ ہم ڈائمنڈ کے بزنس پر اپنی گرفت حاصل کر سکیں... اور میں نے ہی پارٹی میں بھی حملہ کروایا...

...اس نے انتہائ نفرت سے اسپرا کی جانب دیکھتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....یہ حملے تمہیں بچانے کیلئے نہیں بلکہ اپنے فائدے کیلئے کیے تھے

وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے غرائی

تم نے سب برباد کر دیا اسپرا... سب کچھ.... دانش میرا تھا.. میں نے اس سے بے پناہ محبت کی اور تم

...نے اسے مجھ سے چھین لیا

...مائشہ نے نفرت سے کہا

...اسکے الفاظ پر اسپرا نے حیرت سے اسکی جانب دیکھا

...میں تمہیں جان سے مار دینا چاہتی ہوں

...مائشہ نے واپس سے پسٹل پکڑ کر اسپرا کے سر کا نشانہ باندھتے ہوئے کہا

...نہ نہ اتنی بھی جلدی کیا ہے مرنے کی... دھیرے دھیرے ماروں گی تمہیں

...وہ غصے سے بولی

...دیکھو مائشہ میں نہیں جانتی تھی تم اس سے محبت کرتی ہو ورنہ میں بیک سٹیپ لے لیتی

...اسپرا نے نرمی سے سمجھانا چاہا

...اوہ پلیز میرے سامنے یہ میٹھی چھری مت بنو

جانتی ہو کتنی تکلیف ہوتی تھی تمہیں دانش کے ساتھ ہنستا مسکراتا دیکھ کر... میرا خون کھولنے لگتا

.. تھا... یہ درد اس قدر بڑھ جاتا تھا کہ میں چاہتی تھی تمہیں جان سے مار دوں لیکن مار ہی نہیں پاتی تھی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

دیکھو ایڈیٹ کی ایک طرفہ محبت کو.... جیلسی کوئین نہ ہو تو... تم یہ سب اسے کیوں کہہ رہی ہو جاؤ

... جا کر یہ سب اپنے اس بزدل دانش کو بولو

زبیر کے الفاظ پر مائشہ نے زور دار کک اسکے پیٹ میں ماری جس سے شیزہ جلدی سے زبیر کے قریب

.. ہو کر پریشانی سے اسکی جانب دیکھنے لگی

.. اگر تمہارا دوست اسپرا کو اٹھا کر نہیں لاتا تو میرا دانش اس وقت وہیل چیئر پر نہ بیٹھا ہوتا

.. مائشہ نے سلگتے ہوئے لہجے میں کہا

یہ سب ہمیشہ تمہاری وجہ سے ہوتا ہے اسپرا عبدالجبار.... لوگ تم سے محبت کرتے ہیں اور مجھ سے

نہیں... یہاں تک کہ میں چیئرمین کی بیٹی ہوں اسکے باوجود سکول ہو کالج ہو یا کچھ بھی ہو تمہیں زیادہ

... اہمیت ملتی ہے اور مجھے نہیں

لیکن تم نے سب سے زیادہ ٹارچر تب مجھے کیا جس سے میں نے محبت کی اسے چھین لیا جانتی ہو میں کتنی

.. موت مری ہوں تمہیں اس کے ساتھ دیکھ کر

شیزہ نے تکلیف سے آنکھیں بند کر کے کھولتے ہوئے کہا جہاں اب آنسو اسکی آنکھوں سے نکل

. کر گالوں کو پر گرنے لگے تھے

... مائشہ

... ہمت بھی مت کرنا میرا نام لینے کی

... وہ اسے ٹوکتے ہوئے بولی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

پہلے تم نے مجھ سے دانش کو چھین لیا اور پھر میرے پاپا کو بھی تباہ کر دیا... ارحم کی وجہ سے میرے پاپا بینک کرپٹ ہو گئے اس نے ان سے پیسا بزنس ہر چیز چھین لی جس کا صدمہ وہ برداشت نہیں کر پائے اور اپنی جان لینے کی کوشش کی...

پھر جب انہیں پتہ چلا کہ ارحم کیسے تمہارے پیچھے ہے انہوں نے اس چیز کو فائدے کے طور پر لیا وہ اس سب کے بارے میں شروع سے ہی جانتے تھے کیسے اس نے تمہیں اور بیلا کو کڈنیپ کروا کر دھمکی دی.. پھر تمہیں اٹھا کر لے گیا...

اور جب دانش تمہارے پیچھے گیا تو وہ بھی میرے پاپا کو پتہ تھا وہ جانتے تھے دانش خطرے میں ہے لیکن اس کے باوجود انہوں نے مجھے دانش کو بچانے جانے نہیں دیا اور مجھے چار دیواری میں قید کر دیا جس کی وجہ سے میرا دانش وہیل چیئر پر آ گیا..

یہ سب تمہارا قصور ہے اسپرا...

میرے دانش کی اس حالت کی زمہ دار تم ہو...

مائشہ نے غصے سے پاگل ہوتے ہوئے کہا..

میں کبھی نہیں جانتی تھی تم اس سے اتنی محبت کرتی ہو... آئی پرامس مجھے پتہ ہوتا تو پیچھے ہٹ جاتی تم بھی مجھے فائقہ اور فاطمہ کی طرح ہی عزیز ہو..

جس پر مائشہ نے ہنسنا شروع کر دیا...

تم بہت اچھی ایکٹر ہو اسپرا....

ایسے ہی تم سب کو بے وقوف بناتی ہو اور پھر جو دل کرتا ہے ویسا کرتی ہو...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

... خیر میں یہاں اپنے پاپا کی خواہش کو پورا کرنے آئی تھی لیکن اس کے ساتھ اپنی بھی

میرے پاپا نے مجھے یہاں ارحم کا ہر طرح کا بزنس تباہ کرنے کیلیئے بھیجا تھا لیکن اس کو تباہ کرنے کے ساتھ ساتھ میں تمہیں بھی ختم کرنا چاہتی تھی ...

تمہیں پتہ ہے جب مجھے پتہ چلا ارحم تمہیں ٹارچر کرتا ہے میری رگوں میں سکون اترا مگر پھر وہ بدل گیا اور تمہارے کہے کے مطابق چلنے لگا ...

میں یہاں تمہاری خوشیاں دیکھنے نہیں آئی تھی اسلیے پلین بنانا شروع کر دیا کہ اس سے پہلے دانش تم تک پہنچے میں تم تک پہنچ جاؤں ....

مگر کل تم نے جیسے ہی بتایا تم دانش کے ساتھ کانٹیکٹ میں ہو اور جلد ہی بھاگنے والی ہو تو میں نے بھی اپنے پلین میں تھوڑی تبدیلی کر لی ...

..مائشہ کی بات پر تیمیہ زبیر شیزہ اور احمد نے حیرت سے اسپرا کی جانب دیکھا

میں نے خود کو کڈنیپ کروایا تھا تاکہ ارحم کے بزنس کا پتہ چلوا سکوں لیکن بہانے سے تم سے انفارمیشن نکلوائی مگر جب تم نے کہا دانش تمہارے ساتھ رابطے میں ہے تو میرا خون ہی کھول گیا... اسلیے میں نے سوچا چاہے جو بھی کرنا پڑے لیکن دانش سے پہلے میں تمہیں یہاں سے لے جاؤں گی ....

تم دانش کے ساتھ رابطے میں ہو...؟؟

..احمد کی بات پر اسپرا نے شرمندگی سے اپنے لب کاٹے

تم نے ارحم کو دھوکا دیا بیوقوف.... تم یہ سب کرتے آخر سوچ کیا رہی تھی...؟

.زبیر نے غصے سے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میں نے سوچا تمہارے دل میں اسکے لیے فیلنگز ہیں... اسپرا وہ بدل رہا تھا اور تم

..تیمیہ نے افسوس سے کہا

جس پر اسپرا نے ان تینوں کو ان نظروں سے دیکھا جیسے پوچھ رہی ہو تم لوگ سیریس ہو...؟؟ کیا وہ بھول گئے کیسے وہ مجھے یہاں لایا تھا؟؟

...چلو شکر ہے تم لوگوں نے تو اس کا اصلی رنگ دیکھا

...مائشہ نے حقارت سے کہا

اسپرا میں تمہاری موت بہت مشکل بنا دو گی تم مرنا چاہو گی تو بھی مرنے نہیں دوں گی... آہستہ آہستہ ...انتہائی بھیانک موت تمہیں دوں گی

اور رہی ارحم کی بات آج اسکا بھی انکاؤنٹر ہو جائے گا جسکی وجہ سے اسکے بزنس پر میرے پاپا خود ہی قبضہ کر لیں گے.

...لے کر چلو اسے

مائشہ نے نفرت سے کہہ کر گارڈز کو حکم دیا جو اسکا بازو دبوچ کر باہر کی جانب لے جانے لگے اور وہ ...خاموشی سے ساتھ چلنے لگی

.....مت جاؤ میں تمہیں بتا رہا ہوں... اس گھر سے باہر قدم رکھنے کی غلطی بھی مت کرنا

..زبیر نے اسپرا کو وارن کیا جس پر سب نے پلٹ کر پیچھے کی جانب دیکھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

تمہیں کوئی آئیڈیا نہیں ہے ارحم کس قدر خطرناک ہے...وہ تمہارے پیچھے آئے گا جب اسے پتہ چلا کہ تم نے اسے دھوکا دیا ہے تو وہ اور شدت سے تمہارے پیچھے آئے گا.. وہ تم سب کی نسلوں تک کو تباہ و برباد کر دے گا....

زبیر نے اسپرا کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے ایک ایک لفظ پر زور دیا تو اس وقت زبیر کی آنکھوں میں خوف دیکھ کر اسپرا کا پورا وجود لرزا...

وہ تم سب کو جان سے مار دے گا.... یہاں تک کہ وہ تم سب کا وہ چھوٹا سا ٹاؤن ہی پاکستان کے نقشے سے مٹا کر رکھ دے گا.. بہتر ہے اسپرا کو یہی پر ہی چھوڑ جاؤ... جس پر مائشہ نے قہقہہ لگایا...

آج وہ پہلے اپنی جان تو بچا لے...

وہ یہ کہہ کر گارڈز کی سنگت اپنی گاڑی کی جانب بڑھ گئی...وہاں پہنچ کر ایک گارڈ نے اسپرا کو پچھلی سیٹ کے اندر دھکیلا اور ڈرائیور نے گاڑی سٹارٹ کر دی...

✸✸✸✸

ارحم کو اب تک انفارمیشن حاصل ہو گئی ہو گی... صحیح کہہ رہی ہوں نہ مائیکل....؟

مائشہ نے ڈرائیور سے پوچھا جو اسکے پیچھے والی سیٹ پر بیٹھی ہوئی تھی جبکہ اسپرا دو گارڈز کے درمیان میں بیٹھی ہوئی تھی جو کھڑکی سے باہر دیکھنے میں مصروف تھے اگر کوئی حملہ ہو تو وہ فوری ری ایکٹ کر سکیں...اسپرا لوگوں کی پچھلی سیٹ پر تین اور گارڈز موجود تھے...ایک گاڑی ان لوگوں کی کار سے آگے اور دوسری انکی کار کے پیچھے تھی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہو سکتا ہے.... ہمیں جلد سے جلد یہاں سے نکلنا ہے اس سے پہلے پولیس بھی ہم لوگوں تک پہنچے

..مائیکل نے گاڑی کی سپیڈ تیز کرتے ہوئے کہا

i just hope Arham doesn't get the information...

زبیر, شیزہ, تیمیہ اور احمد بالکل ٹھیک ہوں جو گارڈز مائشہ ان لوگوں پر نظر رکھنے کیلئے چھوڑ کر آئی ہے

...انہوں نے ان لوگوں کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچایا ہو

اسپرا لب چباتے ہوئے سوچنے لگی ساتھ زبیر کے کہے گئے الفاظ پر اسکی دھڑکنیں تھمنے لگیں... لیکن وہ جلد ہی خود کو سنبھال کر کھڑکی سے باہر دیکھنے لگی جہاں شہر میں عام وقت کی طرح رونق تھی بچے کھیلنے میں مصروف تھے کپلز ہنس رہے تھے سب کچھ بہت پرفیکٹ نظر آرہا تھا سوائے

...اسپرا کو اپنے وجود کے جو اس وقت کرمنلز کے ہاتھوں واپس سے کڈنیپ ہو گئی تھی

...بریج کر اندر سے گزرو مائیکل یہ تقریباً خالی ہے اور تم یہاں گاڑی کی رفتار تیز کر سکتے ہو

مائشہ کی آواز پر اسپرا نے ڈرائیور کی جانب دیکھا جو اب دائیں جانب کاٹرن لے کر گاڑی بریج کے اندر

...لے گیا... جہاں سچ میں روڈ خالی تھا تو مائیکل نے گاڑی کی سپیڈ واپس سے تیز کر دی

...مائیکل دیہان سے.....باہر دیکھو

اس سے پہلے مائشہ کے الفاظ پر ڈرائیور عمل کر پاتا ایک بلیک کار انتہائی تیزی آئی اور انکی گاڑی کی بیک سائیڈ سے زور سے لگی جس کی وجہ سے گاڑی نے اپنا توازن کھویا اور وہ سب لوگ ایک دوسرے سے ٹکرائے اور گاڑی سامنے جاکر پارک ہوئی گاڑی سے زور سے لگی جس کی وجہ سے کار کا سینسر جلد

....ہی زور زور سے بجنے لگا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

..چلاؤ..چلاؤ

مائشہ نے چیختے ہوئے کہا تو ڈرائیو نے واپس سے گاڑی پر کنٹرول حاصل کرکے اسے ریورس کیا اور پھر تیزی سے بھگانے لگا جبکہ دوسری طرف اسپرا نے اپنی سانسیں نارمل کرکے پیچھے کی جانب دیکھا آخر ہے کون....؟

.....ارحم

جب اسپرا کی اس پر نظر پڑی تو اس کے دل میں خوف اور خوشی دونوں جزبے ایک ساتھ اجاگر ہوئے... اس نے جلدی سے اپنا سر سیدھا کیا اور اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر دھڑکنوں کو ..معمول پر لانے کی کوشش کرنے لگی جو ہر گزرتے پل کے ساتھ بڑھتی جارہی تھیں

تبھی اسکی توجہ اچانک سے گولیاں چلنے کی آواز نے کھینچی تو اس نے اپنے کان پر ہاتھ رکھ کر گارڈز کی ...جانب دیکھا جو اب کھڑکی سے ہاتھ باہر نکال کر ارحم کی کار پر گولیاں چلا رہے تھے

....شہر کے اندر جاؤ مائیکل....یہ لوگ لوگوں کے ہجوم میں ہم پر حملہ نہیں کریں گے

...جلدی کرو...جلدی

مائشہ کی خوف سے بھری آواز پر مائیکل عمل کرتے ہوئے گاڑی شہر کے اندرونی حصے کی جانب لے جانے کی کوشش کرنے لگا تو جلد ہی ان لوگوں سے آگے اور پیچھے والی گاڑیاں غائب ...ہو گئیں

ابھی مائشہ لوگوں نے سکون کا سانس بھی نہیں بھرا ہو گا تو ان کی توجہ موٹر سائکلوں کے شور نے کھینچی ...جو گاڑی کے دونوں اطراف میں تھیں

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا کے اطراف میں بیٹھے ہوئے گارڈز نے کھڑکی کے زریعے دونوں بائیکس پر حملہ شروع کر دیا جبکہ پچھلے تینوں گارڈز نے ارحم کی کار پر واپس سے اٹیک کرنا سٹارٹ کر دیا..

اسپرا نے دیہان سے موٹر سائیکلوں پر سوار آدمیوں کی جانب دیکھا جو گولیوں کے نشانے سے خود کو اتنے اچھے طریقے سے بچا رہے تھے جیسے یہ ان لوگوں کیلیئے کوئی خاص بات نہ ہو..

اسپرا کی بائیں جانب موٹر سائیکل سوار اپنا ہاتھ بائیک کے ہینڈل سے آزاد کر کے اپنی پچھلی پاکیٹ سے پسٹل نکالنے لگا تو اسپرا کو اسکے ہاتھ پر سیاہی سے بنا کوبرا نظر آیا تو وہ سمجھ گئ کہ اس بائیک پر بیٹھا انسان کون ہے...

....زبیر

ابھی وہ منہ میں بڑبڑائ ہی تھی کہ زبیر نے اسپرا کے بائیں جانب موجود گارڈ کے سر کا نشانہ باندھا اور اس پر گولی چلا دی جو مردہ وجود کے ساتھ اسپرا کی جانب گرا تو وہ خوف اور وحشت سے چیخنے لگی... لیکن جلد ہی اسکے دماغ نے واپس سے کام کرنا شروع کیا تو اس نے جلدی سے اس گارڈ کو خود سے پرے دھکیلا... تبھی اسکے کان میں قہقہے کی آواز گونجی..

بے شک وہ زبیر کا چہرہ ہیلمٹ میں ہونے کی وجہ سے نہیں دیکھ سکتی تھی مگر وہ پہچان گئ تھی یہ زبیر ہی ہے...

اسپرا نے اپنی دائیں جانب دیکھا جہاں گارڈ کا وجود خوف سے کپکپا رہا تھا مگر اسکے باوجود وہ دائیں جانب میں موجود موٹر سائیکل سوار پر گولیاں چلا رہا تھا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ڈیم اٹ اب وہ میرا نشانہ باندھ رہا ہے تیز بھگاؤ

...مائشہ نے ڈرائیور کے کندھے پر پنچ مار کر چیختے ہوئے کہا جس پر زبیر نے اور زور سے قہقہہ لگایا

پچھلی جانب بھی گولیوں کے چلنے کی آواز تیز ہو گئی تو اسپرا بار بار اپنا سر نیچے کی جانب جھکانے لگی تاکہ وہ ...خود کو گولی لگنے سے بچا سکے

اسی وقت اسکی بائیں جانب موجود گارڈ مردہ حالت میں اسکی گود میں آ گرا...تو اسپرا نے چیختے ہوئے اسکے بے جان وجود کو خود سے پرے پھینکا جس سے وہ مردہ گارڈ سیٹ سے نیچے گر گیا...ساتھ ہی اسپرا نے پلٹ کر اپنی دائیں جانب والی کھڑکی سے باہر دیکھا جہاں بائیک ..پر سوار آدمی نے اپنا ہیلمٹ اتار کر پھینک دیا تو اسپرا اسکا چہرہ دیکھنے لگی

....علی

وہ زیر لب بڑبڑا کر واپس سے دائیں جانب دیکھنے لگی جہاں اب زبیر بھی اپنا ہیلمٹ اتار چکا تھا...اور ...مزے سے مائشہ کی جانب دیکھنے میں مصروف تھا جو ڈرائیور پر چیخنے اور چلانے میں مصروف تھی

...زبیر نے طنزیہ مسکراہٹ چہرے پر سجا کر مائشہ کے سر کا نشانہ باندھ دیا

No! Dash him! Kill Him Dammit...

...وہ مائیکل پر چیخنے لگی

...میں کوشش کر رہا ہوں تم اپنی بکواس بند کرو

ڈرائیور بھی غصے سے چلایا اور ساتھ ہی اچانک سے لیفٹ جانب ٹرن لے کر زبیر کو مارنا چاہا لیکن وہ پھرتی ..سے خود کو بچا گیا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

پچھلی جانب سے گولیوں کے چلنے کی آواز آنا بند ہو گئ تو اسپرا نے مڑ کر پچھلے حصے کی جانب دیکھا جہاں دروازہ کھلا ہوا تھا اور تمام گارڈز بے جان وجود کے ساتھ پڑے ہوئے تھے تبھی اسپرا کی نظر بلیک کار سے ٹکرائ جہاں پسنجر سیٹ پر ارحم بیٹھا ڈئیریکٹلی اسکی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا اسپرا نے جلدی سے اپنا دیہان آگے کی جانب کر لیا ساتھ ہی اسکی آنکھیں بھیگنیں لگیں..

اب مائیکل گاڑی زگ زیگ میں چلانے لگا تا کہ علی احمد کے نشانے سے بچ سکے جبکہ مائشہ اپنی پسٹل لوڈ کرنے لگی...مائیکل بریج کے آخری حصے میں پہنچ چکا تھا جہاں اب علی اور زبیر نے اپنی پسٹلز نیچے کر دی تھیں مگر مائیکل نے گاڑی کی سپیڈ ہلکی نہیں کی تھی اسے اس وقت صرف اپنی اور مائشہ کی جان کی پرواہ تھی اور کسی کی نہیں..

لوگ ان لوگوں کی جانب حیرت سے دیکھنے لگے کیونکہ دو گاڑیاں انتہائ سپیڈ سے جا رہی تھی جبکہ انکے اطراف میں موجود بائکس بھی انکا مقابلہ کر رہی تھیں...

روڈ پر بہت سی گاڑیاں گزر رہی تھیں جن کی سپیڈ متوازن تھی سوائے مائشہ لوگوں کی کار کے جو کہ مائیکل اندھا دھند بھگا رہا تھا جسکی وجہ سے اسپرا کی ہارٹ بیٹ بھی تیز ہوتی جا رہی تھی جبکہ علی اور احمد اب دیہان سے اپنی بائکس چلا رہے تھے تا کہ کسی بھی انسان کی جان کو نقصان نہ پہنچے...

آہستہ چلاؤ...تم کیا کر رہے ہو...؟؟

اسپرا نے چیختے ہوئے کہا جب اس نے دیکھا کہ کیا ہونے جا رہا ہے...

i said slow down idiot....

اسپرا حلق کے بل چیخی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

shut up...

...مائکل بھی سلگتے ہوئے لہجے میں چلایااور گاڑی کو اسی سپیڈ پر ہی بھگانے لگا

اسپرانے خوف سے باہر کی جانب دیکھا جہاں مائکل سامنے والی گاڑی کو اپنی کار مارنے والا تھا لیکن اس نے قریب جا کر شارپ رائیٹ ٹرن لیا جسکی وجہ سے ان کے دائیں جانب والی گاڑی اپنا بیلنس قائم نہیں رکھ پائی اور اپنی بائیں طرف والی کار سے زور سے ٹکرا گئی جو کہ اپنے پیچھے آرہی کار سے ٹکرائی.. ایسے ایک کے بعد کئی گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں... کیونکہ سب گاڑیاں لائن میں ڈسپلن کے مطابق چل رہی تھیں..

...ہوا میں چیخ وپکار کا شور گونجنے لگا

مائیکل درمیان میں گاڑی تیزی سے چلاتا رہا تبھی اسپرانے اپنی دائیں جانب ہارن کے مسلسل بجنے کی آواز سنی تو گاڑیوں میں موجود ڈرائیورز چوکنے ہوگئے اور ارحم کی گاڑی کو دیکھ کر اسے راستہ دینے لگے.. تبھی مین روڈ ختم ہو گیا اور آگے جانے والی سڑک چار راستوں کی جانب جانے لگی...

جہاں بھیک مانگنے والوں کی تعداد کافی تھی اور بہت سے لوگ پیدل چل رہے تھے... ہر روڈ پر ریڈ اور گرین لائٹ کا سمبل موجود تھا... جہاں ابھی تین روڈز پر ریڈ سمبل شو ہو رہا تھا جسکی وجہ سے وہاں کی گاڑیاں رکی ہوئی تھیں جبکہ جہاں گرین سمبل تھا اس روڈ کی جانب گاڑیاں چل رہی تھیں..

ابھی مائکل اس روڈ پر پہنچا ہی تھا کہ گرین سگنل ریڈ میں بدل گیا جس کی وجہ سے اس جانب کی گاڑیاں رک گئیں اور دوسری جانب کی گاڑیاں چلنے لگیں... لیکن مائیکل نے اپنی کار نہیں روکی وہ سگنل توڑتا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

آگے بھگانے لگا تبھی اسپرا نے دیکھا پیدل چلنے والے لوگوں کا بھی سگنل گرین ہو گیا ہے اور وہ سب تیزی سے روڈ کراس کر رہے ہیں یہ دیکھے بنا کہ ایک گاڑی ان لوگوں کو کچلنے والی ہے ...

پلیز رک جاؤ مائیکل... تمہیں خدا کا واسطہ ہے...رک جاؤ...ورنہ یہ سب معصوم لوگ مر جائیں گے ....پلیز

اسپرا نے نم آنکھوں سے گڑگڑاتے ہوئے کہا اور ساتھ ہی اسکے کندھوں پر زور زور سے مارنے لگی مگر مائیکل پر اسکا کچھ اثر نہیں ہوا تو وہ زور سے اپنی آنکھیں بند کر گئ کیونکہ اس میں ہمت نہیں تھی معصوم جانوں کو مرتا دیکھنے کی اور اسکی آنکھیں بے بسی سے شدت سے برسنے لگیں ...

مگر اس سے پہلے ان لوگوں کی کار روڈ پر چلتے لوگوں سے ٹکرا جاتی ایک کار نے ان کی کار کو زور سے ٹکر مار کر دوسری جانب دھکیلا جس پر اسپرا نے جھٹ سے اپنی آنکھیں کھول دیں تو اسکی نظر زین سے ٹکرائ جو مسلسل انکی کار کو اپنی کار سے ٹکر مار کر دوسری جانب بھیج رہا تھا جس کے برابر ارحم بیٹھا ہوا تھا.

چیخ و پکار اطراف میں گونجنے لگی جبکہ دوسری گاڑیاں جلد سے جلد اپنا راستہ ڈھونڈ کر اس سیچویشن سے بھاگنے کی کوشش کرنے لگی....

بھگاؤ...بھگاؤ...

مائشہ چیخنے لگی مگر اب کوئ فائدہ نہیں تھا کیونکہ انکی گاڑی کافی بری حالت میں تھی... تبھی علی موٹر

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

سائیکل سے نیچے اتر کر انکی گاڑی کی جانب آیا اور اس سے پہلے مائیکل ایک لفظ بھی بولتا علی نے ایک کے بعد کئ گولیاں اسکے دل, دماغ, اور سینے میں اتار دیں...

زبیر نے آگے بڑھ کر اسپرا کی بائیں جانب کا دروازہ کھول کر گارڈ کو پیچھے دھکیلا اور اسپرا کو کھینچ کر باہر نکالا...

اسکا کھینچنا کافی رف تھا مگر وہ چپ کر کے اس کے پیچھے چلنے لگی...

زین نے جیسے ہی اسپرا کو دیکھا وہ جلدی سے اسکی جانب بڑھا اور اسکے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں تھام گیا...

اسپرا نے نظر اٹھا کر یہاں وہاں دیکھا جہاں لوگ کافی فاصلے پر ان لوگوں کو حیرت اور پریشانی سے دیکھ رہے تھے...

اللہ کا شکر ہے تم ٹھیک ہو...

زین نے آنکھیں بند کر کے کھولتے ہوئے سکون سے کہا...

اسپرا...

ارحم کی پریشان سی آواز اسکے کانوں سے ٹکرائ تو اس نے پلٹ کر ارحم کی جانب دیکھا جس پر زین نے بھی دور ہو کر ارحم کو جگہ دی...

Hell..

ارحم نے زیر لب کہہ کر اسپرا کو ہاتھ سے کھینچ کر خود کے سینے میں بھینچ لیا اور اسکے گرد اپنی بانہوں کا حصار مزید سخت کر دیا... اسپرا جو ارحم سے اس چیز کی امید نہیں کر رہی تھی اس نے دھڑکتے دل کے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ساتھ اپنے بازوؤں کو اسکے گرد باندھا اور نظر اٹھا کر زبیر کی جانب دیکھا جو ارحم کے پیچھے کھڑا اسے ہی سخت نظروں سے دیکھ رہا تھا اور پھر آہستہ سے اپنا سر نہ میں ہلانے لگا...

م مطلب ان لوگوں نے ابھی تک ارحم کو نہیں بتایا کہ میں اسے دھوکا دے رہی تھی...

یہ خیال آتے ہی اسپرا کے دل میں سکون کی لہر دوڑی اور اس نے ارحم کے گرد اپنی گرفت مزید مضبوط کر دی ساتھ ہی اسکی آنکھوں سے آنسو ٹوٹ کر ارحم کی شرٹ بھگونے لگے.

I'm sorry...

مجھے تمہیں کبھی بھی پیچھے اکیلے چھوڑ کر نہیں جانا چاہیے تھا...

ارحم کی آواز میں اس قدر پریشانی اور تکلیف دیکھ کر اسپرا کا دل اندر سے ٹوٹنے لگا جس کی وجہ سے اسکے وجود میں درد پھیلنے لگا.. ایسا درد جو اس نے آج سے پہلے کبھی محسوس نہیں کیا تھا...

کتنی محبت تھی اس وقت اسکی آنکھوں میں...

وہ بغیر پلک جھپکے اسکے سینے کے ساتھ لگی ہی اسکی آنکھوں کو دیکھنے لگی..

تبھی ارحم نیچے جھکا اور آس پاس کھڑے لوگوں کی پرواہ کیے بغیر اسکے لبوں پر اپنا لمس چھوڑ گیا...

شششش میں جب تک زندہ ہوں تمہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچا سکتا وہ اسپرا کی آنکھوں سے آنسو چنتا ہوا بولا جس پر وہ نم آنکھوں سے مسکرانے لگی تبھی اس خاموشی میں اچانک سے شور کا ارتعاش پیدا ہوا

ارحم نے محسوس کیا تو اسے پتہ چلا کہ یہ آواز سائرن کی ہے جو آہستہ آہستہ قریب آتی جا رہی تھی..

ہمیں نکلنا چاہیے..

زبیر نے پولیس کی گاڑیوں کی آواز قریب آتی محسوس کر کے جلدی سے کہا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ارحم اسپرا کا ہاتھ پکڑ کر مڑا اور وہ سب گاڑی کی جانب بھاگنے لگے لیکن رک گئے جب دیکھا کہ پولیس کی گاڑیاں سڑک کے چاروں طرف سے آرہی ہیں... جس کی وجہ سے ان لوگوں کا بھاگنا ناممکن ہے...

ارحم نظر گھوما کر سارے ایریا کا معائنہ کرنے لگا جہاں تین مردہ وجود زمین پر پڑے ہوئے تھے اور دور کھڑے لوگ اپنے موبائلز سے ان لوگوں کی ویڈیو بنا رہے تھے جبکہ علی زبیر اور زین ارحم کے حکم کا بے صبری سے انتظار کر رہے تھے..

تبھی پولیس کی گاڑیاں آکر رکیں جن میں سے پولیس والے نکل کر اپنی پوزیشن سنبھال گئے اور اپنی بندوقوں کا نشانہ ارحم لوگوں کے سر کا باندھ دیا..

اسپرا نے نظر اٹھا کر ارحم کی جانب دیکھا جو آفیسر سنان کی آنکھوں میں دیکھنے میں مصروف تھا وہی آفیسر جس نے یقین نہیں کیا تھا کہ ارحم زندہ ہے....

اسپرا کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا کیونکہ اسے محسوس ہو رہا تھا آج ارحم کا زندہ بچنا مشکل ہی ہے اور یہ خیال ہی اسکی روح کو فنا کرنے لگا تھا جسکی وجہ سے وہ بے بسی سے رونے لگی...

زین ہمارے آدمی کدھر ہیں...؟؟

ارحم نے آفیسر سنان کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پاس کھڑے زین سے پوچھا..

They have surrounded the Police...

زین نے جواب دیا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میں جانتا تھا تم لوگ بغیر کوئی پرا پر پلین بنائے یہاں نہیں آسکتے

..زبیر نے مزے سے ارحم کی جانب دیکھتے ہوئے کہا

...علی تم ڈرائیونگ سیٹ سنبھالو گے

..ارحم نے کہا تو علی جلدی سے گاڑی میں داخل ہو گیا

...میں بھی اچھی ڈرائیونگ کر سکتا ہوں

...زین نے سنجیدگی سے کہا

...ہاں لیکن وہ اکیلا ہے جس نے بہت سی کار ریسیں جیتی ہوئی ہیں

...زبیر نے حصہ ڈالا

کسی کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچے گا تم لوگ سب کے سب درمیان میں آجاؤ اور خود کو سرینڈر کر دو...

..آفیسر سنان نے میگا فون سے بولتے ہوئے کہا

...صحیح کہا آفیسر کسی کو بھی نقصان نہیں پہنچے گا

زبیر لطف لیتے ہوئے چلایا جس پر اسپرا نے حیرت سے پلٹ کر زبیر کو دیکھا جس کے چہرے پر ڈر نام کی کوئی چیز نہیں تھی..

...ارحم میں تمہیں وارننگ دے رہا ہوں

آفیسر سنان نے اپنے غصے کو قابو کرتے ہوئے ارحم کو کہا جس پر وہ خاموش رہا.. جس پر اسپرا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

نے نظر گھما کر چارو طرف دیکھا جہاں پولیس والے ہاتھوں میں بندوقیں لیے کھڑے تھے...

...ارحم سرینڈر کر دو..کچھ بھی مت کرنا

اسپرا کی سرگوشی نما آواز پر ارحم نے فوری اسپرا کی جانب دیکھا اور اسکی آنکھیں سرد مہری سے نرمی میں بدل گئیں..

یہ سیچویشن میرے لیے کوئی نئی نہیں ہے..میں بس چپ ہوں اور کچھ کر نہیں رہا اسکی وجہ صرف تم ہو...میں اپنی وجہ سے تمہیں کبھی کوئی نقصان پہنچنے نہیں دے سکتا ٹیسورو.....ارحم نے نرمی سے اپنے انگوٹھے کے ساتھ اسکا گال سہلاتے ہوئے کہا

..مجھے ڈر لگ رہا ہے...میں اپنی وجہ سے اب مزید لوگوں کو مرتا ہوا نہیں دیکھ سکتی

..تم فکر مت کرو ہم لوگوں پر ایک آنچ بھی نہیں آئے گی

..وہ یقین سے بولا جبکہ اسپرا اسے دیکھ کر رہ گئی اب بھلا یہ کیسے ممکن ہے

...آفیسر سنان ت ت تمہیں ج جان س سے م مار دے گا

اسپرا نے لڑکھڑاتی آواز میں کہا کیونکہ اسکے لیے یہ الفاظ منہ سے نکالنا کسی اذیت سے کم نہیں تھا مگر یہ سچ تو تھا..جس پر ارحم نے قریب ہو کر ان دونوں کے درمیان کا فاصلہ ختم کیا..

.فائنلی تمہارے دل پر میری حکمرانی چلنے لگی ہے

..وہ اسکا چہرہ اپنے ہاتھوں کے پیالے میں بھر کر مسکراتے ہوئے بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

!! ...واٹ

...ن نہیں تو.... مطلب میں

اس سے پہلے وہ کچھ کہتی ان لوگوں کی توجہ گاڑی سے نکلتی مائشہ نے کھینچی جس کی حالت کافی بری تھی اسکے بازو اور منہ سے خون نکل رہا تھا جب وہ لڑکھڑاتی مشکل سے سیدھی ہو کر کھڑی ہوئ تو نفرت سے ارحم اور اسپرا کی جانب دیکھنے لگی ساتھ ہاتھ میں موجود پسٹل کا نشانہ ان دونوں کی جانب باندھنے کی ...کوشش کرنے لگی

اسپرا نے تکلیف سے اپنی دوست کی جانب دیکھا جس کی آنکھوں پر نفرت اور بدلے کی پٹی بندھی ہوئ .. تھی اس نے اپنے قدم مائشہ کی جانب بڑھانے چاہے مگر ارحم نے اسکا بازو پکڑ کر روک دیا

جب مائشہ نے مضبوطی سے پسٹل پکڑ کر ارحم اور اسپرا کا نشانہ باندھ دیا تو زبیر جلدی سے دو قدم آگے بڑھا کر ان کے سامنے کھڑا ہو گیا تبھی زین اور ارحم بھی آگے بڑھ کر کھڑے ہو گئے بغیر ڈرے بغیر ہچکچائے.

...پلیز مت کرو ...مائشہ تم قاتل نہیں ہو... پلیز یہ مت کرو... تم اپنی لائیف برباد کر لو گی ایسے ...اسپرا نے نرمی سے کہا

...مائشہ فائر مت کرنا

.. آفیسر سنان نے میگافون سے کہا جس پر مائشہ نے شدید غصے سے اسپرا کی جانب دیکھا

.

...زین ابھی اسی وقت

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ارحم نے سرگوشی نما کہا جس کے الفاظ پر مائشہ نے دیہان نہیں دیا تبھی زین کا سر دل پل کو نیچے کی جانب جھکا اور انتہائی شور کی آوازیں آنے لگیں ..

اسپرا نے شور کی جانب نظریں دوڑائیں تو اس نے دیکھا ہر طرف سے بے تحاشہ گاڑیاں آرہی ہیں جو لوگوں کو خوفزدہ کر کے مختلف سائیڈز میں بھگا رہیں ہیں... جن میں سے کچھ گاڑیاں دکانوں کے شیشے توڑنے میں مصروف ہیں جس کی وجہ سے لوگ اپنی جانیں بچانے کیلئے چیخ رہے ہیں اور بھاگ رہے ہیں... جبکہ کچھ گاڑیاں اس کنارے کی جانب جا رہی ہیں جہاں لوگ کھڑے ہو کر ویڈیوز بنا رہے تھے .. مگر اب اپنی زندگی بچانے کیلئے جو راستہ ملے وہیں سے بھاگ رہے ہیں

اسپرا کے دل میں سکون پہنچا جب اس نے محسوس کیا وہ صرف لوگوں کو ڈرا کر پولیس کی توجہ اپنی جانب کھینچ رہے ہیں اور انہیں کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچا رہے ...

جس کی وجہ سے پولیس اب ان لوگوں کو چھوڑ کر پریشانی سے ان گاڑیوں کی جانب دیکھ رہی تھی ...

wooo, whooo

زبیر نے فتح یابی کا اپنے ہاتھوں سے سمبل بنا کر قہقہہ لگاتے ہوئے کہا اور گاڑی کی پچھلی سیٹ میں گھس گیا تبھی ارحم نے اسپرا کو گاڑی کے اندر کی جانب دھکیل کر اسکے ساتھ بیٹھ گیا جبکہ زین مائشہ کے ہاتھ سے پسٹل چھیننے کے بعد پسنجر سیٹ پر بیٹھ گیا...

سب کے بیٹھنے کے بعد علی نے گاڑی سٹارٹ کی اور اپنی منزل کی جانب بھگانے لگا.... دوسری طرف زبیر نے کھڑکی کا شیشہ نیچے کر کے اس میں سے اپنا اوپر والا وجود باہر نکالا اور پیچھے کی جانب دیکھا....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

... آج کی رات تمہاری نہیں ہے بوڑھے آفیسر سنان

... جاؤ گھر جا کر تم اپنے بیوی بچوں کے ساتھ آئسکریم کھاؤ

... زبیر مزے سے چیختا ہوا بولا اور پھر گاڑی کے اندر سکون سے بیٹھ گیا

اب کیا کرنا ہے...؟؟

.. زبیر نے ایکسائیٹڈ ہوتے ہوئے پوچھا

... علی منزل تمہاری ہے... جہاں دل چاہے لے جاؤ

... ارحم نے سکون سے کہا

yeah, come on bro, show us what you got...

.. زبیر نے خوشی سے علی کی سیٹ پر پنچ مارتے ہوئے کہا

.. آج کی رات بہت لمبی اور دلکش ہونے والی ہے

.. علی نے بھی پرجوش لہجے میں کہا جس پر زین نے قہقہہ لگایا

علی انتہائی سپیڈ پر بہت اچھی اور زبردست گاڑی چلانے لگا اس دوران اس نے کسی بھی گاڑی اور انسان

... کو نقصان نہیں پہنچایا

. ابھی وہ سکون سے بیٹھے ہی تھے کہ ان لوگوں کی توجہ پیچھے بجتے پولیس گاڑی کے سائرن نے کھینچی

... اب دیکھتے ہیں ان لوگوں کو کیا ملتا ہے

علی نے چلاتے ہوئے کہا اور اسی پل شارپ لیفٹ ٹرن لیا اسپرا کو لگا سامنے موجود پیارا سا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...فاؤنٹین ٹوٹ گیا مگر علی نے اسے بچا کر گاڑی آگے بھگا لے گیا

...اسپرا نے پلٹ کر پیچھے دیکھا جہاں پولیس کی دو گاڑیاں اسی فاؤنٹین کے ساتھ ٹکرا گئی تھیں

.یاہوووووو

... علی اور زبیر چلائے

تبھی ان لوگوں نے گاڑی کے اوپر کسی انجن کے شور کی آواز سنی تو زبیر نے کھڑکی سے باہر ہو کر گاڑی کے اوپر دیکھا...

....ڈیم

... آج یہ مکمل طور پر پاگل ہوئے پڑے ہیں ارحم تمہیں ہرانے کیلئے

...زین نے مرر سے آسمان کی جانب دیکھتے ہوئے کہا

...اور ارحم نے کبھی ہارنا سیکھا ہی نہیں....ایک معمولی سا ہیلی کاپٹر ہمیں نہیں ڈرا سکتا

..زبیر نے گاڑی کے اوپر اڑتے ہیلی کاپٹر کو دیکھتے ہوئے کہا

... تبھی اسپرا نے اپنے ہاتھ پر پریشر محسوس کیا تو پلٹ کر ارحم کی جانب دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا

... مجھ پر یقین رکھنا میں تمہیں کبھی کچھ نہیں ہونے دوں گا

...ارحم نے سنجیدگی سے کہا

...میرے بھائی تو پریشان مت ہو...اسے کچھ ہونے والا بھی نہیں

...زبیر کے الفاظ اسپرا کے کانوں سے ٹکرائے جن میں وہ چھپا وہ طنز صاف سمجھ سکتی تھی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...پتہ نہیں ارحم کو سچ پتہ چلے گا تو کیا ہو گا

... آج کا دن کتنا خوفزادہ کرنے والا ہے..پہلے مائشہ... اور اب پولیس ساتھ دانش بھی

زین کے فون پر کال آئی تو وہ سننے لگا جبکہ علی بہت شاندار طریقے سے پولیس کی گاڑیوں سے بچتا آگے

..کی جانب گاڑی بھگانے لگا

...ہمیں یہاں ہی رکنا ہے

..زین کی آواز ان لوگوں کی سماعتوں سے ٹکرائی

کیوں کیا مسئلہ ہے.؟؟

..زبیر نے ہنستے ہوئے پوچھا

فون پر کون تھا...؟؟

...ارحم نے سکون سے پوچھا

... علی میں نے کہا گاڑی روکو

...زین چلایا

کیا ہوا ہے..؟

.زبیر نے اب کی دفعہ پریشانی سے پوچھا

..ان کے پاس تیمیہ, احمد, شیزہ اور ارسل ہیں

..زین نے سیٹ کے ساتھ اپنی پشت لگاتے ہوئے بتایا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

واٹ....؟؟

...یہ کیسا ممکن ہے

...علی چلایا

...تم مزاق کر رہے ہو

...زبیر بھی غصے سے بولا

فون پر کون تھا..؟

..ارحم نے اپنا سوال دہرایا

شیزہ تھی...ایکچلی تیمیہ کو گولی لگ گئ تھی تو میں نے ان سب کو ارسل کے گھر بھیج دیا پتہ نہیں ان

..لوگوں کو ہمارے ٹھکانے کا کیسے پتہ چلا

..وہ پریشانی سے بتانے لگا

..انہوں نے لازمی کسی کا نمبر ٹریک کیا ہے

..علی نے سٹیرنگ پر ہاتھ مارتے ہوئے کہا

یہ ناممکن ہے ان لولوں کے پاس ہمارے نمبر ہی نہیں ہیں تو وہ لوگ ٹریک کیسے کر سکتے....یہ بکواس

..ہے

...زبیر نے سلگتے ہوئے لہجے میں کہا اور پھر کچھ گہرائ سے سوچنے لگا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...یہ بس تب ممکن ہے اگر تیمیہ,احمد,ارسل اور شیزہ میں سے کسی کے ساتھ انکارابطہ ہو

...زین سوچتے ہوئے بولا

....اوہ گاڈ

..زبیر کے الفاظ پر اسپرا نے پلٹ کر اسکی جانب دیکھا جو انتہائی مایوسی سے اسی کی طرف دیکھ رہا تھا

...اسپرا کا دل تیزی سے دھڑکا

کیا اسے پتہ چل گیا ہے میں نے تیمیہ کا فون استعمال کیا تھا جن نظروں سے دیکھ رہا ہے ظاہری سی بات ...ہے اسے یقین ہے میں نے ہی کیا ہے

.....اگر شیزہ کو کچھ ہوا نہ تو

وہ اسپرا کی جانب دیکھتے ہوئے باقی کے الفاظ اپنے ذہن میں ہی دم توڑ گیا اسپرا نے شرمندگی ..سے اپنی نظریں جھکالیں

تم فکر مت کرو میں اپنے کچھ آدمی وہاں بھیج رہا ہوں جو دو منٹ میں وہاں پہنچ کر انکی مدد کریں گے...تم ..گاڑی مت روکو علی

...زین نے کانفیڈینٹلی کہا جس پر سب نے سکون بھری سانس کھینچی

تبھی گولیوں کے چلنے کی آواز پیچھے سے سنائی دینے لگی تو علی نے گاڑی زگ زیگ چلانی شروع کر دی...جہاں لوگوں کا رش کم ہونے لگ گیا...جلد ہی وہ لوگ مین روڈ پر داخل ہوگئے جہاں ..دکانیں بند تھیں اور کوئی انسان دکھائی نہیں دے رہا تھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

shit shit

slow down! slow down..

...زین آگے دیکھتے ہوئے چیخا جس پر سب نے نظریں اٹھا کر سامنے کی جانب دیکھا

Dammit...its security bollards...Take right..

زبیر نے دانت پیستے ہوئے کہا جبکہ رائیٹ جانب ہیلی کاپٹر لینڈ ہو چکا تھااور باقی اطراف میں گاڑیوں کے سائرن بجنے کی آواز آرہی تھی جسکی وجہ سے علی کااس جگہ سے گاڑی نکالنامشکل ...ہو گیا تھا

...ان لوگوں نے بہت باریکی میں جاکر پلین بنایاہے

...ارحم نے اطراف کامعائنہ کرتے ہوئے کہا

...ہمارے آدمیوں نے ارسل اور باقی سب کو محفوظ کرلیاہے

..زین نے کہا

.. آہستہ چلاؤ علی

ارحم نے سکون سے کہاجس پر علی نے فوری عمل کرتے ہوئے گاڑی آہستہ چلاکر یوٹرن پر گاڑی ...روک دی

اب صرف ہوامیں ہیلی کاپٹر کے شور کی آواز گونجنے لگی جبکہ پولیس اپنی گاڑیوں سے نکل کر پوزیشن سنبھال چکی تھی مگر گاڑی میں بیٹھے وہ سب لوگ انتہائی پرسکون تھے تب ہی وہ گاڑی سے نکلااور اسکے .. پیچھے ہی اسپرااور باقی سب بھی نکل آئے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اس نے رعب سے چند قدم آگے کی جانب اٹھائے اور پولیس کی جانب دیکھنے لگا

تم سب کو صرف میں چاہئے ہوں... صحیح کہہ رہا ہوں نہ... میں یہاں ہی ہوں... ان سب کو جانے دو...

..وہ مضبوط لہجے میں اسپرا اور اپنے ساتھیوں کی جانب اشارہ کرتا ہوا بولا

اسپرا نے اپنی دائیں جانب دیکھا جہاں حمزہ دانش کی وہیل چیئر کو آگے کی جانب دھکیل رہا تھا اور کچھ پولیس کے آدمی ان کے پیچھے کھڑے تھے...

کیا تم جانتے ہو تمہیں دو سال بعد زندہ اور بالکل ٹھیک دیکھ کر مجھے کیسا محسوس ہو رہا ہے...؟؟

... آفیسر سنان سے بغیر میگا فون کے ارحم کی جانب قدم بڑھاتے ہوئے پوچھا

...بہت محبت محسوس کر رہے ہو گے میرے لیے

...ارحم نے استہزائیہ مسکراہٹ اپنے چہرے پر سجائی

ہاں اتنی شدید محبت کہ تمہیں اب اپنی موت کا خوف محسوس ہو رہا ہے...؟؟

... آفیسر نے اسکے ماتھے کا نشانہ باندھتے ہوئے پوچھا

تم جانتے ہو موت مجھے ڈرا نہیں سکتی... الٹا وہ خود میرے قریب آنے سے ڈرتی ہے کہیں مجھے برا نہ لگ جائے...

...وہ سکون سے اپنے لفظوں پر زور دیتا ہوا بولا جس پر آفیسر سنان اسے گھورنے لگا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

میری ایک گولی تمہارے سینے میں اتر گئی نہ تو تمہاری یہ اکڑ ٹوٹ جائے گی مگر میری مجبوری ہے تمہیں زندہ پکڑنا ہے...

آفیسر نے پسٹل نیچے کر کے ایک ایک لفظ چبا کر کہا...

اوہ مجھے لگا تمہیں حکم ہے مجھے قتل کرنے کا....

ارحم نے بینگ کاک کا واقعہ یاد کر کے مضحکہ خیز مسکراہٹ اپنے چہرے پر سجاتے ہوئے کہا...

اب کیا کروں تم خوش قسمت ہو اوپر سے آرڈرز ہیں زندہ پکڑنے کے...

وہ ارحم کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے غرایا..

امم افسوس ہوا... ویسے میں نے تمہیں بہت یاد کیا آفیسر...

تمہارے ساتھ جو فن ہے وہ اور کہیں نہیں ہے...

ارحم نے آفیسر کو آنکھ مارتے ہوئے کہا... جس پر اس آفیسر نے ہنستے ہوئے دائیں اور بائیں سر ہلایا...

تم نے بے شک اس وقت خود کو اور اپنے دوستوں کو بچا لیا تھا مگر اس دفعہ نہ تم بچو گے اور نہ ہی تمہارے یہ دوست..

آفیسر نے سخت لہجے میں کہا..

کیا یہ چیلنج ہے...؟؟

ارحم نے آئبرو اچکاتے ہوئے پوچھا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

i dare you...

...میں یہاں دو کام ختم کرنے کیلئے آیا ہوں

.. آفیسر نے دو انگلیاں کھڑی کرتے ہوئے کہا

تمہیں زندہ پکڑنا :1

...اسکو تم سے محفوظ کرنا :2

.. آفیسر نے اسپرا کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا جس پر ارحم نے قہقہہ لگایا

...تم جانتے ہو میرے ہوتے ہوئے یہ دونوں کام ہی ناممکن ہیں

...تم پھر سے ہار جاؤ گے آفیسر کیونکہ جیتنے کی مجھے پرانی عادت ہے

...اور یہ عادت کافی بری ہے...اور جانتے ہو نہ بری عادت چھوٹتی نہیں

...وہ اپنی پچ ڈارک بلیک آنکھوں سے آفیسر کی جانب دیکھتے ہوئے بولا

اوکے میں مانتا ہوں میں یہ دونوں کام نہیں کر سکتا... لیکن ان دونوں میں سے ایک کام تو میں بھی کر

...کے ہی جاؤں گا جو تم سے ہو سکے کر گزرنا

.. آفیسر بھی مضبوط لہجے میں بولا

ہمیں جانے دو آفیسر...اگر تم نے مزید کچھ منٹس ہمیں یہاں روکا تو تم سب کے سب جان سے جاؤ گے

...کیونکہ میرے آدمیوں کو مجھ سے بہت محبت ہے اور وہ لوگ کسی بھی لمحے یہاں پہنچتے ہوں گے

...ارحم نے کہا تو آفیسر نے اسپرا کی جانب دیکھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اسپرا آؤ

آفیسر نے اسپرا کو کہا تو سب نے اسکی جانب دیکھا سوائے ارحم کے... آفیسر نے سر ہلایا تو اسپرا نے دانش کی جانب دیکھا جو اسے انکی جانب آنے کا اشارہ کر رہا تھا..

اگر میں تمہاری جگہ ہوتا تو یہ کبھی نہیں کرتا اسپرا... ارحم تمہارے ساتھ بہت نرمی سے رہا ہے جو آج سے پہلے میں نے اس میں نہیں دیکھی تھی... وہ بدل رہا ہے... تمہارا اچانک سے اسے چھوڑ کر چلے جانا اسے توڑ کر رکھ دے گا...

he will become worst than he ever was...

...زبیر نے پریشانی سے اسکے کان میں سرگوشی نما کہا کیونکہ وہ اسکے پلین سے واقف تھا

..اسپرا جاؤ اپنے قدم دانش کی جانب بڑھاؤ

... آفیسر نے اسپرا کا دیہان کھینچا

اگر وہ نہ جانا چاہئے تو پھر...؟؟

...ارحم نے اپنے بازو سینے پر فولڈ کرتے ہوئے پوچھا

...تو میں اسے تمہارے پاس ہی رہنے دوں گا جو فیصلہ اسپرا کرے گی وہ ہی فائنل ہو گا

... آفیسر نے اسپرا کی جانب دیکھتے ہوئے مضبوط لہجے میں کہا

...اور ہاں اس دفعہ زبردستی تم بھی نہیں کرو گے.... یہ فیصلہ اسکا ہو گا وہ رکے یا چلے

... آفیسر نے بھی اپنے سینے پر بازو باندھتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...منظور ہے

..ارحم کے الفاظ پر اسپرا کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا تھا کیونکہ اب فیصلہ صرف اسکے ہاتھ میں تھا

اس نے ایک نظر دانش کو دیکھا تو اسے اپنی فیملی, آزادی کی زِندگی, دوست اور خوشیوں بھرے پل یاد آئے جب اس نے ارحم کی جانب دیکھا تو اسے درد, پریشانی, ارحم کے جزبات, کیئر, جنون اور پاگل پن نظر آیا...

...اسے اپنا آپ دو کشتیوں کا مسافر سا لگا

...اسپرا

..آفیسر نے حیرت سے پکارا جب اس نے اسپرا کو اتنا سوچتے ہوئے دیکھا

...کوئی زور زبردستی نہیں آفیسر

..ارحم نے وارن کیا

ارحم کی جانب دیکھتے ہوئے وہ اپنے قدم آگے کی جانب بڑھانے لگی جس پر آفیسر کے چہرے پر مسکراہٹ بکھری اور ارحم حیرت اور تجسس سے اسکی جانب دیکھنے لگا جبکہ. آس پاس کے سب لوگوں کی نظریں اب اسپرا پر مرکوز تھیں..

.اسپرا نے لمبا سانس کھینچا اور اپنا فیصلہ کیا جس سے اسکے قدم اب دانش کی جانب بڑھنے لگے

اسپرا یہ تم کیا کر رہی ہو..؟؟

..اس نے زین کی پکار سنی مگر وہ اپنے قدم دانش کی جانب بڑھاتی چلی گئ

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اسپرا

اس پکار پر اسکا وجود تھما اور قدم رک گئے تبھی اس نے محسوس کیا کسی نے انتہائی بے دردی سے اسے بازو سے پکڑ کر اسکا رخ اپنی جانب کیا ہے اس نے دھڑکتے دل کے ساتھ سامنے کھڑے شخص کی پچ ڈارک بلیک آنکھوں میں دیکھا..

تم یہ کیا کر رہی ہو...؟؟

ارحم نے اسکے چہرے سے ایک انچ کے فاصلے پر اپنا چہرہ رکھ کر اس سے پوچھا.

...یہی صحیح چیز ہے جو میں کر رہی ہوں ارحم

اسپرا نے اپنا بازو اسکی گرفت سے آزاد کرتے ہوئے نرمی سے کہا..

...تم اور میں... کبھی "ہم" نہیں ہو سکتے.. یہ بہت غلط ہے...بہت زیادہ

...اسپرا نے اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا جہاں اسے کچھ ٹوٹتا سا محسوس ہوا

...گڈ بائے ارحم

...اسپرا نے مضبوطی سے کہہ کر اپنے قدم آگے بڑھائے

...ن نہیں... نہیں... تم میرے ساتھ یہ نہیں کر سکتی

.....وہ دھیرے لہجے میں بولا

....تم نہیں کر سکتی اسپرا...واپس لوٹو

...ارحم کی چلاتی ہوئی آواز اسکے کانوں سے ٹکرائی مگر وہ بغیر مڑے آگے چلتی رہی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ارحم اپنے الفاظ پر قائم رہو تم نے کہا تھا زبردستی نہیں ہو گی

...اسپرا کے کان میں آفیسر کے الفاظ گونجے

...اسپرا واپس آؤ

... تمہیں خدا کا واسطہ ہے... میرے پاس واپس آجاؤ

... تم جیسا چاہو گی میں تمہیں ویسے رکھوں گا

....واپس آجاؤ

....اسپرا

...اسپرا

ارحم کی مسلسل تکلیف سے بھری پکار پر اسپرا سے قدم اٹھانا مشکل ہونے لگا لیکن اس کے باوجود وہ آگے چلتی رہی اور اسے پتہ بھی نہیں چلا کب اسکی آنکھیں بھیگنا شروع ہو گئیں ..

جب وہ حمزہ لوگوں تک پہنچی تو حمزہ نے اسکا ہاتھ پکڑ لیا اور اسے چپ کروانے کی کوشش کرنے لگا جو اب شدت سے رونے لگی تھی...

Aspara... ASPARA..

اس کی شدت بھری پکار پر اس نے حمزہ سے اپنا ہاتھ چھڑا کے مڑ کر ارحم کی جانب دیکھا تو سامنے کا منظر دیکھ کر اس کی سانسیں تھمیں...

وہ شخص جس سے ساری دنیا ڈرتی تھی وہ انتہائی درد سے اسے پکار رہا تھا جبکہ زین اور زبیر اسے بازو سے پکڑ کر اسکی جانب بڑھنے سے روک رہے تھے...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اسپرا مجھے چھوڑ کر مت جاؤ

...مت جاؤ

...پلیز واپس آ جاؤ

...ارحم نے اپنی بانہیں کھولنے کی کوشش کرتے ہوئے اس سے کہا

تو وہ اسکو اتنی تکلیف میں دیکھ کر اور بے بسی سے رونے لگی جواب اپنا آپ زین اور زبیر سے چھڑانے کی کوشش کر رہا تھا.. تبھی اس نے اپنا آپ چھڑانے کی کوشش بند کر دی اور گہرے گہرے سانس لینے لگا جس کی وجہ سے زین اور زبیر نے اسے چھوڑ دیا.. ارحم کچھ قدم آہستہ آہستہ آگے کو چلا اور پھر وہیں ...زمین پر گھٹنے کے بل گر کر اس نے اسپرا کیلئے اپنی بانہیں کھول دیں

....پلیز

...اس نے اسپرا کے سامنے التجا کی اور اسکی آنکھوں سے آنسو ٹوٹ کر گال بھگونے لگا

جس پر وہ شاک سے اس کی جانب دیکھنے لگی کیونکہ اس نے کبھی نہیں سوچا تھا ارحم کے دل میں اسکے ...لیے اتنے شدید جزبات ہیں

...وہ جو ہمیشہ دوسروں کو جھکانا جانتا تھا آج خود گھٹنوں کے بل جھکا تھا

...وہ جو رولانا جانتا تھا آج خود رویا تھا

...اور اسکی یہ حالت دیکھ کر صرف اسپرا ہی نہیں آس پاس کے سب لوگ شاک میں تھے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا نے ارحم کی حالت کو دیکھتے ہوئے اسکی جانب واپس سے قدم بڑھانے چاہے لیکن حمزہ نے اسکا ہاتھ پکڑ کر اس پر اپنی گرفت سخت کر دی... جس پر اس نے حمزہ کی جانب دیکھا جو نہ میں سر ہلا رہا تھا...

اچانک سے گاڑیاں آئیں اور پولیس کی گاڑیوں سے ٹکرانے لگیں. جس کی وجہ سے وہاں موجود سب لوگ الرٹ ہو گئے سوائے ارحم کے... پولیس نے ان گاڑیوں پر گولیاں چلانی شروع کر دی.. ایک گاڑی ارحم کے پیچھے کھڑی تھی جو اسے گولی لگنے سے بچا رہی تھی..

تبھی علی نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی اور آگے بڑھ کر زبیر اور زین زبردستی ارحم کو گاڑی کی جانب لے جانے لگے مگر وہ ان سے اپنا آپ چھڑانے کی کوشش کرنے لگا... ساتھ اسپرا کے سامنے گڑگڑانے لگا کہ وہ اسکے پاس آجائے...

اسپرا چلو...

حمزہ نے اسے اپنے ساتھ کھینچنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا جبکہ وہ وہیں کھڑی ارحم کی جانب دیکھنے لگی جو اپنا آپ چھڑانے کے ساتھ اسے پکار رہا تھا...

Aspara Come baby..

Tesoro Come...

پلیز مجھے چھوڑ کر مت جاؤ اسکی نم چیخ و پکار پر اسپرا کا دل پھٹنے لگا...

اسی وقت زبیر نے ارحم کو گاڑی کے اندر دھکیلنا چاہا مگر اس نے پھرتی سے زبیر کو خود سے پیچھے کر کے واپس سے اسپرا کی جانب بھاگا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

حمزہ نے اسپرا کو زور سے کھینچا تو وہ اپنے ٹرانس سے نکلی اور وہ دونوں ہیلی کاپٹر کی جانب بھاگے جو سٹارٹ ہو چکا تھا جہاں دانش پہلے سے موجود تھا... اسپرا نے ہیلی کاپٹر کے قریب پہنچ کر پلٹ کے ارحم کی جانب دیکھا جس کے وجود کو علی زین اور زبیر نیچے زمین پر جھکڑے ہوئے تھے جبکہ اسکی آنکھیں مسلسل اسپرا کے وجود پر تھیں...

حمزہ نے اسپرا کو بازو سے پکڑ کر ہیلی کاپٹر کے اندر دھکیلا... ان کے داخل ہوتے ہی پولیس والوں نے اسکا دروازہ بند کر دیا تو اسپرا بھاگ کر سیٹ کی جانب بڑی اور شیشے سے باہر ارحم کو دیکھنے لگی جسے اب وہ تینوں زبردستی گاڑی میں ڈال کر دروازہ بند کر چکے تھے اور ہیلی کاپٹر بھی آہستہ آہستہ اوپر کی جانب جانے لگا تھا جہاں اب زمین پر بس ارحم کے آدمی اور پولیس ایک دوسرے پر فائرنگ کر رہے تھے جبکہ علی گاڑی کو وہاں سے بھگا لے گیا تھا...

اسپرا نے جب محسوس کیا کہ کسی نے اسکے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھا ہے تو اس نے مڑ کر اسکی جانب دیکھا جہاں دانش اسے نظروں کے ذریعے ریلیکس رہنے کا بول رہا تھا مگر وہ اس سے نظریں ہٹا کر باہر کی جانب دیکھنے لگی جہاں شہر روشنیوں کے باعث جگ مگ کر رہا تھا اور اسکا اپنا ذہن صرف ارحم کو سوچ رہا تھا اسکا رونا, چلانا اور درد..

اسپرا کو اپنا وجود بہت خالی سا محسوس ہونے لگا جیسے وہ خود کو پیچھے ہی کہیں چھوڑ آئی ہو تبھی اسکی آنکھ سے ایک آنسو نکلا جسے اسنے اپنے ہاتھ کی پشت سے صاف کیا مگر پھر دوسرا گرا, پھر تیسرا اور پھر ایسے ہی آنسو آنکھوں سے نکل کر اسکے گال بھگوتے چلے گئے...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا اپنی دنیا میں اس قدر مدہوش تھی اسے بالکل پتہ نہیں چلا کب ہیلی کاپٹر لینڈ ہوا اور کہاں لینڈ ہوا ہے.... اسے ہوش تو تب آیا جب دانش نے اسکا بازو پکڑ کر ہلکا سا جھنجھوڑا تو اسپرا نے نظر گھوما کر یہاں وہاں دیکھا تو اس پتہ چلا اس وقت وہ لوگ لفٹ میں موجود ہیں...

جیسے ہی وہ لوگ لفٹ سے باہر نکلے سامنے کچھ پولیس کے آدمی کھڑے تھے جن کی نظریں اسپرا پر مرکوز تھیں...

انہوں نے اسے اپنے ساتھ چلنے کا کہا تو وہ سب خاموشی سے پولیس کے ساتھ چلنے لگے ایک دروازے کے قریب جا کر ان آدمیوں نے حمزہ اسپرا اور دانش کو اندر داخل ہونے کا کہا...

آفیسر سنان تم لوگوں کو یہاں ہی ملیں گے تب تک تم لوگ انکا ادھر ہی ویٹ کرو... اگر کسی چیز کی ضرورت ہو تو بغیر ہچکچائے باہر کھڑے گارڈ کو انفارم کر دینا میں نے انہیں آپ لوگوں کیلئے ہی ہائر کیا گیا ہے...

..اس ہاٹل کی سیکیورٹی بہت اچھی ہے اسلیے بے فکر رہو یہاں

...ان میں سے ایک پولیس والا ان سے مخاطب ہوا اور اسکے بعد وہ لوگ دروازہ بند کر کے چلے گئے

...جبکہ اسپرا نا سمجھی سے وہاں ہی کھڑی رہی کیونکہ اسے سمجھ ہی نہیں آرہا تھا اب کیا کرے

اسپرا ٹھیک ہو...؟

حمزہ نے پریشانی سے پوچھا جس پر اسپرا نے ہلکی سے مسکراہٹ سجا کر ہاں میں سر ہلایا تو وہ بھی مسکراہٹ اچھال کر کمرے کے اندر چلا گیا تبھی اسپرا کی مظر دانش کی جانب گئ جو گلاس کی وال کے قریب اپنی وہیل چیئر پر بیٹھا باہر کا منظر دیکھنے میں مصروف تھا....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

..تم تھک گئ ہو گی جاؤ ریسٹ کر لو جا کر کچھ دیر

..اسپرا جو اسکے قریب آ کر کھڑی ہوئ تو دانش کا دوٹوک لہجہ اسکی سماعتوں سے ٹکرایا

....دانش

...اسپرا نے اسکی طرف دیکھتے ہوئے پکارا

..ہمم بولا

..دانش نے اپنا رخ اسکی جانب کرتے ہوئے کہا تو اسپرا کو اس نیلی آنکھیں بہت انجان سی لگیں

...تمہیں مجھے دیکھ کر خوشی نہیں ہوئ نہ

..اسپرا نے اپنی فیلنگز کا اعتراف کیا

میں بہت خوش ہوں اسپرا...ہمیں ایسے ایک دوسرے سے دور رہتے کتنے مہینے ہو گئے ہیں اور

...اس دوران تم میں آئ یہ نئ تبدیلی میں صاف محسوس کر سکتا ہوں

..ارحم نے درد بھری مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے کہا

...خیر...تم بھی برے نہیں لگ رہے...بہت اچھے لگ رہے ہو

..اسے سمجھ ہی نہیں آیا کیا بولے اسلیے جو منہ میں آیا اس نے کہہ دیا

...صحیح

دانش کے کہنے کے بعد ایک عجیب سی خاموشی کمرے میں چھا گئ اسپرا کو کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا اب وہ کیا بات کرے...وہ جانتی تھی دانش بہت برا محسوس کر رہا ہو گا ارحم کو یوں اپنے گھٹنوں پر جھکا دیکھ کر اور

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اسے پاگلوں کی طرح اسکے لیے روتا دیکھ کر... اس نے جیسا سوچا تھا ویسا بالکل بھی نہیں ہو رہا تھا کیونکہ اسے لگ رہا تھا ایک دفعہ وہ گھر چلے جائے گی تو سب ٹھیک ہو جائے گا, وہ خوش ہو گی, دانش خوش ہو گا.. اور باقی سب بھی خوش ہوں گے... مگر یہاں تو ایک الگ طرح کی گھٹن اسکے دل میں بڑھنے لگی تھی اس نے اپنا کوٹ اتار کر کاؤچ پر اچھالا اور آگے بڑھ کر پنکھا چلا دیا شاید کچھ بہتر محسوس کر سکے...

میرے ماما پاپا کب آئیں گے...؟؟

..اسپرا نے دانش کے سامنے آکر اپنے بازو سینے پر باندھتے ہوئے پوچھا

.

...تم ان لوگوں سے کل ملو گی

...دانش باہر دیکھتے ہوئے سکون سے کہا

مجھے دانش کے ساتھ سب کلئیر کرنا ہو گا شاید اس وقت وہ بہت درد میں ہے... اسے لگ رہا ہے میں اور ارحم ایک ساتھ ہیں...

..وہ خود سے سوچنے لگی

...دانش

..اسپرا نے نرمی سے پکارا تو اس نے جلدی سے اپنا رخ اسکی جانب کیا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کیاہوا ہے...؟؟

...تم نے اس وقت میرے اور ارحم کے درمیان جو کچھ بھی دیکھا ویسا کچھ نہیں ہے

..اسپرا نے پریشانی سے کہا تو دانش کی آنکھیں حیرت سے پھیلیں

Don't tell me..

..کہ تمہیں لگا میں نے سمجھا ہے کہ تم میں اور ارحم میں کچھ چل رہا ہے

you both guyz having feelings for each other.

..دانش نے مسکراتی آواز میں پوچھا

...امم لیکن تم رویہ تو ایسے ہی ظاہر کر رہے ہو

..اسپرا کے الفاظ پر دانش ہنسنے لگا تو اسے محسوس ہوا جیسے وہ پرانے والا دانش دیکھ رہی ہو

میں یہ نہیں سوچ رہا تھا پری... یہاں تک کہ یہ خیال میرے ذہن میں ایک بار بھی نہیں آیا... تمہارا دل بہت بڑا ہے اسپرا اور مجھے زرا بھی حیرت نہیں ہوئی کہ تم نے اسکے پتھر دل کو بھی دھڑکنا سکھا دیا...

میں جانتا ہوں اسے ویسی حالت میں دیکھ کر تمہارے دل میں تکلیف ہوئی بے شک اس نے تمہارے ساتھ کتنا ہی برا کیوں نہیں کیا تم ابھی بھی اس کے پاس جانے کو تیار ہو اور اسکے لیے میں نہ تمہیں کوئی الزام دوں گا اور نہ ہی اسے کیونکہ تم معاف کرنا اور محبت جتانا جانتی ہو..

اور میں دعویٰ کر سکتا ہوں تمہیں انتہائی گلٹی محسوس ہو رہا ہو گا جو تم نے اسے دھوکا دیا ہے.. دانش کے الفاظ پر اسپرا نے شاک سے اسکی جانب دیکھا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اوہ دانش

اسپرا نے گھٹنوں کے بل زمین پر جھک کر اسکے ہاتھ کو اپنے ہاتھوں میں لیتے ہوئے کہا اور ساتھ ہی رونے لگی.

...شششش چپ ہو جاؤ...پلیز سب ٹھیک ہو جائے گا

....دانش نے نرمی سے کہا تو وہ اور شدت سے رونے لگی

کچھ دیر بعد اس نے سر اٹھا کر دانش کی جانب دیکھا تو اس نے پیاری سی سمائل اسپرا کی جانب اچھالی جس پر وہ بھی نم آنکھوں کے ساتھ مسکرا دی..

...اب میں بہتر محسوس کر رہی ہوں

...اسپرا نے کہا تو دانش نے اپنا ایک ہاتھ اس سے چھڑا کر اسکے آنسو صاف کرنے لگا

Did i disturb the love birds...??

..حمزہ کی آواز پر ان دونوں نے مڑ کر اسکی جانب دیکھا جو شرارت سے انہیں ہی دیکھ رہا تھا

...یہ تمہاری پرانی عادت ہے لوگوں کو ڈسٹرب کرنے کی...اس میں نیا کیا ہے

...دانش نے آئبرو اچکایا

oh come on..

...میں بس پوچھنا چاہتا تھا آپ لوگ کیا کھاؤ گے

...حمزہ نے ٹیلیفون اٹھاتے ہوئے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

..پیزا منگوالو اسپر اشوق سے کھاتی ہے

..دانش نے مسکراتے ہوئے کہا تو حمزہ فون اٹھائے اپنے کمرے کی جانب واپس چلا گیا

...اٹھ کر جلدی سے شاور لو... تم سے سمیل آرہی ہے

دانش کے الفاظ پر اسپر انے اسکے بازو پر مکامارا اور اس سے دور ہو کر کھڑی ہو گئ ساتھ اطراف میں دیکھنے لگی تبھی دانش نے اشارہ حمزہ کے برابر والے کمرے میں کیا تو وہ جلدی سے اس میں داخل ہو گئ...

لیکن کپڑے...؟؟

...وہ پریشانی سے واشروم کے قریب کھڑے ہو کر لب چبانے لگی

...اسپر امیری کوئ شرٹ اور جینز پہن لو

دانش نے کمرے میں داخل ہو کر اپنی کبرڈ کی جانب اشارہ کیا تو وہ جلدی سے کپڑے لے کر واشروم میں گھس اور شاور اون کر دیا...

پتہ نہیں ارحم کیا کر رہا ہو گا...؟؟

کیا پولیس نے اسے پکڑ لیا ہو گا...؟

کیا ابھی بھی اسکو میری پرواہ ہو گی...؟؟

اسپر اجب شاور کے دوران مسلسل ارحم کو سوچنے لگی تو اسے احساس بھی نہیں کب اسکی آنکھوں نے واپس سے بہنا شروع کر دیا تھا..

کیا میری اسکی زندگی میں بہت اہمیت ہے...؟؟

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اگر نہیں تو وہ ایسے گھٹنوں کے بل کیسے جھک گیا...؟

...ارحم ارحم ارحم

..اسپرا کے دل و دماغ میں صرف ایک ہی نام گردش کرنے لگا

افف اللہ جی میں پاگل ہو جانا ہے...یہ کیسا احساس ہے...؟؟

...کیسے جزبات ہیں یہ

i hate him...

i really do..

وہ خود سے بڑبڑا کر شاور لینے کے بعد باہر آ گئ مگر جیسے ہی سامنے اسکی نظر دانش پر پڑی تو اسی پل اسکی نظر اپنے وجود پر گئ جہاں وہ وائیٹ شرٹ اور جینز میں ملبوس تھی اس نے فوری آگے بڑھ کر دانش کی ...بیڈ پر پڑی جیکٹ پہن لی

ریلیکس تم پہلے بھی میرے سامنے ایسے ہی میرے کپڑوں میں گھوم چکی ہو...اس لیے اتنا پریشان مت ...ہو

...وہ نرمی سے بولا

...ن نہیں ایسا ک کچھ نہیں مجھے بس سردی لگ رہی تھی

...اسپرا نے جلدی سے کہا جبکہ وہ جانتی تھی اسکو دانش کا خود کو یوں دیکھنا بالکل پسند نہیں آیا تھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...کیا مسئلہ ہے میرے ساتھ...وہ صحیح کہہ رہا ہے یہ پہلی بار تو نہیں

وہ خود سے بڑبڑاتی ڈریسنگ کے سامنے کھڑے ہو کر اپنے بال خشک کرنے لگی...جبکہ دانش کمرے

..سے نکل کر لیونگ ایریا میں چلا گیا

اسپرا نے جب محسوس کیا کہ اسکا لباس اب کمفرٹیبل محسوس ہو رہا ہے تو وہ چھوٹے قدم اٹھا کر لیونگ

...ایریا میں آ گئ جہاں حمزہ اور دانش دونوں ہی بیٹھے تھے اور پیزا بھی آ چکا تھا

ان سب نے ملکر خاموشی سے پیزا کھایا ابھی وہ کھا کر فارغ ہی ہوئے تو انکی توجہ ڈور بیل نے

...کھینچی...حمزہ نے اٹھ کر دروازہ کھولا جہاں سے آفیسر سنان اندر داخل ہوا

سب ٹھیک ہے سنان..؟؟

...دانش نے پوچھا جیسے ہی آفیسر کاؤچ پر بیٹھا

..ہمم سب ٹھیک ہے...ہم لوگ اسے نہیں پکڑ پائے

.آفیسر کے الفاظ پر اسپرا کے دل میں سکون کی لہر دوڑی

پیزا...؟

...دانش نے سکون سے پوچھا

....نہیں شکریہ

...یہ کہنے کے بعد آفیسر نے اپنا سارا دیہان اسپرا کی جانب کیا جس کی وجہ سے وہ نروس ہونے لگی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا مجھے معاف کر دو... مجھے تمہاری بات پر یقین کرنا چاہیے تھا نا کہ تمہیں خود کو تھراپیسٹ کو

... دکھانے کا بولنا چاہیے تھا

... آفیسر سنان نے نروس سا ہنستے ہوئے کہا جبکہ اسپرا کی دوسری جانب بیٹھا دانش بھی ہنس پڑا

مجھے وہاں رکنا چاہیے تھا اور تب تک ہٹنا نہیں چاہیئے تھا جب تک خود آگے بڑھ کر دیکھ نہ لیتا کہ اسکا

.. وجود جل کر پوری طرح راکھ ہو گیا ہے

... آفیسر کے الفاظ اسپرا کا رنگ پیلا زرد ہوا اور سانسیں تھمیں مگر جلد ہی وہ خود کو کمپوز کر گئ

یہ میری غلطی ہے تمہیں اپنی زندگی میں اتنا کچھ جھیلنا پڑا... میں تمہیں یقین دلاتا ہوں تمہارے ساتھ

... ایسا اب دوبارہ کبھی نہیں ہو گا

... آفیسر نے یقین سے کہا جب اس نے اسپرا کی جانب سے کوئ جواب نہیں پایا تو دوبارہ سے بولنے لگا

... کوئ بات نہیں آفیسر... میں ٹھیک ہوں اب

... اسپرا نے اسکی بات کاٹتے ہوئے کہا جس پر آفیسر نے لمبا سانس کھینچا

... ہم لوگ یہاں سے 9 بجے نکلے گے تمہاری فیملی سے ملنے

... آفیسر نے اسے انفارم کیا تو اسپرا نے سکون کا سانس لیا

آپ کا کیا مطلب ہے ہم سب نکل رہے ہیں..؟

.اسپرا نے سوالیہ نظروں سے دانش اور آفیسر کو دیکھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

تم یہاں زیادہ دیر نہیں رک سکتی... تم جتنا زیادہ وقت یہاں گزارو گی اتنے ہی ارحم کے چانسز تم تک پہنچنے کے زیادہ ہوں گے... بے شک یہاں کی سیکیورٹی بہت مضبوط ہے لیکن ارحم کیلیئے کچھ بھی ناممکن نہیں ہے... وہ بغیر انجام کی پرواہ کیے کر گزرتا ہے..

اس لیے ہم لوگ کل امالفی کوسٹ تمہاری دادی ماں کے پاس جا رہے ہیں اور وہاں ہی تمہارے ماما پاپا اور بیلا بھی پہنچے گے..

آفیسر نے وضاحت کی تو وہ سر ہلا کر رہ گئ..

یہ وہاں کیسے محفوظ رہ سکتی ہے وہ جگہ بھی تو اسکے ملک کا حصہ ہے...

حمزہ نے ناسمجھی سے پوچھا..

تمہارا پوئینٹ ٹھیک ہے حمزہ لیکن تم یہ مت بھولو وہ لوگ کرمنلز ہیں.. وہ ہمیشہ یہی سوچتے ہیں ہمارا اگلا قدم کیا ہو گا... ان کے ذہن میں جو پہلا خیال اترے گا وہ یہی ہو گا کہ ہم اسپرا کو اس ملک سے ہی دور لے جائیں گے وہ اپنے ملک پر توجہ ہی نہیں دیں گے انکی نظر میں بس یہ ہو گا کہ ہماری کوشش صرف یہی ہے کہ اسپرا کو بس بہت دور لے کر جانا ہے..

اف کورس ارحم ایسے ہی سوچے گا...

آفیسر کی بات پر اسپرا دل ہی دل میں بڑبڑائ..

اسلیے اسپرا اس جگہ محفوظ رہے گی ویسے بھی اسکی دادی ماں ٹرامونٹی گاؤں میں رہتی ہیں جہاں نیٹورک سسٹم بہت خراب ہے اور انکا گھر بھی گاؤں کے درمیان میں ہے... اسلیے میں گارنٹی دے سکتا یہ ادھر محفوظ رہے گی... میں یہ نہیں کہتا ارحم وہاں نہیں پہنچ سکتا لیکن جب تک وہ پہنچے گا ہم اگلا قدم اٹھا لیں

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

..گے

.. آفیسر پر اعتماد لہجے میں بولا

شکریہ سنان... اسپرا جو اس وقت ٹھیک,زندہ اور محفوظ ہے وہ صرف تمہاری وجہ سے ہے

... دانش نے مشکور سے لہجے میں کہا

... لیکن یہ میں نے اکیلے نہیں کیا تم نے برابر ساتھ دیا ہے

... اسلیے اب ریسٹ کرو ہم نے نکلنا ہے

... آفیسر نے کاؤچ سے اٹھ کر مسکراتے ہوئے کہا اور پھر وہاں سے چلا گیا

... واؤ... ہم فائنلی تمہارے پیرنٹس سے ملیں گے... قسم سے اسپرا میں سے سب کو بہت یاد کیا ہے

دانش نے ایکسائیٹڈ ہوتے ہوئے کہا تو اسپرا بھی دل سے مسکرادی... ارحم کے بغیر یہ پہلا پل

.... تھا جہاں وہ دل سے خوش تھی

... اس کے بعد اسپرا دانش کے روم میں جا کر سو گئ جبکہ دانش حمزہ کے ساتھ اسکے کمرے میں سو گیا

صبح سات بجے دانش نے اسپرا کو اٹھایا اور ساتھ اسکے ہاتھ میں پروپر لباس پکڑایا جس سے وہ خود کو اچھے

... سے چھپا سکے تاکہ ارحم کے آدمی اسے نہ پہچان سکیں

وہ جلدی سے تیار ہو کر باہر آئ اور کاؤچ پر بیٹھ کر لڑکوں کا انتظار کرنے لگی.. جب اس نے دیکھا ان

.. دونوں میں سے کوئ بھی باہر نہیں آیا ہے تو وہ ان کے کمرے کی جانب بڑھ گئ اور دروازہ کھول دیا

جہاں دانش وہیل چیئر پر بیٹھنے کی کوشش کر رہا تھا مگر بیٹھ نہیں پا رہا تھا اس کی یہ حالت دیکھ کر اسپرا کا

.... دل کٹ کر رہ گیا.. کہاں وہ اپنے ساتھ ساتھ دوسروں کی مدد کر دیا کرتا تھا اور کہاں آج وہ خود

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

یہ سوچ ہی اسکا دل چیرنے لگی.. مگر سب سے مزاحیہ بات یہ تھی کہ اسے اس وقت دانش کی اس حالت پر ارحم کی بجائے خود پر غصہ آرہا تھا...

وہ اپنی سوچوں کو پرے جھٹک کر جلدی سے اسکے پاس گئ اور سہارا دے کر وہیل چیئر پر بٹھانے لگی..

اوہ یار میں نے بولا تھا تمہاری مدد کروں گا پھر خود ہی کیوں بیٹھ گئے

حمزہ نے واشروم سے باہر آکر پریشانی سے دانش سے پوچھا جو وہیل چیئر پر بیٹھا ہوا تھا...

فکر مت کرو پری نے ہیلپ کی ہے..

دانش نے سکون سے کہا..

پھر ٹھیک ہے...

وہ سکون سے بول کر کپڑے لے کر واپس سے واشروم میں گھس گیا..

تو پھر تیار ہو تم؟؟

اسپرانے سوالیہ نظروں سے اسکی جانب دیکھا...

نہیں کنگھی پلیز...

اسکی بات پر اسپرانے اسکے بکھرے بال دیکھے اور پھر مرر کے سامنے گئ اور وہاں سے برش لا کر اسکے بال بنانے لگی....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میرا فون

دانش نے بال بننے کے بعد بیڈ کی دوسری جانب سائیڈ ٹیبل پر پڑے اپنے سیل کی جانب اشارہ کیا تو

....اسپرا نے جلدی سے وہ پکڑ کر اسے پکڑایا

تم لوگ تیار ہو...؟

..حمزہ نے واشروم سے ریڈی ہو کر نکلتے ہوئے پوچھا

...ہاں تیار ہیں

..انکے الفاظ پر حمزہ نے فون نکالا اور آفیسر کو کال کرنے لگا

...اسپرا وہ سیل کدھر ہے جو میں نے تمہیں دیا تھا

دانش کی بات پر اس نے اسکا سیل اسے پکڑایا اور پھر باہر آئ اور اپنی جیکٹ سے سیل نکال کر وہ بھی

...اِسے ہی پکڑا دیا تھا جو اسکے قریب ہی تھا

...یہ اون کر لو اور اپنے پاس ہی رکھو

...جس پر اسپرا نے سر ہلایا

..کچھ دیر بعد آفیسر آیا تو وہ لوگ اس کے ساتھ ہاٹل سے باہر نکل گ ئے

وین میں بیٹھ کر اسپرا جب کھڑکی سے باہر دیکھنے لگی تو اسے ویٹیکین میوزیم نظر آیا جہاں ارحم اسے پہلی

..بار یہاں لایا تھا

وہ جیسے جیسے اس شہر سے دور جانے لگی ویسے ویسے اسے محسوس ہونے لگا وہ اپنی زندگی کی سب سے

...خاص چیز اسی شہر کو دے کر جا رہی ہے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

پری...؟؟؟

کیاہوا ہے..؟

..دانش کی پکار پر اس نے پلٹ کر اسکی جانب دیکھا جو ہریشانی سے اسے دیکھ رہا تھا

...ہاں میں ٹھیک ہوں

...وہ اپنے خشک ہوتے لبوں پر زبان پھیرتے ہوئے بولی

...میں تمہیں کب سے پکار رہا ہوں سن ہی نہیں رہی

...وہ مایوسی سے بولا

...اوہ سوری پلیز

اسپرا نے لب چباتے ہوئے کہا اور کچھ ہی دیر میں وہ ائیر پورٹ کی بجائے ریلوے سٹیشن پر موجود تھی جس پر اسپرا نے حیرت سے دانش کی جانب دیکھا تو اس نے بتایا کہ ایسے جانا ...زیادہ محفوظ ہے

ریلوے سفر آٹھ گھنٹوں کا تھا اسپرا خاموشی سے جا کر سیٹ پر بیٹھ گئ اور باہر دیکھنے لگی شاید کہیں کچھ ایسا ہو جائے کہ ارحم آجائے اور وہ اسے دیکھ سکے... بے شک آخری دفعہ صحیح لیکن ایک بار ...سامنے تو آئے

وہ نم آنکھوں سے باہر کا منظر دیکھتے ہوئے خود سے کہنے لگی کب اسکی آنکھ لگی اسے پتہ ہی نہیں ...چلا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

..شکر ہے فائنلی میڈم اٹھ گئیں

...آفیسر سنان نے کہا جو دانش کے ساتھ باتوں میں مصروف تھا

...میں بھی تمہیں اٹھانے ہی والا تھا کیونکہ ہم لوگ تقریباً پہنچ گئے ہیں

...دانش کے الفاظ پر اسپرا نے باہر دیکھا جہاں اسکی نظر صرف بھاگتے ہوئے جنگلات سے ٹکرائی

میں کب تک سوتی رہی ہوں..؟

... اسپرا نے سیٹ کے ساتھ پشت لگا کر سکون سے بیٹھتے ہوئے پوچھا

...کافی وقت ہو گیا تھا...میں ناشتہ منگواتا ہوں

...آفسر کہہ کر وہاں سے چلا گیا

اوہ گاڈ میں اتنا سوتی رہی ہوں مجھے اٹھایا کیوں نہیں تھا...؟؟اس نے واپس سے باہر دیکھا جہاں اب

...شام ہو رہی تھی اس نے پریشانی سے پوچھا

i love watching you sleep..

...دانش نے کندھے اچکائے

so... ummm excited??

..اسپرا کو مسکراتے ہوئے دیکھ کر دانش نے اس سے پوچھا

...نروس

..اسپرا نے لب چباتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...نروس...؟؟وہ کیوں بھلا...اپنی فیملی سے ہی تو ملنے والی ہو

..دانش مسکراتے ہوئے بولا

....شاید کافی دیر بعد مل رہی اس وجہ سے

اسپرا نے کندھے اچکاتے ہوئے کہا جس پر دوسری جانب دانش خاموش رہا تو وہ پاس پڑی پانی

...کی بوٹل منہ کو لگا کر پانی پینے لگی

...ایک سال اسپرا

....وہ خاموشی کو توڑتے ہوئے بولا

کیا...؟؟

...اس نے نا سمجھی سے دانش کی جانب دیکھا

"ایک سال اسپرا... تمہیں ہم سب سے دور گئے ایک سال ہو چکا ہے"

...اوہ اممم مجھے وواشروم جانا ہے م میں ابھی آتی ہوں

...وہ جلدی سے کہہ کر واشروم میں چلی گئ

...م مجھے اس کے ساتھ رہتے ایک سال ہو گیا تھا... لیکن مجھے تو لگا صرف ماہ گزرے ہیں

اوہ گاڈ اس کے ساتھ وقت کا احساس ہی نہیں ہوا کب دن ہفتوں میں بدل گئے....ہفتے مہینوں میں

...اور مہینے سال میں

...اسپرا نے واشروم میں کھڑے ہو کر پریشانی سے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے خود سے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

جب واشروم استعمال نہیں کرنا یہاں کیا کر رہی ہو...؟؟

...ایک تو آج کل کے بچے ان کا دماغ کیسے چلتا ہے کچھ سمجھ ہی نہیں آتا

اسپرا نے نظر اٹھا کر سامنے دیکھا تو اسکی نظر ایک بوڑھی عورت سے ٹکرائی جو چھڑی کے سہارے چل رہی تھی...وہ اسے دیکھ کر جلدی سے واشروم سے باہر نکل آئی...

...اب کہاں جا رہی ہو یہ چھڑی پکڑو

اس بوڑھی عورت نے اسپرا کو پکارتے ہوئے کہا ساتھ ہی اپنی چھڑی اسکی جانب بڑھائی جو اسپرا نے قریب آکر آنکھیں گھماتے ہوئے تھام لی...

...ایک تو یہ بوڑھے لوگ پتہ نہیں اتنا کیسے بول لیتے ہیں

...وہ وہاں کھڑے ہو کر سوچنے لگی ساتھ ہی اسے اپنی دادی ماں کی یاد آنے لگی

...یہ کس قسم کا واشروم ہے اس قدر بکواس

...وہ بوڑھی عورت باہر آکر بولنے لگی ساتھ سنک سے ہاتھ دھونے لگی

....کیا یہ کبھی چپ ہوتی ہوں گی...؟؟میرا نہیں خیال

..اسپرا چھڑی پکڑے دل ہی دل میں بولنے لگی

..اوہ میری چھڑی

...بوڑھی عورت نے پلٹ کر اسپرا سے کہا تو اس نے چھڑی انکی جانب بڑھا دی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...شکریہ ڈارلنگ...اب مجھے جانا ہے

وہ بوڑھی عورت کہہ کر آگے کمپارٹمنٹ کی جانب بڑھنے لگی لیکن اسکی بڑبڑاہٹ اسپرا کے کانوں تک

...پہنچ رہی تھی...وہ مسکراتے ہوئے واپس اپنی سیٹ پر آکر بیٹھ گئ جہاں اب کھانا آچکا تھا

...وہ خاموشی سے بیٹھ کر کھانا کھانے لگی

✸✸✸✸

وہ لوگ شام میں امالفی کوسٹ پہنچے ٹرین سے باہر نکل کر اسپرا نے آسمان کی جانب دیکھا جس کا رنگ

..گرے تھا مطلب کچھ ہی دیر میں بارش ہونے والی تھی

جب وہ پلیٹ فارم پر پہنچے تو وہاں ایک گاڑی انکا انتظار کر رہی تھی وہ سب آگے بڑھ کر اس میں بیٹھ

...گئے اور پھر اپنی منزل کی جانب روانہ ہو گئے

المافی کوسٹ ایسی جگہ ہے جہاں لوگوں کا رش لگا رہتا ہے کیونکہ یہاں موجود بیچز، سائیٹس اور یادگار

...عمارتیں لوگوں کی توجہ کھینچتی ہیں

اسی ہجوم اور شور کی وجہ سے اسپرا کی دادی ماں کو یہاں کی بجائے گاؤں میں رہنا پسند ہے کیونکہ

...انہیں خاموشی اچھی لگتی ہے

جیسے جیسے وہ لوگ گاؤں کے قریب پہنچنے لگے اسپرا کی دھڑکنیں تیز ہونے لگیں اور اسکی آنکھوں کے

...سامنے اپنی ماما پاپا اور ارابیلا کا چہرہ گھومنے لگا

...ہم پہنچ گئے

آفیسر سنان کی آواز اسکی سماعتوں سے ٹکرائی تو اسکے ہاتھ پسینے سے بھیگنے لگے جبکہ دھڑکنیں علیحدہ شور

...مچانے لگیں

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

سب گاڑی سے باہر نکل گئے تو وہ بھی خود کو کمپوز کرکے باہر نکل آئی اور اپنے قدم گھر کی جانب بڑھانے لگی جو ایک ایکڑ گرین ہریالی کے درمیان بنا ہوا بہت بڑا اور انتہائی دلکش گھر تھا جس کے ارد گرد مختلف رنگوں کے پھول لگے ہوئے تھے...

اسپرا سانس روکے اس گھر کو دیکھنے لگی جس کے اندر اس وقت اسکی فیملی موجود تھی...

پری...

دانش کی پکار پر اسپرا نے لمبا سانس کھینچا اور اپنے قدم آگے بڑھائے...

ابھی وہ آگے چل ہی رہی تھی تبھی اسے محسوس ہوا کوئی اسکی جانب بھاگ رہا ہے تو وہ سب ہی وہاں رک کر اس وجود کی جانب دیکھنے لگے جو فراق پہنے ہاتھوں میں ٹیڈی بیئر لیے اسپرا کی جانب بھاگ رہی تھی....

ارابیلا...

اسکے منہ سے بے ساختہ نکلا اور ساتھ ہی آنسو ٹوٹ کر اسکے گال بھگونے لگے....

پری....

بیلا اونچی آواز میں پکارتے ہوئے اسکے قریب بھاگتے ہوئے آنے لگی تبھی اسپرا بانہیں کھول کر نیچے زمین پر بیٹھ گئی جس میں بیلا آ سمائی وہ آس پاس لوگوں کی پرواہ کیے بغیر والہانہ بیلا کے منہ کو چومنے لگی...

i missed you... i missed you so much...

اسپرا نے بھیگے ہوئے لہجے میں کہہ کر اسکے گال چومنے لگی اور ساتھ اسکے بالوں میں ہاتھ پھیرنے لگی جو

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...پہلے سے لمبے ہو کر اسکے کندھوں سے نیچے جا رہے تھے

جیسے ہی اسپرا نے سامنے دیکھا تو اسے دروازے میں کھڑی اسکی ماما نظر آئی جو آنکھوں میں آنسو لیے ...محبت سے اسے دیکھ رہی تھی

اسپرا نے جلدی سے بیلا کے ماتھے پر لب رکھ کر اسے زمین پر کھڑا کیا تا کہ اپنی ماما تک پہنچ سکے...ابھی ...وہ اٹھی ہی تھی اس نے دیکھا ملیحہ بیگم بھاگتے ہوئے اسکے پاس آ رہی ہیں

ملیحہ بیگم نے اسپرا کو سمجھنے کا موقع دیئے بغیر خود کے سینے میں دبوچ کر اسکے چہرے کے ....سارے نقوش کو محبت سے چومنے لگیں

...ت ت تم ٹ ٹھیک ہو نہ میری جان...ک کوئی چوٹ تو نہیں آئی نہ

ملیحہ بیگم نے بے بسی سے روتے ہوئے اسپرا کا چہرہ, بازو, سر ہر چیز چھو کر لڑکھڑاتی آواز میں پوچھا

...م ماما میں ٹھیک ہوں

اسپرا نے ہچکیوں میں روتے ہوئے انہیں واپس سے اپنے گلے سے لگاتے ہوئے کہا... کیونکہ ماں ...کا وجود ہی ایسا ہے اگر کہیں درد ہو بھی تو وہ بھی سکون میں بدلنے لگتا ہے

...عبدالجبار ہماری بیٹی

ملیحہ بیگم نے نم آنکھوں کے ساتھ مسکراتے ہوئے کہا تبھی اسپرا نے اپنی ماما سے علیحہ ہو کر اپنے ...پاپا کی جانب دیکھا جو نم آنکھوں سے اسکی جانب دیکھ رہے تھے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ان کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کر اسپرا کا دل پھٹنے لگا تبھی عبدالجبار صاحب آگے بڑھے اور اسے خود کے گلے سے لگا کر اسکے سر پر اپنے لب رکھ دیئے...

شکر ہے اسپرا تم بالکل ٹھیک ہو میری جان...

عبدالجبار صاحب نے محبت سے اسے ماتھے کو چومتے ہوئے کہا...

م مجھے معاف ک کر دو... میری وجہ سے تمہیں ایسے وقت سے گزرنا پڑا... میں اپنی فیملی کو محفوظ نہیں رکھ سکا...

عبدالجبار صاحب نے کپکپاتی آواز میں کہا..

نہیں پاپا اس میں آپکا کوئی قصور نہیں ہے... ہم نے جتنا آپ سے ہمیشہ مانگا ہے آپ نے دگنا ہمارے قدموں میں رکھا ہے... آپ نے بھرپور کوشش کی تھی... اور ویسے بھی یہ دیکھو میں یہاں اس وقت جو صحیح سلامت آپ کے قریب موجود ہوں وہ صرف آپ کی وجہ سے ہے... مجھ میں جو یہ حوصلہ اور مضبوطی تھی وہ صرف آپ کی وجہ سے تھی... اسلیے پلیز خود کو الزام کبھی مت دینا...

اسپرا نے یقین سے اپنے پاپا کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا جس پر انہوں نے اسپرا کو اپنے سینے سے لگا لیا...

اوہ مائی گاڈ دانش تمہیں کیا ہوا ہے...؟

ملیحہ بیگم کی آواز نے سب کا دیہان دانش کی جانب کھینچا جو وہیل چیئر پر بیٹھا ہوا تھا...

امم بہت لمبی کہانی ہے پھوپھو... ہم سب اندر چلیں پھر بتا دوں گا...

دانش نے ایک نظر اسپرا کی جانب دیکھنے کے بعد ملیحہ بیگم کی جانب دیکھتے ہوئے کہا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...تمہارے خواب کا کیا...؟؟؟ پلیز یہ مت کہنا یہ سب اس ہارٹ لیس آدمی نے کیا ہے

ملیحہ بیگم نے اسپرا کی جانب دیکھتے ہوئے کہا جب وہ خاموش رہی تو انہیں اپنے سوال کا جواب مل گیا جس پر وہ اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر رونے لگیں.... عبدالجبار صاحب نے ان کے کندھے کو تھپتھپایا اور پھر وہ سب لوگ گھر کے اندر چلے گئے...

✸✸✸✸

مسٹر عبدالجبار صاحب میں آپکی بیٹی محفوظ طریقے سے یہاں لے آیا ہوں اور مجھے یقین ہے ارحم اب اس تک کبھی نہیں پہنچ پائے گا.. اور اگر پہنچ گیا تو ہم آپکو فوری انفارم کر دیں گے جس پر آپ سب کو کسی دوسری جگہ ٹرانسفر کر دیا جائے گا.. نیچے جو یہاں لوکل پولیس ہے اسے آپ سب کا بتا دیا ہے وہ آپ لوگوں پر نظر رکھے گی...

میں اور میری ٹیم ارحم کو ڈھونڈ رہی ہے جیسے کہ ہم لوگوں نے آپ کی بیٹی کو بچا لیا ہے اب ہمیں آرڈر مل گئے ہیں ارحم کا انکاؤنٹر کرنے کے.... ایک دفعہ وہ پہلے بچ چکا ہے لیکن اس دفعہ ناممکن ہے...

آفیسر سنان دانت پیستے ہوئے بولا...

تبھی ملیحہ بیگم کافی کے مگ لیکر ڈرائینگ روم میں داخل ہوئیں ایک مگ آفیسر سنان کو تھمایا جو اس نے پکڑ لیا اور دوسرا عبدالجبار صاحب کی جانب بڑھایا مگر انہوں نے انکار کر دیا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...مجھے سمجھ نہیں آرہا تمہارا شکریہ کیسے ادا کروں آفیسر سنان

...تم نے مجھے اور میری فیملی کو بچایا ہے

...انہوں نے سنجیدگی کے ساتھ کہا

...پلیز مجھے سنان کہہ کر پکارے آپ... میں آپ کیلئے آفیسر نہیں ہوں... آپ میری فیملی کی طرح ہو

لیکن سنان میں مزید اب رسک نہیں لے سکتا... میں واپس سے اپنے بچوں کو اس دلدل میں پھنستے

....ہوئے نہیں دیکھنا چاہتا بہت تکلیف ہوتی ہے یار بہت زیادہ

...عبدالجبار صاحب بے بسی سے بولنے لگے

اور تم جس آدمی کی بات کر رہے ہو وہ ایک خون کا پیاسا کرمنل ہے... جسکی پہچان سکارپیو ہے یعنی

...بے رحم سنگدل مونسٹر

..اسے زیادہ وقت نہیں لگے گا ہم لوگوں تک پہنچنے میں

اور مجھے شک ہے اس دفعہ وہ ہم لوگوں پر یا اسپر اپر رحم کھائے گا... کیونکہ پھر وہ کوئی معجزہ ہی

...ہو سکتا ہے.... جو اس دفعہ وہ ہمیں بغیر قتل کرے چھوڑ دے تو

...عبدالجبار نے پریشانی سے کہا

میں آپکی پریشانی مکمل طور پر سمجھتا ہوں مسٹر عبدالجبار کیونکہ میری بھی آپکی بیٹی کی عمر کی ایک بیٹی ہے... میں سمجھ سکتا ہوں اس وقت آپ تکلیف کے کس دوراہے سے گزر رہے ہیں... لیکن میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں... اس دفعہ ارحم مرے گا... میں اسے اپنے ہاتھوں سے ماروں گا... آپ کو بس

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میرا ساتھ دینا ہے

...آفیسر کے الفاظ پر انہوں نے ہاں میں سر ہلایا تو وہ کافی کے آخری گھونٹ بھر کر اٹھ گیا

اوکے اب میں چلتا ہوں آج رات ٹاؤن میں, میں اور میرے آدمی گزاریں گے اور کل واپس جائیں گے

..تاکہ کنفرم ہو جائے یہاں سب ٹھیک ہے...بہت جلد پھر سے ملیں گے

...آفیسر عبدالجبار حمزہ اور دانش کی جانب دیکھتے ہوئے کہہ کر وہاں سے چلا گیا

✸✸✸✸✸

وہ سب باہر دروازے کے قریب کھڑے ہو کر آفیسر اور اسکے آدمیوں کو جاتا ہوا دیکھنے لگے تبھی اسپرا

...کی نظر سامنے سے آتی اپنی دادی ماں اور رانیہ کی جانب گئ

تم گھر میں جا کر اسے اچھے سے واش کر کے رکھو تاکہ جب میری پوتی یہاں پہنچے تو میں یہ سب پکا کر اس

...کیلئے تیار رکھوں

انہوں نے اپنی ملازمہ رانیہ کو کہا جو بہت سے شاپر اٹھائے ہوئے تھی....اسپرا کو خدشہ ہونے لگا

...آخر یہ اب تک گری کیسے نہیں

...دادی ماں

..اسپرا نے خوشی سے اپنی دادی ماں کو اونچی آواز میں پکارا اور بھاگتے ہوئے انکی بانہوں میں جا سمائ

...اوہ میری گول مٹول سی میٹھی میٹھی سی دادی ماں

...اسپرا نے محبت سے انکے گال کھینچتے ہوئے کہا ساتھ ہی باری باری ان کے دونوں گال چوم لیے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

میں نے تمہارے لیے ہر پل دعا کی... اور ہر دعا میں بس ایک ہی چیز مانگی تم بالکل ٹھیک ہو اور گھر واپس آ جاؤ...

...رابیعہ بیگم نے اسپرا کے ماتھے کو چومتے ہوئے محبت سے کہا

... چلیں میری پیاری دادی ماں اندر چلتے... اب تک تو آپ تھک چکی ہوں گی نہ

...اسپرا نے انکا بازو نرمی سے تھامتے ہوئے کہا اور ساتھ ہی پلٹ کر رانیہ کی جانب دیکھا

...لاؤ کچھ مجھے پکڑا دو تمہاری بھی ہیلپ ہو جائے گی

...اسپرا نے مسکراتے ہوئے اس سے تین شاپر پکڑ لیے

دادی ماں کیا آپ نے میرے لیے چاکلیٹس خریدیں...؟؟

بیلا نے پوچھا جبکہ عبدالجبار صاحب نے باقی کے بیگز رانیہ کے ہاتھ سے پکڑ لیے اور ملیحہ بیگم انہیں سیڑھیاں چڑھنے میں مدد کرنے لگیں...

..ہاں سویٹی وہ بھی بہت زیادہ... صرف اور صرف تمہارے لیے

اپنی دادی ماں کے الفاظ پر بیلا کی آنکھیں چمکنے لگیں اور وہ آگے بڑھ کر بیگز میں سے ڈھونڈنے لگی جو ابھی ابھی عبدالجبار صاحب نے کاؤچ پر رکھے تھے...

Mammy she has cavity

..ملیحہ بیگم نے اپنی ساس وماں سے شکایت کی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

oh shut up...

تم بھی بہت زیادہ چاکلیٹس کھاتی تھی اور تمہیں بھی کیویٹی تھی لیکن اسکے باوجود دیکھو تمہارے دانت بالکل صحیح سلامت ہیں..

دادی ماں نے آئبرو اچکاتے ہوئے کہا جس پر وہاں موجود سب لوگ ہنسنے لگے...

گڈ ممی...بہت گریٹ...

اب میں جب بھی اسے کھانے سے منع کروں گی یہ مجھے آگے سے یہی سنائے گی...

ملیحہ بیگم نے منہ پھولا کر ارا کی جانب دیکھتے ہوئے کہا جو چاکلیٹس نکال کر اب ایک کھانے میں بھی مصروف تھی...

اور یاد ہے تم مجھے کتنا ستاتی تھی جب گھر میں چاکلیٹس ختم ہو جاتیں تھیں...

عبدالجبار صاحب نے ملیحہ بیگم کو دیکھتے ہوئے شرارت سے کہا جس پر وہ بلش کرنے لگیں کیونکہ ایک وقت میں وہ بھی اپنی بیٹی کی طرح چاکلیٹس کی دیوانی رہیں تھیں..

عبدالجبار..

ملیحہ بیگم نے چلاتے ہوئے ان کے بازو پر مکا جھڑ دیا...

کیا...؟؟

جھوٹ کہہ رہا ہوں....؟؟

اور شرم نہیں آتی میری ماما کے سامنے مجھے مار رہی ہو...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

عبدالجبار صاحب کے الفاظ پر انکا چہرہ اور لال ٹماٹر ہو گیا جس کی وجہ سے کمرے میں سب ہی لوگ مسکرانے لگے...

جب سے اسے چھوڑ کر یہاں آئی ہوں ابھی اس پل پہلی دفعہ محسوس ہوا ہے میرا فیصلہ ٹھیک تھا... اگر نہ آتی یہ مسکراتے چہرے کیسے دیکھتی...

اسپرا نے نم آنکھوں سے سب کی طرف باری باری دیکھتے ہوئے سوچا....

جو دلی سکون اللہ نے قدرتی چیزوں میں رکھا ہے وہ انسانوں کی بنائی ہوئی چیزوں میں نہیں ہے... کس قدر جان لیوا خوبصورتی اس پیاری ذات نے بنائی ہے...

اسپرا اپنی فیملی کے ساتھ ڈنر کر کے جیسے ہی گارڈن میں آئی تو وہاں درختوں پر اڑتے جگنو, رنگ برنگے پھولوں, پھلوں اور بیلوں کو دیکھتے ہوئے سوچنے لگی... جن پر گرتی چاند کی روشنی انہیں مزید دلکش بنا رہی تھی... اور جب جب ٹھنڈی ہوا اس کے وجود کو چھو کر گزرتی وہ پر سکون ہو کر آنکھیں بند کر جاتی...

زندگی میں جدید ٹیکنالوجی ضروری ہے مگر اس سکون سے بڑھ کر نہیں...

وہ آنکھیں بند کیے ہوئے سوچنے لگی تبھی اسے محسوس ہوا جیسے کسی نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھا ہے جس پر اسپرا نے جھٹ سے اپنی آنکھیں کھول دیں اور سامنے اپنے پاپا کو دیکھ کر اسکے چہرے پر مسکراہٹ بکھری جن کی آنکھوں کے نیچے ڈارک سرکلز تھے جو گواہ تھے وہ کافی عرصے سے اچھے سے سوئے نہیں ہیں...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...مجھے ہمیشہ یہاں آنا بہت پسند ہے کیونکہ بہت پر سکون جگہ ہے یہ

..انہوں نے سامنے کرسی پر بیٹھ کر ارد گرد دیکھتے ہوئے کہا

yeah, cattle, farms, the climate, freshness, it's mesmerizing...

...اسپرا نے تازہ ہوا سے لمبا سانس کھینچتے ہوئے کہا

...تم سوچ بھی نہیں سکتی میں کس قدر سوری ہوں...جو بھی ہوا اسکے لیے

...کچھ پل خاموش رہنے کے بعد عبدالجبار صاحب آہستگی سے بولنے لگے

...پاپا اس میں آپکا کوئی قصور نہیں ہے

اسپرا نے نرمی سے کہا مگر ان کے چہرے پر موجود ایکسپریشن دیکھ کر وہ سمجھ گئی کہ وہ زرا برابر بھی مطمئن نہیں ہوئے...

ک ک کیات تم مجھے ب بتا سکتی ہو تمہارے ساتھ اس ایک س سال میں کیا کیا ہوا ہے...؟؟

..انہوں نے ہچکچاتے ہوئے پریشانی سے نظریں جھکاتے ہوئے پوچھا

...ضرور پاپا

..وہ فوری بولی جس پر انہوں نے حیرت سے اسکی جانب دیکھا

اوہ..اوکے ک کیا تم م مجھے شروع سے بتاؤ گی کہ کیا ہوا تھا اس دن سے جب تمہیں وہاں سے کڈنیپ کیا گیا؟؟

ان کے الفاظ پر اسپرا نے ہاں میں سر ہلایا اور پھر دھیرے دھیرے بتانے لگی کیسے ارحم نے اسے ٹارچر

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کیا لیکن وہ موقع پاتے ہی دانش کے پاس بھاگ گئ جہاں اس نے ارحم کے خلاف کمپلین درج کروانا چاہی مگر آفیسر نے اس پر یقین نہیں کیا اور کیسے وہ پھر سے کڈنیپ ہو گئ اس دوران دانش اسے بچانے آیا اور اپنی ٹانگ تڑوا بیٹھا, اور پھر کیسے ارحم نے اس موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اس کے ساتھ زبردستی شادی کر لی...

اسپرا کی بات پر انکی آنکھیں پھیلیں....

مگر وہ اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے بتانے لگی کہ کیسے وہ اسے لندن اور وہاں سے ویٹیکین لے گیا اور وہاں ہوٹل اور گھر میں حملہ.... اور اس سب کے دوران ارحم نے اسے کیسے گھر کے اندر بند رکھا ہوا ہوا تھا... پھر اسکی دانش کے ساتھ ملاقات اور مائشہ کا اس سے شدید نفرت کرنا.. سب کچھ بتا دیا....

اور پھر پاپا آخر میں دانش ہیلی کاپٹر میں حمزہ کے ساتھ آیا جہاں ارحم کو پولیس چاروطرف سے گھیرے ہوئے تھی مجھے آفیسر نے اشارہ کیا کہ دانش کی جانب قدم بڑھاؤں اور میں اسکی طرف بڑھ گئ.. اس دوران پولیس کی وجہ سے ارحم کچھ نہیں کر پایا...

اور پھر ایسے ہی ہم لوگ ایک رات ہوٹل میں گزار کر یہاں آگئے ہیں بس...

اسپرا نے آخری الفاظ کندھے اچکا کر مسکراتے ہوئے بولے تبھی اسکی نظر اپنے پاپا کی جانب گئ جنکی آنکھوں میں آنسو تھے اسکے دل میں چبن ہوئ کیونکہ اسکے پاپا بہت بہادر اور دلیر تھے انہیں ایسے تکلیف میں اس نے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا...

مجھے معاف کر دو اسپرا... میری جان مجھے معاف کر دو...

انہوں نے اٹھ کر اسے گلے سے لگا کر ماتھا چومتے ہوئے نم لہجے میں کہا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

میں آپ کی بیٹی ہوں پاپا اور اتنی مضبوط تو ہوں ہی کہ اپنی زندگی کی مشکلات کا بغیر ڈرے سامنا کر سکوں...

اسپرا نے ان کی آنکھوں سے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا...

کیا اس ن نے ک کبھی ت تمہارے س ساتھ زبردستی ک...

نہیں پاپا ایسا کبھی کچھ بھی نہیں ہوا....

اسپرا ان کے الفاظ کی گہرائی کو سمجھتے ہوئے جلدی سے بولی جس پر انہوں نے سکون کا سانس لے کر اس کے بالوں پر اپنے لب رکھ دیئے...

i love you Aspara, I'm really proud of you...

انہوں نے شفقت سے اسپرا کی کمر تھپتھپاتے ہوئے کہا تو وہ ان کے سینے سے لگ گئ...

مجھے معاف کر دیں پاپا میں نے ابھی کچھ چیزیں آپکو نہیں بتائیں جیسے کہ میں نے اسکے ساتھ رہنا سیکھ لیا تھا... اس کا بولنا ہنسنا, مسکرانا, اسکی باتیں دل کو سکون دینے لگی تھی..

اور اسکو چھوڑ کر آپ لوگوں کے پاس آنا انتہائی تکلیف دہ مرحلہ تھا... پاپا میں آپکو کیسے بتاؤں جب وہ گھٹنوں کے بل جھکا تھا میرا دل کیا تھا میں ساری دنیا کو ٹھکرا کر اسکے ساتھ ایک الگ گھر بساؤں لیکن میں اسے وہاں ہی چھوڑ آئی کیونکہ میری زندگی میں آپ لوگ بھی بہت ضروری ہو... بہت محبت ہے آپ سب سے...

اور میں جانتی ہوں یہ سچ میں کبھی کسی کو نہیں بتاپاؤں گی یہ حقیقت میرے ساتھ بس میری قبر میں ہی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...جائے گی

....وہ اپنے پاپا کے گلے لگی آنکھوں میں آنسو لیے دل ہی دل میں سوچنے لگی

تمہاری ماما بہت روتی تھی اسپرا جب بھی کوئی نیوز دیکھتی وہ پاگلوں کی طرح تمہیں سوچ کر روتی رہتی...

...مجھے بہت تکلیف ہوتی تھی میرا گھر میری آنکھوں کے سامنے ٹوٹ کر بکھر گیا اور میں کچھ نہیں کر پایا

...انہوں نے بھیگے لہجے میں اسپرا کے بالوں کو سہلاتے ہوئے کہا تو وہ ہوش کی دنیا میں آئی

پاپا آپ سب لوگوں کو کدھر رکھا گیا تھا؟ کیا ہوا تھا میرے جانے کے بعد...؟؟

...اسپر نے سرخ ہوتی آنکھوں سے انکی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا

جب تم چلے گئی تو وہ آدمی ہمیں مارنے کیلئے آگے بڑھے مگر ایک کال کی وجہ سے رک گئے پھر کچھ دیر بعد ایک آدمی وہاں آیا جس کا نام زین تھا وہ ہمیں وہاں سے لے گیا,, کچھ دن ہم لوگ ہوٹل میں رہے میں نے وہاں سے بھاگنے کی کوشش کی مگر پکڑا گیا جسکی وجہ سے ان گارڈز نے مجھے کافی مار پیٹ کر تمہاری ماما اور بیلا سے الگ ایک کمرے میں بند کر دیا جو اندھیرے میں ڈوبا رہتا تھا دو دن کے بعد وہاں زین آیا اس نے مجھ سے نرمی سے بات کی اور کہا اگر میں اچھے سے رہوں گا تو وہ مجھے ملیحہ اور بیلا پاس لے جائے گا مجھے اس پر یقین تو نہیں تھا لیکن کوئی اور چارا نہیں تھا میں نے اسکی بات مان لی...پھر وہ ہمیں کسی دوسرے ملک لے گئے جسکا نام میں نہیں جانتا

...زین کا نام سن کر اسپرا کو خوشی ہوئی کیونکہ وہ جانتی تھی وہ ایک اچھا انسان ہے

پھر کیا ہوا؟؟

...اسپرا نے سوالیہ نظروں سے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اس ملک میں انہوں نے ہمیں کچھ دن ہوٹل میں رکھنے کے بعد گھر میں ٹرانسفر کر دیا جہاں ضرورت زندگی کی ہر چیز تھی.. زین نے جلد ہی بیلا کا دل جیت لیا وہ اکثر اسکے لیے چاکلیٹس لے کر آتا اوع ایسے ہی کچھ مہینوں بعد اس نے ملیحہ کے دل میں بھی جگہ بنالی... یہاں تک کہ مجھے بھی اسکی موجودگی اچھی لگنے لگی بعد میں پتہ چلا وہ ایک ڈاکٹر ہے ہم لوگوں نے اسے کہا ہمیں جانے دے.. لیکن اس نے ہماری ذات کا پورا خیال رکھا سوائے وہاں سے بھاگنے میں مدد کرنے کے...

ایڈیٹ انسان نہ ہو تو... میں کیسے پاگلوں کی طرح اس سے پوچھتی تھی مگر کبھی اس نے بتایا ہی نہیں وہ اتنا ماما پاپا لوگوں پاس جاتا ہے...

اسپرا نے مسکراتے ہوئے سوچا...

اور آخر نے پولیس نے آکر گارڈز پر حملہ کیا اور ہمیں بچا کر یہاں لے آئے بس

انہوں نے بھی کندھے اچکاتے ہوئے کہا...

ویسے میں نے زین سے بہت بار پوچھا تھا لیکن اس نے کبھی نہیں بتایا وہ آپ لوگوں ساتھ ملتا ہے...

اسپرا نے لب چباتے ہوئے کہا..

کیونکہ وہ جانتا تھا اگر تم جان گئی تو اسکا سر کھا کھا کر اسے پاگل کر دو گی...

عبدالجبار صاحب نے مسکراتے ہوئے کہا تو وہ آسمان پر موجود چاند کو دیکھنے لگی جو ہمیشہ اسکی پریشانیاں ذہن سے دور کر دیتا تھا...

اس وقت ارحم کیا کر رہا ہو گا؟؟

کیا وہ بھی میری طرح اس چاند کو دیکھ رہا ہو گا..؟؟

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کیا اسے میری یاد آتی ہو گی...؟؟

ارحم میں ابھی بھی بہت کنفیوز ہوں پتہ نہیں صحیح فیصلہ کیا تھا یا غلط لیکن میں خوش ہوں کیونکہ میری فیملی مجھے واپس سے دیکھ کر مسکرانے لگی ہے...

کاش ایسا ہو جائے تم بھی میری فیملی کا حصہ بن جاؤ پھر کتنا مزہ آئے, ہر طرف خوشیاں ہوں... تم بیٹھ کر میرے ماما پاپا ساتھ گپ شپ لگاؤ, دادی ماں کے ساتھ مزاق کرو ہنسو, بولو, نارمل زندگی ہو... لیکن میں جانتی ہوں یہ میرا صرف خواب ہی رہے گا کیونکہ ایک کرمنل کو میری فیملی کبھی نہیں اپنائے گی...

وہ آنسو پیتے ہوئے سوچنے لگی...

پاپا...

اسپرانے چاند کی جانب ہی دیکھتے ہوئے پکارا

جی پاپا کی جان...

انہوں نے نرمی سے جواب دیا...

ابھی سب ختم نہیں ہوا.... وہ پھر سے آئے گا مجھے لینے اور اس دفعہ اسکا آنا پہلے سے زیادہ خطرناک ہو گا...

اس نے چاند سے نظریں ہٹا کر انکی جانب دیکھا جو پریشانی سے اسے دیکھ رہے تھے...

اور میں چاہتی ہوں اس دفعہ جب وہ آئے آپ کو مجھ پر یقین کرنا ہو گا کہ میں جو بھی فیصلہ کروں گی اس میں سب کی بہتری ہو گی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ہمیں دوبارہ چھوڑ کر اسکے پاس مت جانا پری, بے شک ہمیں کچھ بھی ہو تم نہیں جاؤ گی واپس... میں چاہتا ہوں تم بس بھاگ جانا اس سے بہت دور, بہت بہت زیادہ دور... ہماری فکر مت کرنا..

ان کے الفاظ پر اسپرا نم آنکھوں ساتھ مسکرائی..

آپ کو کوئی آئیڈیا نہیں ہے پاپا وہ کیا ہے اور کیا نہیں... اس سے بھاگنا فضول ہے, اور رہی میری بات مجھے نہیں پتہ میں اسکے پاس واپس جاؤں یا نہیں... مگر اس پل میں جو بھی فیصلہ کروں آپکو میرا ساتھ دینا ہو گا کیونکہ اس دفعہ میں کسی بھی اپنے پیارے کو تکلیف پہنچنے نہیں دوں گی...

انہوں نے محبت سے اسپرا کے سر پر ہاتھ رکھا اور وہاں سے اٹھ گئے...

سونے کا وقت ہے.. اٹھو تم بھی سو جاؤ...

وہ کہہ کر اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئے...

اسپرا ساری رات کروٹیں بدلتی رہی مگر وہ مجبوری میں لیٹی رہی کیونکہ بیلا اسکے ساتھ سو رہی تھی بہت ہی تم کوئی برے انسان ہو ارحم... اسی وجہ سے خود کے سینے کے ساتھ لگا کر سوتے تھے نہ کہ کہیں اور جاؤں تو نیند ہی نہ آئے...

وہ نم آنکھوں کے ساتھ پاس پڑا کشن زمین کی جانب اچھالتے ہوئے تکلیف سے بولی...

آخر کار سورج کی شعائیں اسکی کھڑکی سے روم میں گرنے لگیں تو وہ جلدی سے اٹھ کر فریش ہوئی اور نیچے کیچن میں چلی گئی جہاں اس نے رانیہ کی ناشتہ بنانے میں مدد کی.. جب تک ناشتہ تیار ہوا سب فریش ہو کر ڈائننگ ٹیبل پر آگئے جہاں انہوں نے سکون سے بیٹھ کے ایک ساتھ ناشتہ کیا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ناشتہ کرنے کے بعد سب گارڈن میں بیٹھ کر باتیں کرنے لگے اور انکے قہقہے چارو طرف گونجنے لگے...

پھر حمزہ دانش بیلا اور اسپرا گاؤں گھومنے چلے گئے جہاں اسپرا نے دانش اور حمزہ کو اپنی پسندیدہ جگہیں دکھائیں...

یہی وجہ تھی جو میں تمہیں ہمیشہ یہاں لانا چاہتی تھی لیکن تم انکار کر دیتے تھے...

اسپرا نے سامنے موجود خوبصورت نظارے کو دیکھتے ہوئے کہا..

اس میں میری کوئی غلطی نہیں تھی یاد ہے پریکٹس مجھ سے میرا سارا وقت چھین لیتی تھی...؟؟

دانش کے پوچھنے پر اسپرا نے شرمندگی اپنی نگاہیں دوسری طرف کر لیں..

✸✸✸✸

کیا ایسا اب کبھی نہیں ہو سکتا کہ دانش واپس سے چلے..؟؟

اسپرا نے حمزہ کے برابر چلتے ہوئے اس سے پوچھا...

میں نہیں جانتا پری.... اسکی ٹانگ نے اپنی مضبوطی نہیں کھوئی ہے آخر کار وہ ایک کھلاڑی تھا اسکی ہڈیاں مضبوط ہیں لیکن اصل مسئلہ جوائنٹ کا ہے جو اسکے کلہاڑی مارنے کی وجہ سے ٹوٹ گیا ہے.. آپریشن کامیاب ہوا تھا لیکن ڈاکٹر نے کہا ہے کہ اب وہ کبھی چل نہیں پائے گا...

حمزہ نے دانش کی جانب دیکھتے ہوئے کہا جو بیلا کو گود میں بٹھا کر وہیل چیئر پر جھولے دے رہا تھا جس پر وہ کھلکلا کر ہنستی...

اگر اسکی ہڈیاں مضبوط ہیں تو وہ ضرور چلے گا...

وہ نرمی سے بولی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

جوائنٹس کا بھی مضبوط ہونا ضروری ہے کل رات تمہاری دادی ماں بھی یہی بحث کر رہی تھی کہ وہ ابھی بھی چل سکتا ہے .

..حمزہ نے اسکی جانب دیکھتے ہوئے کہا

ہم اسے کل ایک ہیلر کے پاس لے کر جائیں گے جو ٹاؤن میں رہتی ہے وہ کافی بوڑھی عورت ہے مگر کہا جاتا اسکے ہاتھ میں شفاء ہے جتنے بھی مریض اسکے پاس گئے ہیں لازمی صحت یاب ہوئے ہیں...

...اس وقت تم بھوڑی عورتوں کی طرح بات کر رہی ہو

..حمزہ نے قہقہہ لگاتے ہوئے کہا جس پر اسپرا نے اسے گھورا

میں سیریس ہوں حمزہ... ہم ڈاکٹر کے کہنے پر چپ کر کے نہیں بیٹھ سکتے... ہمیں ہر ممکن کوشش کرنے ہوگی تاکہ وہ چل سکے... تم سوچ بھی نہیں سکتے کیسا فیل ہوتا ہے یہ جانتے ہوئے کہ یہ سب میری غلطی ہے...

...حمزہ نے اسکے الفاظ پر پریشانی سے اسکی جانب دیکھا

...ریلیکس پری تمہاری کوئی غلطی نہیں ہے

...اس نے نرمی سے سمجھایا

...پلیز دانش کچھ بھی کرو کل ہم اسے ہیلر کے پاس لے کر جا رہے ہیں

...وہ بھیگے لہجے میں سنجیدگی کے ساتھ بولی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...دانش نہیں مانے گا وہ تھک چکا ہے لوگوں کو خود کی طرف ہمدردی سے دیکھتے ہوئے

...وہ اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے بولا

...تو پھر مناؤ اسے

...اسپرا نے کہہ کر دانش کی جانب دیکھا جو بیلا کے ساتھ ہنسنے میں مصروف تھا

...تم جانتی ہو فاطمہ اور فائقہ تمہارے لیے بہت پریشان ہیں وہ تم سے ملنے یہاں آنا چاہتی ہیں

...حمزہ نے اسکی طرف دیکھتے ہوئے کہا

انہیں یہاں مت آنے دینا...ایسا کرنا محفوظ نہیں ہو گا کیونکہ مجھے یقین ہے ارحم کے آدمی ان پر نظر رکھے ہوئے ہوں گے

...وہ لب کاٹتے ہوئے بولی

...میں کل ہی بات کروں گا

...دانش نے اسکی بات سمجھتے ہوئے کہا

جب اندھیرا چھانے لگا تو ان سب نے اپنے قدم گھر کی جانب بڑھائے جہاں آفیسر کی گاڑی گھر کے گیراج میں پارک تھی وہ سب بھی اندر بڑھ گئے...

I'm sorry you had to wait...

..دانش نے آفیسر کے قریب جا کر کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میں ابھی ابھی ہی آیا ہوں

..آفیسر نے بیلا کے بال بگاڑتے ہوئے محبت سے کہا

میں کل یہاں سے جا رہا ہوں...اور میں چاہتا ہوں اس دوران تم لوگ کم یہاں وہاں نکلو کیونکہ ارحم کے آدمی یہاں ہو سکتے ہیں...میں جیسے ہی ارحم کو ختم کر دوں گا تم لوگوں کو بتا دوں گا پھر آپ سب لوگ جہاں دل کرے وہاں جانا ویسے بھی یہ جگہ جنت سے کم نہیں ہے...بہت خوبصورتی ہے یہاں..

...آفیسر نے مسکراتے ہوئے کہا

...میں تمہارا شکریہ ادا نہیں کر سکتی تمہاری وجہ سے آج میری فیملی ایک ساتھ ہے

...ملیحہ بیگم نے آنکھوں میں آنسو لیے کہا

...کوئی بات نہیں میم یہ میرا فرض تھا

وہ نرمی سے بولا...اسی پل اسپرا کی نظر اپنی دادی ماں پر پڑی جو دروازے میں چھڑی پکڑ کر کھڑی تھی....

کیا ہوا دادی ماں آپ ٹھیک ہیں..؟؟

..اسپرا نے مسکراتے ہوئے پوچھا

مجھے چھوڑو تم اپنا بتاؤ تم ٹھیک ہو..؟؟

..انکے الفاظ پر اسکے چہرے کی مسکراہٹ سمٹی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ہاں میں ٹھیک ہوں آپ کیوں پوچھ رہی ہیں...؟؟

جس پر انہوں نے اپنے کندھے اچکائے اور باقی سب کی جانب بڑھ گئیں تو وہ حیرت سے انکی جانب دیکھتے ہوئے سوچنے لگی کہ آخر انکے زہن میں چل کیا رہا ہے... ؟؟

✸✸✸✸

اگلے دن آفیسر چلا گیا تو اسپرا دانش بیلا اور حمزہ باغ میں چلے گئے جہاں حمزہ درخت پر چڑھتا تو بیلا بھی اسکے پیچھے پیچھے چڑھنے کی کوشش کرتی وہ دونوں کبھی درختوں سے پھل توڑتے تو کبھی جامن توڑ کر ایک دوسرے پر پھینکتے...

جبکہ اسپرا اور دانش پاس ہو کر بھی ساتھ نہیں تھے کہاں وہ دونوں مشکل سے ایک دوسرے بغیر وقت گزارتے تھے اور کہاں آج صرف اجنبیوں کی طرح کھڑے تھے...

تم ٹھیک ہو؟؟

اسپرا جو سامنے حمزہ اور بیلا کو شرارتیں کرتے دیکھ رہی تھی چونک کر دانش کی جانب دیکھا..

میں ٹھیک ہوں...

وہ اسکی جانب دیکھ کر مسکراتے ہوئے بولی...

دانش ہم لوگ آج ہیلر کے پاس جا رہے ہیں...

وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولی...

پری مجھے نہیں جانا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...دانش تم ابھی جس حالت میں ہو یہ میرا قصور ہے...پلیز مجھے تمہاری ہیلپ کرنے دو...پلیز...پلیز

...اسپرانے گھٹنوں کے بل بیٹھ کر اسکے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے کہا

..اوکے لیکن یہ آخری دفعہ ہے اگر اس نے ورک نہیں کیا تو تم مجھے کبھی بھی فورس نہیں کرو گی

...وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولا

....اوکے

وہ اسکی بات مانتے ہوئے بولی آخر وہ چلے بس

✸✸✸✸✸

وہاں پر سب ٹارچر آلات موجود ہیں نہ خاص کر ناخن...؟؟

...ارحم نے ڈارک روم سے باہر رک کر سوالیہ نظروں سے ذین کی جانب دیکھا

کیا مطلب ہے تم ان سب کا کیا کرو گے...؟؟

...زین نے حیرت اور پریشانی کے ملے جلے تاثرات میں پوچھا

...جو کہا ہے اسکا جواب دو...پلٹ کر سوال مت کرو

ارحم نے پلٹ کر ان آنکھوں سے زین کی جانب دیکھتے ہوئے کہا کہ اسکا وجود لرزا مگر جلد ہی خود کو

...کمپوز کر گیا

...ہاں موجود ہیں

...وہ سکون سے بولا اور پھر ایک نظر علی اور زبیر کی جانب دیکھا جو نہ میں مایوسی سے سر ہلا رہے تھے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہمم یہی ہے نہ جس نے میری پیٹھ پر وار کیا ہے

وہ سلگتے ہوئے لہجے میں اس شخص کی جانب دیکھتے ہوئے بولا جسے الیکٹرک کرسی پر بٹھا کر چین کے ساتھ باندھا ہوا تھا...

...پلیز رحم کھاؤ ہمیں یہاں سے جانے دو پلیز سوری

..وہ ارحم کو سامنے دیکھ کر گڑگڑانے لگا

تمہارے ایک لفظ سوری سے سب ٹھیک ہو جائے گا... ؟؟

ارحم نے کہہ کر اپنے ہاتھوں پر دستانے پہنے اور پھر باکس سے ایک بڑا سا ناخن ایسڈ میں ڈبو کر سامنے کرسی پر بیٹھے شخص کے بازو میں ہتھوڑی سے پیوست کرنے لگا... جسکی وجہ سے اس شخص کی چیخیں پورے کمرے میں گونجیں جو ارحم کو کسی میوزک سے کم نہیں لگیں..

. . . ایک گھنٹے کے بعد اس شخص کا سارا وجود ناخنوں سے بھرا پڑا تھا اور وہ چیخ چیخ کر پاگل ہو رہا تھا

....سکار پیور حم.....پلیز رحم کھاؤ...مجھے معاف کر دو...مجھے تم پر چھپ کر وار نہیں کروانا چاہئے تھا

وہ شدت سے روتے ہوئے درد سے کہنے لگا جبکہ اسکی بیٹی سیل میں الگ معافی کی بھیک مانگنے لگی....

تو پھر یہ غلطی کیوں کی...؟؟؟

وہ سکون سے اٹھ کر اسکے بازو سے چاقو کی مدد سے جلد اتارتے ہوئے پوچھنے لگا جس پر وہ پاگلوں کی طرح تکلیف بے بسی سے چیخنے اور رونے لگا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ارحم گارڈز آئیں ان کے پاس کچھ خبر ہے

...زبیر نے ڈارک روم میں آکر کہا

...وہ انتظار کر سکتے ابھی میں کچھ مصروف ہوں

...وہ اس شخص کے وجود پر مختلف کٹ لگاتے ہوئے بولا

...اسپرا کے بارے میں ہے

...زبیر کے الفاظ پر اسکے ہاتھ پل کو تھمے لیکن وہ اپنے کام پر جاری رہا

...انہیں اندر بھیج دو...اسکی بات پر دو آدمی اندر آئے

....س س سر میم کا کچھ پتہ نہیں چلا وہ

ابھی اسکے الفاظ مکمل بھی نہیں ہوئے تھے ارحم نے پلٹ کر اپنی جیب سے پسٹل نکال کر اس کے سر پر

...گولی مار دی

ت تم پاگل ہو گئے ہو... پہلے مونسٹر کم تھے کیا اب بالکل جنگلی ہو گئے ہو... مجھے اسی

...لیے وہ لڑکی نہیں پسند تھی... دیکھو کیا حال کر گئ ہے تمہارا... بالکل جانور بن گئے ہو

....زبیر نے اسکے ہاتھ سے پسٹل کھینچتے ہوئے غصے سے کہا

..مجھے یوز لیس آدمیوں کی کوئ ضرورت نہیں ہے اس لیے مار دیا

....اور ہاں ان لوگوں کو بندر کھو میں کل پھر آؤں گا...دھیرے دھیرے ماروں گا

وہ اپنے ہاتھ جاڑھتے ہوئے سکون سے بولا اور وہاں سے نکل گیا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ارحم مت کرو خود کے ساتھ ایسا...؟؟

زین نے اسکے برابر چلتے ہوئے کہا

...ہم اسے ڈھونڈ نکالے گے

...اسکے الفاظ پر ارحم نے قہقہہ لگایا

تمہیں کیا لگتا ہے اسے ڈھونڈنا مشکل ہے... نہیں بالکل بھی نہیں... میں بس اسے وقت دے رہا ہوں ...کچھ پل خوش رہنے کا

وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے مسکرایا جس پر زین اسکی جانب دیکھ کر رہ گیا کیونکہ وہ جانتا تھا وہ ٹھیک کہہ رہا ہے, بس وہ تھوڑا پریشان تھا اس کا یہ روپ دیکھ کر کیونکہ یہ والا پہلے والے سے بھی زیادہ ...بھیانک تھا

شام ہونے سے کچھ دیر پہلے عبدالجبار صاحب, حمزہ, اور اسپر ادانش کو لے کر ہیلر کے پاس چلے گئے جسکا گھر ٹاؤن کے آخر میں تھا....وہاں پہنچ کر حمزہ نے دروازہ کھٹکھٹایا تو ایک بوڑھی عورت خود کے ...وجود کے گرد چادر لپیٹ کر نمودار ہوئی

جب اسکی نظر وہیل چیئر پر بیٹھے دانش پر پڑی تو اس نے اپنا دروازہ کھول دیا کیونکہ وہ سمجھ گئی تھی کوئی ...مریض آیا ہے

...بیٹھے

جب وہ لوگ لیوینگ ایریا میں پہنچ گئے تو اس نے انہیں کاؤچ پر بیٹھنے کا اشارہ کیا...اور خود ...بھی ایک کرسی گھسیٹ کر اس پر بیٹھ گئی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

مجھے لگتا ہے تم سب لوگ یہاں اس ینگ مین کیلیئے آئے ہو کیونکہ باقی آپ تینوں تو بالکل ٹھیک لگ رہے...

..اس عورت نے اپنے چہرے پر مسکراہٹ سجاتے ہوئے کہا

.... آپ ٹھیک کہہ رہی ہیں ہم یہاں اسی کو لیکر آئے ہیں ڈاکٹر نے کہا ہے یہ اب چل نہیں

کیا میں نے تم سے اسکے پچھلے ٹریٹمنٹس کے بارے میں پوچھا بیٹا؟؟

انہوں نے عبدالجبار کی بات کو کاٹتے ہوئے پوچھا اور پھر دانش کی جانب دیکھنے لگی اس کے مسلسل دیکھنے پر اسپرا کو لگا جیسے یہ اسے دیکھ کر ہی واپس سے چلنا شروع کروادے گی...

میں دیکھ رہی ہوں تمہاری ٹانگیں مضبوط ہیں...؟؟

انہوں نے دانش کی ٹانگوں کی جانب دیکھتے ہوئے کہا جو شورٹس پہننے کی وجہ صاف نظر آرہی تھی اور فریکچر ہوئی ٹانگ پر موجود نشانات واضح تھے...

...ایک منٹ میں ابھی کچھ لائی

وہ کہہ کر ساتھ والے کمرے میں چلی گئ اور پھر کچھ دیر بعد ایک چھوٹی سی تیل کی ڈبی لیکر واپس حاضر ہوئی اور وہ ڈبی دانش کو پکڑا دی...

...اسے تین دن اپنی ٹانگ پر صبح و شام کو لگانا اور پھر چوتھے دن واپس سے یہاں آکر مجھ سے ملنا

وہ دانش کو ہدایات دے کر کرسی پر بیٹھ گئی...جب وہ لوگ ویسے ہی سٹیچو کی طرح وہاں بیٹھے رہے تو

..اس نے آئبرو اچکا کر انکی جانب دیکھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...کیا ہے اب..؟؟ جاؤ اپنے گھر... میں نے جو کہنا تھا کہہ دیا ہے

..وہ ان سب کی جانب دیکھتے ہوئے بولی

..لیکن آپ نے اسکا معائنہ تک نہیں کیا ہے

..حمزہ نے پریشانی سے کہا

...میں نے کیا ہے..جب تم بہت مصروف تھے میری جڑی بوٹیوں کا معائنہ کرنے میں

..وہ سائیڈ پر پڑی بوٹیوں کی جانب اشارہ کرتی ہوئی بولی جو حمزہ کافی وقت سے دیکھ رہا تھا

آپ نے کچھ بھی نہیں کیا... صرف ایک سٹوپڈ سا تیل پکڑا کر ہمیں یہاں سے رفو چکر ہونے کا بولا ...ہے

...حمزہ نے مشتعل ہوتے ہوئے کہا

بیٹا یہ سب میرے لیے نیا نہیں ہے.. تمہارا دوست میرے پہلے آنے والے مریضوں میں سے سب ...سے بہتر حالت میں ہے.. اسکی ٹانگ بہت جلد ٹھیک ہو جائے گی تم بس مجھ پر یقین رکھو

...انہوں نے سکون سے کہہ کر بات ختم کر دی

....بوڑھی آتما

...جب وہ سب گھر سے باہر نکل آئے تو حمزہ دانت پیستا ہوا بولا

...حمزہ ایسے کسی کو نہیں کہتے اور ہو سکتا ہے جو اس نے کہا ہے وہ ہی ٹھیک ہو

...عبدالجبار صاحب نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہمم چلے دیکھتے ہیں

...وہ ہامی بھرتا ہوا بولا

سب ٹھیک سے ہو گیا ہے نہ؟؟

...اسپرا کی نظر دانش پر پڑی جو اسے بہت خاموش لگا تو وہ اس سے پوچھنے لگی

...ہمم

ہم تین دن بعد واپس سے یہاں آئیں گے...؟؟

...اسپرا نے اسے یاد دلایا

...ہمم ضرور

...وہ آہستگی سے بولا اور پھر جلد ہی وہ سب لوگ گھر میں موجود تھے

✸✸✸✸

دانش نے وہ تیل رات میں اپنی ٹانگ پر لگایا جیسے اس بوڑھی عورت نے بتایا تھا لیکن آدھی رات میں ٹانگ میں اٹھنے والے ناقابل برداشت درد کی وجہ سے وہ اٹھ کر ناچاہتے ہوئے بھی چیخنے لگا جبکہ دوسری طرف حمزہ اس بوڑھی عورت کو کوسنے لگا جسکی وجہ سے اسکا دوست تکلیف سے پاگل ہو رہا تھا.. کچھ ہی لمحوں میں سب کے سب گھر والے اسکے کمرے میں موجود تھے دانش کو ایسے اذیت میں دیکھ کر اسپرا کی آنکھیں نم ہونے لگیں جو اپنے درد کو دبانے کیلئے سختی سے اپنے لب دانتوں کی مدد سے جکڑے ہوئے تھا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کچھ دیر بعد جب درد میں تھوڑی کمی آئی تو اس نے سب کو بار بار کہا کہ وہ لوگ جا کر اب آرام کر کے... اسکی بات مانتے ہوئے کچھ پل وہاں مزید رک کر وہ سب چلے گئے...

اگلے دن اسپرا صبح صبح باہر آئی تو پورچ میں اس نے دانش کو بہت خوش دیکھا تو وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی اسکی طرف بڑھ گئی...

آج کوئی بہت جلدی اٹھ گیا ہے کوئی سیکریٹ...؟؟ جہاں تک مجھے پتہ ہے تم صبح صبح اٹھنے والوں میں سے نہیں ہو...

..اسپرا نے جا کر اسکے برابر کھڑے ہوتے ہوئے پوچھا

...میں بہت بہتر محسوس کر رہا ہوں

..دانش نے دل سے مسکراتے ہوئے کہا تو خوشی سے اسپرا کی آنکھیں چمکنے لگیں

اب درد کیسا ہے..؟؟

...اسپرا نے اسکی نیلی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھا

"...درد اب بالکل ختم ہو چکا ہے"

تو یہ وجہ ہے اس خوشی کی...؟؟

...اسپرا نے سیڑھیوں پر بیٹھتے ہوئے پوچھا

...ہاں بھی اور نہیں بھی

....میں خوش ہوں اسپرا تم نے مجھے منایا اس ہیلر کے پاس جانے کیلئے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اسکی بات پر اسپرا نے پوری توجہ اسکی جانب کی

جو ہوا اسکی وجہ سے میری ٹانگ بالکل ختم ہو چکی تھی پری... مجھے اپنی ٹانگ محسوس ہی نہیں ہوتی تھی... جسکی وجہ سے دل میں گھٹن اٹھتی تھی اور میں نے ڈاکٹر کی بات پر آسانی سے ہار مان لی تھی مگر آخری رات مختلف تھی... میں نے اپنی ٹانگ میں وہی درد محسوس کیا جو تب اٹھا تھا جب اس نے اس پر کلہاڑی ماری تھی... میں نے کبھی اپنی زندگی میں نہیں سوچا تھا درد بھی خوشی کی وجہ بن سکتا... اس درد کی وجہ سے مجھے اپنی ٹانگ واپس سے محسوس ہوئی ہے.. اور وہ ہیلر جو بھی کہے گی میں اسکی بات ضرور مانوں گا کیونکہ اسکے پاس ہنر ہے...

...وہ مسکراتے ہوئے بولا

جس پر اسپرا کے چہرے پر مسکراہٹ بکھری مجھے بھی شدت سے انتظار جب تم واپس چلو گے اور فٹبال کھیلو گے...

...وہ اسکے چہرے کی جانب دیکھتے ہوئے سوچنے لگی

باقی کا سارا دن بھی بہت اچھا گزرا عبدالجبار صاحب نے حمزہ کے ساتھ ملکر درختوں کی کٹائی کی اور نئے پودے لگائے جبکہ ملیحہ بیگم نے رانیہ اور اسپرا کے ساتھ ملکر کھانا بنایا اور دوسری طرف دانش نے فٹبال میچز ٹی وی پر دیکھے اور ساتھ میگزین پڑا, اور بیلا سب کو جاکر ڈسٹرب کرتی اور انکا کام کم کرنے کی بجائے بڑھا دیتی.. اور رہی رابیعہ بیگم وہ لان میں بیٹھ کر سویٹر بنتی رہیں...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

شام میں جب عبدالجبار صاحب نے گارڈن کو پوری طرح نکھار دیا تو اسپر اسراہتی نظروں سے حمزہ اور اپنے پاپا کی کارکردگی دیکھنے لگی تبھی اسکے کان ملیحہ بیگم کے چلا کر عبدالجبار صاحب کو پکارنے کی آواز آئی جس پر سب بھاگ کر انکے پاس گئے جو ٹی وی کو حیرت سے دیکھ رہی تھیں..

زرائع کا کہنا ہے کہ اس آدمی کا بری طرح قتل کر کے آدھی رات کو سڑک کے درمیان میں پھینک دیا گیا.." "

...اسپر اکی نظر جب ڈیڈ باڈی پر پڑی تو اس نے رپورٹر کو چھوڑ کر اسکی جانب گہری نظروں سے دیکھا

...یہ تو مائشہ کے آدمیوں میں سے ایک ہے

اسپر انے وہ رات یاد کرتے ہوئے کہا جب مائشہ اچانک سے اپنے آدمیوں کے ساتھ نمودار ہو گئی تھی...

...ہاں اسی کا ہے

دانش نے اس آدمی کی ڈیڈ باڈی کی جانب دیکھتے ہوئے کہا جس کے دل کے مقام پر تین گولیاں لگی ہوئی تھیں..

یہ سنان آخر کیا کر رہا ہے..؟؟ کیا وہ یہ سب ایسے ہینڈل کرے گا...؟؟

..عبدالجبار صاحب غصے سے بولے

آفیسر نے رات اس حادثے کے بعد مجھے کال کی تھی پوچھ رہا تھا کہ ہم سب ٹھیک ہیں اور ساتھ میں یہ بھی بتایا کہ ارحم کا دیہان ہم لوگوں سے ہٹ کر آجکل مائشہ اور اسکے پاپا کو ڈھونڈنے پر ہے جو اس سے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

..چھپے ہوئے ہیں

..دانش نے پریشانی سے بتایا

آفیسر کو مکمل طور پر یقین نہیں ہے... کیا اگر وہ ہمارے ٹاؤن گیا ہو؟؟ تمہارے پیرنٹس اور دوستوں کا کیا...؟؟

...عبدالجبار صاحب کے الفاظ پر دانش اپنی سیٹ پر انکمفرٹیبلی شفٹ ہونے لگا

...وہاں موجود ہر شخص ٹھیک ہو گا

حمزہ نے سلگتے ہوئے لہجے میں کہا مگر وہ اپنی آنکھوں میں اپنے ہیرنٹس اور فائقہ کو کچھ ہو ...جانے کا خوف نہیں چھپا پایا

ہم کچھ نہیں کر سکتے عبدالجبار... سوچ کر دیکھو وہ ایک کرمنل ہے... کوئی چانس نہیں ہے کہ ہم اس ..سے الجھے... آفیسر کو اپنی ڈیوٹی کرنے دو... وہ خود ہی دیکھ لے گا

.ملیحہ بیگم نے کاؤچ پر بیٹھتے ہوئے کہا

اس سے پہلے عبدالجبار صاحب کچھ کہتے رابیعہ بیگم نے ٹی وی ریموٹ کی مدد سے بند کر دیا جو سویٹر بن رہی تھیں... جس کی وجہ سے سب ہی خاموش ہو گئے جبکہ عبدالجبار صاحب غصے سے وہاں سے نکل گئے جنکے پیچھے دانش بھی چلا گیا.. ملیحہ بیگم اپنے کام میں مصروف ہو گئیں اور دانش بھی ...میگزین اٹھا کر ریڈ کرنے لگا

ماما کی بات ٹھیک ہے مگر ارحم چپ رہنے والوں میں سے نہیں ہے ایسا نہیں ہو سکتا کہ وہ مجھے نہ ڈھونڈ رہا ...ہو

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

آخر ارحم تمہارا کیا پلین ہے...؟؟

تم کیا سوچ رہے ہو...؟؟

اسپرا خود سے بڑبڑاتی کب ایٹک میں پہنچ گئ اسے احساس بھی نہیں ہوا... یہ جگہ بیلا کی پسندیدہ تھی وہ اکثر یہاں آکر اپنا وقت گزارتی.. اس نے نظر اٹھا کر سامنے دیکھا تو بیلا کرسی پر بیٹھی ہاتھ میں ڈول پکڑے کھڑکی سے باہر دیکھنے میں مصروف تھی جسکی پشت اسکی جانب تھی...

بیلا...

اسپرا کی پکار پر اس نے پلٹ کر اسکی جانب دیکھا..

تم ٹھیک ہو؟؟

وہ جب کچھ نہیں بولی تو وہ اسکے قریب جا کر پوچھنے لگی کیونکہ بیلا کا چپ رہنا کسی اچھی بات کی علامت نہیں تھی...

ہمم میں ٹھیک ہوں...

بیلا نے اپنا سر نیچے جھکا کر نرمی سے کہا تو اسپرا گھٹنوں کے بل کرسی کے سامنے بیٹھ گئ اور بیلا کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لیے...

میں جانتی ہوں تمہیں کوئی چیز پریشان کر رہی ہے چلو جلدی سے بتاؤ وہ کیا ہے...؟؟ اسپرا نے اسکی براؤن آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کیاوہ ہمیں واپس سے کڈنیپ کر کے لے جائیں گے ؟؟

اگر اسپرا اسکے بالکل قریب نہ بیٹھی ہوتی تو وہ بیلا کی آواز میں کپکپاہٹ محسوس نہیں کر پاتی... اسکے سوال پر اسکا دل تیزی سے دھڑکا...

نہیں میری جان.... کوئی بھی تمہیں یا باقی گھر کے کسی بھی میمبر کو اٹھا کر نہیں لے کر جائے گا... اسپرا نے پیار سے اسکے گال سہلاتے ہوئے کہا..

میں جانتی ہوں... اس ٹیٹو مونسٹر نے تمہیں بہت ہرٹ کیا ہو گا...

بیلا نم آنکھوں سے بولی تو اسپرا نے جلدی سے آگے بڑھ کر اسے اپنے سینے سے لگا لیا..

کیا میں تمہیں آج ایک سیکریٹ بتاؤں..؟؟

اسپرا نے اسکی آنکھوں سے آنسو صاف کر کے سرگوشی نما کہا جس پر بیلا کی آنکھیں چمکیں..

ہاں,ہاں پلیز...

وہ بھی اسکے کان میں سرگوشی نما بولی...

تھوڑا اور قریب آؤ...

اسپرا کی بات پر وہ اسکے گلے لگ گئی...

اس نے مجھے کبھی ہرٹ نہیں کیا تھا بلکہ وہ تو میرے ساتھ بہت زیادہ اچھا تھا...

اس کے الفاظ پر بیلا کی آنکھیں حیرت سے پھیلیں...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

سیریسلی...؟؟؟؟

...بیلا نے بے یقینی سے پوچھا

...جی سویٹ ہارٹ.. یہاں تک کہ اس نے مجھے چاکلیٹس بھی لا کر دیں

...اسپرا نے مسکراتی آنکھوں سے کہا

...واؤ پھر تو وہ سچ میں بہت اچھا ہے

..بیلا نے تالی بجا کر چہکتے ہوئے کہا جس پر اسپرا اسکے گال چوم کر ہنسنے لگی

...ہاں بہت اچھا ہے

...اسپرا نے اسکے بال بگاڑتے ہوئے کہا

...تم دونوں یہاں ہو

..رابعہ بیگم کے الفاظ پر دونوں نے پلٹ کر انکی جانب دیکھا

....میں کب سے تمہیں ڈھونڈ رہی تھی بیلا... تمہاری ماما تمہیں بلا رہی ہیں جاؤ انکی بات سنو

ان کے کہنے پر بیلا جلدی سے کرسی سے اتر کر نیچے کی طرف بھاگی جبکہ اسپرا نے اٹھ کر اپنی دادی کو

..سمائل پاس کی جو اسے تجسس سے دیکھ رہی تھیں

دادی ماں کیا میرے چہرے پر کچھ لگا ہے؟؟

..اسپرا نے اپنے چہرے پر ہاتھ لگاتے ہوئے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کیا تمہیں آج بھی دانش سے محبت ہے کیا لٹل پرنسس؟؟؟

...ان کے اچانک سے اس سوال پر اسپرا نے شاک سے انکی جانب دیکھا

.ظ ظاہری سی ب بات ہے دادی ماں... یہ بھی کوئی سوال ہے پوچھنے والا

وہ ان سے زیادہ خود کے کانوں کو اپنی بات کا یقین دلانے لگی مگر وہ مزید کچھ کہے سیڑھیاں اتر کر چلی گئیں جبکہ اسپرا حیرت و پریشانی سے وہاں کھڑی رہی... مگر جلد ہی خود کو کمپوز کر کے نیچے چلی گئی لیکن ....دادی ماں کا سوال ساری شام اسے پریشان کرتا رہا

کیا مجھے اب بھی محبت ہے دانش سے...؟؟

اوہ مائی گاڈ میں مانتی ہوں میری فیلنگز کچھ دیر کیلئے چھپ گئیں وہ بھی اس وجہ سے کیونکہ میں اس سے بہت دور رہی ہوں... ایک دفعہ ہم واپس سے ساتھ وقت گزاریں گے سب ٹھیک ہو جائے گا... مجھے ...اس بارے میں دانش سے بات کرنی چاہیے وہ خود سے بڑبڑانے لگی

..ڈنر کرنے کے بعد وہ اسکے کمرے میں چلی گئی تاکہ کچھ بات ہو سکے

کیا ہوا ہے پری...؟؟

...اسپرا کو اچانک سے اپنے کمرے میں دیکھ کر دانش پوچھنے لگا جو اپنی ٹانگ پر تیل لگا رہا تھا

...کچھ نہیں بس ایسے ہی

...اسپرا نے اس کے ہاتھ سے تیل پکڑ کر اسکے زخموں پر لگاتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

i think you don't need to baby sit me... i can do it by myself...

...وہ تیل پکڑتے ہوئے بولا

..ویری فنی میں بس ہیلپ کر رہی ہوں

...وہ آئبرو اچکاتے ہوئے بولی اور واپس سے تیل پکڑ کر لگانے لگی

دانش..؟؟

...اسپرا نے اسکی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا

...بولو جانم

..دانش کے الفاظ پر اسکے ہاتھ پل بھر کو رکے

اب آگے کیا ہو گا...؟؟

کیا مطلب؟؟

..دانش نے حیرت سے اسکی جانب دیکھا

مطلب میں واپس آگئی ہوں... کیا سب کچھ بدل گیا ہے...؟؟

..اسپرا نے پوچھا

کچھ بھی نہیں بدلا... سب ویسا ہی ہے... بس کچھ وقت کی بات ہے سب اپنے پرانے وقت پر آجائے گا...

...وہ مسکراتے ہوئے بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...تمہاری اس بات کا کیا مطلب ہے

..اسپرانے نا سمجھی سے اسکی جانب دیکھا

میں جانتا ہوں جو کچھ بھی ہوا تم ابھی تک اس سب سے باہر نہیں آپائی ہو... تمہیں وقت کی ضرورت ہے واپس سے اسی لائیف میں آنے کیلئے...اور میں تمہیں وہ وقت دوں گا...ہم دونوں اپنے ریلیشن کی جانب چھوٹے چھوٹے قدم اٹھائیں گے...جب ہم مکمل اس سب سے باہر آجائیں گے مجھے یقین ہے ....ہم اسے ایک برا خواب سمجھ کر بھول جائیں گے

..دانش نے ہیڈ بورڈ سے پشت لگاتے ہوئے کہا

....اسپرانے اس سے اس جواب کی توقع نہیں کی تھی اسے سمجھ ہی نہیں آرہا تھا اب آگے کیا بولے مطلب ابھی بھی اسے امید ہے ہم واپس سے ایک ساتھ ہو جائیں گے

...وہ لب چباتے ہوئے خود سے بڑبڑائی

ابھی بھی ہرٹ ہوتا ہے...؟؟

اسپرانے مساج ختم کرتے ہوئے زخموں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے پوچھا

...نہیں

..دانش نے سکون سے آنکھیں بند کرتے ہوئے کہا

.پتہ نہیں یہ آئل کیا ہے..؟؟ یہاں تک کہ مجھے اسکی خوشبو بھی سمجھ میں نہیں آرہی ہے

...وہ اٹھ کر آئل سائیڈ پر رکھتے ہوئے بولی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

it smells like goldenseal to me..

...دانش نے بتایا

..ہمم چلو جب تک یہ ورک کرتا ہے مجھے اس سے کوئی ایشو نہیں ہے

...اممم اوکے سویٹ ہارٹ شکریہ اس مساج کیلیئے

...وہ آنکھیں کھولتے ہوئے بولا

...ٹھیک ہے پھر تم سو جاؤ...میں بھی جاتی ہوں...گڈ نائیٹ

...وہ کہہ کر کمرے سے باہر نکل آئی

✸✸✸✸

نیند تو اس سے مکمل طور پر روٹھی ہوئی تھی اس نے ٹیبلٹ پکڑا اور گیم کھیلنے لگی...جب گیم بھی کھیل

...کھیل کر تھک گئی تو ٹیبلٹ پکڑے ہوئے ہی گارڈن میں آ گئی

اس نے ایک نظر گھر کے اندر دیکھا جہاں انتہائی خاموشی تھی اور ہر کوئی سویا ہوا تھا...جب اس کے

...دل پر قابو نہیں رہا تو اسنے گوگل پر ارحم کا نام سرچ کیا تا کہ ایک نظر اسکا چہرہ دیکھ سکے

بہت سی تصویریں گوگل پر نظر آنے لگی مگر اس نے وہ تصویر کھول لی جہاں وہ اسکے سر پر پسٹل رکھے

...کھڑا تھا...اسکی نظر میں ہاٹل والا منظر گھوما جب ان لوگوں پر اچانک سے حملہ ہو گیا تھا

...وہ تصویر زوم کر کے اسکا چہرہ دیکھنے لگی جہاں اسکی آنکھوں میں جنون اور سرمہری تھی

مجھے حیرت ہے میں نے تم جیسے مونسٹر کے ساتھ ایک سال کیسے گزار لیا اور مجھے احساس بھی نہیں

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

.....ہوا

....میں تمہاری مسکراہٹ,باتوں,اور پرسنلٹی میں اس قدر کھو جاتی کہ اپنی فیملی کو ہی بھول جاتی

ڈیم تم کتنی محنت کر رہے تھے ہم دونوں ایک ہو جائیں...اور دوسری جانب میں اتنی ہی محنت کر رہی تھی ہم علیحدہ ہو جائیں...

...وہ نم آنکھوں سے اسکے چہرے کو اپنے ہاتھوں سے چھوتے ہوئے بولی

...اگر میں وہاں سے بھاگ کر نہیں آتی تو کیا پتہ تم خود مجھے میری فیملی سے ملوا دیتے

تم تو جانتے بھی نہیں تھے زین نے مجھے میری فیملی کا بتا دیا ہے کیا پتہ تم مجھے اچانک ان سے ملوا کر سرپرائز دیتے...

...وہ سوچتے ہوئے کب رونے لگی اسے احساس بھی نہیں ہوا

"Simple you caught my eyes..

so i realized you must be in my arms.. "

...اس کے ذہن میں ارحم کے الفاظ آسمائے جب وہ اسے لینے ان کے گھر آیا تھا

"...مکمل لباس میں تم اور بھی حسین اور دلکش لگتی ہو"

پھر اسکے الفاظ اسکے ذہن میں گونجے تو اس نے نم آنکھوں سے اپنے کپڑوں کی جانب دیکھا جہاں وہ کیپری اور شارٹ فراک میں ملبوس تھی...

وہ نم آنکھوں سے مسکرادی...کیونکہ یہاں واپس آکر جینز اور شارٹ شرٹس میں وہ خود کو مطمئن محسوس نہیں کر رہی تھی تو اس نے رانیہ سے بول کر ایمرجنسی کچھ سوٹ سلوائے تھے...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اور ہاں اگر کوئی تم سے پوچھے تم میری کون ہو تو بول دینا"

You are my wife..

My feisty woman..

...جو شدید قسم کی ضدی اور پاگل ہے

...سوال اور باتیں اس قدر کرتی ہے کہ میرے کانوں سے خون بہنے لگتا ہے

"...یقین کرو لوگوں کو تم پر نہیں بلکہ مجھ پر ترس آئے گا

اس کی باتیں اسکے ذہن میں ہتھوڑی کی مانند لگنے لگی...جب اسے خود کو سنبھالنا مشکل ہو گیا تو وہ بے بسی سے شدت سے رونے لگی

م میں جانتی ہوں مجھے تمہیں نہیں چھوڑنا چاہیے تھا...لیکن میری فیملی کا کیا...میں انہیں بہت مس کرتی تھی...مجھے یہ سکون, تحفظ اور خوشیوں بھری زندگی واپس سے جینی تھی...

...وہ اسکی تصویر خود کے سینے سے لگا کر روتے ہوئے خود سے بڑبڑانے لگی

یہ کوئی کہانیوں والی زندگی نہیں ہے کہ جہاں ایک شخص سب تباہ کر دے پھر بھی اسکے ساتھ خوشی خوشی رہا جائے... یہ نارمل زندگی ہے جہاں ہم ایسے شخص کے ساتھ ساری زندگی نہیں گزار سکتے جس نے آپکو زبردستی خود کے ساتھ رکھا ہو اور جو مافیہ کی دنیا کا بادشاہ ہو....

یہ تمہاری نہیں میری غلطی ہے جو میں تمہارے ساتھ اتنا اٹیچ ہو گئی کہ تمہارا ہنسنا, بولنا, مسکرانا مجھ پر اپنے تاثرات چھوڑنے لگا...مجھے تمہارے لیے یہ فیلنگز نہیں رکھنی چاہئے جو ایک کرمنل ہے اور جس سے آس پاس کی ساری دنیا ڈرتی ہے...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

"...خوبصورت رات,اور اس حسین رات میں بہتے پیارے سے آنسو"

وہ جو خود کی ذات سے الجھ رہی تھی اچانک سے اپنے پیچھے دادی ماں کی آواز سن کر وہ جلدی سے سیدھی ہو کر اپنے آنسو صاف کرنے لگی..

...تم رک کیوں گئی ہو...؟؟تم بیٹھ کر رو سکتی ہو... آئی پرامس میں تمہیں ڈسٹرب نہیں کروں گی

...وہ چیئر پر بیٹھ کر سکون سے بولیں... جس پر اسپرا خاموشی سے اپنے آنسو صاف کرنے لگی

You miss him... Don't you..??

..انہوں نے نرمی سے پوچھا

yes, yes, yes very much...

...اسپرا نے بے بسی سے واپس سے روتے ہوئے سچائی کا مظاہرہ کیا

تو پھر تم اس کے پاس واپس کیوں نہیں چلی جاتی...؟؟

...انہوں نے آسمان کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا

...آپ نہیں سمجھتی ہیں دادی ماں... آپ بالکل نہیں سمجھتی

وہ اپنے ہاتھ کی پشت سے آنسو صاف کرتے ہوئے بولی.. جس پر وہ مسکرائیں اور سکون سے اسکی جانب دیکھنے لگیں..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ہو سکتا ہے میں تمہیں نہیں سمجھتی... کیا تم خود اپنے آپ کو سمجھتی ہو؟؟

ان کے سوال نے اسپرا کی مکمل توجہ کھینچی جس پر اس نے نم آنکھوں کے ساتھ نہ میں سر ہلایا تو وہ سانس کھینچ کر رہ گئیں...

اپنے دل کی سنو ڈورا, دماغ کی نہیں..

وہ اسکی جانب دیکھتے ہوئے بولیں...

میں کیسے سنو دل کی دادی ماں...؟؟ اس نے زبردستی مجھے خود کے پاس رکھا... اس نے میرے پیرنٹس کو کڈنیپ کروایا.. اس نے مجھ سے میری نارمل زندگی چھین لی... میں کیسے اس دل کی سن سکتی ہوں دادی ماں جو بس ایک ہی رٹ لگا بیٹھا ہے جاؤ اسکے پاس واپس..

اسپرا نے مشتعل ہوتے ہوئے کہا...

تم نے کہا اس نے زبردستی تمہیں اپنے پاس رکھا ہوا تھا..... پھر تم کیوں واپس اسی کے پاس جانا چاہتی ہو..؟؟

انہوں نے پرسکون لہجے میں پوچھا جس پر اسپرا خاموش رہی کیونکہ وجہ تو وہ خود بھی نہیں جانتی تھی..

تمہارے پرینٹس کے ساتھ قیدیوں والا سلوک کبھی روا نہیں رکھا گیا... وہ ایک گھر میں بند ضرور تھے ڈورا... لیکن وہ قید ہو کر بھی قید نہیں تھے.... اس گھر میں انہیں آرائش زندگی کی ہر سہولت مہیا تھی... مانتی ہو اس بات کو..؟؟

ہاں میں مانتی ہوں... لیکن اس نے جو کیا وہ غیر قانونی ہے...

وہ اپنے پاپا کے الفاظ یاد کرتے ہوئے بولی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ہاں میں تمہاری بات سے متفق ہوں... لیکن ڈورا تم دیکھتی ہو نہ لوگ ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں... انکا اپنے احساسات کا اظہار کرنے کا طریقہ بھی مختلف ہوتا ہے... ہمیں کوئی حق نہیں ہے ....دوسروں کو انکے رہنے کے انداز سے جج کرنے کا

...وہ نرمی سے اسپرا کو سمجھانے لگی

...تو آپ کے کہنے کا مطلب ہے وہ صرف اپنے اموشن واضح کر رہا تھا یہ بالکل بکواس ہے

...وہ چڑتے ہوئے بولی

.... یہاں پر اگر کچھ بکواس ہے تو وہ تمہاری سوچ ہے.... تم سوچتی ہی بکواس طریقے سے ہو

انہوں نے مسکراتے ہوئے کہا تو وہ خاموشی سے اپنی کنپٹیوں پر ہاتھ رکھ کر انہیں رگڑنے لگی

...ساتھ سوچنے لگی آخر دادی ماں کہہ کیا رہی ہیں

سوچو سوچو... زرا گہرائی میں جا کر سوچو تم نے اس میں صرف مونسٹر کو دیکھا ہے جو لوگ دیکھتے آئے ہیں... ؟؟ یا تم نے اس کی ذات میں کچھ الگ, کچھ انوکھا اور بہت پیارا بھی دیکھا ہے... ؟؟

...ان کے کہنے پر اسپرا اپنا اور ارحم کا ساتھ گزارا گیا وقت سوچنے لگی

...اس دنیا میں بہت زیادہ محبت ہے ڈورا لیکن ہمارے پاس بہت کم وقت ہے اسے دیکھنے کا

وہ چاہتا تو تمہارے ماں باپ کو اسی دن قتل کر کے پھینک جاتا مگر اس نے ایسا نہیں کیا اور نہ ہی تمہیں بتایا کہ وہ زندہ ہیں... وہ بس چاہتا تھا تم اس کی ذات کو ویسے ہی اپناؤ جیسا وہ ہے.

..انہوں نے درختوں پر اڑتے جگنوؤں کو دیکھتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

لیکن اگر میں اسے ویسے اپنانا نہ چاہوں جیسا وہ ہے...؟؟؟

اور کیا اگر میں اسے اپنانا ہی نہ چاہوں کبھی بھی...؟؟

تو پھر کیا...؟؟

...اسپرا نے سوالیہ نظروں سے انکی جانب دیکھا

پھر تم رات کے اس پہر اسکی تصویر سینے سے لگائے پاگلوں کی طرح اسے سوچتے ہوئے کیوں رو رہی تھی... ؟؟

...انہوں نے جواب دینے کی بجائے الٹا سوال پوچھا

ڈیم اٹ دادی ماں...پلیز اسے میرے لیے اور مشکل مت بنائے جب یہ پہلے ہی بہت زیادہ ہے....

اسپرا نے اپنے بال کھینچتے ہوئے تکلیف اور غصے کے ملے جلے تاثرات میں کہا جس پر انہوں نے قہقہہ لگایا...

...دادی ماں

...اسپرا نے دانت پیستے ہوئے کہا

تم اپنے دماغ سے سوچ رہی ہو...اسلیے تمہیں اتنی مشکل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے میری جان...میرا کوئی قصور نہیں...

....وہ مسکراتی ہوئی بولیں

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...دادی ماں پلیز

..اسپرا نے انکی گود میں سر رکھتے ہوئے کہا تو وہ اسکے بالوں میں انگلیاں چلانے لگیں

...تمارا دل جو چاہتا ہے ویسا کرو,اس دل کی سنو

...تمہارے پیرنٹس تمہیں صرف خوش دیکھنا چاہتے ہیں چاہے کچھ بھی ہو

...اسلیے آس پاس لوگ کیا کہتے ہیں...کسی کی مت سنو

....بس وہ کرو جس پر تمہارے چہرے پر مسکراہٹ بکھرے نہ کہ یہ آنسو

..وہ اسکی آنکھوں سے آنسو چنتے ہوئے کہنے لگیں

...وہ ایک کرمنل ہے..ہر کوئی اس سے ڈرتا ہے

...اسپرا نے بھیگے لہجے میں کہا

...اس کے پاس بھی دل ہے..یہ کبھی مت بھولنا

وہ اسکے چہرے پر ہاتھ رکھ کر اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولیں...اور پھر اسے خود سے دور کرکے اٹھ گئیں...

....دادی ماں وہ زندہ رہنے کیلیئے لوگوں کی جانیں لیتا ہے

...اسپرا نے انکو آگے بڑھتے دیکھا تو ایک اور وجہ دی جس پر وہ آہستگی سے پلٹیں

...تم ٹھیک کہہ رہی ہو وہ زندہ رہنے کیلیئے لوگوں کی جانیں لیتا ہے

...اسپرا نے سکون بھرا سانس کھینچا دادی ماں کسی بات پر تو متفق ہوئیں

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...مگر وہ زندہ رہنے کیلیئے لوگوں کی جانیں لیتا ہے, جینے کیلیئے نہیں

....اور تم اچھے سے جانتی ہو ڈورا زندہ رہنے کیلیئے وجوہات بدلی جاسکتیں ہیں مگر جینے کیلیئے نہیں

ان کی اتنی گہری بات پر وہ سر تھام کر رہ گئ اور پھر نظر اٹھا کر انکی جانب دیکھا جو تقریبا گھر میں داخل ہونے لگی تھیں...

.....اور آخری بات....شوہر سے محبت کرنا گناہ نہیں

اس پاک ذات نے نکاح کے دو بولو میں میاں بیوی کے رشتے میں محبت رکھی ہے...کیونکہ اس رب کو یہ رشتہ بہت ہی پیارا لگتا ہے....

..وہ یہ کہہ کر اسپرا کو اسکی سوچوں کے بھنور میں چھوڑ کر اندر بڑھ گئیں

تین دن مسلسل بوڑھی عورت کے کہے کے مطابق تیل لگانے کے بعد وہ لوگ چوتھے دن واپس سے اسکے پاس جانے کیلیئے گھر سے نکل گئے...اس دفعہ دانش اس ہیلر کے پاس جانے کیلیئے بہت پرجوش تھا کیونکہ اس نے اپنی ٹانگ میں تبدیلی صاف محسوس کی تھی...

اگر میں ایک سال ارحم کے پاس نہیں رہی ہوتی تو میری بھی گریجویشن ہو جاتی...پورا ایک سال ضائع گیا ہے...

...راستے میں وہ جو خود سے بڑبڑانے لگی تھی اچانک سے اسکے ذہن میں ایک سوال آسمایا

یا خدا میں تو یہ بھی نہیں جانتی اسکی عمر کیا ہے...؟؟؟

ڈیم اٹ کیا عمر ہو گی اسکی...؟؟

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ایک منٹ وہ مجھ سے تو بوڑھا نہیں لگتا... اور اللہ کا شکر ہے میں نے اسکے سر میں کوئی سفید بال بھی نہیں دیکھا...

کیا اگر اسکی عمر تیس سال ہو تو وہ مجھ سے پھر بھی 9 سال بڑا ہوتا... مگر وہ اس قدر ہنڈسم ہے 30 کا تو نہیں لگتا ضرور 25 کا ہو گا... ہاں بس اتنے کا ہی ہو گا....

وہ کھڑکی سے باہر دیکھتے ہوئے دل ہی دل میں سوچنے لگی...

اتنی ہی عمر ہے نہ اسکی...؟؟

وہ آسمان کی جانب دیکھتے ہوئے پھر سے سوچنے لگی آج اسے دادی ماں کی باتوں سے زیادہ ارحم کی اتنی پریشان کرنے لگی....

اسپرا پہنچ گئے ہیں چلو...

دانش نے اسکے سامنے چٹکی بجاتے ہوئے کہا تو وہ ہوش کی دنیا میں آئی پھر وہ لوگ گاڑی سے نکل کر ہیلر کے گھر کے سامنے جا کھڑے ہوئے جسکا دروازہ آج پہلے سے ہی کھلا ہوا تھا..

اندر آؤ، اندر آؤ...

ہیلر نے خوشی سے چہکتے ہوئے کہا تو وہ اندر جا کر کاؤچ پر بیٹھ گئے...

آج اسے کیا ہوا ہے بھلا...؟؟

حمزہ کے کہنے پر اسپرا نے جلدی سے اپنے لب پر انگلی رکھ کر اسے خاموش رہنے کا اشارہ کیا...

تبھی ہیلر واپس آئی اور اسکے ہاتھ میں ٹرے تھی جس میں چائے کے تین کپ تھے جو انہوں نے دانش اسپرا اور حمزہ کی جانب بڑھا دیئے اور خود بھی کرسی لے کر ادھر ہی بیٹھ گئیں..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میں دیکھ رہی ہوں تم نے میری ہدایات پر عمل کیا ہے

...ہیلر نے دانش کی ٹانگ کی جانب دیکھتے ہوئے کہا

جی میں نے کیا ہے.... میں نے سوچا بھی نہیں تھا میں واپس سے اپنی ٹانگ محسوس کر پاؤں گا مگر میں نے کی ہے...

...دانش نے مسکراتے ہوئے کہا جس پر ہیلر خاموش رہی اور شفقت سے دانش کا کندھا تھپتھایا

آپ نے یہ کیسے کیا ہے...؟؟ مطلب اس تیل میں ایسا بھی کیا جادو تھا کہ جو جدید علاج نہیں کر پایا اس نے کر دکھایا...

..حمزہ نے پروفیشنل طریقے سے پوچھا تو وہ مسکرانے لگیں

میں ایک سیدھی سادی سی عورت ہوں مجھے ان جدید دور کی میڈیسنز کے بارے میں کچھ نہیں پتا... میں قدرتی جڑی بوٹیوں پر یقین رکھتی ہوں... جو خالص ہوتی ہیں کسی بھی ملاوٹ سے پاک...

...وہ دانش کی ٹانگ کا اپنے ہاتھوں سے معائنہ کرتے ہوئے بتانے لگی

...اوکے... لیکن میں بہت حیران ہوا تھا جس چیز کو ڈاکٹروں نے انکار کر دیا تھا آپ نے کر دکھایا

...حمزہ نے پانی میں بھیگی بوٹیوں کی جانب دیکھتے ہوئے کہا

ہم لوگ ہمیشہ چھوٹی سی بیماری کو اتنا بڑا بنا لیتے ہیں اور مجھے سمجھ نہیں آتا ڈاکٹروں نے ایسا کیوں کہا...

...جہاں تک میں دیکھ رہی ہوں اس بچے کے واپس چلنے کے چانسز بہت زیادہ ہیں

رہی بات تیل کی... وہ میں نے بہت سی جڑی بوٹیوں استعمال کر کے بنایا تھا.. یہ بہت پہلے کا بنا ہوا ہے مجھے ابھی یاد نہیں کون کون سی بوٹیاں لی تھیں... میں نے ساری تفصیل ایک کتاب میں لکھی ہوئی ہے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

جہاں سے پتہ چل جائے گا... ابھی جو مجھے یاد ہے نام وہ سرس گاچھ, خوشبودار سبزی کے ہیں

...باقی کچھ یاد نہیں... اگر تمہیں جاننا ہے تو میں کتاب ڈھونڈ دیتی ہوں

..وہ حمزہ کی جانب دیکھتے ہوئے بولیں

...کتاب چھوڑیں... آئی پرامس آپ نے جو بھی کیا بہت کمال تھا... میں بہت خوش ہوں... شکریہ

..حمزہ کے بولنے سے پہلے دانش مشکور نظروں سے انہیں دیکھتے ہوئے بولا

...کوئی بات نہیں بیٹا... میں نے تمہاری ٹانگ دیکھ لی ہے... رکو میں تمہارے لیے کچھ لاتی ہوں

...وہ اٹھ کر کیچن میں گئیں اور وہاں سے کافی زیادہ پتے لا کر دانش کے ہاتھ میں تھمائے

...انہیں کرش کر کے اپنی ٹانگ پر لگانا اور ساتھ اسکا سوپ بنا کر دن میں ایک بار لازمی پینا

..وہ اسے ہدایات دینے لگیں

اگر میں سچ کہوں تو میرے لیے ابھی بھی یقین کرنا مشکل ہے کہ اسکا علاج جڑی بوٹیوں اور پتوں سے

...ہو سکتا ہے

حمزہ کی بات پر اسپرا کا دل کیا اس کے منہ پر پنچ مارے... پتہ نہیں یہ لڑکا پنگے لیے بغیر کیوں نہیں رہ

...سکتا

خیر جیسے تمہیں میری جڑی بوٹیوں پر نہیں یقین ویسے ہی مجھے تمہاری جدید دور کی میڈیسنز پر نہیں

...یقین

کسی انسان کے صحت مند ہونے کیلئے ضروری ہے کہ پہلے وہ خود پر یقین کرے وہ یہ کر سکتا ہے... اور یہ یقین انسان خود پر بہت مشکل سے کرتا ہے... ہاں مگر جب وہ ایک بار خود پر یہ یقین حاصل کر لیتا ہے تو

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...وہ ٹھیک ہونے لگتا ہے

...ہیلر کی بات پر حمزہ اسے دیکھ کر رہ گیا جبکہ اسپرا نے اسکے بازو پر چٹکی کاٹ کر خاموش رہنے کا کہا

تمہاری ٹانگیں کافی صحتمند اور مضبوط ہیں.. تمہیں تین ماہ سے زیادہ وقت نہیں لگے گا واپس سے چلنے میں.... جیسے کہ تمہارا آپریشن کامیاب ہوا تھا اسلیے تمہاری ٹانگ جڑ چکی ہے... میں نے تمہیں جو تیل دیا تھا اس نے تمہارے مسلز اور ہڈیوں کو ٹرگر کرنا تھا جسکی وجہ سے تمہیں کافی درد بھی ہوا ہو گا... مجھے یقین ہے.؟؟

..ہیلر نے دانش کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا

...ہاں وہ درد نا قابلِ برداشت تھا

...دانش نے وہ رات یاد کرتے ہوئے کہا

تم اپنی ٹانگی اب محسوس کر سکتے ہو...؟؟

انہوں نے اسکے جوائنٹ کو دباتے ہوئے پوچھا جس سے وہ درد سے اپنے لب دانتوں میں دبا گیا...

...ج جی ہونے لگی ہے محسوس

وہ درد بھری آواز میں بولا

ہمم جو میں نے کہا ہے بالکل ویسا ہی کرو اور ہاں اپنی ٹانگ کی ایکسر سائز اور مساج روزانہ لازمی کرنا...

...اب تم لوگ تین ماہ کے بعد میرے پاس آنا... ٹھیک ہے اب آپ لوگ جا سکتے

...وہ اپنی بات ختم کرتے ہوئے اٹھ گئی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اوکے آپکی فیس کیا ہے...؟؟

..حمزہ نے سوال کیا تو اسپرا اسے گھور کر رہ گئ

...میں اسکے بارے میں تب بات کروں گی جب تم لوگ تین ماہ بعد آؤ گے

..وہ کہہ کر کپ اٹھا کر کیچن کی جانب بڑھ گئیں

...اور ہاں اگلی دفعہ جب آپ لوگ آؤ تو یہ وہیل چیئر نہ ساتھ لانا...بہت گندگی ڈالتی ہے یہ

...جب وہ لوگ گھر کا دروازہ کراس کرنے لگے تو ہیلر کے الفاظ پر پلٹ کر اسکی جانب دیکھنے لگے

تو پھر یہ آئے گا کیسے... ؟؟

...حمزہ نے ایک ایک لفظ چبا کر کہا

...مائ سن...اسے تب ضرورت ہی نہیں ہو گی اسکی...وہ اپنے قدموں پر چل کے آئے گا

...وہ مسکراتی کوئ بولی

وہ اتنے یقین کے ساتھ کیسے کہہ سکتیں کہ تم چل کر ہی جاؤ گے...؟؟

...جب وہ لوگ گھر پہنچ گئے تو حمزہ چڑتے ہوئے بولا

...حمزہ تمہیں انکے ہنر پر شک ہے..؟؟یا اپنے دوست پر یقین نہیں ہے

...دانش نے اسکی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

...یار ظاہری سی بات ہے ان پر شک ہے... تجھ پر کیوں ہو گا

...وہ کاؤچ پر بیلا کے برابر بیٹھتا ہوا بولا جو ٹی وی دیکھ رہی تھی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

تمہارے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ تمہیں انکے علاج پر بھروسہ نہیں ہے اور یہاں صرف ہم اپنا وقت برباد کر رہے ہے...

دانش نے مسکراتے ہوئے پوچھا تو وہ اپنے لب بھینچ کر رہ گیا...

تم جانتے ہو میرا یہ مطلب نہیں ہے... میں چاہتا ہوں تم ویسا کرو جیسا ہیلر نے کہا ہے اگر اسکے کہنے کے مطابق تم تین ماہ میں ٹھیک ہو جاؤ تو پھر اور کیا چاہئے.. مجھے بس ویسے ہی یہ جڑی بوٹیوں والا علاج ہضم نہیں ہو رہا...

وہ منہ بسورتے ہوئے بولا...

تم بچے مجھے سکون سے دو پل سونے نہیں دو گے. جب ہیلر نے کہا ہے وہ ٹھیک ہو جائے گا تو مطلب وہ ٹھیک ہو جائے گا حمزہ کیونکہ وہ ماہر ہے اس سب میں...

اور لاؤ بچے یہ سارے پتے مجھے پکڑاؤ میں کیچن میں رکھ دیتی ہوں...

وہ اپنے کمرے سے نکل کر انہیں بولنے کے بعد پتے لے کر کیچن کی طرف بڑھ گئیں...

اوکے میں بھی چلتا ہوں انکل کی کچھ مدد کرنے... پتا نہیں کھیتوں میں کیا کر رہے ہوں گے...

حمزہ کہہ کر گھر سے نکل گیا...

کارڈز کھیلیں...؟؟

دانش نے اسپرا کو سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے کارڈز کی جانب اشارہ کیا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اوکے آجاؤ

اسپرانے کندھے اچکاتے ہوئے کہا تو دونوں صوفہ پر بیٹھ کر کارڈز کھیلنے لگے.... ایسے ہی کافی ...وقت انہوں نے کھیلتے, ہنستے اور مزاق کرتے ہوئے گزارا

یہاں پر ایکسر سائز کلاسز ہوتی ہیں...؟؟

...دانش کے سوال پر اسپرا سوچنے لگی

...امم ٹاؤن سے کوئی نہ کوئی ٹرینر لازمی مل جائے گا... میں ماما کو بولتی ہوں وہ ارینج کروا دیں گی

...اسپرانے مسکراتے ہوئے کہا

...یار مجھے صبر ہی نہیں ہو رہا دل کر رہا ہے یہ خبر اپنے پیرنٹس کو بھی دوں

...وہ کارڈز سائیڈ پر رکھتے ہوئے بولا

نہیں ابھی نہیں... ایک دفعہ تم ٹھیک ہو جاؤ تو اپنے قدموں پر چل کر جا کے اپنے گھر کا دروازہ ...کھٹکھٹانا... یقین کرو ماموممانی کیلیے یہ دنیا کا بہترین سرپرائز ہو گا

...اسپرانے مشورہ دیا

...واؤ یہ بہت اچھا آئیڈیا ہے

...اس نے چہکتے ہوئے کہا

...چلو آجاؤ ڈنر ریڈی ہے

...ملیحہ بیگم نے لیونگ ایریا میں داخل ہوتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اوکے ماما آرہے

اسپرا نے کہاتو پھر وہ دونوں ڈائننگ ٹیبل کی جانب بڑھ گ ئے جہاں ان سب نے ملکر کھانا کھایا....اسکے بعد رابیعہ بیگم نے پتوں کا اچھا سا لیب بنا کر دانش کو لگانے میں مدد کی جس کے بعد سب اپنے اپنے کمرے میں سونے کیلئے چلے گ ئے...

نیند آناتو اسپرا کیلئے مشکل تھا اسلیے اس نے ساری رات ارحم کو سوچتے اور کروٹیں بدلتے ہوئے گزار دی جیسے ہی سورج کی طلووع ہونا شروع ہوا وہ فریش ہو کر لیونگ روم میں چلی گئ اور ٹی وی لگا کر بیٹھ گئ...

جیسے ہی اس نے نیوز لگائ ہر اس پر قتل کی خبریں گردش کرنے لگیں اسپرا نے چینل بدلا تو زبیر کی تصویریں خبر پر گردش کرنے لگی کیونکہ اس نے پولیس کے آدمیوں کا قتل کیا تھا...

اسپرا کو وہ حقیقت سے زیادہ ٹی وی میں خوفناک لگا...ساتھ ہی اسکے کان میں رپورٹر کے الفاظ ٹکرانے لگے کہ اس دفعہ ارحم کا ڈائریکٹلی انکاؤنٹر کرنے کا حکم جاری کیا گیا..

ساتھ ہی سنان کی تصویر اور اسکا انٹرویو سامنے آنے لگا کہ وہ کس قدر پر یقین ہے کہ چیئر مین اور مائشہ کی کڈنیپنگ کے پیچھے بھی ارحم کا ہی ہاتھ ہے اور اس بار وہ زندہ نہیں بچے گا....

آفیسر سنان کے الفاظ پر اسپرا نے اپنے دل پر ہاتھ رکھا جو دھڑک دھڑک کر پاگل ہو رہا تھا.... یہ لوگ کچھ بھی کہیں میں جتنا ارحم کو جانتی ہوں...یہ اسکو قتل کرنا تو دور کی بات اسکی اجازت کے بغیر اسکے ہاتھ تک نہیں لگا سکتے...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

مجھے سمجھ نہیں آرہا ارحم پاکستان کیا لینے گیا ہے جبکہ وہ جانتا ہو گا میں وہاں نہیں ہوں... لیکن آفیسر سنان کو کیا لگتا ہے وہ ارحم کو دانش کی فیملی, اور میرے فرینڈز تک پہنچنے سے روک پائے گا... ؟؟؟؟

.... جبکہ ارحم کے پاس ایک پر سکون اور شارپ زین ہے جو ان تک انتہائی سکون سے پہنچ جائے گا ایک بالکل پاگل زبیر ہے جو بغیر ہچکچائے اور ڈرے پولیس کی لاشیں بچھائیں گا وہ بھی کسی قسم کا پروف پیچھے چھوڑے بغیر...

اور تیز تر ارا احمد ہے جو کہیں سے بھی, کسی بھی قسم کی انفارمیشن نکلوا سکتا ہے... وہ آرام سے پتہ کر لے گا میں کہاں ہوں...؟؟

... آخر میں... جولی ٹائپ علی... جو مزاق مزاق میں اگلے بندے کی جان حلق سے نکال لے تو آفیسر سنان تم مجھے بتاؤ... میں اور میرے اپنے کہاں محفوظ ہیں..؟؟؟

.وہ ٹی وی کی جانب دیکھتے ہوئے اس سے سوال کرنے لگی

پری....؟؟؟

حمزہ کی پکار پر وہ ہوش کی دنیا میں آئی اور جلدی سے ٹی وی بند کر دیا تبھی وہ مسکراتا ہوا لیونگ ایریا میں داخل ہوا جس کے ہاتھ میں موبائل تھا....

فائقہ اور فاطمہ ہیں...

حمزہ نے چلاتے ہوئے خوشی سے سیل کی جانب اشارہ کیا تو وہ مسکراتے ہوئے کاؤچ سے اٹھ کر اس نے بھاگ کر سیل پکڑ کر کان کو لگا لیا ساتھ ہی اسکے کان میں دوسرے روم سے دانش کے حمزہ پر چیخنے کی آواز آئی جسکی وجہ سے اسکی نیند خراب ہو گئی تھی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....اوہ مائی گاڈ پری

...فائقہ کی سکون بھری آواز سن کر اسپرا کی آنکھیں خوشی سے نم ہونے لگیں

i missed you guys so much! I'm really sorry...

اسپرا کو خود بھی نہیں پتا تھا وہ معافی کیوں مانگ رہی مگر ایک ساتھ سارے احساسات اسکے دل و دماغ پر چھانے لگے تھے...

ہم نے بھی تمہیں بہت یاد کیا پری... ہم خوش ہیں تم ٹھیک ہو اور محفوظ ہو... ہم تم سے ملنا چاہتی ہیں مگر آفیسر نے کہا ہے کہ ہمیں ابھی ایک دوسرے سے نہیں ملنا چاہئے اسے میں بہتری ہے..

فائقہ کے بھیگے ہوئے لہجے میں کہنے پر اسپرا بھی رونے لگی.

...کوئی بات نہیں... ایک دفعہ سب ٹھیک ہو جائے ہم واپس سے ملیں گے

...اسپرا نے پرامس کرتے ہوئے کہا

تو تمہارا دادی ماں کے پاس رہنا رسکی نہیں ہے...؟؟

..فائقہ نے نروس ہوتے ہوئے پوچھا

" ....میں نہیں جانتی فائقہ... آفیسر نے بولا ہے یہ محفوظ جگہ ہے جب تک سب ٹھیک نہ ہو جائے"

...اوکے اب ہمیں جانا ہے... ہمارے بارے میں فکر مت کرنا ہم محفوظ ہوں

...فاطمہ کی آواز میں پریشانی اسپرا کو صاف محسوس ہوئی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہاں ہم لوگ بالکل ٹھیک ہیں ہماری فکر مت کرنا اور وہ جگہ مت چھوڑنا

...فائقہ نے کہا

...مجھے انتظار ہے ہم لوگوں کے پھر سے ملنے کا

...فاطمہ کے یہ بولتے ہی کال بند ہو گئی بغیر بائے بولے

...اسپرا کو پتہ نہیں کیوں کسی گڑبڑ کا احساس ہوا

ایک سیکنڈ ارحم جانتا تھا میری دادی ماں امالفی کوسٹ میں رہتی ہیں... جسکا مطلب ایک دفعہ اسے یقین ہو گیا کہ میں یہاں ہوں تو وہ ضرور ادھر ہی آئے گا... جیسا کہ ابھی یہاں کی سیکیورٹی ٹائٹ ہے تو وہ ضرور ساتھ کوئی اور منصوبہ بنائے گا....

اسی وقت دانش کمرے سے باہر آیا تو اسپرا پتھرائی آنکھوں سے اسے دیکھنے لگی ساتھ اسکے ذہن میں ارحم اور دانش کی ملاقات آسمائی.... ارحم کے کلہاڑی مارنے پر دانش کا ازیت سے رونا چیخنا اور درد سے چلانا...

...ڈیم اٹ اس دفعہ ارحم کو میں دانش کو نقصان پہنچانے نہیں دوں گی

....ہمیں یہ جگہ چھوڑ کر جانا ہو گا ابھی اسی وقت

....اسپرا بغیر سوچے سمجھے چلائی

کیا ہوا...؟؟ انہوں نے کیا کہا ہے...؟؟

...حمزہ نے اسکے ہاتھ سے موبائل پکڑ کر حیرت سے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

وہ ان لوگوں کے ساتھ ہے... مجھے محسوس ہوا ہے... وہ ساتھ ہے ان کے... وہ لوگ وہاں محفوظ نہیں ہیں... ہمیں یہاں سے جانا ہو گا

...اسپرا نے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا تو حمزہ کا رنگ پیلا زرد پڑا

...ہم جانتے تھے وہ تمہارے لیے آئے گا اسپرا یہ کوئی نئی بات نہیں ہے

..دانش نے لمبا سانس کھینچتے ہوئے کہا

...ہاں... آفیسر سنان بھی جانتا تھا... اسلیے ہم لوگ محفوظ ہیں تم پریشان نہ ہو

...حمزہ نے موبائل پاکٹ میں رکھتے ہوئے کہا

.... گائز تم لوگ سمجھ نہیں رہے... تم لوگوں نے ارحم کو نہیں دیکھا میں نے دیکھا ہے.... وہ کیسا ہے

...اسپرا نے غصے سے چلاتے ہوئے کہا

...اسپرا ہم جانتے ہیں... وہ دنیا کا سب سے بے رحم ہارٹلیس مونسٹر ہے

...دانش نے اسکی جانب دیکھتے ہوئے کہا

آفیسر سنان نے کہا وہ تمہارے پیرنٹس اور میری دوستوں کی حفاظت کر رہا ہے... یہ کیسی حفاظت کر رہا ہے وہ...؟؟

...اسپرا نے تپے ہوئے لہجے میں کہا اور ساتھ یہاں وہاں چلنے لگی

...اسپرا ریلیکس ہو جاؤ

...حمزہ نے پریشانی سے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

تمہارا اپنا دماغ سیٹ ہے...؟؟ تمہیں نہیں نظر آرہا فائقہ اور فاطمہ اسکے پاس ہیں... اب اسے پتہ چل چکا ہے ہم کہاں ہیں... وہ یہاں آئے گا... وہ آئے گا....

وہ حلق کے بل چلائی...

تمہیں کیا لگتا ہے... تم اکیلی پریشان ہو...؟؟ میں جب سے دانش کے ساتھ یہاں آیا ہوں میرا دماغ پاگل ہو رہا ہے ہر پل, ہر لمحہ میرے ذہن میں یہی ہوتا میرے پیرنٹس ٹھیک ہوں فائقہ ٹھیک ہو... حمزہ نے بھی چلاتے ہوئے کہا وہ جب سے یہاں آیا تھا اسپرا نے پہلی بار اسے اتنا پریشان اور اندر سے ٹوٹا ہوا دیکھا..

میں شروع سے ہی جانتا تھا وہ ان لوگوں کے پیچھے جائیں گے لیکن اسکے باوجود میں دانش کے ساتھ آیا تاکہ تمہاری ہیلپ کر سکیں.. تم اکیلی اس سب سے نہیں گزر رہی ہم سب بھی شامل ہیں یہاں... وہ غصے سے اسپرا کی جانب دیکھتے ہوئے بولا

یہاں پر کیا چل رہا ہے...؟؟؟

ملیحہ بیگم کے سوال پر سب نے سیڑھیوں کی جانب دیکھا جہاں دادی ماں, عبدالجبار صاحب اور بیلا کھڑے تھے...

کچھ نہیں....

حمزہ نے اسپرا سے نظریں ہٹائے بغیر کہا..

یہاں پر کچھ تو چل رہا تھا بیٹا جیسے کہ پہلے اسپرا چلا رہی تھی اور پھر تم....

جب عبدالجبار صاحب کو کسی نے جواب نہیں دیا تو وہ ان تینوں کو ہی گھورنے لگے...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

دانش کیا ہوا ہے...؟؟

ملیحہ نے پوچھا تو دانش نے بتایا کہ ابھی فاطمہ اور فائقہ کی کال آئی تھی اور اسپرا کو لگتا ہے اس کے ساتھ ارحم بھی ہے...

جس پر انہوں نے پریشانی سے عبدالجبار صاحب کی جانب دیکھا...

آفیسر سنان کو کال کر کے اسے اس سب کے بارے میں بتائیں...

وہ ان سب کی جانب دیکھتے ہوئے بولیں...

وہ کیا کرے گا... وہ خود اس وقت اٹلی میں ہے...

حمزہ دانت پیستے ہوئے بولا...

وہ ہماری اکلوتی امید ہے...

ملیحہ بیگم نم آنکھوں سے بولیں..

اسپرا نے نظر اٹھا کر سب کی جانب دیکھا... ان کے چہروں پر خوف اور وحشت دیکھ کر اس کا دل تکلیف سے پھٹنے لگا... مشکل سے 10 دن اس نے انہیں چھوڑا ہو گا... بس دس دن وہ لوگ بہت زیادہ خوش تھے... ابھی انکے ایسے چہرے دیکھ کر اسپرا کا دل ڈر سے دھڑکنے لگا جہاں کل تک مسکراہٹیں تھیں اب اس وقت بے بسی تھی...

ہمیں یہ جگہ چھوڑنی ہو گی...

عبدالجبار صاحب کی آواز خاموشی میں گونجی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

سب کا چپ رہنا اپنی رضامندی ظاہر کر رہا تھا مگر اسپرا انکی بات سے متفق نہیں تھی... اس نے بولنے کے لیے اپنے لب کھولے مگر لفظ نکلنا انکاری ہونے لگے...

وہ اس بات کو جھٹلا نہیں سکتی تھی کہ اس نے ارحم کے ساتھ اچھا وقت گزارا ہوا ہے... اور وہ نہ ہی یہ بات رد کر سکتی تھی کہ وہ اسکے ساتھ زندہ رہنا نہیں اب جینا چاہتی ہے لیکن وہ یہ بھی نہیں بھول سکتی تھی جو اس نے ارحم کا پہلا روپ دیکھا ہوا تھا...

وہی آدمی جس کی آنکھیں انتہائی کولڈ تھیں جس نے بیلا کو بغیر رحم کھائے گردن سے دبوچ کر ہوا میں اٹھایا اور پھر بے دردی سے زمین پر پٹخ دیا...

جو بھی ضروری سامان چاہئے جا کر پیک کر لو..

عبدالجبار صاحب کے الفاظ پر وہ ہوش کی دنیا میں آئی اور آس پاس دیکھنے لگی جہاں سب ادھر سے ادھر جانے لگے تھے...

اسپرا کے ذہن میں ارحم کا ہوٹل والا سین گھوما جہاں اس نے بغیر ڈرے حملہ آوروں کی لاشیں بچھائیں تھیں...

وہ دوسروں کی زندگیوں کی پرواہ نہیں کرتا..... یہاں تک کہ اسے کسی بھی چیز کی پرواہ نہیں ہے... اسکی زندگی ہی جانیں لینے کے ارد گرد گھومتی ہے...

جو غیر قانونی ہے اور نارمل زندگی سے بہت پرے ہے....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...وہ چلتا پھرتا مونسٹر ہے

...اور میں انتہائی سٹوپڈ تھی جو اسکو اپنانا چاہتی تھی

....وہ لب چباتے ہوئے سوچنے لگی

پری بیٹا تم ٹھیک ہو...؟؟

ملیحہ بیگم نے اسپرا کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر پریشانی سے پوچھا جو نہ جانے کس دنیا میں مدہوش لگی انہیں..

...پاپا ٹھیک کہہ رہے ہیں.. ہمیں یہاں نہیں رہنا چاہئے

...اسپرا نے انکا ہاتھ اپنے کندھے سے ہٹاتے ہوئے کہا

...ہاں, جاؤ اپنا سامان پیک کرو

...وہ نرمی سے گویا ہوئیں

... نہیں ماما میں آپ لوگوں کے ساتھ نہیں جاؤں گی

..اسپرا نے اپنے زور زور سے دھڑکتے دل کو قابو کرتے ہوئے کہا

تمہارا کیا مطلب ہے....؟؟؟؟

میں نے آپ سب کو پہلے ہی کافی ہرٹ کیا ہے... مزید میری وجہ سے کبھی کوئی تکلیف نہیں اٹھائے گا....

...وہ انکی جانب دیکھتے ہوئے بولی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...کیا کہہ رہی ہو کچھ سمجھ نہیں آ رہا

..وہ نا سمجھی سے اسکی جانب دیکھنے لگیں

اسپرا نے انکی گہری براؤن آنکھوں میں دیکھا جو اس پل چمکتی جب وہ بہت خوش ہوتیں... لیکن ابھی وہ بالکل مرجھائی اور پریشان سی لگ رہی تھیں جیسے کسی نے اچانک سے سارے رنگ چھین لیے ہوں...

....ع ع عبدالجبار,,,ع عبدالجبار

...انہوں نے تکلیف سے اپنے شوہر کو پکارا تو اسپرا کی آنکھوں سے آنسو ٹوٹ کر گرنے لگے

....اپنی بیٹی کو سمجھاؤ ہم اسے یہاں چھوڑ کر نہیں جا رہے

...جب اسپرا کے پاپا آگئے تو ملیحہ بیگم نے انتہائی غصے سے نم ہوتی آنکھوں سے کہا

say it...

i said say it...

...جب وہ خاموش رہے تو وہ چیخنے لگیں

سویٹ ہارٹ ریلیکس ہو جاؤ پلیز.... ہم میں سے کوئی بھی پیچھے نہیں رہے گا... ہم سب چلے گیں...

...پلیز چپ ہو جاؤ

...انہوں نے ملیحہ بیگم کو چپ کرواتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

... نہیں... اس نے کہا ہے یہ یہاں ہی رہے گی

... ملیحہ بیگم نے انکا ہاتھ اپنے چہرے سے جھٹک کر روتے ہوئے کہا

اسپرا میں یہ کیا سن رہا ہوں...؟؟

.. انہوں نے سرخ ہوتی آنکھوں سے اسکی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا

پاپا... میرے لیے خود کو تکلیف پہنچانا اور لڑنا چھوڑ دیں پلیز... وہ تب تک سکون سے نہیں بیٹھے گا جب تک مجھے حاصل نہ کر لے... اسلیے میرے لیے اپنی جانیں مشکل میں ڈالنا بند کر دیں.. دور چلے جائیں

... مجھ سے... دور چلے جائیں

... اسپرا نے بے بسی سے کہا

... کیا فضول بکواس کر رہی ہو.... جاؤ اپنے کمرے میں پیکنگ کرو

... وہ سلگتے ہوئے لہجے میں بولے

نہیں پاپا میں آپ لوگوں کے ساتھ نہیں جا رہی.... آپ سب مجھ سے بہت بہت بہت دور چلے

... جائیں,,,, بہت ہی زیادہ دور جہاں میرا سایہ بھی نہ ہو

اسپرا کے منہ سے الفاظ نکلنے کی دیر تھی عبدالجبار صاحب کا ہاتھ اٹھا اور اسکے منہ پر اپنی چھاپ چھوڑ گیا جس سے وہ سیدھا زمین پر گری اور منہ پر ہاتھ رکھ کر بے یقینی سے اپنے پاپا کی جانب برستی آنکھوں کے

.... ساتھ دیکھنے لگی کیونکہ آج سے پہلے انہوں نے کبھی اس پر ہاتھ نہیں اٹھایا تھا

..... ہر طرف اب خاموشی چھا گئی تھی اور ملیحہ بیگم کے رونے میں مزید شدت آچکی تھی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

.....پاپا بہت محبت ہے نہ آپکو مجھ سے.....میں جانتی ہوں میرے پاپا کی جان بستی ہے مجھ میں

وہ فرش پر بیٹھ کر گال پر ہاتھ رکھتے اذیت سے روتے ہوئے بولنے لگی

عبدالجبار صاحب کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کر اسکا دل لرزا مگر اسے خود کو مضبوط ظاہر کرنا تھا اسلیے

...اپنے گال پر اٹھتی تکلیف کو نظر انداز کر کے وہ واپس سے بولنے لگی

اور FBI, نہ ہی CBI, ہم اسے نہیں ہرا سکتے پاپا...اسے کوئی بھی نہیں ہرا سکتا...نہ آفیسر سنان,نہ

...نہ ہی پولیس کا سارا ادارہ

وہ اپنی موت کے دروازے پر ہر روز خود دستک دیتا ہے پاپا اور وہ اس سے ایک دفعہ بچ بھی گیا تھا اسلیے

...یہ اس کیلیئے مشکل نہیں ہے بار بار بچنا

ہم اسے بذات خود چیلنج نہیں کریں گے پاپا...وہ آپکو مار دے گا...یہاں تک کہ وہ ہر اس شخص کو ختم

....کر دے گا جو یہاں موجود ہے وہ میرے سارے اپنوں کو مار کر مجھے یہاں سے لے جائے گا

اسپر انے سسکتے ہوئے آخری الفاظ کہے تو عبدالجبار صاحب نے آگے بڑھ اسے اپنے گلے سے

...لگانا چاہا مگر وہ دو قدم دور ہو گئ

....پ پری

...اپنے پاپا کے الفاظ میں اتنا درد محسوس کر کے اسکا دل تڑپنے لگا

پاپا دانش کی طرف دیکھیں...اس لڑکے کے کچھ خواب تھے بالکل ویسے ہی جیسے ہر عام انسان کے

ہوتے ہیں...لیکن دیکھیں اسکی طرف وہیل چیئر پر موجود ہے یہ...کس کی وجہ سے...؟؟؟میری

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...وجہ سے

...اسپرا نے دانش کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا جو اسکی طرف پیار سے دیکھ رہا تھا

آپ ماں باپ کے طور پر سمجھ سکتے ہیں...ماموممانی پر کیا گزری ہو گی جب انہوں نے اپنے اکلوتے بیٹے کو دروازے کے سامنے تقریباً مردہ حالت میں دیکھا ہو گا...؟؟

...اسپرا نے اپنے ہاتھ کی پشت سے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا جو بہتے جا رہے تھے

اور حمزہ اپنی فیانسی اور گھر والوں کو چھوڑ کر اپنے بیسٹ فرینڈ کی مدد کیلئے دربدر اسکے ساتھ بھٹکتا پھر رہا ہے...

دوسری طرف فاطمہ اور فائقہ موت کے منہ میں ہیں...کس کی وجہ سے...؟؟صرف اور صرف میری وجہ سے....

...اسپرا نے اپنی شرٹ مٹھی میں دبوچ کر شدت سے روتے ہوئے کہا

...میری جان یہ تمہاری غلطی نہیں ہے...اس میں تمہارا کوئی قصور نہیں ہے

انہوں نے کہہ کر اسکی جانب قدم بڑھائے مگر اسپرا نے ہاتھ اٹھا کر انہیں اپنے قریب آنے سے منع کر دیا...

بس کریں پاپا....اب بس بھی کر دیں.... کتنی قربانیاں دیں گے آپ لوگ...؟؟بس کر دیں..پلیز اب بس بھی کر دیں....

....اسپرا نے چیختے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

میں کسی کو بھی کھونا نہیں چاہتی ہوں... اور اس دفعہ وہ کسی کو بھی زندہ نہیں چھوڑے گا میں جانتی ہوں ...پاپا

وہ چلاتے ہوئے پیچھے کی جانب جانے لگی جسکی وجہ سے اسکی کمر دیوار کے ساتھ ٹکرائی اس سے ....پہلے وہ زمین پر ہی گر جاتی اس نے دیوار پر ہاتھ رکھ کر سہارا لیا

...میری جان ہم سب مل کر اسکے خلاف لڑیں گے

...عبدالجبار صاحب نے آگے بڑھ کر اسپرا کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے کر مضبوط لہجے میں کہا

!!!.....نہیں

...میں نہیں چاہتی اب مزید کوئی میرے لیے لڑے پاپا... آپ کو کیوں نہیں سمجھ آ رہا

...ریلیکس ہو جاؤ اسپرا... انکل ٹھیک کہہ رہے ہیں

...دانش نے اسکی جانب دیکھتے ہوئے کہا

!! ... نہیں

تم سب لوگ کیوں نہیں سمجھ رہے... ہم. اسکے خلاف نہیں لڑ سکتے..... پلیز جاؤ آپ سب یہاں ....سے... میں بھیک مانگتی ہوں آپ لوگوں سے چلے جاؤ مجھے یہاں ہی چھوڑ کر

...وہ باقاعدہ گڑگڑانے لگی

اسپرا پلیز مت کرو.... مت کرو میں بھی تمہارے سامنے ہاتھ جوڑتی ہوں... ایک دفعہ میں تمہیں کھو ....چکی ہوں دوبارہ نہیں کھو سکتی... تم کیوں نہیں سمجھتی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ملیحہ بیگم نے ہچکیوں کے ساتھ روتے ہوئے کہا اور پھر اسکے سامنے اپنے ہاتھ بھی جوڑ دیئے...

...جو اسپرا نے جلدی سے آگے بڑھ کر اپنے ہاتھوں میں لے چوم لیے

...مجھے معاف کر دیں ماما... میرے پاس بس یہی ایک راستہ ہے

میں اسکا جنون بن چکی ہوں اور وہ تب تک سکون سے نہیں بیٹھے گا جب تک مجھے واپس سے حاصل نہ کر لے... اب تو ویسے بھی اسکی بیوی بھی ہوں... وہ آپ لوگوں کی جانیں لے کر بھی مجھے ساتھ لے جائے گا ماما.... مجھ میں طاقت نہیں ہے کسی کو بھی کھونے کی... وہ بہت جنونی انسان ہے ماما وہ ...مجھے قبر سے نکال کر بھی خود کے پاس لے جائے گا وہ اس قدر پاگل ہے میرے لیے

اسپرا ہم لوگ سمجھتے ہیں.... تم بھی تو ہم سب کو سمجھو.. ہم لوگوں نے یہ سب کیا تاکہ تمہیں اس کے ..چنگل سے بچا سکیں.. اس لیے پلیز یہ سب ہم ایک ساتھ ہی ختم کریں گے

..حمزہ نے اسکی طرف دیکھتے ہوئے

.... نہیں

...اسپرا نے اپنے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا

پری... پلیز خود کو میرے سینے سے لگنے دو... پلیز میری جان میں تمہیں خود کے سینے سے لگانا چاہتا ...ہوں

اپنے پاپا کے الفاظ سن کر اسکی آنکھوں سے آنسو روانی سے بہنے لگے... خود میں مزید طاقت نہیں رہی تو ...وہ وہاں ہی فرش پر بیٹھتی چلی گئ اور اپنا سر گھٹنوں پہ رکھ کر شدت سے رونے لگی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

عبدالجبار صاحب نے فرش پر اسکے برابر بیٹھ کے اسکے گرد اپنے بازو حائل کر دیے تو وہ ان کے سینے پر سر رکھ کر بچوں کی طرح رونے لگی ...

ہم تمہیں اس بار بغیر لڑے نہیں کھوئیں گے بے شک پھر اسکے لیے ہم سب کو اپنی جان ہی کیوں نہ دینی پڑے...

عبدالجبار صاحب کی بات پر اسپرا تڑپ کر ان سے دور ہوئی...

بالکل بھی نہیں پاپا.... ہرگز نہیں.... ایک دفعہ آپ سب نے میرے لیے بہت کچھ قربان کیا ہے.... اب دوبارہ نہیں.... ہرگز نہیں...

آپ سب کے سب لوگ یہاں سے جا رہے ہو... بات ختم...

اسپرا نے سب کی جانب دیکھتے ہوئے کہا...

پری....

نہیں پاپا... اتنے سال آپ میری کیئر کرتے آرہے ہو... ان سالوں میں میرے راستے میں جتنی بھی مصائب آئیں ہیں... آپ ہمیشہ میرے آگے سینہ تان کر کھڑے رہے ہو.... لیکن مزید نہیں... یہ میری خود کی لڑائی ہے... پلیز مجھے لڑنے دو...

اسپرا نے اپنے پاپا کا ہاتھ پکڑ کر کہا...

i can't lose you..

عبدالجبار صاحب نے اپنا اور اسپرا کا ہاتھ ایک ساتھ جڑا ہوا دیکھ کر آہستگی سے کہا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

نہیں پاپا... آپ مجھے نہیں کھوئیں گے... پلیز مجھے یہ لڑائی خود ہی لڑنے دیں... میں آپ کی بیٹی ...ہوں.... لڑے بغیر ہار نہیں مانوں گی

اس نے اپنا دوسرا ہاتھ عبدالجبار صاحب کے چہرے پر رکھ کر انکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا جہاں ....آنسو نکلنے کیلئے بے تاب ہو رہے تھے

....وہ ٹھیک کہہ رہی ہے عبدالجبار

...رابعہ بیگم کے کہنے پر سب نے پلٹ کر انکی جانب دیکھا جو کاؤچ کے قریب بیلا کے پیچھے کھڑی تھیں

...اسے اپنے لیے خود لڑنے دو... مجھے اپنی پوتی پر پورا بھروسہ ہے

...انہوں نے مسکراتے ہوئے کہا

یہ جب سے واپس آئی ہے اسکا انداز بہت بدلا بدلا سا ہے.... وہ جانتی ہے اسکے ساتھ کچھ بھی نہیں ہو گا ...کیونکہ وہ اسے ہرٹ نہیں کرے گا... اسلیے جانے دو بیٹا

....وہ اسے ہرٹ نہیں کرے گا...؟؟ وہ پورا ایک سال اسے ٹارچر کرتا آیا ہے

...عبدالجبار صاحب نے غصے سے کہا

اس نے نہیں کیا ہے... پوچھو اسپرا سے...؟؟

...ان کی بات پر سب نے جھٹکے سے اسپرا کی جانب دیکھا جسکا سر شرمندگی سے جھک گیا

کیا یہ سچ ہے پری...؟؟؟

...دانش کے پوچھنے پر اسپرا کا سر مزید نیچے کی جانب جھک گیا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...امم سٹارٹ میں وہ میرے ساتھ بھی مونسٹر ہی تھا لیکن بعد میں سب بدل گیا

...وہ لب چباتے ہوئے بولی

لیکن یہ چیز اسے بدل نہیں دے گی...وہ اسپرا کو لازمی ہرٹ کرے گا جو یہ اسے چھوڑ کر یہاں آ گئی تھی...

...عبدالجبار صاحب نے بحث کی

...میں اسپرا کے فیصلے کا احترام کرتا ہوں

..دانش کے کہنے پر اسپرا نے سرپرائز ہوتے ہوئے اسکی جانب دیکھا

دانش تم یہ کیا کہہ رہے ہو...؟؟

...حمزہ نے حیرت سے اسکی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

ہم دونوں نے ہی دیکھا تھا وہ کس قدر ٹوٹا بکھرا سا زمین پر گھٹنوں کے بل جھک کر اسپرا کیلئے گڑگڑا رہا تھا کہ یہ اس کے پاس واپس آ جائے...اسکی حالت تو سب نے دیکھی تھی نہ... اور آج اسپرا بھی کہہ رہی ہے کہ چیزیں بدل گئیں تھیں.....مطلب سب بدل گیا ہے....

....دانش نے نم آنکھوں سے اسپرا کی جانب دیکھتے ہوئے کہا

..مجھے معاف کر دو

اسپرا کہنا چاہتی تھی اس سے معافی مانگنا چاہتی تھی کہ وہ اسکے لیے اب ویسا محسوس نہیں کرتی جیسا کبھی پہلے کرتی تھی...وہ کہنا چاہتی تھی مجھے معاف کر دو میں خود سے بھی جھوٹ کہہ رہی تھی کہ ہم دونوں واپس سے ایک ساتھ ہو سکتے ہیں لیکن یہ اب ناممکن ہے....مجھے تمہاری حالت پر ہمدری تھی کیئر

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

... تھی... لیکن محبت نہیں تھی

... مگر ایک بھی لفظ اسکی زبان سے ادا نہیں ہوا

عبدالجبار تمہیں ارحم پر یقین نہیں ہے... مگر اس رب پر تو ہے نہ.... مانتے ہو نہ جوڑیاں آسمان پر بنتی ہیں.... اگر اس خدا نے ان دونوں کا نصیب ساتھ لکھا ہے تو پھر میں اور تم معمولی سے انسان اس میں کوئ تبدیلی نہیں کر سکتے... اسپرا اسکی بیوی ہے بے شک شادی چاہے کن ہی حالات میں کیوں نہ ہوئ ہو... شوہر ہے وہ اسکا.....

... اور یاد رکھو ایک بات اللہ کے ہر کام میں بہتری ہوتی ہے

.... اسپرا کا فیصلہ اس رب پر ہی چھوڑ دو

... رابیعہ بیگم نے انکا کندھا تھپتھپا کر کہا

.. چلیں انکل پھر چلتے ہیں

.... حمزہ نے کہا

.... عبدالجبار

.... وعدہ کرو اسپرا... تم ہم سے ملو گی

... مجھ سے وعدہ کرو پری میں اپنی بیٹی کو دوبارہ سے دیکھوں گا

.. انہوں نے ملیحہ کی آواز کو اگنور کر کے ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے کہا

... میں وعدہ کرتی ہوں

... اسپرا نے یقین سے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

مجھ سے وعدہ کرو تم کبھی اسے تمہاری روح کو زخمی کرنے نہیں دو گی... اور تم ہمیشہ اپنے دل کی سنو گی ...اور بس اس کے کہے کے مطابق چلو گی

...عبدالجبار صاحب نے اسکا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا

...میں وعدہ کرتی ہوں پاپا

انہوں نے اتنی محبت اور شفقت سے اسکی جانب دیکھا کہ اسکا دل کیا وہ انہیں بھی اپنے پاس ہی رکنے کا ..بولے

سارا دن کام کرتے, اور ایک اچھا والد بننے کی کوشش میں, میں بھول ہی گیا کہ میری بیٹی بڑی ہو گئ ...ہے...مجھے تم پر یقین ہے بیٹا

انہوں نے نم آنکھوں سے اسپرا کا ماتھا چومتے ہوئے کہا اور پھر اسکا ہاتھ پکڑ کر آہستہ آہستہ اسے اسکے قدموں پر کھڑا کیا تو ملیحہ بیگم نے آگے بڑھ کر اسپرا کو اپنے سینے میں بھینچ لیا تو عبدالجبار صاحب نے ملیحہ کی کمر کے گرد بازو حائل کر کے اپنی بیٹی اور بیوی کو خود کے سینے میں ...چھپایا

....بیلا

عبدالجبار نے پکارا تو وہ بھاگ کر آ کے جمپ لگا کر ان کے سینے سے لگ گئ...اس طرح ان سب نے ملکر ...ایک فیملی ہگ کیا

...کچھ دیر بعد علیحدہ ہو کر اسپرا نے دانش کی جانب دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا

...دانش...اسپرا اسکی جانب بڑھی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

نہیں..مجھے گڈ بائے ہگ مت کرنا... صرف اپنا بہت سارا خیال رکھنا اور جیسا کہ تمہارے پاپا نے بولا ہے اپنے دل کی پکار ہمیشہ سنتے رہنا...

دانش نے اپنے چہرے پر مسکراہٹ سجاتے ہوئے کہا جو اسکی آنکھوں تک نہیں پہنچ رہی تھی... جہاں درد واضح تھا...

اگر وہ بے لگام شیر ہے تو تم بھی شیرنی ہو...اسے اچھے سے لگام ڈال لینا....

اسپر اجب حمزہ کی جانب بڑھی تو حمزہ نے اسے سائیڈ کا ہگ کرتے ہوئے نم آنکھوں سے مسکرا کر کہا...

رائیٹ.. چلو پھر ہم سب چلتے ہیں...

ملیحہ بیگم نے اپنی آواز کو ٹوٹنے سے بچائے رکھ کر تکلیف سے کہا...

ٹھیک ہے لیکن ہم کہاں جائیں گے...؟؟

دانش نے سوالیہ نظروں سے انکی جانب دیکھا...

پاکستان...

میں اپنا گھر بہت مس کر رہا ہوں....

عبدالجبار صاحب نے کہا....

ارحم وہاں ہو گا اور...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہم اسکے ساتھ لڑنے نہیں جارہے...یہ بات صاف ہے....اب یہ ہماری لڑائی نہیں ہے

...انہوں نے حمزہ کی بات کاٹتے ہوئے کہا

اسکا یہ مطلب نہیں ہے...وہ ہمارے ساتھ کچھ بھی نہیں کرے گا...میں پہلے ہی فاطمہ اور فائقہ کو

...لے کر بہت پریشان ہوں

...حمزہ نے انکی طرف دیکھتے ہوئے کہا

...وہ اپنے آپ کو ثابت کرنے کیلئے کسی بھی حد تک جائے گا میں مانتی ہوں لیکن

i don't think he will stoop down his self-esteem...

...رابعہ بیگم نے سب کی جانب دیکھتے ہوئے کہا

دادی ماں صحیح کہہ رہی ہیں...ارحم کیلئے اسکا غرور اور عزت نفس دونوں ہی بہت ضروری ہیں...وہ ایسا

...کوئی کام نہیں کرے گا جسکی وجہ سے اس پر آنچ آئے اور اسے شرم کا سامنا کرنا پڑے

وہ تم لوگوں پر کبھی ہاتھ نہیں اٹھائے گا جب اسے پتہ چل جائے گا تم لوگوں نے اپنے قدم

..پیچھے لے لیے ہیں

وہ سرینڈر کر دینے کے بعد پشت پہ وار کرنے والوں میں سے نہیں ہے...کیونکہ وہ چیلنج کر کے سینے پہ

...وار کرنا جانتا ہے

...اسپر انے سب کی طرف دیکھتے ہوئے اپنی دادی ماں کی بات سے ہامی بھرتے ہوئے کہا

...ٹھیک ہے پھر نکلتے ہیں...لیکن اس سے پہلے میں آن لائن ٹکٹس بک کروالوں

...حمزہ یہ کہہ کر ٹکٹس بک کروانے لگا باقی سب اسکی جانب دیکھنے لگے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...فلائیٹ 3 بجے کی ہے ہمیں ابھی نکلنا چاہیے پھر

کچھ دیر بعد وہ ٹکٹس بک کروانے کے بعد بولا تو عبدالجبار صاحب ہاں میں سر ہلا کر اپنے کمرے سے سامان لینے چلے گئے جبکہ وہ اور دانش بھی اپنے اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئے... ان کے جانے کے بعد رابعہ بیگم نے اپنے قدم اسپرا کی جانب بڑھائے...

...اممم میں بھی آپ دونوں کو اکیلے میں بات کرنے کیلئے چھوڑ جاتی ہوں

..ملیحہ بیگم اسپرا کا ماتھا چومنے کے بعد بیلا کا ہاتھ پکڑ کر اپنے کمرے میں چلی گئیں

چلیں اس دفعہ کہہ دیں کہ میں نے صحیح فیصلہ کیا ہے...؟؟

..اسپرا نے ان سے پوچھا تو وہ مسکرانے لگیں

...اگر یہ سن کر تمہیں خوشی ہو گی تو ٹھیک ہے کہہ دیتی ہوں...ہاں بالکل تم نے اچھا فیصلہ کیا ہے

...انکی بات پر اسپرا نے اپنی آنکھیں گھمائیں اور پھر مسکرانے لگی

...آپ سے باتوں میں جیتنا ناممکن ہے

...وہ مسکراتے ہوئے بولی

اور تمہارا حوصلہ توڑنا ناممکن ہے...میں تمہاری آنکھوں میں دیکھ سکتی ہوں...میں سب کا سب ہی دیکھ سکتی ہوں...

....تمہارا کانفیڈینس

...تمہارا یقین

...تمہاری امید جینے کی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....اور سب سے بڑھ کر تمہارا عشق اسکے لیے

...انہوں نے اسپرا کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا

....مجھے اس سے کوئی عشق وشق نہیں ہے دادی ماں

...اسپرا نے جلدی سے کہا

کب تک خود سے بھاگو گی...؟؟؟

....ویسے میں سوچ رہی ہوں... کیسا سماں ہو گا جب جنون اور عشق آپس میں ٹکرائیں گے

...انکی بات پر اسپرا کے دل نے ایک بیٹ مس کی

....ایسا کچھ نہیں ہے دادی ماں

...وہ یہاں وہاں دیکھتے ہوئے بولی اور ارحم کا عکس اسکی آنکھوں میں گھومنے لگا

...اپنے دل کی سنو ڈورا... اب تو سب نے کہہ دیا ہے... اسکی سن لو

...انہوں نے شہادت کی انگلی اسپرا کے دل پر رکھتے ہوئے کہا

i love you dadii maa...

...اسپرا نے انہیں گلے لگاتے ہوئے کہا جس پر انہوں نے اسکی کمر تھپتھپائی

تیار ہیں سب...؟؟

عبدالجبار صاحب نے نیچے آکر کہا جن کے ہاتھ میں سامان تھا اور انکے ساتھ ملیحہ اور بیلا بھی کھڑے تھے...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

..تیار ہیں

...حمزہ اور دانش نے یک زبان میں کہا

میرا بیگ کدھر ہے...؟؟

...رابعہ بیگم نے پوچھا

...یہ والا آپکا بیگ ہے

...ملیحہ بیگم نے اپنے ہاتھ میں موجود بیگ کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا

...اوکے پھر چلو نکلتے ہیں

..عبدالجبار صاحب نے اسپرا کو دیکھتے ہوئے کہا

اور پھر وہ سب باہر کی جانب قدم بڑھانے لگے...بیلا بار بار پلٹ کر اسپرا کی جانب دیکھنے لگی وہ رو نہیں رہی تھی بس اداس اور پریشان تھی...

باقی کسی نے بھی پلٹ کر نہیں دیکھا کیونکہ انہیں یقین تھا اگر وہ مڑے تو جا نہیں پائیں گے...اسپرا نم آنکھوں سے مسکراتی دروازے پر کھڑی انہیں گاڑی میں بیٹھتے ہوئے دیکھنے لگی...

..اسکا دل پر سکون تھا کیونکہ اسکے اپنے محفوظ تھے

وہ جانتی تھی ارحم اس بار اسے نہیں بخشے گا لیکن اس کے باوجود وہ پر یقین تھی اسے واپس سے اپنا بنانے کیلئے...

ان لوگوں کے جانے کے بعد اسپرا نے اپنے موبائل سے فائقہ کے نمبر پر کال کی...جیسے جیسے بیل جانے لگی اسکے دل کی دھڑکن خوف سے بڑھنے لگی..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہیلو پری

...فائقہ کی آواز گونجی

اسے فون پکڑاؤ فاطمہ...؟؟

...اسپرا کی آواز پر فون کی دوسری جانب کچھ پل خاموشی چھائی

اسپرام مجھے سمجھ نہیں آیا کسے فون دوں؟؟

..فاطمہ نے نروس ہوتے ہوئے پوچھا

...ارحم کو پکڑاؤ

oh hell..!! she is smart..!!

...میں ابھی ارحم کو بلاتا ہوں

..اسپرا کے کان میں زبیر کا قہقہ اور الفاظ گونجے

یہ ٹھیک نہیں ہے...اسپرا تمہارے ساتھ کیا مسئلہ ہے؟؟

..فاطمہ فوری اس پر چلائی

..میں جانتی ہوں...میں کیا کر رہی ہوں

..اسپرا نرمی سے بولی

...نہیں...تم نہیں جانتی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

..تم نے اسے سن لیا ہے فاطمہ..وہ آ گیا ہے

..اسپرا کے کانوں میں فائقہ کی آواز ٹکرائی

آخر ارحم کچھ کہہ کیوں نہیں رہا..اسپرا نے دل ہی دل میں سوچا اور پھر محسوس کیا کہ اس کی دھڑکنوں

...اور سانسوں کا شور بہت زیادہ ہے شاید وہ وہی سننے میں مصروف ہے

..ارحم

..اسپرا نے نرمی سے پکارا جس پر ارحم نے لمبا سانس کھینچا تو اسپرا کی آنکھیں خود بخود بند ہو گئیں

...ارحم...میں ہوں اسپرا

اسپرا نے اپنی آنکھوں سے آنسو خشک کرتے ہوئے کہا جو گر کر اسکے گال بھگونے لگے

...تھے...مگر دوسری جانب سے کوئی جواب نہیں آیا

...میں جانتی ہوں تم مجھ پر بہت غصہ ہو

..اور میں یہ بھی جانتی ہوں جس لمحے میں تمہاری بانہوں میں ہوئی تم مجھے نہیں بخشو گے

...جس پر ارحم کا قہقہہ اسکے کانوں سے ٹکرایا

...اف کتنا مس کیا میں نے تمہارا ہنسنا

..وہ دل ہی دل میں بڑبڑائی

i know you feel betrayed that's why I'm waiting here for you...

اسپرا نے بیڈ شیٹ اپنے ہاتھ میں جھکڑتے ہوئے کہا لیکن اسکے باوجود جب کوئی جواب نہیں آیا تو

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسکا شدت سے دل ارحم کی آواز سننے کو کیا وہ آواز جو دوسروں کے رونگٹے کھڑے کر دیتی ہے

.. مگر اسکے چہرے پر مسکراہٹ بکھیرتی ہے

.. پلیز مجھ سے بات کرو

اسپرانے گڑگڑاتے ہوئے کہا کیونکہ وہ کیسے بھی اسکی آواز سننا چاہتی تھی جس پر ارحم واپس

... سے مسکرایا

... میاکارا

... اوہ ارحم

... اسکی آواز پر وہ بے بسی سے رونے لگی

Why are you crying Tesoro..

... کتنا مس کیا ہے میں نے تمہارا یہ پکارنا

... وہ دل میں سوچتے ہوئے اور شدت سے رونے لگی

... ارحم

... وہ بامشکل بول پائی

Miss me already..??

. ارحم نے مضحکہ خیز مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

میرے پیرنٹس اور دوستوں کو ہرٹ مت کرنا ارحم پلیز... میں نے انہیں یہاں سے بھیج دیا ہے... اس گھر میں صرف میں ہوں.. پلیز انہیں تکلیف مت دینا...

اسپرا کے الفاظ پر ارحم نے خشک سا قہقہہ لگایا..

اوہ تو یہ پلین بنایا ہے مسٹر آفیسر نے مجھے پکڑنے کا... تمہیں استعمال کر کے...؟؟

ارحم نے سنجیدگی اور غصے کے ملے جلے تاثرات میں پوچھا...

نہیں یہ کوئی پلین یا جال نہیں ہے... مجھے بس احساس ہو گیا ہے میں تم سے کہیں دور نہیں بھاگ سکتی...

اسپرا نے سچائی کا مظاہرہ کیا..

صحیح کہا اسپرا تم مجھ سے کبھی نہیں بھاگ سکتی وہ بھی تب جب تم میری بیوی ہو.... خیر تمہیں کوئی آئیڈیا ہے مجھے کیسا محسوس ہوا جب تم مجھے چھوڑ کر چلی گئی..؟؟

نہیں...

تم مجھے چھوڑ کر کیوں چلی گئی اسپرا میں تمہارے لیے گھٹنوں کے بل جھکا اور اپنی بانہیں کھولیں دیں تم کیوں ان میں آ کر نہیں سمائی بے بی...؟؟

ارحم کی تکلیف سے بھری آواز اسکی سماعتوں سے ٹکرائی.. ساتھ ہی ارحم کے ساتھ سارے گزارے پل اسکی آنکھوں کے سامنے گھومنے لگے..

مجھے معاف کر دو ارحم لیکن مجھے اپنی فیملی سے ملنا تھا اور دانش...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...دانش

...ارحم اسکے الفاظ کاٹتے ہوئے غصے سے چلایا.. جس پر اسپرا آنکھیں بند کر گئ

...مجھے اسے اس دن مار دینا چاہیے تھا

...ارحم

..اسپرا نے اونچی آواز میں کہا

'.. لیکن فکر مت کرو اس دفعہ جان سے ہی ماروں گا اسے'

'... نہیں... تم ایسا نہیں کرو گے'

کیا تم مجھے چیلنج کر رہی ہو....؟؟

..ارحم کے الفاظ پر اسپرا کچھ پل خاموش رہی کیونکہ وہ جانتی تھی ارحم کو غصہ دلانا کافی مہنگا پڑ سکتا ہے

... سچائی یہ ہے.. میں نے تمہیں بہت یاد کیا ہے

i missed seeing in your eyes,

i missed your smile, your laughs, everything of you..

...اور مجھے کوئ شرمندگی نہیں یہ اونچی کہتے ہوئے ارحم

i missed you alot..

...اسپرا نے محبت سے چور لہجے میں کہا جس پر دوسری جانب کچھ دیر خاموشی رہی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

I'm coming for you...

...ارحم یہ کہہ کر کال بند کر گیا

...یااللہ پلیز مجھے میرے فیصلے پر پچھتاوا نہ ہونے دینا

کال بند ہونے کے بعد وہ سر تھام کر کہنے لگی اور پھر اٹھ کر یہاں وہاں دیکھنے لگی... خالی گھر دیکھ کر اسکی آنکھیں بھیگنے لگیں...

Missing you everyone...

...میری وجہ سے اب سے آپ لوگوں کو کبھی کوئی تکلیف نہیں اٹھانے پڑے گی

وہ اپنی آنکھیں خشک کرتے ہوئے بولی اور اپنے کمرے میں چلی گئی کیونکہ وہ جانتی تھی ارحم دیر رات کو یا پھر کل ہی یہاں پہنچے گا...

فائقہ نے فوری اسپرا کو کال کر کے انفارم کیا جیسے ہی ارحم لوگ وہاں سے نکل گئے... اسکی بات سن کر اسپرا کے دل کو سکون پہنچا کہ شکر ہے وہ دونوں ہی ٹھیک ہیں...

ویسے حیرت ہے پولیس باہر موجود تھی لیکن اسکے باوجود وہ لوگ انکے گھر میں گھس گئے.. اور انہیں کان و کان خبر بھی نہیں ہوئی...

اسپرا لب چباتے ہوئے کہتی کیچن میں داخل ہو گئی تاکہ کچھ کھا سکے... کیونکہ نہ اس نے ناشتہ کیا تھا, نہ ہی لنچ, اور اب کافی رات ہو رہی تھی اور اسے بھوک محسوس ہونے لگی تھی...

...وہاں جاکر اس نے سینڈوچ بنائے اور سٹول پر بیٹھ کر کھانے لگی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

جب وہ کھا کر فارغ ہوئی تو لیونگ روم میں بیٹھ کر ٹی وی دیکھنے لگی... ساتھ اپنی فیملی اور ارحم کو سوچنے لگی...

تبھی اسکی توجہ بجتے موبائل نے کھینچی... مگر وہاں آفیسر سنان کا نام دیکھ کر اسپرا نے فون نہیں اٹھایا... کیونکہ وہ سمجھ گئی تھی دانش نے لاذمی آفیسر کو نیوز دے دی ہو گی.. اور وہ اس وقت اس سب کیلئے تیار نہیں تھی...

اسپرا بے شک کال اٹھائے یا نہ اٹھائے اسے پتہ تھا سنان ایک آفیسر ہے اور اسکا مقصد ہے ارحم کو ختم کرنا....جو کہ ایک آفیسر ہونے کے ناطے اسکا فرض ہے کرمنلز کو مارنا... وہ بس اتنی امید کر رہء تھی بس ارحم وہاں اسکے پاس جلدی آ جائے....

✸✸✸✸✸

ارحم ایسا بھی کیا کر رہے ہو جو ابھی تک نہیں پہنچے...اب تمہارے دماغ میں کونسی کھچڑی پک رہی ہے...

تھکاوٹ سے کب اسکی آنکھ لگی اسے پتہ ہی نہیں چلا اگلی صبح جب اس نے اٹھنے کے بعد ارحم کو نہیں پایا اور آفیسر کی بے شمار کالز دیکھیں تو وہ خود سے بڑبڑانے لگی....

دوپہر میں جب اس نے دروازے کے سامنے گاڑی کے رکنے کی آواز سنی تو وہ گھبرا کر کرسی سے اٹھ کر کھڑی ہو گئی لیکن جلد ہی وہ ہمت کر کے آگے بڑھی اور کھڑکی سے باہر دیکھنے لگی جہاں وہی بلیک کار کھڑی تھی جس پر اسپرا نے آخری دفعہ ارحم کے ساتھ سفر کیا تھا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا کا دل ارحم کو دیکھنے کے خیال سے ہی تیزی سے دھڑکنے لگا مگر گاڑی سے علی اور زبیر کو باہر نکلتا دیکھ کر اسے حیرت ہوئی..

اور ساتھ سکون بھرا سانس بھی خارج کیا کیونکہ وہ ابھی اس سے ملنے کیلئے تیار نہیں تھی...

ان لوگوں کے دروازہ کھٹکھٹانے سے پہلے ہی اس نے آگے بڑھ کر دروازہ کھول دیا..

زبیر کے چہرے پر مضحکہ خیز مسکراہٹ بکھری جبکہ علی اسے دیکھ کر بھی اگنور کر گیا...

ریڈی..؟؟؟

زبیر نے پوچھا جبکہ علی اسپرا کے پیچھے گارڈن کی جانب دیکھنے لگا تو اسے علی کے یوں اگنور کرنے پر گلٹی محسوس ہونے لگا...

ہمم... مجھے کچھ چیزیں لینی ہیں لے کر ابھی آئی...

زبیر نے ہاں میں سر ہلایا اور علی کی جانب مڑ گیا جو آگے بڑھ کر اب گاڑی میں بیٹھ چکا تھا.. اس نے کوٹ پہنا, موبائل جیب میں رکھا اور کچھ پیسے لے کر گھر کو لاک لگا کر وہ بھی جا کر گاڑی میں بیٹھ گئی... اسکے بیٹھتے ہی علی نے گاڑی سٹارٹ کر دی...

کیا ہم لوگ ٹاؤن میں تھوڑی دیر رک سکتے ہیں..؟؟ مجھے گھر کی چابی رانیہ آنٹی کو دینی ہے....

جب وہ لوگ ٹاؤن میں داخل ہوئے تو اسپرا نے کہا...

نہیں...

زبیر جو پیسنجر سیٹ پر بیٹھا ہوا تھا سپاٹ لہجے میں بولا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....میں یہ چابیاں اپنے ساتھ نہیں لے کر جا سکتی پل

Shut the hell up Aspara...

...اسکی بات مکمل ہونے سے پہلے زبیر ہلکی آواز میں سلگتے ہوئے لہجے میں بولا

...ایک مختصر سٹاپ ہمیں کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا زبیر

....علی نے نرمی سے کہا تو زبیر لمبا سانس کھینچ کر رہ گیا

وہ رانیہ کے گھر کا اڈریس بتانے لگی مگر اسے محسوس ہونے لگا جیسے وہ ان سے نہیں بلکہ خود سے ہی باتیں ...کر رہی ہو کیونکہ وہ دیہان ہی نہیں دے رہے تھے

مگر اسے خوشی ہوئی جب علی نے رانیہ کے گھر کے آگے گاڑی روکی وہ جلدی سے باہر نکلی اور اسکے گھر کا دروازہ کھٹکھٹانے لگی جس میں سے ایک چھوٹی بچی نکلی...وہ سمجھ گئی کہ یہ رانیہ کی ہی بیٹی ہو گی..اس نے جلدی سے چابیاں اس بچی کو پکڑائیں اور کہا کہ اپنی ماما کو دے دینا اور خود فوری پلٹ کر جا کر گاڑی میں ...بیٹھ گئی کیونکہ اسکا کوئی ارادہ نہیں تھا زبیر سے الجھنے کا

کچھ دیر بعد گاڑی جا کر ایئرپورٹ کے قریب رک گئی جہاں وہ گاڑی سے نکل کر ان دونوں کے پیچھے پیچھے چلنے لگی...جب وہ لوگ ویٹنگ ایریا میں پہنچے تو علی ان دونوں کو وہاں ہی چھوڑ کر کہیں چلا گیا... اسپرا کا دل کیا کہ زبیر سے پوچھے علی کدھر گیا ہے مگر اس نے خاموش رہنے میں ہی خود کی بھلائی ...سمجھی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کچھ منٹس کے بعد علی واپس آیا تو وہ سب لوگ پلین کی جانب بڑھ گئے وہاں کھڑے سیکیورٹی گارڈز نے ان لوگوں کو دیکھ کر راستہ دے دیا کیونکہ وہ اچھے سے واقف تھے سامنے کھڑے کون لوگ ہیں...

جب وہ لوگ اندر داخل ہو گئے تو کچھ ہی وقت بعد اسپرا کو محسوس ہوا جیسے وہ بادلوں کے ساتھ کھیلنے لگی ہو...

ایک پل کو اسکا دل اداس بھی ہوا ارحم کو فلائیٹ میں بھی نہ دیکھ کر... لیکن اسی پل پر سکون بھی ہو گیا کیونکہ ابھی وہ مینٹلی تیار نہیں تھی اسکا سامنا کرنے کیلیے... کیونکہ وہ نہیں جانتی تھی اس بار وہ کس حد تک اسے ٹارچر کرے گا...

اٹھ جاؤ میڈم....

جب فلائیٹ لینڈ ہوئی تو زبیر نے اسکا کندھا تھپتھپاتے ہوئے کہا جو خوراک اور نیند کی کمی کی وجہ سے کب سوئی اسے احساس بھی نہیں ہوا تھا...

ائیر پورٹ سے نکل کر اسپرا نے آسمان کی جانب دیکھا جہاں ڈارک بادل آسمان پر چھائے ہوئے تھے... اس نے سامنے دیکھا جہاں علی کسی آدمی سے بات کرنے میں مصروف تھا ان لوگوں کے پہنچتے ہی وہ ڈرائیونگ سیٹ سنبھال گیا سب کے بیٹھنے کے بعد علی نے گاڑی سٹارٹ کر دی اور کچھ ہی وقت بعد اس نے گاڑی ارحم کے گھر کے سامنے روک دی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا کا پورا وجود خوف سے لرزنے لگا ان دونوں میں سے کسی نے بھی کچھ نہیں کہا تو وہ کپکپاتے ہاتھوں کے ساتھ دروازہ کھول کر گاڑی سے باہر نکل آئی اور گھر کی جانب دیکھنے لگی جس میں کسی قسم کی لائیٹ نہیں جل رہی تھی...

کیا ارحم گھر ہو گا...؟؟

وہ دھڑکتے دل کے ساتھ خود سے پوچھنے لگی.. اسی وقت علی نے گاڑی کا دروازہ کھولا اور اس کے قریب آکر اسے گھر کی چابی پکڑائی جو اسپرا نے شکریہ بول کر پکڑ لی مگر وہ بغیر کچھ کہے پلٹ گیا...

علی...

اسپرا نے تھوڑا حوصلہ کر کے اسے آواز دی.... علی نے گاڑی کے دروازے پر ہاتھ رکھ کر ہی اسکی آنکھوں میں دیکھا تو اسکی آنکھوں میں اپنے لیے اتنی بیگانگی دیکھ کر اسے دکھ ہوا کیونکہ وہ اسے ہمیشہ اچھے سے ٹریٹ کرتا تھا جیسے زین کرتا تھا..

تم اس قسم کا رویہ کیوں دکھا رہے ہو...؟؟ جبکہ تم سب اچھے سے جانتے تھے میں اس سے دور بھاگ جاؤں گی...

اسپرا نے چابی پر اپنی گرفت سخت کرتے ہوئے پوچھا...

ہم سب کے سب جانتے تھے تم بھاگ جاؤ گی اسپرا... لیکن ہم لوگ یہ نہیں جانتے تھے تم ہم سب کو ہی توڑ کر بھاگ جاؤ گی...

وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے ایک ایک لفظ چبا کر بولا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میں نے ایسا کچھ نہیں کیا

..اسپرا نے اپنے آپ کو ڈیفینڈ کرتے ہوئے کہا

ایسا کچھ نہیں کیا تھا...؟؟؟

....علی نے طنزیہ ہنستے ہوئے کہا

تم نے کچھ نہیں کیا.....؟؟تو پھر وہ کیا تھا جب تم نے ہم سب کے ساتھ اچھا بننے کا ڈرامہ کیا...؟؟؟

جب وہ جانتا تھا تم اس کے ساتھ خوش نہیں ہو...تو پھر تم نے اسے یقین دلانا کیوں شروع کر دیا کہ تم

اب اس کے ساتھ رہنا چاہتی ہو..؟؟؟اس کے احساسات کے ساتھ کیوں کھیلا..؟؟؟

....وہ سلگتے ہوئے لہجے میں پوچھنے لگا

...میں کوئی ڈرامہ نہیں کر رہی تھی مجھے اسکی کمپنی اچھی لگنے لگی تھی

...اسپرا نے اسکی جانب دیکھتے ہوئے کہا

oh for God sake, Aspara...

...علی نے غصے سے کہہ کر دروازہ زور سے بند کیا

...تمہیں سمجھ آرہا ہے تم کیا بول رہی ہو...؟؟؟وہ کوئی کھلونا نہیں ہے جسکی کمپنی کو تم نے انجوائے کیا

...وہ جلتی آنکھوں سے اسکی جانب دیکھتے ہوئے بولا

...اس نے بھی شروع میں مجھے کھلونا سمجھ کر ہی کھیلا تھا یہ مت بھولو تم

....اسپرا اپنی شرمندگی چھپا کر غصے سے چلائی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

لیکن پھر سب بدل گیا... اس نے تمہیں بری طری ٹریٹ کرنا بند کر دیا.. اس نے تمہیں ہرٹ کرنا بند کر دیا تھا ڈیم اٹ....

وہ بھی چلایا....

That's doesn't justify what he did... !!

اس نے مجھے کڈنیپ کیا, میری فیملی کو ایک سال تک قید رکھا, اس نے میرے فیانسی کی ٹانگ توڑ دی اس نے میری زندگی میں اتنی زیادہ مشکلات پیدا کیں...

اسپرا نے جان بوجھ کر لفظ فیانسی پر زور دیا...

ایڈیٹ اسپرا تمہیں کیا لگتا ہے وہ جن ممالک میں جاتا ہے وہاں جا کر لڑکیاں کڈنیپ کرتا ہے.. تاکہ وہ انہیں اپنے پاس رکھ سکے..؟؟؟؟ میں نہیں جانتا اس نے تمہیں کیوں کڈنیپ کیا... میں یہ بھی نہیں جانتا اس نے تمہیں جب پہلی بار دیکھا تو کیا محسوس کیا.... اس سوال کا جواب صرف اور صرف اس کے پاس ہے....

رہی تمہاری فیملی کی بات... ارحم نے وہاں زین کی ڈیوٹی لگائی ہوئی تھی... جو انکی ہر ضرورت کا خیال رکھ رہا تھا انہیں وہاں کسی چیز کی کمی نہیں تھی اور جہاں تک مجھے پتہ ہے زین نے تمہیں بتا بھی دیا تھا کہ تمہاری فیملی زندہ ہے اور صحیح سلامت ہے....

اور آخر میں تمہارا سو کالڈ فیانسی.... وہ تمہارا فیانسی نہیں ہے... اور اگر تم سچ میں ایسا سمجھتی ہو نہ تو قسم سے اسپرا تم پچھتاؤ گی.....

ارحم نے اسکی ٹانگ مکمل طور پر نہیں توڑی تھی... اس نے بس جان بوجھ کر اسکی ٹانگ توڑ کر اسے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

وہیل چیئر پر بیٹھنے پر مجبور کیا تاکہ عالیہ اس سب میں ملوث ہو سکے... یہ بس عالیہ کی توجہ کھینچنے کیلیے تھا...

...وہ دنیا کا جانا مانا کرمنل ہے اسپرا وہ جانتا ہے کس کو کہاں, اور کتنا مارنا ہے

وہ کیوں اس کے ذریعے دانش کی ماما کی توجہ حاصل کرنا چاہتا تھا....؟؟

...اسپرا نے ناسمجھی سے پوچھا

That's none of your damn business...!!

...اندر جاؤ.. اور باہر نکلنے کی غلطی بھی مت کرنا

وہ دانت پیستے ہوئے بولا تو اسپرا اس کو دیکھ کر رہ گئی کیونکہ اس نے اتنا رف اور غصے میں علی کو پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا...

ارحم کدھر ہے...؟؟

...اسپرا نے ٹاپک بدلتے ہوئے پوچھا

...رستے میں ہے

...وہ دوٹوک لہجے میں کہہ کر گاڑی کا واپس سے دروازہ کھول کر اس میں بیٹھ گیا

مجھ سے نفرت کرنے کا ڈرامہ مت کرو علی.. اور مجھے اس چابی کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ میں اس گھر کا پاسورڈ جانتی ہوں....

اسپرا نے جب گاڑی وہاں سے نکلتے ہوئے دیکھی تو چیختے ہوئے بولی... مگر گاڑی سیکنڈز میں اسکی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

آنکھوں سے اوجھل ہو چکی تھی... وہ لمبا سانس کھینچتی دروازے کی جانب مڑی اور چابی کی بجائے پاسورڈ لگانے لگی جس پر دروازہ کھل گیا اور وہ اندر داخل ہو گئ...

اسپرا نے لائٹس جلائیں تو گھر کو بالکل ویسا دیکھ کر جیسا وہ چھوڑ کر گئ تھی اسکے دل نے ایک بیٹ مس کی... ہر چیز اپنی مخصوص جگہ پر خوبصورت لگ رہی تھی....

اسپرا جلدی سے اپنے کمرے میں گئ اور اپنے وارڈروب سے کپڑے لے کر شاور لینے چل پڑی.... فریش ہونے کے بعد وہ کیچن میں چلی گئ...

امم میرے بعد لگتا ہے جناب نے گھر سے کھانا نہیں کھایا...

اسپرا وہاں صرف فروٹس ہی دیکھ کر منہ ہی منہ میں بڑبڑائ...

اسپرا کچھ فروٹس ٹوکری میں لیکر لیونگ ایریا کی جانب بڑھ گئ اور وہاں نیٹ فلکس پر مووی لگا کر کاؤچ پر بیٹھ کے دیکھنے لگی...

جب اسے نیند آنے لگی تو اس نے کلاک کی جانب دیکھا جو ایک بجا رہا تھا اس نے والیوم تیز کر دیا تا کہ جب ارحم آئے تو وہ اسے جاگتا ہوا پائے...

وہ اٹھ کر منہ واش کرتی رہی تا کہ نیند نہ آئے مگر جیسے ہی گھڑی نے دو بجائے وہ سو گئ...

✸✸✸✸

وارم بازوؤں کے حصار نے اسے نیند سے جگا دیا... اس نے محسوس کیا جیسے کسی کا ایک ہاتھ اسکی گردن پر اور دوسرا ٹانگوں پر ہے...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا نے آہستہ آہستہ اپنی آنکھیں کھول دیں تو اسکی نظر ارحم کے خوبصورت چہرے سے ٹکرائی جو اسے بانہوں میں اٹھائے ہوئے سیڑھیاں چڑھ رہا تھا... اس نے ابھی تک اسپرا کی جانب نہیں دیکھا تھا.. وہ حیرت سے سوچنے لگی کیا یہ جانتا ہے میں جاگ گئی ہوں...؟؟ اس کا دل اس خیال سے ہی خوف سے دھڑکنے لگا کہ اب نہ جانے کیا ہو گا جب میں فائنلی اسکے پاس اور اسکے حصار میں ہوں...؟؟؟

اسپرا کا دل چاہا وہ اسکی گردن کے گرد اپنے بازو حائل کرے مگر وہ ڈر سے ہی دور رہی... کیونکہ وہ نہیں جانتی تھی اس وقت وہ اس کے بارے میں کیا سوچ رہا ہے...

ارحم نے دروازہ دھکیلا اور اپنے کمرے میں داخل ہو گیا.. بیڈ کے قریب جا کر جیسے ہی وہ اسپرا کو لٹانے کیلیے نیچے جھکا اس نے جلدی سے اپنی آنکھیں بند کر لیں تا کہ اسے نہ پتہ چلے کہ وہ جاگ رہی ہے.... ارحم نے نرمی سے اسے بیڈ پر لٹا کر قہقہہ لگایا جس پر اسپرا کا دل تیزی سے دھڑکا اور خواہش ہوئی کہ وہ آنکھیں کھول کر اسکی مسکرہٹ دیکھ سکے مگر اس نے نہیں کھولیں...

ارحم نے اسپرا کے بال گردن سے ہٹائے اور وہاں اپنا چہرہ چھپا کر اسکی خوشبو اپنی سانسوں میں اتارنے لگا اور پھر اسکی گردن پر اپنے لب رکھ دیئے... جس پر اسپرا کا پورا وجود کپکپایا...

اسکے لمس میں اتنے جزبات تھے کہ اسپرا کا دل پاگلوں کی طرح دھڑکنے لگا...

میں جانتا ہوں تم جاگ رہی ہو....

وہ اسکے گال اپنے ہاتھ کی پشت سے سہلاتا ہوا بولا....

Damn his voice...

کتنی جان لیوا اسکی آواز ہے....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

وہ دل ہی دل میں بڑبڑا کر دھیرے دھیرے اپنی آنکھیں کھولنے لگی جو ڈراک پچ بلیک آنکھوں سے ٹکرائیں...

کافی منٹس تک وہ مسلسل ایک دوسرے کی آنکھوں میں دیکھتے رہے جیسے کہ وہ دونوں ایک دوسرے کی روح تک رسائی کرنا چاہ رہے ہوں...

i missed you...

ارحم کے الفاظ پر اسپرا نے اسکے لبوں کی جانب دیکھا اور پھر واپس سے اسکی آنکھوں میں دھڑکتے دل کے ساتھ دیکھنے لگی...

اسے سمجھ ہی نہیں آرہا تھا وہ کیا کہے...

ارحم اسکے ماتھے کو چوم کر ایک ہاتھ اپنے سر کے نیچے رکھ کر اسکی جانب کروٹ کر کے اسکے چہرے کو دیکھنے لگا جیسے ہی اس نے اپنا ایک ہاتھ اوپر اٹھایا اسپرا کو لگا وہ اسے مارنے لگا ہے اسلیے جلدی سے اپنا چہرہ اپنے ہاتھوں میں خوف سے چھپا گئی...

میں تم پر ہاتھ نہیں اٹھانے لگا ہوں ٹیسورو...

i just want to kiss you...

ارحم نے نرمی سے کہا تو اسپرا کے دل نے ایک بیٹ مس کی اور اس نے اپنے ہاتھ چہرے سے ہٹا دیئے...

ارحم نے اسکو تھوڑی سے پکڑ کر قریب کیا اور اسکے لبوں پر جھک کر وہاں اپنا لمس چھوڑنے لگا... اسپرا نے خود کو سہارا دینے کیلیئے اسکی گردن کے گرد بازو حائل کر کے خود کے مزید قریب کیا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ارحم کے لمس میں نرمی تھی جبکہ اسپرا کے لمس میں شدت تھی جب اس سے سانس لینا مشکل ہونے لگا ...تو وہ اسکے سینے پر ہاتھ رکھ کر دور ہوئی اور اپنی سانسیں بحال کرنے لگی

Guess you missed me more...

ارحم نے اپنے لب سے خون صاف کر کے اسکی جانب دیکھتے ہوئے بولا جو بلش کرتی یہاں وہاں دیکھنے لگی تھی...

...کچھ کہو اسپرا... میں تمہاری آواز سننا چاہتا ہوں

.ارحم نے ہیڈ بورڈ سے ٹیک لگا کر اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتے ہوئے کہا

..م م میں نے سوچا تھا ک کہ ت تم م مجھے خ خود لینے آؤ گے

...اسپرا نے بے ترتیب ہوتی سانسوں سے لڑکھڑتی آواز میں پوچھا

...جس پر ارحم مسکرانے لگا تو اسپرا اسکے چہرے کی جانب دیکھنے لگی

he has precious smile...

really beautiful...

..وہ اسکا چہرہ دیکھ کر دل ہی دل میں بولنے لگی

...میں آنا چاہتا تھا میا کارا

...مجھ پر یقین کرو میں سچ میں آنا چاہتا تھا لیکن مجھے کچھ ضروری کام پڑ گیا...اس وجہ سے نہیں آپایا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسکی بات پر اسپرا کے دل کو کچھ ہوا اور آنکھیں نیچے جھک گئیں یہ سوچ کر کے اس سے زیادہ بھی کچھ ضروری ہے...

ارحم نے اسکی تھوڑی پر ہاتھ رکھ کر اسکا رخ اپنی طرف کیا اور اسکا ماتھا چوم کر اس کے برابر لیٹ گیا اور سیلنگ کی طرف دیکھنے لگا...

کیا تم مجھ پر غصہ نہیں ہو...؟؟

..اسپرا نے اس کے چہرے کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا

.....میں ہوں

..میرے وجود کا ایک حصہ تمہیں سزا دینا چاہتا ہے

... تمہیں تکلیف پہنچا کر اس وقدر تڑپانا چاہتا ہے کہ تم رو, گڑگڑاؤ, چیخو اور چلاؤ

تمہارے وجود پر اس قدر گہرے زخم چھوڑنا چاہتا ہے کہ تم کبھی چل نہ سکو... اور اس گھر میں قید رہو....

ارحم نے کہہ کر کروٹ بدل کر اسکی طرف دیکھا جو منہ کھولے, خوف اور پتھرائی آنکھوں سے اسکی جانب ہی دیکھ رہی تھی...

..ب ب بالکل ایسے ہی.... ی یہ ہی م میں نے تم سے ت توقع کی تھی

...اسپرا نے نظریں جھکا کر دھیرے سے کہا جس پر ارحم نے قہقہہ لگایا

....اور اسی پل میرے وجود کا دوسرا حصہ چاہتا ہے کہ

...ارحم نے اتنا کہہ کر لمبا سانس کھینچا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

دوسرا حصہ چاہتا ہے کہ...؟؟؟

..اسپرا نے امید سے اسکے الفاظ دہرائے

دوسرا بڑا حصہ چاہتا ہے کہ تمہیں سینے میں چھپا کر رکھوں... تم پر کبھی کوئی آنچ بھی نہ آنے دوں...

..تمہارا ہاتھ ہر پل اپنے ہاتھ میں قید رکھوں

....وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے بولا

اسکے الفاظ پر اسپرا کے دل میں سکون کی لہر دوڑی اور دل خوشی سے اچھلنے لگا....وہ بغیر پلکیں جھپکے اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگی جو اسی کو دیکھنے میں مصروف تھا تبھی ان دونوں کی توجہ ارحم کے بجتے موبائل نے کھینچی...

وہ پاکٹ سے سیل نکال کر کال سننے لگا... جبکہ وہ بیٹھ کر اپنی دھڑکنوں کو معمول پر لانے کی کوشش کرنے لگی ساتھ ارحم کی باتوں کو حفظ کرنے لگی.. کیونکہ اس نے ارحم سے ایسے رویے کی توقع بالکل نہیں کی تھی..

ہو سکتا ہے ارحم مجھے مختلف طریقے سے تباہ کرنا چاہتا ہو... جیسے میں نے کرنے کی کوشش کی تھی...

...لیکن اسکی آنکھوں میں تو اتنا اپنا پن اور سنجیدگی جھلک رہی تھی وہ ایسا نہیں ہے

...وہ سینے پر وار کرنے والوں میں سے ہے...ڈبل گیم وہ نہیں کھیلتا

..اسپرا دل ہی دل میں بڑبڑانے لگی

ارحم نے کال بند کی تو اسپرا کو کمر سے پکڑ کر اپنی جانب کھینچا جس سے اسکی پشت اسکے سینے سے ...ٹکرائی...اس نے اسے بیک ہگ کر کے اس کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں قید کر لیے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....سو جاؤ ٹیسورو کل والا دن بہت لمبا ہونے والا ہے

وہ اسکی گردن پر تھوڑی رکھتے ہوئے بولا جبکہ اسپرا کھوئی کھوئی نظروں سے اپنے ہاتھ اسکے ...ہاتھوں کی گرفت میں دیکھنے لگی

جب وہ سو کر اٹھی تو اس نے دیکھا کہ بیڈ کی دوسری جانب خالی اور کولڈ ہے... اسے لگا شاید ارحم واشروم میں ہو... لیکن وہ وہاں بھی نہیں تھا... وہ اچھے سے فریش ہو کر نیچے چلی گئ جہاں اسکے ناک ....سے لزیز کھانے کی خوشبو ٹکرائ

...لگتا ہے ارحم نے واپس سے ملازمہ ہائر کر لی ہے کوکنگ کیلیئے

وہ خود سے بڑبڑاتی کیچن میں داخل ہوئ تو سامنے ارحم کو شرٹ لیس کوکنگ کرتے دیکھ کر اسکا چہرہ لال ٹماٹر ہو گیا جبکہ نہ چاہتے ہوئے بھی اسکے لب مسکرانے لگے یہ سوچ کر کے لاسٹ ٹائم اس نے ...چکن اور انڈے فرائ کیے تھے اس دفعہ کیا بنا رہا ہو گا

....وہ اسکے پیچھے کھڑے ہو کر سوچنے لگی

اسپرا کا دل چاہا کہ وہ آگے بڑھ کر اسکے گرد اپنی بانہوں کا حصار باندھ کے اسے اپنی موجودگی کا احساس ....دلائے مگر وہ وہاں ہی کھڑی رہی اور لب چباتے ہوئے اسے کھانا بناتے ہوئے دیکھنے لگی

... تبھی وہ کچھ پکڑنے کیلیئے مڑا تو اسکی نظر اسپرا سے ٹکرائ

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....اسپرا کو وہ بالکل فریش اور ڈیولیشلی ہینڈسم لگا

...کوئی اس قدر پیارا کیسے ہو سکتا ہے...اور پھر سارے کا سارا کیسے ہو سکتا ہے

...وہ اسکے چہرے کو حفظ کرتے ہوئے دل ہی دل میں سوچنے لگی

کیا اتنا مشکل لگ رہا ہے مجھ سے آنکھیں ہٹانا..؟؟

..ارحم نے مضحکہ خیز مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے پوچھا

....خوش فہمیاں لاعلاج ہیں جناب

...وہ آگے بڑھ کر شیلف پر بیٹھتے ہوئے بولی جس پر وہ آنکھیں گھما کر رہ گیا

Whatever make you help to sleep....

...وہ مسکراتا ہوا بولا

i hate you...

...وہ بلش کرتی اسکے بازو پر تھپڑ مارتے ہوئے بولی

....مجھے بہت اچھا لگتا ہے جب تم بلش کرتی ہو, تمہارے گال اور گردن پنکش ہو جاتے ہیں

وہ اسکی گردن پر انگلی چلاتے ہوئے بولا تو اسپرا نے مسکراتے ہوئے اسکے ہاتھ پر تھپڑ مار کر اسکا

...ہاتھ اپنی گردن سے پیچھے کیا جس پر وہ ہنسنے لگا اور چکن فرائی کرنے لگ گیا

تو پھر کیا بنا رہے ہو تم...صرف چکن فرائی...؟؟

...اسپرا نے فرائی پین کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....میں کچھ بریڈ اور دودھ لایا ہوں

.ارحم نے اسکی جانب دیکھتے ہوئے کہا

...فریج خالی تھی لاسٹ نائٹ صرف فروٹس تھے اور کچھ بھی نہیں تھا

..اب فل ہے...ہر ضرورت کی چیز موجود ہے وہاں

...وہ دوسری جانب مڑ کر کیبنٹ سے مگ نکالتا ہوا بولا

پہلے خالی کیوں تھی..؟کیا تم ہر وقت باہر سے کھانا کھاتے تھے...؟

...ہمم تم کہہ سکتی ہو

...وہ کہہ کر ہاٹ کافی مگ میں انڈیلنے لگا

میں تمہارے غصے کو جانتی ہوں مجھے لگا جب میں واپس جاؤں گی گھر کی ہر چیز ٹوٹی پھوٹی ہو گی لیکن یہاں ...توسب ویسا ہی تھا جیسا میں چھوڑ کر گئی تھی کسی بھی چیز میں زرا تبدیلی نہیں آئی

اسپرانے نرمی سے کہا جس پر ارحم نے اسے کوئی جواب نہیں دیا بلکہ کافی کا مگ اسکی جانب بڑھایا جو اس نے تھام لیا اور ایک گھونٹ بھرا..اسے نہیں امید تھی کہ وہ اتنی زبردست کافی بنا سکتا ہے...ارحم نے ...اس میں کچھ کریم بھی ڈالی تو وہ مزے سے پینے لگی ساتھ جواب کا انتظار کرنے لگی

جبکہ وہ پین اٹھا کر ڈائننگ ٹیبل کی جانب بڑھ گیا تو وہ بھی جلدی سے شیلف سے اتری اور دو پلیٹس اور ..فاک لے کر اسکے پیچھے بھاگی...جو ٹیبل پر جوس,ٹوسٹ,اور فرائی انڈے رکھ رہا تھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

وہ کرسی پر بیٹھ کر کافی پیتے ہوئے اسے دیکھنے لگی جو کام کرتے ہوئے اس قدر کیوٹ لگ رہا تھا...

مجھ سے پہلے اٹھنا, میرے لیے کافی اور ناشتہ بنانا... یہ تو ارحم نہیں تھا... یا اللہ یہ کیا ہے اب...؟؟

وہ اسے دیکھتے ہوئے خود سے بڑبڑائی جو ناشتہ اسکی پلیٹ میں سرو کرنے کے بعد اپنی کرسی پر بیٹھ کے ناشتہ کرنے لگا تھا

مجھے ایسا لگ رہا ہے تم نے کل رات کوئی بہت ہی پیارا خواب دیکھا تھا...؟؟

ارحم کی اتنی نرمی اس سے ہضم نہیں ہو رہی تھی اسلیے لب کاٹتے ہوئے اس سے کہنے لگی جس پار ارحم نے آئبرو اچکا کر اسکی جانب دیکھا...

تم نے ایسا کیوں کہا ہے...؟؟

اس نے گلاس میں جوس ڈال کر اسپرا کے قریب رکھتے ہوئے پوچھا..

میں نے تمہیں پہلے کبھی ناشتہ بناتے ہوئے نہیں دیکھا...

اسپرا نے نروس ہوتے ہوئے کہا...

میں نے تمہیں بتایا تھا مجھے کوکنگ آتی ہے...

وہ ناشتہ کرتے ہوئے بولا...

اور تم نے ابھی تک یہ بھی نہیں بتایا کہ یہ گھر کیسے بالکل پہلے جیسا ہے...؟

اسپرا نے ٹوسٹ کا بائٹ لیتے ہوئے پوچھا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اس میں بتانے والا کیا ہے...؟؟ میں نے چیزیں توڑ کر تمہاری آرٹ خراب نہیں کی...اس وجہ سے تم پریشان ہو..؟؟

...بات پریشان ہونے کی نہیں ہے...میں ویسے ہی بس پوچھ رہی ہوں

..وہ اسکی جانب دیکھتے ہوئے بولی جو جوس پی رہا تھا

...جب سے تم گئی تھی میں اس گھر میں نہیں آیا تھا..میں تمہیں ڈھونڈ رہا تھا

وہ ٹیبل سے اٹھتا ہوا بولا تو وہ بھی برتن اٹھا کر کیچن کی جانب بڑھ گئی....جب برتن واش کر کے وہ فارغ ہوئی تو لیونگ ایریا میں آ گئی جہاں ارحم کاؤچ پر بیٹھا ٹی وی دیکھنے میں مصروف تھا

وہ آکر اسکے برابر بیٹھ گئی اور رپورٹر کو دیکھنے لگی جو انتہائی شورٹ ڈریس میں موسم کے بارے میں نیوز ...دے رہی تھی

ارحم کو اس رپورٹر کی جانب دیکھتا پا کر وہ اسکے گرد بازو باندھ کر سینے پر سر رکھ کر نیوز سننے لگی.. تبھی ...اس نے محسوس کیا کہ ارحم نے اسکے گرد اپنی گرفت سخت کی ہو جس پر اسکے لب مسکرانے لگے

کیا تم آج اپنے ورک پہ نہیں جاؤ گے...؟؟

...اسپر انے ہمت کرتے ہوئے پوچھا

...نہیں

...وہ سکون سے بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

تو مطلب... تم سارا دن یہاں ہی رہو گے...؟؟؟

...اسپرا نے اسکے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

... نہیں... میں سارا دن تمہارے ساتھ رہوں گا

...وہ اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتا ہوا بولا جس پر اسکے دل نے ایک بیٹ مس کی

کیا ہم دونوں باہر چلیں...؟؟

...اسپرا نے امید سے پوچھا

کہاں جانا ہے...؟؟

....جہاں بھی تم لے کر چلو

..وہ مسکراتی آنکھوں سے اسکی طرف دیکھتے ہوئے بولی

..میں تو پھر چاہ رہا ہوں تمہیں بیڈ روم میں لے کر جاؤں

وہ ٹی وی کی جانب دیکھتے ہوئے بولا... جس پر اسپرا کا دل تیزی سے دھڑکا وہ اسکے سینے پر پنچ

...مارتی اس سے دور ہوئی

اچھا اچھا ادھر آؤ... یہ تو بتاؤ میرے بغیر دس دن کیا کیا ہے...؟؟؟

... جس پر اسپرا اسے گھور کر رہ گئی کیونکہ وہ ایسے پوچھ رہا تھا جیسے وہ کہیں سیر سپاٹے پر گئی ہوئی تھی

مجھے ایسے مت دیکھو... اور میرے سوال کا جواب دو...؟؟

..وہ اسکے ہاتھوں کو پکڑتے ہوئے بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ارحم تم بہت ٹف ہو... تمہیں سمجھنا اتنا مشکل کیوں ہے..؟؟

.اسپرا غصے سے اسے گھورتے ہوئے بولی کیونکہ اسکا رویہ اسے سمجھ ہی نہیں آ رہا تھا

چلو اس میں کیا ہے... میری بیوی میرے پاس دس دن نہیں تھی... میرے پاس پورا حق ہے جاننے کا کہ اس نے میرے بغیر وقت کیسے گزارا...؟؟

...اس نے کہا تو اسپرا اسے دیکھ کر رہ گئ

you are impossible... !!

i have never ever met a bipolar person like you...!!

اب ارحم کی نرمی اسے ٹارچر کرنے لگی تھی اسلیے جو منہ میں آیا بولنے لگی جبکہ ارحم لمبا سانس کھینچ کر اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرنے لگا...

دیکھو اسپرا میں خوش ہوں تم واپس آ گئ ہو اوکے...؟؟

...اسے مزید میرے لیے مشکل مت بناؤ جب یہ پہلے ہی میرے لیے بہت ہے

..اسکی بات پر اسپرا کاؤچ سے اٹھ کر سیڑھیوں کی جانب چل پڑی

وہ خوش تھی ارحم نے اسے ہرٹ نہیں کیا تھا جس کی اسے امید نہیں تھی.... لیکن ارحم کے رویے میں یہ نئ تبدیلی اسے ٹارچر کرنے لگی تھی جیسے صبح جلدی اٹھ جانا, اسکے لیے ناشتہ بنانا اور پھر ایسے بات کرنا جیسے وہ دونوں بہت خوش باش کپل ہوں....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

یااللہ پلیز مدد کرو میری.. ارحم ایسا نہیں ہے... وہ بالکل بھی ایسا نہیں ہے... ہر چیز کو اتنی نرمی سے لینے والا...

...وہ خود سے بڑبڑانے لگی

... چلو ٹھیک ہے تم تیار ہو جاؤ ہم باہر چلتے ہیں

... ارحم نے اسکے پیچھے آکر اسکا بازو پکڑ کر اسکا رخ اپنی جانب کرتے ہوئے بولا

... نہیں... میں تم جیسے ایڈیٹ کے ساتھ کہیں نہیں جا رہی ہوں

...وہ اس سے اپنا بازو چھڑاتے ہوئے چلائی

.... اسپر مجھے صبح صبح غصہ مت دلاؤ, جب کہہ رہا ہوں تیار ہو جاؤ تو مطلب جا کر ہو جاؤ

.... وہ اسکے بالوں کو اپنی مٹھی میں جکڑ کر اسکا رخ اپنی جانب کرتا ہوا بولا

... جاؤ نہیں ہو رہی تیار جو کرنا ہے کر لو

...وہ سکون سے بولی

... کیا چاہتی ہو خود کپڑے بدل دوں

وہ اسکے بال آہستگی سے چھوڑ کر اسے گھورنے لگا... جس پر وہ دانت پیس کر اپنے وارڈروب سے کپڑے لے کر واشروم میں گھس گئی جبکہ وہ بھی اپنے کپڑے لے کر دوسرے روم کے واشروم میں چلا گیا...

✸✸✸✸

یہ مجھے یہاں گھمانے لایا ہے... اور کیا کہہ رہا تھا "میرے ساتھ رہنا" جبکہ تمہارے الفاظ یہ ہونے چاہیے تھے کہ "ہم دونوں ایک ساتھ ہوں گے ایک ہی چھت کے نیچے لیکن مختلف جگہوں پر"

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

وہ غصے سے یہاں وہاں دیکھتے ہوئے کہنے لگی کیونکہ ارحم اسے اپنے ساتھ کاسینو لے کر آیا تھا ....لیکن یہاں آ کر اب اسکا نام و نشان بھی اسے نہیں مل رہا تھا

اسپرا حیرت سے کاسینو میں لوگوں کا رش دیکھنے لگی اسکا خیال تھا کہ یہ صرف رات میں کھلتا ہے مگر اتنے لوگوں کو دیکھ کر اسے گھبراہٹ ہونے لگی تو وہ ایک کولڈ ڈرنک کا گلاس پکڑ کر باہر فریش ہوا لینے چلی گئ...

اسپرا نے واپس پلٹ کر اس ہجوم میں کوئ جانا پہچانا چہرہ ڈھونڈنا چاہا جیسا کہ زین, علی, احمد, تیمیہ, شیزہ اور زبیر مگر اسے کوئ بھی نظر نہیں آیا...

....میم

....رومیرو کی آواز نے اسکی توجہ اپنی جانب کھینچی

رومیرو...کیسے ہو...؟؟

...اسپرا نے مسکراتے ہوئے پوچھا

.....ٹھیک ہوں... آپ سے دوبارہ سے ملکر بہت خوشی ہوئ ہے

...وہ مسکراتے ہوئے بولا

....واؤ... تمہیں مسکرانا بھی آتا ہے

...اسپرا نے تنگ کرتے ہوئے کہا کیونکہ جہاں تک اسے یاد تھا وہ ایک روبوٹک گارڈ تھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...وہ ہماری پہلی ملاقات تھی اور میں اچھا امپریشن چھوڑنا چاہتا تھا

...اس نے کہہ کر اپنے ہاتھ جیب میں ڈالے جس پر اسپرا نے طنزیہ مسکراہٹ اسکی جانب اچھالی

ویسے آپ جیسی پیاری لڑکی یہاں بالکل اکیلی کیا کر رہی ہے...؟؟

...ارحم نے کہا تھا وہ جلدی واپس آجائے گا مگر وہ ابھی تک نہیں آیا

...یہ کہتے ہی اسکے ماتھے پر بل پڑے کیونکہ وہ سچ میں ابھی تک واپس نہیں آیا تھا

رمیر وہاں کھڑا ہو کر خاموشی سے یہاں وہاں لوگوں کو دیکھنے لگا تبھی اسکے پاس ایک گارڈ آیا اور اسے کچھ بول کر وہاں سے چلا گیا جبکہ اسپرا سمجھنے سے قاصر رہی وہ کیا کہہ کر گیا ہے کیونکہ اس نے اٹالین میں کچھ بولا تھا...

امم... میم مجھے لگ رہا ہے آپ یہاں بور ہو رہی ہیں... اگر آپ برا نہ مانیں تو مجھے کچھ کام ہے... آپ بھی میرے ساتھ چلیں میں آپ کو کچھ دلچسپ چیزیں دکھاتا ہوں...

...رومیر و کے کہنے پر اسپرا اٹھ کھڑی ہوئی کیونکہ وہ اسے پہلے بھی سارا کاسینو ایک دفعہ دکھا چکا ہوا تھا

...ٹھیک ہے

...اسپرا نے کہا تو وہ دونوں آگے کی جانب چلنے لگے

ویسے آج کاسینو صبح میں کیوں کھلا ہوا ہے...؟؟

..اسپرا کے قریب سے جب ویٹرس گزری تو اس نے گلاس ٹرے میں رکھتے ہوئے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

i got some specific orders...

...اس نے نرمی سے کہا

جب وہ لوگ ایک کمرے سے گزرنے لگے تو اسپرا ارد گرد دیکھنے لگی شاید ارحم کہیں دکھ جائے...وہ کمرہ رات کا منظر ظاہر کر رہا تھا جہاں مختلف رنگوں کی روشنیاں جگ مگ کر رہی تھی اور ...نوجوان لڑکے گیمز کھیلنے میں مصروف تھے

وہاں سے نکلنے کے بعد وہ ایک پرائیویٹ ایریا میں داخل ہو گئے... جہاں بہت سارے سیکشن تھے....ایک سیکشن کے قریب سے گزرتے ہوئے اسپرا کی نظر اندر کی جانب گئ جہاں لڑکیاں ...ڈانس کر رہی تھیں جبکہ لڑکے کاؤچز پر بیٹھے انجوائے کر رہے تھے

...استغفار

وہ زیر لب بڑبڑائ اور ساتھ اللہ کا شکر کرنے لگی کہ اس کے آگے پردہ لگا ہوا ہے..اس نے فوری وہاں سے اپنی آنکھیں ہٹائیں اور آخری سیکشن کی جانب دیکھنے لگی جس نے اسکی توجہ بھرپور کھینچی تھی...جہاں زین بات کرنے میں مصروف تھا جب اس نے اپنے وجود پر کسی کی آنکھوں کی تپش محسوس کی تو اس جانب دیکھنے لگا....

اس کے دیکھنے پر اسپرا نے سمائل پاس کی مگر وہ اگنور کرتا واپس سے اپنے کام میں مصروف ہو گیا... جسکی وجہ سے اسکے چہرے کی بھی مسکراہٹ سکڑی...وہ چھوٹے چھوٹے قدم بڑھاتی آگے ...چلنے لگی جہاں ایک ایک کر کے سب کی نظر اسکی جانب اٹھی

.....علی,احمد,شیزہ,زبیر,ارسل,تیمیہ اور سب سے آخر میں کھڑا ارحم

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

..وہ سب کے سب اسپرا کی جانب خالی نظروں سے دیکھنے لگے

...اس سے پہلے اسپرا پلکیں جھپکتی احمد جو کہ کنارے پر کھڑا تھا اس نے پردہ نیچے کر دیا

اسپرا کے قدم مایوسی اور شرمندگی کی وجہ سے تھمے اسے لگا جیسے وہ ان سب کیلئے کوئی بے کار کھلونا ہو

.. .. جن نظروں سے وہ اسے سب دیکھ رہے تھے

ارحم جب جانتا تھا وہ اپنے دوستوں سے ملنے جا رہا ہے تو مجھے ساتھ لے کر کیوں نہیں گیا...؟؟؟ ایسا تو

...کچھ نہیں لگ رہا تھا کہ وہ کوئی بڑا پلین کر رہے ہوں اور میں وہاں موجود نہیں ہو سکتی

جبکہ ان لوگوں نے کافی کافی بڑے معاملات پر میری موجودگی میں بات کی ہوئی ہے... پھر اب کیا

مسئلہ ہے...؟؟؟

میم آپ ٹھیک ہیں...؟؟

...رومیرو نے پلٹ کر رکتے ہوئے پوچھا تو وہ خیالوں کی دنیا سے ہوش میں آئی

...جی میں ٹھیک ہوں

...اسپرا نے اپنے چہرے پر مسکراہٹ سجا کر کہا اور اسکے ساتھ آگے بڑھ گئی

مجھے یقین ہی نہیں کر سکتی جو ابھی احمد نے کیا...؟؟ جو ارحم نے میرے ساتھ کیا...؟؟ اور جن نظروں

...سے وہ سب لوگ میری طرف دیکھ رہے تھے جیسے میں وہاں کوئی انکا ان چاہا مہمان ہوں

...اسپرا خود سے بڑبڑانے لگی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کیا دس دن میں لوگ بدل جاتے ہیں..؟؟؟

...اممم میں بھی کیا سوچ رہی لوگ پل میں بدل جاتے ہیں اور یہ تو پھر دس دن ہیں

وہ نم آنکھوں سے مسکراتے ہوئے سوچ کر رومیرو کے پیچھے پیچھے چلنے لگی...جو اسے ایک وسیع ...گیراج کی جانب لے جانے لگا

...گیراج کے باہر بہت سی ورائیٹیز کی گاڑیاں کھڑی تھیں جنہیں دیکھ کر اسپرا کا موڈ فریش ہو گیا

...اوہ مائی گاڈ

...اسپرا نے خوش ہوتے ہوئے کہا

...ان میں سے کچھ گاڑیوں کی پہچان وہ کر پائی جیسے کہ

Mansory Vivere Bughatti Veron, Koenigsegg CCXR Trevita, Mercedes–AMG GT and Lamborghini...

...اسے لگا جیسے انہیں دیکھ کر اسکا خواب پورا ہو گیا ہو کیونکہ وہ گاڑیوں کی بہت بڑی فین تھی

ان میں سے زیادہ تر ریس کیلئے ہیں... ہمارا جو انڈر گراؤنڈ ریس کلب ہے وہاں صرف پیسے اور گاڑیاں ....جیتنے پر جو الگتا ہے

....اور یہ سب کی سب امپورٹڈ ہیں

..گیراج میں داخل ہوتے ہوئے رومیرو اسے بتانے لگا

....اوہ مائی گاڈ...پلیز مجھے بتاؤ میں کوئی خواب نہیں دیکھ رہی

اسپرا نے اتنی زبردست گاڑیاں گیراج میں دیکھیں تو بے یقینی سے کہنے لگی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...نہیں آپ نہیں دیکھ رہیں

..وہ مسکراتے ہوئے بولا

wow... This is amazing...!!

اسپرا نے سراہتی نظروں سے گیراج کی جانب دیکھتے ہوئے کہا جو ریکٹنگولر شکل میں تھا... جس کے اطراف میں گاڑیاں موجود تھیں... اور وہاں سٹاف اپنا کام کرنے میں مصروف تھا...

گائز تم لوگ یہاں ریس کلب چلا رہے یا کاسینو...؟؟

...دونوں ہی

..وہ نرمی سے بولا

اسپرا اپنا سر یہاں وہاں گھما کر ہر گاڑی اپنے ذہن میں حفظ کرنے لگی جہاں کچھ جیپس بھی کھڑی تھیں...رومیر و کسی گارڈ سے بات کرنے میں مصروف ہو گیا تو وہ آگے بڑھ مزید گیراج کا معائنہ کرنے لگی اسکا دل کیا کہ وہ ہر گاڑی پر بیٹھ کر گھومے...

...وہاں اس نے کچھ 1970 کی بھی گاڑیاں دیکھیں جو اب کی گاڑیوں کی مات دے رہی تھیں

...اگر دانش یہاں موجود ہوتا تو وہ قسم سے پاگل ہو جاتا

اسپرا مسکراتے ہوئے دل ہی دل میں بڑبڑائی کیونکہ گاڑیوں کا پاگل پن اس نے اسی سے حاصل کیا تھا.

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اسپرا کے قدم سامنے کھڑی گاڑی کے سامنے ٹھہرے

1975 chevrolet Corvette ls5....

....وہ بغیر پلک جھپکے اسکی جانب دیکھنے لگی

خوبصورت ہے...ہے نہ...؟؟

...رومیرو نے اسکے پیچھے کھڑے ہو کر کہا

...خوبصورت لفظ بھی کافی نہیں ہے اسکے لیے

....اسپرا کے الفاظ پر رومیرو نے قہقہہ لگایا... تبھی اسکا سیل بجا تو وہ ایکسکیوز کرتا وہاں سے چلا گیا

... چلیں اب ہمیں چلنا ہے

...اس نے واپس آکر اسپرا سے کہا

کیا ابھی ارحم کی کال آئی تھی تمہیں...؟؟

...اسپرا نے پوچھا

....جی

مجھے سمجھ نہیں آیا...اسے کیسے پتہ میں تمہارے ساتھ ہوں..؟؟

..اسپرا نے نا سمجھی سے اسکی جانب دیکھا

امم..م مجھے س سر نے کہا تھا کہ آپ کے ساتھ رہوں تاکہ آپ انکی تلاش میں یہاں وہاں نہ پھرتی رہو...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

رومیرو کہہ کر گردن پر ہاتھ پھیرتا نیچے فرش کی جانب دیکھنے لگا... اسپرا جو کچھ پل پہلے خوش تھی اب اسکی مسکراہٹ بالکل سمٹ چکی تھی...

For so long you are babysitting me because of him...??

اسپرا غصے سے چلائی.... اسے اپنا آپ اب سچ میں کھلونا ہی لگا..

میم ایسا کچھ نہیں ہے جیسا آپ سوچ رہی ہیں..... وہ سر بس تھوڑا مصروف تھے اور تمہیں کیا لگتا ہے میں کیا سوچ رہی ہوں...؟؟ اگر وہ مصروف تھا تو اسے مجھے نہیں بولنا چاہیئے تھا کہ وہ آج کا سارا دن میرے ساتھ گزارے گا....

اسپرا نے سلگتے ہوئے لہجے میں کہا جس پر رومیرو نے لمبا سانس کھینچا اور پھر اسکی مسکراہٹ اور ہچکچاہٹ سنجیدگی میں بدل گئی...

میں نے صرف وہ کیا ہے... جو مجھے کرنے کا بولا گیا تھا... باقی ارحم سر آپکا انتظار کر رہے ہیں... چلیں...

وہ یہ کہہ کر واپسی کیلئے مڑ گیا...

اسپرا اپنی مایوسی پیچھے دھکیل کر اسکے پیچھے چلنے لگی اور جلد ہی وہ لوگ اینٹرس پر پہنچ گئے جہاں ارحم اکیلا کھڑا تھا جبکہ اسپرا کی نظر اسکے پیچھے گئی جہاں اسکے دوست اپنی گاڑیوں میں بیٹھ کر نکل رہے تھے...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا بغیر اسکی طرف دیکھے اسکے ساتھ گاڑی کی جانب بڑھنے لگی...جب وہ لوگ گاڑی میں بیٹھ گئے ...تو وہ کھڑکی سے باہر دیکھنے لگی

پتہ نہیں کیوں لیکن ارحم کی لاپرواہی اس کے دل کو چوٹ پہنچا رہی تھی مگر وہ بھی خود پر قابو رکھتی باہر ...دیکھتی رہی

✸✸✸✸✸

اگلے کچھ دن ارحم اپنے گھر کا سامان کاسینو میں شفٹ کرتا رہا جس کی وجہ سے اسپرا کے زیادہ تر دن ...کاسینو میں ہی گزرتے

وہ اسے بہت کم دیکھ پاتی کیونکہ وہ دیر رات آتا اور جب تک وہ اٹھتی وہ جا چکا ہوتا...دیر رات آنے کا ...بھی اسے اس لیے پتہ چل جاتا کیونکہ وہ اسکے گرد اپنا حصار باندھ کر سوتا تھا

اسپرا نے ایک دن اس سے پوچھا کہ وہ لوگ گھر کیوں نہیں رہ رہے تو اس نے بتایا کہ پولیس نے نئی سٹریٹیجیز بنائی ہیں انہیں پکڑنے کی...پہلے وہ ارحم کا سارا بزنس تباہ کرنا چاہتے ہیں اور پھر اسے.... ....اسلیے آجکل کاسینو زیادہ محفوظ جگہ ہے

آج نیچے کاسینو میں پارٹی تھی جیسے ہی اس نے کمرے کی کھڑکی کھولی تو وہاں سے آتا لاؤڈ میوزک کا شور اسکے کانوں میں گونجنے لگا...اس پارٹی کیلیے ارحم نے اسے اپنے ساتھ انوائیٹ کیا تھا مگر اس نے اسکی یہ ...اوفر ٹھکرا دی تھی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

جب اسپرا بیڈ پر لیٹ کر فانوس کو دیکھنے لگی تو تبھی دروازہ کھول کر کوئی اندر داخل ہوا تو اسکا دل خوف سے تیزی سے دھڑکنے لگا... مگر سامنے ارحم کو دیکھ کر اسکی سانس میں سانس آئی... جو شراب کے زیر اثر مشکل سے چل پا رہا تھا...

وہ جلدی سے بیڈ سے اتر کر اسکی طرف بڑھی اور اسکی کمر کر گرد اپنے بازو حائل کر کے بیڈ کے قریب لائی

...وہ ن نہیں س سمجھتی م مجھے پاگل پن ہ ہے اسکا

....چ چھوڑ ک کر چ چلی جاتی ہے

اسپرا جب اسے بیڈ پر بٹھانے لگی تو ارحم کے الفاظ اسکی سماعتوں سے ٹکرائے جو مشکل سے بول پا رہا تھا....

...وہ اسکا چہرہ دیکھنے کے بعد اس کے شوز اتارنے لگی... تبھی ارحم نے وومٹ کر دی

...اوہ خدا ارحم جب سنبھالی نہیں جاتی تو پی کیوں ہے

...وہ اسکی شرٹ کے بٹن کھولتے ہوئے خود سے بڑبڑانے لگی

....ت تمہیں پ پتہ ہے تم اتنی پیاری ہ ہو

....وہ اسکے بالوں کی ایک لٹ کو ہاتھوں میں پکڑتے ہوئے بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اور تمہیں پتہ ہے تم بہت برے ہو.... ایسی حالت میں کون گھر آتا ہے

وہ اسکی شرٹ اتار کر زبردستی واشروم کی جانب لے جانے لگی کیونکہ ارحم کا پورا وجود ہی الکوحل میں نہایا ہوا الگ رہا تھا اور کچھ اس نے وومٹ کی ہوئی تھی....

م میں ج جانتا ہوں... م میں ب بہت برا ہوں... ل لیکن ت تم تو اچھی ہو نہ... پ پیار س سے ر رہو م میرے س ساتھ...

...میں ی یہ ساری دنیا تمہارے قدموں م میں بچھا دوں گا

...وہ بچوں کی طرح بولا تو اسپرانم آنکھوں سے اسکی جانب دیکھنے لگی

مگر جلد ہی خود کو کمپوز کر کے اس نے بیسن کی نل کھولی اور اسکا چہرہ واش کروانے لگی مگر وہ آنکھیں بند ہی نہیں کر رہا تھا جس کی وجہ سے صابن اسکی آنکھوں میں چلا گیا اور وہ چھوٹے بچوں کی طرح اپنا چہرہ اسپرا کی گردن میں چھپا کر چلانے لگا... اس نے مشکل سے اسکا چہرہ آگے کیا اور پھر اسے اچھے سے واش کیا...

اس کا چہرہ واش کرنے کے بعد اسپرا نے اسے سہارا دے کر برش کو پیسٹ لگا کر اس کے منہ کی جانب برش بڑھایا تو وہ منہ کھول کر ساری پیسٹ کھا گیا جیسے وہ کوئی چاکلیٹ ہو.....

..ارحم منہ کھولو اور یہ پیسٹ ہے چاکلیٹ نہیں خبردار جو تم نے اسے کھایا

اسپرا نے دوبارہ سے پیسٹ لگا کر اسکی جانب بڑھاتے ہوئے کہا اور پھر بہت مشکل سے اسے برش کروانے لگی....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

برش کروانے کے بعد اس نے اسے کھینچ کر شاور کے نیچے کھڑا کیا شاید پانی سر پر گرنے سے اسے ہوش آجائے... مگر جیسے ہی ارحم پر پانی گرا وہ اس سے بچنے کیلئے اسکی جانب مڑا جس کی وجہ سے اسپرا نے اپنا بیلنس کھو کر فرش کو چوما اور وہ بھی اپنا بیلنس کھوتا اس کے اوپر آ گرا...

یا اللہ پلیز میری مدد کرو... ارحم پیچھے ہو پلیز... اسپرا اسے خود سے پرے دھکیلتے ہوئے دھڑکتے دل کے ساتھ بولا...

no, its comfy baby...

اسکے الفاظ پر وہ اسے گھور کر رہ گئ... پھر زبردستی خود سے پیچھے کر کے وہ اٹھی اور اسکا بازو پکڑ کر اسے بھی اٹھایا اور باہر لا کر بیڈ پر بٹھایا... بیڈ پر بٹھا کر وہ اسکے بال خشک کرنے لگی...

پھر اس نے روم کی لائٹ آف کر کے اپنی دھڑکنوں پر قابو پا کر اسکے کپڑے بدلے... کپڑے بدل کر اس نے لائٹ جلائ... ابھی وہ فرش سے اسکی وومٹ صاف کرنے کے بعد اسکے رف کپڑے واشروم میں رکھ کے آکر فارغ ہوئ ہی تھی کہ اب خود شاور لے سکے...

مگر ارحم کے واپس سے وومٹ کرنے پر وہ صدمے سے اسکی جانب دیکھنے لگی جو مزے سے ہنس رہا تھا...

وہ نہ میں سر ہلاتی... کبرڈ سے نئ شرٹ نکال کر لائ... اور اسکی وہ شرٹ اتار کر نئ والی پہنانے لگی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

صبح ہونے دو... میں تمہیں بتاؤں گی... آئندہ تم نے الکوحل کو ہاتھ لگایا میں تمہاری جان نکال کر رکھ دوں گی...

....وہ اسکو بیڈ پر لٹا کر خود سے بربڑائی اور ساتھ اسکی جانب دیکھنے لگی جو اب سو چکا تھا

وہ اپنے کپڑے لے کر واشروم میں گئی اور شاور لیکر فریش ہو کر باہر نکلی...اس نے اپنے بال خشک کیے اور پھر برش کرنے کے بعد وہ اسکے سینے پر سر رکھ کر سکون سے سو گئی...

✸✸✸✸

جب وہ اٹھی تو اسے امید تھی شاید آج وہ یہاں ہی ہو... مگر اسے اپنے برابر نہ پا کر اسے مایوسی ہوئی.. ساتھ کمرے کا جائزہ لینے لگی جو بالکل صاف ستھرا تھا جیسے رات کو یہاں کچھ ہوا ہی نہ ہو...وہ لمبا سانس کھینچ کر اٹھ گئی...

... تبھی دروازے پر بیل ہوئی تو اس نے آگے بڑھ کر دروازہ کھول دیا جہاں روم سروس لڑکا کھڑا تھا

جی...؟

اسپرانے اسے سوالیہ نظروں سے دیکھا... مگر وہ اسے پیپر پکڑا کر واپسی کیلئے مڑ گیا.. وہ اسے پیچھے سے پکارنے لگی مگر وہ ان سنا کرتا غائب ہو گیا...

...اسپرانے حیرت سے دروازہ بند کر کے پیپر کھولا اور اس پر لکھی سطر پڑھنے لگی

...مجھ سے شام 7 بجے پارکنگ لاٹ میں ملو

.....سنان

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا کا دل خوف اور حیرت کی وجہ سے تیزی سے دھڑکنے لگا اور اس کے ذہن میں بہت سے سوال گردش کرنے لگے جیسے کہ وہ کیسے اندر آیا...؟؟

کیا وہ یہ جگہ جلانے والا ہے...؟؟؟

اب اسکا مقصد کیا ہے...؟؟ ساتھ ہی اسکی نظر کلاک پر پڑی جو

...بجا رہی تھی 6:30

میں کیسے یہاں سے باہر نکل سکتی ہوں.. اگر نکلی بھی تو آگے ہی رومیر وہو گا میرے باڈی گارڈ کے طور

...پر... میں اس سے کیسے بچ کر سنان کے پاس جا سکوں گی

... آخر یہ آفیسر سوچ کیا رہا ہے...؟؟؟ مجھ سے کیسے توقع کر سکتا کہ میں وہاں پہنچ جاؤں گی

اور سب سے بڑھ کر آگر وہ آفیسر ہی نہ ہوا تو پھر....؟؟؟

...وہ لب چباتے ہوئے کمرے میں یہاں وہاں ٹہلتے ہوئے سوچنے لگی

اس نے ہوڈی پہنی اور دروازہ بند کر کے کمرے سے نکل گئ.. کیونکہ تجسس کی ہمیشہ جیت ہوتی ہے...

...اور وہ اسکی کے ہاتھوں مجبور ہو کر آفیسر سنان سے ملنے جا رہی تھی

وہ جیسے ہی کاسینو میں داخل ہوئ تو رومیر و نے اپنے قدم اسکی جانب بڑھا دیئے... اسے اپنی جانب آتا

... دیکھ کر وہ سوچنے لگی کہ ایسا کیا کرے کہ رومیر و یہاں سے کچھ دیر کیلئے غائب ہو جائے

کیا کوئ پرابلم ہے...؟؟ آپ کو کسی چیز کی ضرورت ہے...؟؟

...وہ جیسے ہی قریب پہنچا فوری سے پوچھنے لگا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ارحم کدھر ہے..؟؟

...اسکے ذہن میں جو پہلا سوال آیا وہ وہی پوچھنے لگی

...خیر.. سر کام کر رہے ہیں

...وہ مشکوک لہجے میں بولا

کاسینو میں ہی..؟؟

....گیراج میں ہیں...اگر آپ ملنا چاہتی ہیں تو میں آپ کو ابھی

نہیں...کوئی بات نہیں...ایکچلی مجھے کمرے میں گھٹن ہو رہی تھی تو میں کچھ فریش ہوا لینے کیلئے باہر آ گئی ہوں..

میں فاؤنٹین کے پاس جا رہی ہوں...اگر ہو سکے تو تم میرے لیے کولڈ ڈرنک لیکر وہاں ہی آ جاؤ...میرا کچھ ٹھنڈا سا پینے کا موڈ ہے...

...وہ اسکی بات کاٹتے ہوئے بولی

...اوکے میں لے آتا ہوں

جب وہ کہہ کر بار کی جانب بڑھ گیا تو اسپرانے آخری دفعہ اسے دیکھنے کے بعد اپنے قدم کاسینو سے باہر نکال لیے جہاں ہجوم کم تھا اور گارڈز بھی کارنر میں کھڑے ہوئے ہوئے تھے...

اس نے ہڈ پہنا اور پارکنگ ایریا کی جانب چلنے لگی وہاں کافی گاڑیاں دیکھ کر اسے گھٹن ہونے لگی کیونکہ ادھر کسی بھی انسان کا نام و نشان نہیں تھا...وہ سر سے ہڈ اتار کر آفیسر کو ڈھونڈنے لگی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...مجھے لگا تم نہیں آؤ گی

...اپنے پیچھے جانی پہچانی آواز سن کر وہ پلٹ کر سامنے کھڑے آفیسر سنان کو دیکھنے لگی

...میں نے کبھی نہیں سوچا تھا تم عام کپڑے پہن بھی پہن سکتے ہو آفیسر

...اسپرا نے آفیسر سنان کو ہمیشہ یونیفارم میں دیکھا تھا اسلیے بولنے لگی جس پر وہ ہنسنے لگا

میرا نہیں خیال ہمارے پاس زیادہ وقت ہے... کیا ہم سیریس ٹاپک پر بات کر سکتے...؟؟ یہ مزاق تو چلتے ہی رہیں گے..

...وہ مسکراتے ہوئے بولا

یہاں پر بات کرنے کیلئے اب کچھ بھی نہیں ہے... میری فیملی اور دوست محفوظ ہیں... اسلیے سب ختم اب...

...اسپرا نے کندھے اچکاتے ہوئے کہا

ابھی کچھ بھی ختم نہیں ہوا... اور نہ ہی ختم ہو سکتا جب تک ارحم مر نہ جائے یہ تم اچھے سے جانتی ہو...

...آفیسر نے اپنا غصہ قابو کرتے ہوئے کہا جس پر وہ اپنی مٹھیاں سختی سے بند کر کے رہ گئ

ویسے تم مجھے ایک بات بتا سکتی ہو؟؟ تم اس کے پاس واپس کیوں آئی ہو...؟؟ کیا تم بھول گئ تھی ہم نے کتنی مشکل سے تمہیں اسکی دنیا سے نکالا تھا...

...اسپرا کے چپ رہنے پر وہ مزید پوچھنے لگا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

میں جانتی ہوں تم نے مجھے اور میری فیملی کو بچانے کیلئے کتنی مشکلات کا سامنا کیا ہے اس کیلئے میں اور میری فیملی تمہارا جتنا بھی شکریہ ادا کریں کم ہیں... لیکن ابھی واپس آنے کا فیصلہ میرا اپنا تھا... میں اس سے نہیں جیت سکتی... کیونکہ وہ تب تک سکون سے نہ بیٹھتا جب تک مجھے حاصل نہ کر لیتا...

اسپرا نے وضاحت دیتے ہوئے کہا..

مجھے سمجھ نہیں آیا تمہارا یہ فیصلہ... کیا تمہیں شک تھا کہ ہم تمہاری حفاظت نہیں کر پائیں گے؟؟؟ کیا یہی اصل وجہ ہے کہ تم واپس یہاں موجود ہو...؟؟

آفیسر ایسا نہیں ہے جیسا تم سوچ رہے ہو میں بس اپنی فیملی اور دوستوں کی حفاظت کرنا چاہتی تھی... ہاں تو میں بھی حفاظت ہی کر رہا تھا نہ تمہاری, تمہاری فیملی اور دوستوں کی.... میں چاہتا تو اس رات ہی ارحم کو جان سے مار دیتا کتنا اچھا موقع تھا مگر میں نے تمہیں زیادہ اہمیت دی کہ تمہیں اسکے چنگل سے بچا سکوں... لیکن تم پھر یہاں ہی ہو ڈیم اٹ....

اسکی بات پر اسپرا کی آنکھوں سے آنسو نکل کر گالوں پر گرنے لگے مگر اسنے جلدی سے اپنے ہاتھ کی پشت سے انہیں صاف کیا کیونکہ وہ اسکے سامنے ٹوٹنا نہیں چاہتی تھی جو پہلے ہی ہرٹ تھا...

آفیسر....

ایسا لگتا ہے تم نے یہ اسلیے کیا ہے کیونکہ تم اسے چاہنے لگی ہو... محبت ہے تمہارے دل میں اسکے لیے.... کیا ایسا ہی ہے...؟؟؟

اسکے الفاظ پر اسپرا کے دل نے ایک بیٹ مس کی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

That's none of your business...!!

...اس نے دوٹوک لہجے میں کہا

اوہ میرے خدایا....اسپرا تم یہ نہیں کر سکتی... تم یہ اپنے ساتھ کیسے کر سکتی ہو....وہ ایک کرمنل

....ہے

کیا تم بھول گئ ہو اس نے تمہارے اور تمہاری فیملی کے لیے کتنی پرابلمز پیدا کی ہیں..؟؟؟ یہاں تک کہ

دانش کی ٹانگ بھی توڑ دی تھی پاگل لڑکی...؟؟؟

.... تمہیں کیسے محبت ہو سکتی ہے

...وہ غصے سے ایک ایک لفظ چبا کر بولا.. مگر وہ خاموش رہی

یہ بہت غلط ہے اسپرا بہت زیادہ.... تمہیں ابھی یہ زندگی ایڈونچرس اور مزے کی لگ رہی ہو گی...'

لیکن یہ زندگی موت کے کنویں کی جانب لے جائے گی... یقین کرو تم بہت پچھتاؤ گی... بہت

'.....زیادہ...اور اس وقت

آفیسر مجھے نہیں ہے محبت اس سے....م م مجھے خ خود ب بھی ن نہیں پتہ م میں اس کیلئے ک کیا سوچتی'

'...ہوں...ج جب وہ ہوتا ہے...تو پھر ب بس وہی ہوتا ہے اور کچھ نہیں ہوتا

...وہ اسکی بات مکمل ہونے سے پہلے سانس کھینچتے ہوئے نم لہجے میں بولی

تمہارے پاس ابھی بھی وقت ہے...میرے ساتھ چلو میں تمہیں کسی محفوظ آئلینڈ یا کہیں بھی لے'

'...جاتا ہوں جہاں وہ نہ پہنچ سکے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...آفیسر پلیز میرے فیصلے کی عزت کرو

..اسپرا نے حتمی لہجے میں کہا جس پر وہ سانس بھر کر رہ گیا

کیا تم میرے لیے ایک کام کر سکتی ہو؟؟

...اس کے پوچھنے پر اسپرا نے اسکی جانب دیکھا جو اسے بہت ہارا ہوا لگا

'....یہ منحصر کرتا ہے تم مجھ سے کیا کام کہتے ہو'

مائشہ اور اسکے پاپا ارحم کے قبضے میں ہیں کیا تم پتہ کروا کر بتا سکتی ہو کہ انہیں اس وقت ارحم نے کہاں رکھا ہوا ہے...؟؟

..آفیسر نے اسپرا کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھا

..ہاں ہاں ضرور...یہ تو میں کر سکتی ہوں

....اس نے فوری ہامی بھری

...شکریہ اسپرا...وہ مشکور لہجے میں بولا

کوئی مسئلہ نہیں ہے...میں یہ کر لوں گی اور پھر یہ انفارمیشن دانش کو دے دوں گی وہ خود ہی آپکو انفارم کر دے گا...

...وہ سنجیدگی کے ساتھ بولی تو آفیسر سنان نے آگے بڑھ کر اسے سینے سے لگا کر سر پر ہاتھ رکھا

...تمہاری ایج کی میری بیٹی بھی ہے...بہت مشکل ہے تمہیں یہاں چھوڑ کر جانا

...وہ نرمی سے بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کیا ...اوپسسس....!!!کیسا ایمو شنل ملاپ ہو رہا ہے... قسم سے میرے دل میں تو درد اٹھنے لگا ہے تمہارے دل میں بھی تکلیف اٹھ رہی ہے ارحم...؟؟؟؟

زبیر کے الفاظ پر سنان اور اسپرا فوری ایک دوسرے سے علیحدہ ہو کر پیچھے بائیں جانب دیکھنے لگے جہاں زبیر اور ارحم کھڑے تھے...

اسپرا کا دل ارحم کو دیکھ کر زور زور سے دھڑکنے لگا جو خالی نظروں سے ان دونوں کی ہی جانب دیکھ رہا تھا اور جس کے بازو سینے پر بندھے ہوئے تھے... جبکہ اسکے بغل میں کھڑے زبیر کے چہرے پر مسکراہٹ تھی جیسے اسے سامنے کی سیچویشن بہت مزہ دے رہی ہو...

اارحم میں یہاں سے بھاگنے کی کوشش نہیں کر رہی تھی... میں صرف بات کر رہی تھی... آئی پرامس م میرا تمہارے خلاف جانے کا کوئی ارادہ نہیں تھا...

اسپرا نے سنان کے سامنے آکر اسے محفوظ کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا...

ہمم تم بہت کیوٹ لگتی ہو جب ایسے ڈرتی ہو...

ابھی سمجھ آرہا تم نے اس سے شادی کیوں کر لی...

زبیر نے مسکراتے ہوئے کہا اور اپنے قدم آگے کی جانب بڑھائے جس پر اسپرا نے اپنے قدم پیچھے کی طرف کیے...

تم بہت بڑے سٹوپڈ ہو اگر تمہیں لگ رہا ہے کہ تم ایک عورت کے پیچھے چھپ کر یہاں سے بھاگ سکتے ہو...

زبیر نے سنان کی جانب دیکھتے ہوئے آنکھیں گھما کر کہا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

میں عورت کے پیچھے نہیں چھپ رہا ہوں اور میں ہر صورت اس جگہ سے نکل جاؤں گا... جب میں یہاں آنا جانتا ہوں تو واپس بھی جانا بہت اچھے طریقے سے جانتا ہوں....

تم مجھے مارنا نہیں چاہو گے ظاہری سی بات ہے شپمنٹس زیادہ ضروری ہیں جو اس وقت میرے پاس ہیں...

...سنان اسپرا کے پیچھے کھڑا ہو کر پر سکون لہجے میں بولا

تم شپمنٹس کی وجہ پر مجھے خود کو مارنے سے نہیں روک سکتے... ویسے بھی وہ دوسری تیار ہو کر کلائنٹس تک پہنچ جائیں گیں...

...وہ سنجیدگی سے بولا

اور اس رقم کا کیا جو تم پہلے ہی ان سے حاصل کر چکے ہو زبیر...؟؟

..وہ نرمی سے پوچھنے لگا

وہ شپمنٹس تم انعام کے طور پر خود کے اور خود کی ٹیم کے پاس ہی رکھ لو ویسے بھی تم نے دن رات اتنی محنت کی تھی اسپرا کو ارحم سے چرانے کیلئے... تو آفیسر اتنا اجر تو بنتا ہی ہے نہ...

'...مجھے اور میری ٹیم کو تمہارے بکواس انعام کی کوئی ضرورت نہیں ہے'

...مرضی تمہاری.... ویسے بھی کچھ پل بعد تم اس دنیا میں نہیں رہو گے

زبیر کہہ کر اسکی جانب قدم بڑھانے لگا جبکہ اسپرا نے پیچھے قدم لیکر آفیسر کے بازو پر اپنی گرفت سخت کر دی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

امم ان شپمنٹس میں مجھے ایک لڑکی بھی ملی تھی جو میرے قبضے میں ہے.... کیا نام تھا اسکا اسپرا...؟؟؟

....امممم ہاں یاد آیا شیزہ... تمہاری وائیف

...اسکے بات مکمل ہونے کی دیر تھی زبیر نے آگے بڑھ کر زور سے ایک پنچ آفیسر کے منہ پر دے مارا

...اگر اسکے جسم سے ایک بھی خون کا قطرہ نکلا نہ تو میں تمہیں جان سے مار دوں گا سنان

...وہ اسکا کالر پکڑ کر حلق کے بل چلایا

...چھوڑ دو سنان کو

....ارحم پہلی بار کچھ بولا

....ارحم تم ایسا کیسے کہہ سکتے ہو....؟؟ تم اسے زندہ یہاں سے جانے کی اجازت نہیں دے سکتے پلیز

...وہ اسکا کالر چھوڑ کر پیچھے ہوتے ہوئے چیخا

....ہمیں اسے جانے دینا چاہیے

...زین بولا تو اسپرا نے اپنے پیچھے دیکھا جہاں وہ کھڑا تھا

یہ اسے نہیں چھوڑے گا زین... اور میں اپنی بیوی کو ٹارچر ہوتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا جو وہ پہلے

...ہی بہت ہو چکی ہوئی ہے

...وہ غرایا

...اگر میں یہاں سے نہیں گیا تو وہ لوگ شیزہ کو مار دیں گے

...سنان نے آگے بڑھ کر نرمی سے کہا جس پر زبیر سرخ ہوتی آنکھوں سے پلٹ کر اسکی جانب دیکھنے لگا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میں تمہارا قتل کر دوں گا.....مار دوں گا میں تمہیں

وہ کہہ کر اسکی جانب بھاگا مگر اسکے پہنچنے سے پہلے زین نے پھرتی سے بھاگ کر اسے اپنے بازوؤں میں دبوچ لیا...

....زبیر..میری بات سنو....شیزہ کو کچھ نہیں ہو گا

...یقین کرو ہم لوگ اسے کچھ نہیں ہونے دیں گے

....زین نے جلدی سے بولنے لگا

....نہیں

....زبیر اس سے اپنا آپ چھڑتے ہوئے چلایا

....نکلو یہاں سے سنان...اگر تم یہاں کچھ لمحے مزید رکے تو وہ تمہارا سینہ چاک کر کے دل نکال لے گا

...ارحم سپاٹ لہجے میں بولا تو سنان جلدی سے اس جگہ سے نکل گیا

....نہیں.....شیزہ

...زبیر حلق کے بل چلایا تو اسپر اچھوٹے چھوٹے قدم اٹھا کر زمین پر اسکے برابر بیٹھ گئ

...جاؤ یہاں....جاؤ....یہ سب تمہاری غلطی ہے...تمہاری وجہ سے ہوا ہے یہ

...زبیر اسکی طرف دیکھتے ہوئے اونچی آواز میں بولنے لگا تو وہ شاک سے اسکی جانب دیکھنے لگی

میں جانتا ہوں تم خوش ہو گی میری بیوی جو انکے قبضے میں ہے...تم بہت بری ہو اسپر ابہت زیادہ...کسی کی بھی سگی نہیں ہو...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

نفرت ہے مجھے تم سے.... میں تمہیں اپنے دوست کی زندگی میں دو پل کیلئے بھی برداشت نہیں کر سکتا.... تم اس جیسا انسان ڈیزرو ہی نہیں کرتی... دھوکے باز ہو تم.... پیٹھ پیچھے وار کرنا جانتی ہو....

...میں جانتا تھا شروع سے ہی تم دھوکا دو گی اور تم نے کیا بھی وہی... اسکا یقین جیت کر توڑ دیا

جب وہ دس دن تمہاری پیچھے تڑپ رہا تھا تم اس گھٹیا دانش کی خدمت میں مصروف تھی.... اور آج بھی .... یہاں اس آفیسر سے ملنے چلی آئی

وہ سلگتے ہوئے لہجے میں بولنے لگا تو اسپرا پتھرائے وجود کے ساتھ بھیگی آنکھوں سے اسکی ...جانب دیکھنے لگے

i hate you...

i hate you so much...

بے شک ارحم تمہارے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا اتنی شدید طلب ہے اسے تمہاری.... لیکن یقین کرو اگر وہ تمہارے ساتھ رہے گا تو بھی مر ہی جائے گا.... جاؤ پلیز چلی جاؤ اسکی زندگی سے... دور چلی ...جاؤ اس سے

...اسکے الفاظ پر اسپرا شدت سے رونے لگی

For Go sake Aspara... Get the hell out of here...

...زین نے ایک ایک لفظ چبا کر کہا

...زین ت تم تو جانتے ہو... م میں نے کچھ نہیں کیا... م میں تو بس

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اپنے کمرے میں جاؤ اسپرا

..زین نے اسکی بات مکمل ہونے سے پہلے کہا

...زین

....جاؤ یہاں سے اسپرا...میں بھیک مانگتا ہوں تم سے

وہ سپاٹ لہجے میں بولا تو اسپرا روتے ہوئے ان دونوں کی جانب دیکھنے لگی..... تبھی ارحم اسکی

...جانب بڑھا اور اسکا بازو پکڑ کر اوپر اٹھایا اور تیزی سے چلنے لگا

...ارحم

اسپرا نے تکلیف سے پکارا کیونکہ اسکی اسکے بازو پر گرفت انتہائی سخت تھی اور وہ اسے کھینچتے ہوئے کسی

...ڈارک ایریا کی جانب لے جا رہا تھا

...ارحم پلیز میرا بازو چھوڑو مجھے درد ہو رہا ہے

وہ اپنا بازو چھڑانے لگی مگر اسکی گرفت اس پر اور سخت ہو گئ...تکلیف سے اسکے منہ سے کراہ نکلی...اور

...پاؤں کا بیلنس بگڑا جسکی وجہ سے وہ فرش پر گری مگر وہ پروہ کیے بغیر آگے بڑھتا چلا گیا

...ارحم پلیز

....شٹ اپ

...ارحم نے کہہ کر اسکا بازو چھوڑ کے اسکے بال اپنے ہاتھ میں دبوچے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...کھڑی ہو جاؤ

ارحم نے کہا تو وہ روتے ہوئے کھڑی ہو گئ تو وہ اسے بالوں سے پکڑ کر ہی گیراج میں لے گیا جہاں ورکرز کام کر رہے تھے...

اسپرا کے رونے اور گڑگڑانے پر سب گارڈز رک کر اسے اور ارحم کو دیکھنے لگے...

میں تم لوگوں کی آنکھیں نکال کر عقاب کو کھلا دوں گا اگر تم میں سے کسی نے بھی اپنا سر اوپر کر کے ہم دونوں کی طرف دیکھا...

اسکے وارن کرنے پر سب ورکرز اور گارڈز کے وجود کپکپائے اور وہ فوری اپنا سر نیچے جھکا گئے... جلدی ہی وہ لوگ لفٹ میں داخل ہو گئے جو انہیں سیل میں لے گئ....

ارحم نے ڈارک روم کی سیل میں داخل ہو کر اسپرا کو زمین کی جانب دھکیلا جس سے وہ فرش پر گری... اس نے سسکتے ہوئے اپنے بال چہرے سے ہٹائے اور سامنے دیکھنے لگی... مگر جیسے ہی اسکی نظر سامنے بیٹھے دو انسانوں سے ٹکرائ اسکا دل تیزی سے دھڑکنے لگا...

مائشہ...

Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...جانتاہوں میں سر

...اس نے انکی جانب دیکھتے ہوئے جواب دیا

تم میری بیٹی کو چھوڑ کیوں نہیں دیتے...؟؟؟

میں اس سے عشق کرتا ہوں...وہ بھی کرتی ہے...اگر وہ مجھے خود کہہ دے گی جاؤ چلے جاؤ میری زندگی ...سے....تو آئی پرامس میں چلا جاؤں گا اور کبھی واپس نہیں آؤں گا

...وہ حتمی لہجے میں بولا

اسپرا اسے بولو کہ تمہاری زندگی سے کہیں دور چلا جائے اور آئندہ تمہاری لائف میں مداخلت نہ ...کرے

...عبدالجبار صاحب نے اسے حکمیہ لہجے میں کہا تو وہ منہ کھولے انکی جانب دیکھنے لگی

..اس پر زور مت دو بیٹا

...دادی ماں کی آواز گونجی

....لیکن مام

...اسے فیصلہ کرنے دو

...وہ دوٹوک لہجے میں بولیں

...یہ بہت خطرناک آدمی ہے

...انہوں نے ماتھے پر بل چڑھاتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اپنے آپکو اسکی جگہ رکھ کر سوچو

...انہوں نے مختصر سا جواب دیا

...میں یہ نہیں ہوں اور نہ ہی کبھی ہوں گا...اسپر اتم نے سنا جو میں نے کہا ہے

...وہ سلگتے ہوئے لہجے میں بولے

...پاپا میں ایسا نہیں کروں گی... آپکو اسے ایک موقع دینا چاہیے

میں نے اسے شروع سے آخر تک دیکھا ہے...مجھے سب یاد ہے یہ ایک مونسٹر تھا جس کے پاس دل ہی نہیں تھا مجھے اسکی ہر بے رحمی, سنگدلی, ٹارچر کرنا یاد ہے.. لیکن اسکے باوجود میں اس سے محبت کرنے لگی ہوں میں نہیں جانتی کیوں... لیکن میں نے اسکا وہ رخ دیکھا ہے جو کسی نے نہیں دیکھا جو دنیا کی ... نظروں سے اوجھل ہے

پاپا میں جانتی ہو آپ میرا اچھا چاہتے ہیں... لیکن میرا یقین کریں یہ وہ نہیں ہے جو دنیا کہتی ہے...پلیز

...پاپا...پلیز ایک چانس

...وہ باقاعدہ گڑگڑانے لگی

...تمہارے لیے اچھا ہے اس دفعہ تم خود کو ثابت کرو ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا

وہ کہہ کر اپنے کمرے میں چلے گئے جبکہ ملیحہ بیگم بھی انکے پیچھے پیچھے چلی گئیں... دوسری طرف بیلا اور دادی ماں ارحم کو دیکھنے لگیں..

تمہیں اتنا یقین کیسے ہے تمہارا ماضی, تمہارے پیچھے پیچھے نہیں گھومے گا...؟؟

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میں اسے لیکر یہاں سے بہت دور چلا جاؤں گا

...دادی ماں کے پوچھنے پر وہ تحمل سے بولا

کہاں...؟؟

...وہ تھوڑا آگے ہو کر ناسمجھی سے پوچھنے لگی

...میں نہیں جانتا, ابھی کچھ فائنل سوچا نہیں ہے, لیکن بہت دور جہاں ہمیں کوئی نہ جانتا ہو

...وہ مضبوط لہجے میں بولا

تمہارے بارے میں ساری دنیا جانتی ہے تم کسی شہر میں نہیں رہ سکتے, پولیس کا تم تک پہنچنے کیلئے تمہارا صرف نام ہی کافی ہے..

...میرے پاس بہت سے راستے ہیں, آپ فکر مت کریں کچھ نہیں ہو گا

...وہ مسکراتے ہوئے بولا جسکے بعد دادی ماں نے کچھ نہیں کہا

...بیلا آگے کی طرف بڑھی اور اچھل کر اسپر اکی گود میں بیٹھ گئ

کیا ہوا ہے..؟؟

...اس نے اسکے چہرے پر چٹکی بھرتے ہوئے پوچھا

He is bad..

..وہ اسکے کان میں خوف سے سرگوشی نما بولی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

تمہیں بات کرنی ہے اس سے...؟؟

...اسپرا کے پوچھنے پر اس نے نہ میں سر ہلایا

...اس نے مجھے ہرٹ کیا تھا

..وہ منہ بسورتے ہوئے بولی

آئندہ کبھی نہیں کرے گا آئی پرامس

...وہ اسکا ماتھا چومتے ہوئے بولی

...کچھ دیر کے بعد جب اسپرا کی فیملی پاکستان کیلئے نکل گئ تو وہ دونوں زین کے گھر پر چلے گ ئے

...یہاں رہو, میں جلد واپس آجاؤں گا

...وہ فریش ہو کر اسکے قریب آکر بولا اور پھر دروازے کی جانب بڑھ گیا

رکو, بتا کر تو جاؤ کہاں جا رہے ہو...؟؟

..وہ اسکے پیچھے بھاگ کر اسے روکتے ہوئے سوال کرنے لگی

...مجھے دیکھنا ہے, کیا ہر چیز واپس سے اپنی صحیح جگہ پر موجود ہے

...وہ کہہ کر دروازے سے باہر نکل گیا

...ارحم ویٹ... تم نے کہا تھا تم یہ دنیا چھوڑ رہے ہو

...وہ جلدی سے اسکا بازو تھامتی ہوئ بولی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہاں تو اسپر امیں ایک آخری دفعہ سب دیکھ کر اپنے باس سے بات کرنا چاہتا ہوں

..اس کے کہنے پر اس نے اسے چھوڑ دیا اور سانس کھینچ کر رہ گئ

میں نے وعدہ کیا ہے تمہارے پاپا سے میری جان اور میں وعدہ نبھانا جانتا ہوں... ٹینشن نہ لو صرف مجھ

...پر یقین کرو... ہم یہاں سے بہت جلد جا رہے ہیں, مجھے صرف ایک پلین پر عمل کرنا ہے

..اس نے کہتے ہوئے محبت سے اسکی تھوڑی کو چوما

..اوکے میں ویٹ کر رہی ہوں

...اس نے اسکی گال کو چوم کر کہا اور واپس گھر میں داخل ہو گئ تو ارحم بھی سکون سے چلا گیا

✸✸✸✸

رات دس بجے ڈور بیل بجی تو وہ سے دروازے کی جانب بڑھ گئ جہاں سے زین اندر داخل ہوا اسکے پیچھے علی اور احمد تھے مگر اسکی آنکھوں ارحم کو تلاشنے لگی جیسے ہی وہ سامنے آیا تو اسکا دل خوشی جھومنے لگا مگر

..اسے اسکے چہرے پر تھکاوٹ سی محسوس ہوئ لیکن اسکے باوجود وہ اسے مسکرا کر دیکھ رہا تھا

...سارے بہت زیادہ تھک چکے تھے اسلیے سیدھا اپنے اپنے کمروں میں چلے گ ئے

سب کیسا گیا...؟؟

...وہ اسکے برابر سیڑھیاں چڑھتے ہوئے پوچھنے لگی

...اچھا گیا میں نے اپنے ہاٹلز, ہابر, کاسینو, ریسنگ کلب, سب کچھ واپس سے حاصل کر لیا ہے

..وہ کمرے کی جانب بڑھتا ہوا بتانے لگا

اور تمہارے باس سے بات...؟؟

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہمم اچھی گئ

...وہ کمرے میں داخل ہو کر بولا

بتاؤ مجھے...؟؟

کل بتاؤں گا..ابھی تھک گیا ہوں...وہ دروازہ لاک کرتے ہوئے بولا اور جوتا اتار کر بیڈ پر لیٹ گیا...

کیا وہ خوش تھا...؟؟

...وہ اسکے پاس آکر پوچھنے لگی

...ظاہری سی بات ہے نہیں

...اس نے اے سی کی سپیڈ تیز کرتے ہوئے کہا

تو مطلب, تم یہاں سے نہیں جاؤ گے..؟؟

...وہ تجسس سے اسکے پاس بیٹھ کر پوچھنے لگی...اس نے پلٹ کر اسپر اکی جانب دیکھا

...یہاں آؤ

م مطلب...؟؟

..اس نے بوکھلاتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...تم نے سنا ہے اسپرا

اس نے اسکے سامنے ہاتھ پھیلایا جو وہ دھڑکتے دل کے ساتھ تھام گئ تو ارحم نے اسے کھینچ کر اپنے ساتھ لٹایا...

...کی فلائیٹ ہے a.m صبح 4

...وہ اسے سینے سے لگا کر آنکھیں بند کرتا ہوا بولا

ہم کدھر جا رہے ہیں...؟؟

...اس نے تھوڑا سا اوپر اٹھ کر اسکے سر کو ہلکا ہلکا سا دباتے ہوئے پوچھا

...تم جان جاؤ گی

..وہ آنکھیں کھول کر اسکی آنکھوں میں دیکھتا ہوا بولا

یہ چار بجے کی فلائیٹ ہی کیوں....؟؟

...ٹیسورو میں تھک گیا ہوں, کل بتا دوں گا نہ

...وہ اسکا ہاتھ پکڑ کر واپس سے اسے لٹاتا ہوا بولا

..تو وہ اسکے گرد اپنا حصار باندھ کر آنکھیں بند کر گئ

...مجھے نیند نہیں آ رہی ارحم

وہ کچھ پل بعد اسکے بازو پر موجود ٹیٹو پر انگلی چلاتے ہوئے بولی کیونکہ وہ دوپہر میں کافی دیر سوئ تھی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...دکھ رہا ہے

..وہ اسکے بالوں میں چہرہ چھپاتا نرمی سے بولا

مجھے ایکچلی پریشانی ہو رہی ہے تمہارے لیے, اتنا کچھ ہو گیا ہے اچانک سے... تمہارے لیے یہ کتنا مشکل ...ہو گا نہ

...وہ آہستگی سے بولی

سب بہتر ہو گا... مجھے اس رب پر بھروسہ ہے.... میں چل پڑا ہوں... مجھے یقین ہے وہ مجھے تھام کر ...رکھے گا اور ہر مصیبت سے لڑنے میں میری مدد کرے گا

...وہ سکون سے بولا

...ہمم انشاءاللہ! بے شک وہی ہوتا ہے جو وہ چاہتا ہے

لیکن ارحم تم نے بتایا نہیں ہم کہاں جا رہے ہیں اور تمہارے باس نے کیا کہا...؟؟

کیا تمہارا یہ ضدی پن کبھی کم ہو گا...؟؟

وہ اسکے گرد اپنی گرفت سخت کرتے ہوئے پوچھنے لگا کیونکہ وہ بار بار ایک ہی سوال کر رہی تھی ..

....نہیں

اس نے اٹھ کر شوخ نظروں سے اسکی جانب دیکھتے ہوئے کہا جس پر وہ اسے ایسے دیکھنے لگا جیسی ....شکاری اپنے شکار کو

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...مجھے ایسے دیکھنا بند کرو میں تمہارا کوئی کھانا نہیں ہوں

...وہ اسکی آنکھوں ہر ہاتھ رکھتے ہوئے بولی

...ایکسکیوز می...!!مجھے چربی والا گوشت پسند بھی نہیں

...وہ شرارت سے بولا

...تمہارا مطلب میں موٹی ہوں

..اس نے اسکے پیٹ پر پنچ مارتے ہوئے کہا

...نہیں تم بس پاگل ہو

...وہ اسکا سر واپس سے اپنے سینے پر رکھتا ہوا بڑبڑایا

...صرف تمہارے لیے

...وہ اسکے دل پر اپنے لب رکھتے ہوئے بولی تو اسکے دل نے ایک بیٹ مس کی

...میں نے اپنا گھر جلا دیا ہے جہاں میں رہتا تھا

..وہ کچھ پل بعد تو وہ اچھل کر بیڈ پر بیٹھ گئ

کیا....؟؟؟

...وہ صدمے سے بولی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ہاں فائرنگ کے دوران میرے دو آدمیوں کی ڈیتھ ہوئی تھی میں نے ان کی ڈیڈ باڈی وہاں رکھ دی...

..ان کے سمیت سارا گھر جل کر خاک ہو گیا ہے اور وہ والا حصہ بھی جہاں میری ماما رہتی تھیں

...اسپرا نے خوف سے اسکی جانب دیکھا

تم نے ایسا کیوں کیا...؟؟

کیا تم پاگل ہو گئے تھے.. ؟؟

میں نئی زندگی شروع کرنے جا رہا ہوں اسکے لیے پچھلی کو ختم کرنا ضروری تھا پولیس یقین کر لے گی جو دو آدمی مرے ہیں وہ میں اور زبیر ہیں... جس کی وجہ سے میری فائل بند ہو جائے گی اور اس کے ساتھ ساتھ باقی سب کچھ بھی بند ہو جائے گا...

کیا انہیں سمجھ نہیں آئے گا وہ تم اور زبیر نہیں ہو... ؟؟

نہیں... انہیں پتہ نہیں چلے گا وہاں صرف ہڈیاں موجود ہوں گی جو کہ ڈی این آے ٹیسٹ کیلئے استعمال نہیں ہو سکتی...

...اسپرا سب سے بڑھ کر کوئی بھی میرا اور زبیر کا بلڈ گروپ نہیں جانتا ہے

تو ضروری تھوڑی ہے پولیس سمجھے وہ تم لوگ ہی ہو, ہو سکتا ہے وہ انہیں کوئی اور سمجھ لے..؟

...اسپرا نے پریشانی سے اسکی جانب دیکھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

سب جانتے ہیں وہ گھر میرا ہے... اور کچھ پولیس میرے ساتھ ملی ہوئی ہے, وہاں جو میرے آدمی ہیں وہ یقین دلا دیں گے کہ یہ ہم دونوں ہی ہیں...

وہ اسے اپنی جانب کھینچتا ہوا بولا...

تم نے لوگوں کو یقین کیوں دلایا کہ زبیر بھی مر گیا اس کے پیچھے کی وجہ کیا ہے..؟؟

پولیس صرف مجھے اور زبیر کو ہی زیادہ اچھے سے جانتی ہے اور میرے بعد اگلا ٹارگٹ وہی ہوتا جو میں نہیں چاہتا... میرا دوست ہے وہ, میں چاہتا ہوں اس موت کا فائدہ اٹھا کر وہ شیزہ کے ساتھ کہیں دور جا کر اپنی دنیا بسائے باقی اسکی مرضی ہے اب وہ کیا کرتا ہے...

وہ اسکے بالوں سے کھیلتا تفصیل سے بتانے لگا..

اوکے, تمہاری باس کے ساتھ کیا بات ہوئی...

اس نے احتیاط سے واپس سے پوچھا جس پر وہ اسے گھور کر دیکھنے لگا...

اس نے مجھے کہا ہے یہ سب چھوڑ کر مت جاؤ...

وہ پریشانی سے لب چباتے ہوئے بولا...

✸✸✸✸

مطلب...؟؟

وہ پریشانی سے اسکی جانب دیکھنے لگی...

مطلب وہ بہت ناراض ہے اس نے مجھے بہت کچھ بولا جیسا کہ میں بدل گیا ہوں, اس نے کہا میں ایک مونسٹر ہوں اور مونسٹر کبھی نارمل زندگی نہیں گزار سکتے.. اس کے مطابق, میں چند دن بعد تم سے بور

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ہو جاؤں گا اور پھر تمہیں ٹارچر کروں گا اور آخر میں تمہاری اور اپنی دونوں کی زندگی جہنم بنادوں گا.....

...وہ افسردگی سے بتانے لگا تو وہ اسکی آنکھوں میں درد صاف دیکھ سکتی تھی

...اس نے اسکا چہرہ اپنے ہاتھوں کے پیالے میں بھرا اور اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگی

کیا تمہیں مجھ سے محبت ہے...؟؟

..اس نے نرمی سے پوچھا

...بے انتہا, دیوانگی کی حد تک

...وہ یقین سے بولا

تمہیں وہ پل یاد کر کے کیسا محسوس ہوتا ہے جن میں تم نے مجھے اذیت دی تھی؟؟

مجھے انتہائ شرمندگی محسوس ہوتی ہے, میں نے آج تک کسی بھی عورت کو ایسے ٹریٹ نہیں کیا جیسے میں نے تمہیں کیا تھا... میرا یقین کرو میں نے تم سے پہلے کبھی کسی عورت کو کڈنیپ نہیں کیا پتہ نہیں تمہیں کیسے کر لیا اور مجھے اس کیلئے خود پر انتہائ افسوس ہے... تمہیں کوئ آئیڈیا بھی نہیں میں تم سے کس قدر معافی کا طلبگار ہوں...

...اس نے سچائ کا مظاہرہ کیا

اپنے باس کے الفاظ کو خود کے دماغ پر ہاوی نہ ہونے دینا کیونکہ یہ صرف تمہیں تکلیف دیں گے.... میرے پاپا کہتے ہیں اگر کسی کو سچ میں اپنے کیے پر پچھتاوا ہو تو اسے معاف کر دینا چاہیے اور میں

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...نے تمہیں معاف کیا...بس بات ختم

...وہ سنجیدگی سے بولی

...تم اور میں دونوں ہی جانتے ہیں میں تمہاری معافی کے قابل نہیں

وہ اداس سی مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے بولا تو وہ تھوڑا نیچے جھکی اور اسکے لبوں کو اپنے

...لبوں میں قید کرکے شدت بھرا لمس چھوڑنے لگی

...اسپر اکی اچانک سی گستاخی پر وہ بوکھلایا اور اسکا دل تیزی سے دھڑکنے لگا

...لیکن اس کے باوجود میں نے تمہیں معاف کر دیا

....وہ خود کی سانسوں کو نارمل کرتے ہوئے بولی اور اسکے پیٹ پر سیدھے ہو کر بیٹھ گئ

اس نے اسے کمر سے پکڑ کر لٹایا اور اسکی گردن پر لمس چھوڑنے لگا جبکہ وہ اپنی اتھل پتھل ہوتی

...دھڑکنوں کو معمول پر لانے کی کوشش کرنے لگی

...گڈ نائیٹ

...وہ اسکے کان کی لو کو چومتا ہوا بولا اور پھر سیدھا ہو کر لیٹ کے اپنی آنکھیں بند کر گیا

...ارہمممم.....یار یہ کیا بات ہوئ مجھے ابھی نیند نہیں آرہی کچھ دیر باتیں کرو نہ مجھ سے

...وہ اسے ہلاتے ہوئے بولی

...میں بہت تھک چکا ہوں ٹیسورو اور صبح 4 بجے کی فلائیٹ ہے تم بھی سو جاؤ

...وہ آنکھیں بند کیے ہوئے ہی اسے اپنے سینے سے لگاتے ہوئے بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

تم نے مجھے ابھی تک نہیں بتایا ہم کہاں جا رہے ہیں...؟؟؟

وہ اسکی جاءلائن پر کس کرتے ہوئے پوچھنے لگی, مگر جب دوسری جانب سے کوئی جواب نہیں آیا تو اس نے سر اٹھا کر اسکے چہرے کو دیکھا جو گہری نیند میں سو چکا تھا...

مائن,اونلی اینڈ اونلی مائن....

وہ اسکے چہرے کو اپنی نگاہوں میں بساتی ہوئی خود سے بڑبڑائی اور پھر اپنا سر اسکے سینے سے لگا کر آنکھیں موند گئی...اسے احساس بھی نہیں ہوا کب اسکی آنکھ لگ گئی...

اگلی چیز جو وہ جانتی تھی وہ ارحم کا مسلسل اسے ہلا کر اٹھانا تھا اور ساتھ بولنا تھا...جب اسکی برداشت جواب دے گئی تو اسکا ہاتھ اٹھا اور ارحم کے منہ پر اپنا احساس چھوڑ گیا...

یہ کوئی طریقہ نہیں ہے کسی عورت کو اسکی نیند سے جگانے کا...

وہ اسکی جانب دیکھتے ہوئے غصے سے بولی تو وہ کچھ پل اسکے چہرے کو دیکھتا رہا اور پھر نیچے کی طرف جھکا اور اسے گدگدی کرنے لگا...

وہ اسکے حصار سے نکلنے کی کوشش کرنے لگی مگر وہ اسے مضبوطی سے پکڑ کر گدگدی کرتا رہا,ہس ہس کر اسپر اکے پیٹ میں درد ہونے لگا....

ارحم سٹوپ...

وہ بامشکل بول پائی...

صبح صبح کس کرنے کی بجائے تم نے میرے منہ پر تھپڑ جڑھ دیا... وہ مسکراتے ہوئے اسے گدگدی کرتے ہوئے بولا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہاں تو جو تم کر رہے تھے وہ کیا تھا

...وہ سانس لینے کی کوشش کرتے ہوئے بولنے لگی کیونکہ وہ دیوانہ وار ہنس رہی تھی

...جب وہ لمبے لمبے سانس لینے لگی تو وہ رک گیا اور اپنے لب اسکی گردن پر رکھ دیئے

...گڈ مارننگ ٹیسورو

...وہ اسکے ہونٹوں کو چومتے ہوئے بولا جبکہ وہ لال ٹماٹر ہوتی اسے دیکھنے لگی

....امم کیسی گڈ مارننگ

...سونے دو ارحم

وہ واپس سے بلینکٹ اوپر لیتے ہوئے بولی مگر اس نے اسکے اوپر سے بلینکٹ کھینچ کر دوسری

...جانب رکھ دیا

...اٹھ جاؤ, فلائیٹ میں سو جانا

...وہ اسے بازو سے پکڑ کر اٹھاتے ہوئے بولا

you smell so good...

...اسپر انے اسکی گردن کے گرد بازو حائل کرتے ہوئے کہا تو وہ اسے اٹھا کر واشروم میں لے گیا

...جلدی سے ریڈی ہو کر آ کے مجھ سے ملو, میں نیچے جا رہا ہوں

وہ بول کر کمرے سے نکل گیا جبکہ ٹب میں اپنے لیے گرم پانی کا ارینج دیکھ کر اسکے چہرے پر مسکراہٹ

...بکھری

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...پتہ نہیں کیسے تم مل گ ئے مجھے

اس نے خوشی سے کہہ کر جلدی سے شاور لیا اور پھر کمفر ٹیبل کپڑے پہن کر بالوں کو برش کر کے نیچے کی جانب بھاگی جہاں ارحم کال پر بزی تھا تو وہ کاؤچ پر بیٹھ کر اسکے فارغ ہونے کا انتظار کرنے لگی ساتھ ...یہاں وہاں دیکھنے لگی مگر ان دونوں کے علاوہ کوئ بھی نہیں اٹھا ہوا تھا

...چلو چلیں

...جب اس نے فون واپس اپنی جیب میں رکھا تو اسے اپنے پیچھے آنے کا اشارہ کیا

تو تم مجھے نہیں بتاؤ گے آخر ہم لوگ کہاں جا رہے...؟؟

...وہ اسکے برابر چلتے ہوئے پوچھنے لگی

....نہیں جانم

تم نے اس سب کا ارینج صرف ایک دن میں کیا...؟؟؟

کیا مطلب ہے...؟؟

...اس نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالتے ہوئے پوچھا

...تم نے کہا تھا ہم اس جگہ کو ہمیشہ کیلئے چھوڑ کر جا رہے ہیں

...وہ پسنجر سیٹ پر بیٹھتے ہوئے بولی

ہاں میا کارا, اپنے دماغ کو اتنا پریشان مت کرو, میں نے یہ سب ایک دن میں نہیں کیا.. مجھے اس سب کام کو مکمل کرتے ایک ہفتہ لگ گیا ہے اور اس سب میں میرا ارسل, زین, علی, احمد, تیمیہ, شیزہ اور زبیر

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....نے مکمل ساتھ دیا ہے ان سب نے میری بہت مدد کی ہے

...اس نے گاڑی سٹارٹ کر کے ائیر پورٹ کی جانب جاتے ہوئے کہا

جس پلین پر وہ لوگ جا رہے تھے وہ ارحم کے باس کی طرف سے تھا...جب سے اسپرا کو اس بات کا پتہ چلا تھا اسے خدشہ تھا شاید اس میں بمب ہو جو رستے میں بلاسٹ ہو جائے ظاہری سی بات ہے کونسا باس اپنے ہونہار آدمی کو اتنی آسانی سے جانے دے گا...

جب پلین لینڈ ہوا تو اس نے شکر ادا کیا کہ ان دونوں کو کچھ نہیں ہوا, ائیر پورٹ سے باہر نکل کر ارحم کی نظر گاڑی پر پڑی جو انہیں لینے آئی ہوئی تھی ..

ارحم اب تو بتا دو ہم کہاں ہیں...؟؟؟

ان لوگوں کے پاس کسی قسم کا سامان نہیں تھا جب وہ دونوں گاڑی میں بیٹھ گئے تو وہ اسکی طرف دیکھتے ہوئے پوچھنے لگی جس پر اس نے ہنستے ہوئے اسے خود کی جانب کھینچا...

...مجھے لگا تم نے ویلکم سائن ائیر پورٹ میں پڑھ لیا ہو گا

...اس نے کہہ کر اسکے ماتھے کو چوما

شیفٹس بری" میں نے اسکے بارے میں آج سے پہلے کبھی نہیں سنا, پلیز مجھے بتاؤ اسکے بارے میں"

...کچھ

...وہ باہر کا خوبصورت نظارہ دیکھتے ہوئے بولی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہم لوگ ایک دفعہ اپنے گھر پہنچ جائیں پھر بتاؤں گا

وہ اپنے نئے موبائل پر کچھ بٹنز پریس کرتے ہوئے بولا تو وہ منہ بناتی ونڈو سے باہر دیکھنے لگی جہاں ہر طرف سر سبزہ تھا, اونچے اونچے پہاڑ, سٹیپ سلوپس, درختوں کے درمیان میں بڑی بڑی عمارتیں, اور شاداب سے بھری وسیع زمین,جب وہ لوگ تھوڑا آگے بڑھے تو اسکی نظر ...تھیٹر,کلب,ریسٹورینٹس,مارکٹس سے ٹکرائی

...ہر چیز خوبصورتی کا منہ بولتا ثبوت تھی جسکی وجہ سے اسکا موڈ چٹکیوں میں بحال ہو گیا

....ارحم یہ بہت زیادہ خوبصورت ہے

...وہ باہر گولڈ ہل میوزیم کو دیکھتے ہوئے پرجوش لہجے میں بولی

جیسے جیسے گاڑی آگے بڑھنے لگی لوگوں کا رش کم ہونے لگا کچھ دیر بعد وہ ایک گھر کے سامنے جا کر رک گئی تو اسپر اجلدی سے گاڑی سے باہر نکل آئی جہاں اسکی نگاہیں ایک انتہائی دلکش گھر سے ٹکرائیں جو ...جدید طرز کا بنا ہوا تھا جس کا پینٹ لائیٹ کریم کلر کا ہوا ہوا تھا جبکہ اسکی چھت بلیک کلر میں تھی

پورچ میں ٹیبل پڑا ہوا تھا جسکے ارد گرد کرسیاں موجود تھی جبکہ دروازے کے اطراف میں دو بڑے ...بڑے گملے پڑے ہوئے تھے

مجھے تمہاری طرح گھر سجانا نہیں آتا...میں نے بس زین کو کہا کسی اچھے آدمی کو بول کر یہ گھر تعمیر کروا ....دو نتیجے میں یہ بنا ہے...تم اس میں کچھ بھی تبدیلی کر سکتی ہو جیسے تمہارا دل کرے

...وہ اسے کمر سے پکڑ کر خود کے قریب کرتا ہوا بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...یہ بالکل پرفیکٹ ہے ارحم

...وہ محبت سے چور لہجے میں بولی

کیا تم نے یہ گھر خریدا ہے..؟؟

نہیں, بہت سال پہلے میں نے یہاں پر گھر بنوایا تھا اور ساتھ گارڈن... لیکن میں نہیں جانتا یہ ایک ہفتے میں اتنا خوبصورت کیسے بن گیا...

, یہ پرفیکٹ ہے ارحم

...شکر ہے تمہیں پسند آیا

...جہاں تم ساتھ ہو, وہ ہر جگہ ہی خوبصورت ہے

...وہ اسکا ہاتھ پکڑ کر اندر کی طرف بڑھتے ہوئے بولی جبکہ اسکی بات پر ارحم کے لب مسکرائے

✸✸✸✸

اگلے کچھ دن ان دونوں کو گھر کی سیٹنگ کرتے ہوئے گزر گئے کیونکہ سارا فرنیچر پیک ہوا ہوا تھا اور اسپرا کا بالکل بھی دل نہیں تھا کہ وہ گھر میں کسی ملازمہ کو رکھے اسلیے اس نے سب کچھ خود کیا اور جو بھاری فرنیچر تھا وہ ارحم سے رکھوایا...

...تھوڑا سا لیفٹ کی جانب کرو

...نہیں.. تھوڑا سا رائیٹ کی طرف

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

نہیں... کیا تم کاؤچ کو صرف ایک انچ نہیں دھکیل سکتے...؟؟

...وہ چڑتے ہوئے بولی

....یہاں آؤ اور خود کرو

...وہ چھوڑ کر اپنے بازو سینے پر باندھتے ہوئے بولا

...میں یہ کب سے کر رہا ہوں اور تمہیں پسند ہی نہیں آرہا

...وہ شکایتی لہجے میں مزید بولا

خیر ادھر آؤ اور سامنے دیکھو.... یہ درمیان والا پرفیکٹ نہیں ہے جبکہ اسکی سائیڈز پر پڑے کاؤچ اپنی جگہ پر بلکل ٹھیک ہیں... کیا اب تھوڑا سا لیفٹ کی جانب کرو گے...؟؟

وہ اسکی طرف دیکھتے ہوئے بولی جبکہ وہ سکون سے اپنی جگہ پر کھڑا رہا جب اس نے دیکھا اب وہ بے صبری ہو رہی ہے تو لمبا سانس کھینچتا کاؤچ کی جانب بڑھا اور اس نے اسے تھوڑا سا لیفٹ جانب کھینچا...

...یہی ارحم, بالکل ادھر ہی, پرفیکٹ

...وہ خوشی سے اچھلتے ہوئے بولی جس پر اس نے سکون بھرا سانس لیا

لیونگ روم کافی بڑھا تھا اسلیے ارحم کاؤچز کے دو سیٹ لایا تھا جو انہوں نے ایک فائر پلیس کے قریب رکھا جبکہ دوسرا ٹی وی کے سامنے...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ٹاپ فلور پر تین بیڈ روم تھے جن میں سے دو ایک جیسے تھے جبکہ تیسرے والا ماسٹر بیڈ روم تھا

اسپرا نے آخری نظر سارے گھر کو دیکھا تو اسکی آنکھیں خوشی سے چمکنے لگیں... کیونکہ وہ سانس روک دینے کی حد تک خوبصورت لگ رہا تھا خاص کر کے ٹی وی کے پیچھے گلاس وال سے دکھنے والا دریا کا نظارا...

ان لوگوں کا گھر ٹاؤن کے آخری حصے میں تھا جہاں انکے علاوہ چند ہی گھر آباد تھے اور وہاں کے لوگ بہت نرم دل اور اچھے تھے...

اسپرا نے کلاک کی جانب دیکھا جو 9 بجا رہا تھا جبکہ ارحم شاور لے رہا تھا اس نے دل سے کھانا تیار کیا کیونکہ وہ جانتی تھی پچھلے تین دنوں سے ارحم کافی تھک چکا ہے..

کھانا تیار کرنے کے بعد اس نے وہ آنگن میں لگا دیا جب وہ کولڈ ڈرنک گلاس میں انڈیل رہی تھی اسکی نظر سامنے سے آتے ارحم سے ٹکرائی جس نے وائیٹ شرٹ اور بلیک ٹراؤزر پہنا ہوا تھا جبکہ وہ اپنے گیلے بالوں میں مسلسل ہاتھ چلا رہا تھا وہ اس قدر پیارا لگ رہا تھا کہ اسکے دل نے بے ساختہ ماشاءاللہ کہا...

Picnic at night ??

اس نے چٹائی پر بیٹھ کر پوچھا..

ہو سکتا ہے, دیکھو نہ سب کتنا خوبصورت ہے...

وہ آسمان پر چمکتے چاند اور ستاروں کو دیکھتے ہوئے بولی...

ٹھیک کہہ رہی ہو, مجھے بہت مزیدار کھانے کی خوشبو آ رہی ہے... کیا سپیشل بنا ہے...؟؟

وہ اپنے ہاتھوں کو آپس میں رگڑتے ہوئے پوچھنے لگا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...چکن پاستا,پولینٹا,اور میٹھے میں کیساٹا بنایا ہے

...وہ مسکراتے ہوئے بولی

...گڈ,چلو کھاتے ہیں

..اس نے کہا تو پھر وہ دونوں خاموشی سے کھانا کھانے لگے

کیا تمہارے دوستوں میں سے کسی کی کال آئی...؟؟

ہاں زین کی کالز آتی رہتی ہیں...وہ پوچھتا رہتا ہے ہم لوگ کیا کر رہے ہیں..؟؟دونوں ٹھیک ہیں...اور کسی مدد کی ضرورت تو نہیں...

...اس نے سکون سے جواب دیا

...اوہ یہ تو بہت اچھی بات ہے,مجھے بہت برا لگا ہم لوگ انہیں مل کر بھی نہیں آئے

کوئی بات نہیں ہے ہمیں کونسا انہیں گڈ بائے بولنا تھا...اسپرا میں نے وہ لیونگ سٹائل چھوڑا ہے اپنے دوستوں کو نہیں...

...وہ اسے تسلی دیتا ہوا بولا

...میرے پیرنٹس کی جانب سے کوئی میسج نہیں آیا...میں نے کونٹیکٹ کرنا چاہا مگر ہمت ہی نہیں ہوئی

...وہ لب چباتے ہوئے بولی

...ان سے بات کرو اسپرا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

میں نروس ہوں.. پاپا نے مجھے نیا موبائل لے کر دیا تھا ان کے پاس میرا نمبر ہے مگر انہوں نے کال ہی نہیں کی..

...تو پھر کیا ہے تم کر لو رابطہ, زیادہ وقت نہیں لو, ورنہ انہیں لگے گا میں تمہیں ٹارچر کر رہا ہوں

..وہ خشک سا قہقہہ لگاتے ہوئے بولا تو اسپرا نے اسکے بازو پر تھپڑ مار دیا

...شٹ اپ ارحم, پاپا کو تم اچھے لگتے ہو, اسی لیے انہوں نے مجھے تمہارے ساتھ آنے دیا

..میرا خیال ہے میرے حق میں صرف ایک ہی ووٹ تھا وہ بھی دادی ماں کا

...جانتے ہو انہوں نے مجھے واپس جانے کا بولا تھا جب میں تمہیں چھوڑ کر آ گئی تھی

...وہ مسکراتے ہوئے بولی

...اچھا جی

...کھانا کھانے کے بعد باقی کا وقت ان دونوں نے باتیں کرتے ہوئے گزارا

...ڈارک کلر مجھے سوٹ کرتے ہیں اسلیے زیادہ تر میں یہ ہی پہننا پسند کرتی ہوں

...وہ اسکے کندھے پر سر رکھتے ہوئے بولی

...اور مجھے صرف بلیک رنگ پسند ہے

...وہ کندھے اچکاتا ہوا بولا

...جانتی ہوں

ویسے تم کہاں گھومنے جانا چاہتی ہو...؟؟

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

..میری خواہش ہے میں پیرس جاؤں... سچی وہاں جانے کا بہت شوق ہے

...وہ خوشی سے بتانے لگی

میں نے تقریباساری دنیاگھومی ہے لیکن پسندیدہ جگہ کوئ بھی نہیں تھی لیکن ہاں اب خانہ کعبہ جانے

...کی خواہش ہے

...وہ اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتے ہوئے بولا

واؤماشاءاللہ ہم دونوں چلیں گے...ویسے ارحم تمہاری عمر کیا ہے...؟؟

...وہ تجسس سے پوچھنے لگی

...اس نے آئبرو اچکا کر اسکی جانب دیکھا اور پھر ہنسنے لگا

تمہیں میرے ساتھ رہتے اتناوقت ہو گیا ہے اور تم میری عمر ہی نہیں جانتی...؟؟

... خیر تم نے مجھ سے اپنا تعارف ایسے نہیں کروایا تھا

..ہائے اسپرا, میرا نام ارحم ہے اور میں تمہیں کڈنیپ کرنے لگا ہوں

...وہ اسے گھورتے ہوئے بولی

....شٹ اپ, میری عمر 28 سال ہے بندریا

...وہ کھکھلا کر ہنستا ہوا بولا

!اوہ تھینک اللہ

...وہ اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر بولی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...واٹ...؟؟تم کیا سمجھ رہی تھی میں چالیس سال کا ہوں یا کچھ اور

..اس نے اسکے بالوں کی ایک لٹ محبت سے کھینچتے ہوئے پوچھا

... نہیں, نہیں..مجھے یہی لگا تھا تم 20 پلس ہی ہو گے

...وہ اسکے گرد حصار باندھتے ہوئے بولی

....یہ ٹاؤن بہت خوبصورت ہے ارحم

مجھے بہت خوشی ہے میں اس وقت اس خوبصورت آسمان تلے اپنی جان سے عزیز شخص کے ساتھ لیٹی

..ہوئی ہوں اور ان چمکتے ستاروں کو دیکھ رہی ہوں

...وہ پیار سے بولی

...پانچ سال بعد

...وقت کا کام ہے گزرنا اور وہ بغیر کسی کی پرواہ کیے گزر جاتا ہے

..زندگی جو ان دونوں کی پہلے ایڈونچر اور تھرل سے بھری ہوئی تھی اب بالکل پرسکون تھی

اسپرانے ٹاؤن میں اپنی گریجویشن مکمل کرنے کے بعد سکول میں بائیولوجی کی ٹیچر کے طور پر پڑھانا

...شروع کر دیا تھا

جبکہ ارحم نے اپنا کام بیکری کی دکان سے شروع کیا تھا لیکن ان پانچ سالوں میں مسلسل محنت سے وہ

دکان کو مارکیٹ میں بدل چکا تھا...اس کے ساتھ ساتھ اس نے اسلامی تعلیم پر بھی بھرپور توجہ دی تھی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

جسکا نتیجہ یہ تھا کہ وہ پانچ وقت کا نمازی بن چکا تھا اور اس نے اسپرا کے ساتھ لاسٹ ائیر حج کا فرض بھی ادا کیا تھا...

عبدالجبار صاحب اور ملیحہ بیگم لوگ اکثر ان دونوں سے ملنے آتے... ارحم نے انہیں اپنے پاس ہمیشہ کیلیئے رہنے کی دعوت دی مگر انہوں نے نرمی سے انکار کر دیا...

شروع شروع میں عبدالجبار صاحب کا رویہ ارحم کے ساتھ خشک سا رہا مگر وقت کے ساتھ ساتھ وہ نرم پڑنے لگے... جبکہ وہ ملیحہ اور دادی ماں کا لاڈلہ بیٹا بن گیا...

بیلا جو ایک وقت پہلے اس سے آنکھ ملانے سے بھی ڈرتی تھی اب جب وہ اسکے لیے کبھی چاکلیٹس لیے بغیر گھر واپس آجاتا تو وہ اسکے کان کھینچنے سے بھی گریز نہیں کرتی تھی, وہ اسے بڑے بھائی کے طور پر چاہنے لگی تھی جبکہ وہ بھی چھوٹی بہن کے طور پر اس کے سارے نخرے اٹھاتا...

اٹلی میں ارحم کی جگہ زین نے لے لی تھی... اس نے سب کچھ بہت اچھے سے سنبھالا ہوا ہے... جبکہ دوسری طرف پولیس نے یقین کر لیا تھا کہ ارحم اور زین کی موت ہو چکی ہے جسکی وجہ سے چیف نے ایک نئی ٹیم بنائی تاکہ باس کو ختم کر سکے... لیکن وہ لوگ یہ نہیں جانتے تھے کہ ارحم کے بعد گینگ کا لیڈر کون ہے...

ارحم ایک بیسٹ تھا جسکی وجہ سے سب اسے پہچانتے تھے جبکہ زین بالکل سانپ ہے جو پولیس کے درمیان میں رہ کر انکی آنکھوں سے اوجھل ہے اور اپنا کام انتہائی صفائی سے کر رہا ہے.. جبکہ زبیر نے اپنی موت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پولیس والوں اور زین کا جینا کافی مشکل کیا ہوا ہے کیونکہ وہ سچ میں بھٹکتی آتما کی طرح گھومتا اور لوگوں کو کافی تنگ کرتا ہے....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسپرا کا جب اپنی دونوں دوستوں فائقہ اور فاطمہ کے ساتھ رابطہ بحال ہوا تو وہ اسکی واپس سے نارمل زندگی پر کافی خوش تھی..

فائقہ اور حمزہ جبکہ فاطمہ اور تیمور کی اسی سال شادی ہوئی جس پر وہ اور ارحم دونوں ہی بخوشی شامل ہوئے تھے...

اسی شادی پر اسپرا کی دانش کے ساتھ ملاقات ہوئی تو ان دونوں نے آپس میں بات کی جو بھی تھا وہ اسکا ماموزاد تھا اور رشتے اتنی آسانی سے ختم نہیں ہوتے... اسے اپنی ٹانگوں پر صحیح سلامت چلتا ہوا دیکھ کر اسکے دل سے جیسے بوجھ اترا تھا...

دانش نے اپنی ماما کے کیے کی اس سے معافی مانگی ساتھ اسے بتایا کہ وہ اسی وقت ہار مان گیا تھا جب ارحم نے اسکی ٹانگ توڑی تھی یہ تو اسکی ماما تھی جنہوں نے اسے ایموشنلی بلیک میل کر کے اسکو بچانے بھیجا تھا ورنہ وہ خود کبھی بھی نہیں آتا.. کیونکہ اس نے اسپرا کو اپنی ٹانگ ٹوٹنے کا ذمہ دار سمجھا تھا... اسے لگا تھا وہ اسکی وجہ سے اب کبھی فٹبال نہیں کھیل پائے گا... دانش نے سچائی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسے سب بتا دیا تھا... اور آخر میں اس نے کہا کہ وہ شرمندہ ہے اسے اتنی آسانی سے ہار نہیں مان جانی چاہئے تھی... جس پر وہ کچھ پل خاموش رہی تھی پھر اس نے صرف اتنا ہی کہا تھا فکر مت کرو اللہ کے ہر کام میں بہتری ہوتی ہے... اور میں خوش ہوں فائنلی تم نے جو چاہا تھا وہ تمہیں مل گیا آفٹر آل تم پاکستانی فٹبال ٹیم کے کھلاڑی ہو...

جس پر وہ بھی سر کھجاتا ہنس پڑا تھا.....

جس کے بعد ان دونوں کی کبھی کبھی کال پر بات ہو جاتی تھی اور اس دوران اس نے اسے بتایا تھا کہ

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اسے اسکی لائف پارٹنر مل گئ ہے جسکا نام سارا ہے... پھر اس نے اسپرا اور سارا کا کونٹیکٹ کروادیا تھا جسکی وجہ سے ان دونوں کی اچھی خاصی دوستی ہو گئ تھی...

اسپرا کو آجکل اپنے سٹوڈینٹس سے کافی جیلسی ہوتی تھی کیونکہ ان میں سے اکثر لڑکیاں ارحم کو تاڑنے بیکری پہنچی ہوئ ہوتی تھیں... کیونکہ ٹیوز ریموو کرنے کے بعد وہ اور بھی ہنڈسم لگتا تھا... وہ جب بھی وہاں جاتی اسکے سٹوڈنٹس غائب ہو جاتے اور اسکے نکلتے ہی وہ پھر سے وہاں حاضر ہو جاتے...

ارحم اسے اکثر سکول سے لینے جاتا تو لڑکیاں اسکے ارد گرد ایسے منڈلاتی جیسے وہ کوئ سوپر سٹار ہو... جسکی وجہ سے اسپرا کو شدید نفرت ہوتی... بے شک وہ کسی کو آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتا تھا مگر اسکا دل پاگل سا ہوتا تھا... اسکا دل چاہتا تھا وہ اسے بس اپنے دل میں قید کر لے کوئ اسے دیکھ بھی نہ پائے...

ان پانچ سالوں میں ارحم نے اس سے اتنی شدید محبت کی تھی کہ اب وہ ڈرنے لگی تھی کہیں وہ بدل نہ جائے, کہیں اسکی محبت میں کمی نہ آجائے.... کچھ ہو نہ جائے... ارحم کے ساتھ ساتھ وہ بھی نماز باقاعدگی سے پڑھنے لگی تھی تاکہ اس رب کی شکر گزار رہے جس نے اسے اتنی محبتوں سے نوازا ہے..

جب وہ سکول سے فارغ ہوئ تو سیدھا مارکیٹ چلی گئ تاکہ ارحم سے مل سکے کیونکہ آج وہ زرا بزی ہونے کی وجہ سے آ نہیں پایا تھا...

فلوریڈا.. ارحم کہاں ہے...؟

اس نے وہاں پہنچ کر جب اسے نہیں پایا تو اسکی سیکریٹری سے پوچھنے لگی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

سر ایک گھنٹہ پہلے ہی نکلے ہیں.. انہوں نے بولا ہے جب تک وہ واپس نہیں آتے آپ یہاں سب چیزوں کو دیکھیں اور ساتھ بوٹنی سٹور کا بھی چکر لگا لیں...

اس کے بتانے پر وہ جلدی سے موبائل نکال کر اسے کال کرنے لگی, مگر وہ اٹھا ہی نہیں رہا تھا...

وہ لب چباتے ہوئے سٹور کی جانب بڑھ گئ ساری کولیکشن چیک کرنے کے بعد جب وہ واپس آئ تو ابھی بھی ارحم کا نام ونشان نہیں تھا... اسکا دل تیزی سے دھڑکنے لگا مگر وہ خود کو قابو کرتی کلائنٹس کے ساتھ ڈیل کرتی رہی... وہ جب جب فری ہوتی اسکا نمبر ڈائل کرتی مگر سامنے سے کوئ جواب نہ پا کر اسکا دل تکلیف سے پھٹنے لگتا کیونکہ آج سے پہلے ایسا کبھی نہیں ہوا تھا...

جیسے ہی گھڑی نے رات کے 9 بجائے اسکی برداشت جواب دے گئ اس نے ملازموں کو مارکیٹ بند کرنے کا حکم دیا, سب بند کرنے کے بعد وہ گھر کی جانب چل پڑی...

گھر کے قریب جا کر جب اس نے لائٹس جلتی ہوئ دیکھیں تو اسکا دماغ ہی گھوم گیا کیونکہ لائٹس جلنے کا مطلب تھا ارحم گھر موجود ہے...

وہ دروازہ کھول کر جیسے ہی اندر داخل ہوئ لائٹس بند ہو گئیں...

اوہ خدایا...

اس نے کہہ کر گھبراتے ہوئے اپنے بیگ سے موبائل نکال کر اسکی فیلش لائٹ چلائ... مگر اسی پل واپس سے گھر کی لائٹس جل گئیں لیکن اس بار انکی روشنی مدھم تھی... اس نے نظر گھما کر چاروطرف دیکھا تو لیونگ روم پھولوں, غباروں اور, مختلف روشنیوں سے انتہائ خوبصورتی سے سجا ہوا تھا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اس نے دھڑکتے دل کے ساتھ اپنے قدم آگے کی جانب بڑھائے جہاں اسکی نگاہ ٹیبل پر پڑی جہاں ارحم کا موبائل پڑا ہوا تھا مگر وہ خود کہیں دکھائی نہیں دے رہا تھا...اس موبائل کے اوپر ایک چھوٹا سا کاغذ پڑا ہوا تھا...اس نے کپکپاتے ہوئے ہاتھوں سے وہ پکڑ لیا اور اسکے اوپر لکھا ہوا ایک لفظ پڑھا...

"شیلف"

وہ وہاں موجود سب شیلوز کی جانب دیکھنے لگی تبھی اسکی نظر ٹی وی کے اوپر بنی شیلف پر ٹھہری جہاں سرخ رنگ کا باکس ایک میسج کے ساتھ پڑا ہوا تھا...

اس نے قریب جا کر وہ باکس اور کاغذ اٹھا لیا...وہ اس پر لکھے الفاظ پڑھنے لگی...

"مجھے اوپن کرو..."

اس نے مسکراتے ہوئے باکس کو کھولا, جس کے اندر براسلیٹ موجود تھی اور ساتھ ایک چٹ پڑی ہوئی تھی...اس نے براسلیٹ باہر نکالی جو ڈائمنڈ کی بنی ہوئی تھی اور ساتھ چٹ پر لکھا ہوا لفظ پڑنے لگی...

"آنگن"

وہ بے ترتیب ہوتی دھڑکنوں کے ساتھ اپنے قدم باہر کی جانب بڑھنے لگی...گلاس کے دروازے کھلے ہوئے تھے جسکی وجہ سے وہ آنگن دیکھ سکتی تھی...

جہاں فرش ریڈ, اور سفید غباروں سے بھرا ہوا تھا, جبکہ درمیان میں موجود ٹیبل سرخ پتیوں کی لپیٹ میں تھا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....ارحم

اس نے بے ساختہ ٹیبل کی جانب بڑھتے ہوئے پکارا مگر وہ اسے کہیں نظر نہیں آیا... ٹیبل کے قریب پہنچ کر اسکی نظر درمیان میں موجود وائیٹ پلٹ پر پڑی جس کے اندر گلابی رنگ کا پیج موجود تھا اور ساتھ ایک پن... اس نے اٹھا کر وہ کاغذ پڑھا جس میں ایک لفظ لکھا ہوا تھا... جبکہ ...پن ہاتھ اس نے ہاتھ میں پکڑ لی

"گرین"

.... گرین کا کیا مطلب ہو سکتا ہے..؟؟ پودے, گھاس یا کچھ اور

ابھی وہ سوچ ہی رہی تھی اسکی نظر غباروں میں موجود ایک گرین غبارے سے ٹکرائی... اس نے آگے بڑھ کر ہاتھ میں موجود پن سے وہ غبار پھوڑ دیا جس میں سے کافی زیادہ گلٹر باہر نکلا جس پر وہ بچوں کی طرح کھکھلا کر ہنسنے لگی ساتھ ہی اسکی نظر بلوئش باکس پر پڑی... اس نے مسکراتے ہوئے اسے کھولا جس کے اندر سے پینڈن نکلا جس کے اندر تتلی تھی جس کے پر اور آؤٹلائین ڈائمنڈ کے ...کرسٹلز کی بنی ہوئی تھی, اس پینڈن کے ساتھ ایک چٹ لگی ہوئی تھی جس پر لکھا تھا

" ....بالکل سیدھا دیکھو"

اس نے جیسے ہی سامنے دیکھا اس کے دل نے ایک بیٹ مس کی کیونکہ اسی پل درختوں پر روشنی نمایاں ہوئی جہاں انتہائی خوبصورتی سے کچھ الفاظ لکھے ہوئے تھے جبکہ اسکے آس پاس جگنو اڑ رہے تھے جو اس نظارے کو اور بھی دلکش بنا رہے تھے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

"Will you marry me once again please"

..یہ پڑھ کر نہ چاہتے ہوئے بھی اس کی آنکھیں نم ہونے لگیں

....اسپرا

ارحم کی آواز اسے اپنے پیچھے سنائی دی مگر وہ بھیگی آنکھوں سے وہ سامنے لکھے الفاظ دیکھتی رہی, کیونکہ جب اس نے پہلی بار شادی کی تھی وہ خوش نہیں تھی, دل سے راضی نہیں تھی... شادی ایک خوبصورت خواب ہوتا ہے جسے ارحم نے اس سے چھین لیا تھا... تبھی اس نے اسکا ہاتھ اپنی کمر پر محسوس کیا تو آہستہ آہستہ پلٹ کر اسکی آنکھوں میں دیکھا...

...اسپر کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کر ارحم کے چہرے کی مسکراہٹ سکڑی

...ٹیسورو

...اس نے کہتے ہوئے اسکے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں بھرا

میں جانتا ہوں جب میں نے پہلے تم سے نکاح کیا تھا تم انتہائی اذیت سے گزری تھی... میں نے تم سے تمہارا اتنا انمول خواب چھین لیا تھا, تمہارے اپنے بھی شامل نہیں ہو پائے تھے... میں چاہتا ہوں تم ایک بار پھر مجھ سے اپنے ماں باپ کی موجودگی میں نکاح کرو, تاکہ تمہاری اچھی یادیں جڑ جائیں.... پلیز ٹیسورو مجھ سے شادی کرو گی...؟؟؟ میں تمہاری زندگی کی ہر کمی پوری کرنا چاہتا ہوں ....پلیز

...جس پر وہ مزید شدت سے رو دی اور اسکے گلے سے لگ گئ

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ارحم تم کیا ہو...؟؟ کوئی کسی کو اتنا کیسے چاہ سکتا ہے... کیسے کرتے ہو تم...؟؟ کیسے...؟؟

میں تمہیں اولاد جیسی نعمت بھی نہیں دے پائی اور تم نے آج تک ایک لفظ نہیں کہا, نہ اس بارے میں کبھی بات کی ہے...

وہ اسکے سینے پر پنچ مارتے ہوئے سسکنے لگی کیونکہ ان دونوں کو اللہ نے اولاد جیسی نعمت سے ابھی تک محروم رکھا تھا....

شششش, چپ کر جاؤ کیوں رو رہی ہو...؟؟ وہ رب بھی جانتا ہے مجھے تمہاری محبت میں شراکت پسند نہیں ہے خواہ وہ میرے بچے ہی کیوں نہ ہوں... تم, تمہاری محبت, تمہارا وقت سب میرا ہے اور کسی کا نہیں... خبردار اگر اب روئی تو, ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا...

وہ نم آنکھوں سے مسکراتا ہوا اسکی آنکھوں کو خشک کرتا ہوا بولا, کیونکہ وہ اسے اکثر اس محرومی کی وجہ سے نماز کے دوران تڑپتا ہوا دیکھتا تھا....

اسپر اتکلیف سے ہنس دی, کیونکہ وہ جانتی تھی وہ اس نعمت کیلئے اپنے رب کے سامنے کتنا گڑگڑاتا ہے...

اچھا نہ بتاؤ.... شادی کرو گی مجھ سے...؟؟؟

دلہن بنو گی میری...؟؟

وہ کہہ کر گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا...

میرے نام کی مہندی لگاؤ گی اپنے ہاتھ پر..؟؟

وہ اسکا ہاتھ اپنے ہاتھ میں تھامتے ہوئے پوچھنے لگا...

جبکہ وہ اسے ایسے جھکا ہوا دیکھ کر بے بسی سے رونے لگی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہاں,ہاں,ہاں

...وہ اسکے اوپر گرتے ہوئے دیوانہ وار اسکا منہ چومتے ہوئے بولی

...ہاں ارحم, تمہاری دلہن بنو گی, تمہارے نام کی مہندی سے اپنے ہاتھ سجاؤں گی

وہ اسکی چہرے کے سارے نقوش پر اپنا لمس چھوڑتے ہوئے بولنے لگی جبکہ وہ ہنستا ہوا وہی آہستہ آہستہ زمین پر لیٹتا چلا گیا...

you surprise me everyday...

...وہ اسکے ماتھے سے بال پیچھے کرتے ہوئے نم لہجے میں بولی

no, you surprise me everyday...

....وہ اپنی پوزیشن کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کھکھلا کر ہنستا ہوا بولا تو وہ بلش کرنے لگی

...ہاں تو کیا کروں تمہارے معاملے میں اتنی جنونی ہو جاتی ہوں

وہ اسکے سینے پر پنچ مر کر اٹھتے ہوئے بولی... اس سے پہلے وہ سائیڈ پر ہو جاتی اس نے اسے کمر سے پکڑ کر زمین کی جانب لٹایا اور خود اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگا جبکہ وہ بے ترتیب ہوتی سانسوں سے اسکی طرف دیکھنے لگی...

اسے دیکھتے ہوئے ہی ارحم نے اسکا ایک ہاتھ پکڑا اور اسکی رنگ فنگر میں انگوٹھی پہنانے لگا...

...اگر تم چاہو تم ہم یہ بدل بھی سکتے ہیں

...وہ اسکے ہاتھ کو چومتا ہوا بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ن نہیں, یہ بالکل پرفیکٹ ہے

...وہ اپنی دھڑکنوں کو معمول پر لاتی ہوئی بولی

... تبھی ارحم نے اسے ہاتھ کا سہارا دے کر آہستہ آہستہ بٹھایا

اور اسکے ہاتھ میں موجود براسلیٹ پکڑ کر اسے پہنانے لگا, ساتھ ہی اس نے اسکے بال گردن سے ہٹائے

...اور وہاں چین پہنا کر اس پر اپنے لب رکھ دیئے جس پر اسکے گال دہکنے لگے

اوہ میرے خدایا, کیا تم لوگ جلدی سے سارے کام نبٹا سکتے ہو؟ نکاح کی رسم اگلے ایک گھنٹے میں ہے

....اور مہمان بس پہنچنے والے ہیں

...اسپرا کے کانوں میں فائقہ کے الفاظ گونجے

....تم اسکی بات کا برا مت ماننا, ہم جانتے ہیں یہ ایسے ہی بولتی ہے جب کام وقت پر ختم نہیں ہوتا

. . .فاطمہ نے اسپرا کی آنکھوں کو مہارت سے سجاتے ہوئے کہا

...ہاں بالکل تم لوگ اس بوڑھی عورت کی باتوں پر دیہان مت دو

she causes a lot of noise pollution....

تیمور مزے سے فائقہ کو دیکھتے ہوئے بولا

... چلو جی ٹام اینڈ جیری کی ایک اور ایپیسوڈ شروع ہو گئ

...فاطمہ کے الفاظ پر اسپرا کے لب مسکرانے لگے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....تم یہاں عورتوں کے درمیان میں کیا کر رہے ہو...؟؟ جاؤ جا کر شادی کے کیک کا ارینج کرو

...فائقہ نے اسے گھورتے ہوئے کہا

...کیک آچکا ہے...برائے مہربانی کیا تم اپنا سٹوپڈ منہ بند کرنا پسند کرو گی

....وہ چڑتے ہوئے بولا

...یہ دونوں کبھی باز نہیں آئیں گے, مجھے یقین ہے

...فاطمہ اپنا سر نہ میں ہلاتے ہوئے بولی

...میں بس چاہتی ہوں یہ دونوں میری شادی میں کسی قسم کی جنگ کا آغاز نہ کریں

...نہیں ہوتا, تم بس اپنی آنکھیں آہستگی سے کھولو

...اسکے کہنے پر اس نے اپنی آنکھیں کھول دیں

No heavy makeup, right???

وہ فاطمہ کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھنے لگی جس پر اس نے نہ میں سر ہلایا اور ساتھ ہی مرر کے سامنے سے پیچھے ہو گئ...

..وہ دھیرے سے کھڑی ہو کر شیشے میں خود کا عکس دیکھنے لگی

....تم آج ارحم کے پھیپھڑے, گردے, جگر سب چرانے والی ہو

فاطمہ نے مرر میں دیکھتے اسکی بندیا ٹھیک کرتے ہوئے شوخ لہجے میں کہا... جس پر اس کا منہ حیرت سے کھل گیا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کیا مطلب ہے دل اور دماغ کیوں نہیں..؟؟

وہ جو سر تا پاؤں ارحم کے لیے سجی تھی پلٹ کر پوچھنے لگی,اسکے یوں اچانک مڑنے پر اسکے بازوؤں میں موجود چوڑیاں بھی شور مچانے لگیں, جیسے انہوں نے بھی شکوہ کیا ہو...

کیونکہ وہ تم پہلے ہی چرا چکی ہو....

اس نے آنکھ مارتے ہوئے جواب دیا,ساتھ ہی دل میں اس نے اسکی خوبصورتی کی نظر اتاری, جس پر وہ بلش کرنے لگی...

اسپرا نے ایک نظر فاطمہ کی جانب دیکھا جو ریڈ کلر کے گاؤن میں لائٹ میک اپ کیے ہوئے کافی دلکش لگ رہی تھی..اسی پل اسکی نظر دروازے سے داخل ہوتی فائقہ سے ٹکرائی...

اوہ مائی گاڈ,اسپرا آج تم ارحم کی جان لو گی,اس لال جوڑے میں قیامت ڈھا رہی ہو...

وہ آگے بڑھ کر اسکے گلے سے لگتے ہوئے محبت سے بولی...

قسم سے مجھے تو بس ارحم کا چہرہ دیکھنا ہے جب وہ تمہیں دیکھے...

وہ اسکے مہندی سے سجے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں تھامتی ہوئی بولی... جس پر اسپرا کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا...

اور ہاں فاطی تمہارا شوہر بہت ہی کوئی سڑا ہوا انسان ہے...

اس نے فاطمہ کی طرف دیکھتے ہوئے منہ بسور کر کہا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میں نہیں ہوں, یہ خود ہی ہے

...تیمور نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے ایک ایک لفظ چبا کر کہا

...میں نے تمہیں باہر مہمانوں کا خیال رکھنے کا بولا تھا, تم پھر آ ٹپکے ہو

...وہ آنکھیں گھماتے ہوئے بولی

...اوہ پلیز تم اینٹی وائرس کا اہتمام کر لو, تمہیں اسکی اشد ضرورت ہے

because your system is very noisy...

اس نے فاطمہ کو اسکی پشت سے اپنی بانہوں میں بھرتے ہوئے آخری لائن تھوڑی دیر ٹھہر کر

...فائقہ کو بولی جبکہ فاطمہ بوکھلا کر اس سے دور ہوئی اور اسکے گال حیاء سے دہکنے لگے

...کچھ لوگوں کو شرم تو چھو کر بھی نہیں گزری

...فائقہ نے شرارت سے کہا

...ہاں تو کیسی شرم, میری بیوی ہے, میری جان, میری اکلوتی محبت

وہ ڈھنکے کی چوٹ پر آگے بڑھ کر واپس سے فاطمہ کو اپنی بانہوں میں لینے کی کوشش کرتا ہوا بولا لیکن

...اس سے پہلے وہ اسے پکڑتا, فائقہ جلدی سے اسے اپنے پیچھے کر گئ

..کباب میں ہڈی

...تم

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...چپ کر جاؤ دونوں, میری شادی ہے یار, آج تو منع ہو جاؤ دونوں

...اسپرا نے ان دونوں کو غصے سے گھورتے ہوئے کہا

...ہائے بے صبری لڑکی

خیر آپ کا ارحم باہر آ چکا ہے, مہمان بھی تقریباً پہنچ چکے ہیں کچھ دیر میں نکاح کی رسم شروع ہو جائے گی...

...وہ فاطمہ کو اپنی جانب کھینچتا ہوا بتانے لگا

اوکے, کیا دانش آ گیا ہے...؟؟

...اس نے مسکراتے ہوئے پوچھا

...نہیں

..وہ بول کر فاطمہ کا ہاتھ پکڑ کر روم سے نکل گیا جبکہ اسپرا کے ماتھے پر سلوٹیں پڑنے لگیں

...پاگل لڑکی اپنے ماتھے سے یہ بل ختم کرو, ہو سکتا ہے وہ لیٹ ہو گیا ہو, آ جائے گا

...فائقہ نے اسے تسلی دی

i feel guilty and sorry for him...

...وہ کاؤچ پر بیٹھتے ہوئے بولی

...امم میں سمجھ سکتی ہوں, یاد ہے ایک وقت تھا تمہیں اس سے بہت محبت تھی

...وہ اسکے برابر بیٹھ کر اسکے ہاتھ سہلاتے ہوئے بولی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

نہیں یہ وجہ نہیں ہے فائقہ, میں شرمندہ ہوں کیونکہ میری وجہ سے اسکی ہستی مسکراتی فیملی اجڑ گئی... میں سبب....

شش ایک لفظ اور نہیں... تمہاری وجہ سے کچھ بھی نہیں ہوا, عالیہ آنٹی ایک خود پرست عورت تھی اور دانش نے اسی وقت اپنی ہار مان لی تھی جب ارحم نے اسکی ٹانگ توڑ کر اسکا خواب چھین لیا تھا... تم نے اس سے محبت کی تھی, لیکن اسے تم سے زیادہ ضروری اسکا خواب تھا... اسلیے پلیز اپنا اتنا اچھا دن اسکے لیے خراب مت کرو....

شکریہ فائقہ...

اس نے اسے گلے سے لگاتے ہوئے کہا...

آئی پرامس میں نے تمہیں اور فاطمہ کو کبھی خود سے دور نہیں کیا یہاں تک کہ میرے مشکل دنوں میں بھی... میں نے تم لوگوں کو ہمیشہ یاد کیا...

ڈیم.... کوئی بہت ایموشنل ہو رہا ہے....

اسکی بات پر اسپرانم آنکھوں سے مسکرانے لگی..

اوکے میں زرا باہر تمہارے دلہے راجا کو دیکھ کر آؤں, آخر میری سہیلی کو برابر کی ٹکر دے بھی رہے یا نہیں...

وہ شوخ لہجے میں کہتی کمرے سے نکل گئی جبکہ وہ پیچھے سے اپنی دھڑکنوں کو معمول پر لانے کی کوشش کرنے لگی جو ارحم کے نام پر ہی بے حال ہو رہی تھیں....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ارحم کے پرپوز کرنے کے بعد اسپرا نے اپنی فیملی کو انفارم کیا تھا جس پر وہ لوگ کافی خوش ہوئے تھے اور سب نے مل کر ایک ماہ کے بعد کی تاریخ رکھی تھی...

وہ آج ایک دفعہ پھر سے اپنے نام کے تمام حقوق اسے دینے جا رہی تھی لیکن اس دفعہ اسکا دل دماغ اور روح سب خوشی سے جھوم رہے تھے...

وہ جو نم ہتھیلیوں سے اپنی اتھل پتھل ہوتی سانسوں کو روانی سے چلانے کی کوشش کر رہی تھی اسکے کانوں سے دروازے پر ہوتی دستک کی آواز ٹکرائی...

دانش....

سامنے کھڑے شخص کو دیکھا تو اسکے لب بڑبڑائے...

اسپرا....

وہ اسکی جانب بڑھتا ہوا بولا...

Thank you so much for coming...

ایک پل کو تو مجھے لگا تم نہیں آؤ گے...

وہ خوشی سے کھڑے ہوتے ہوئے بولی...

تم بلاؤ اور میں نہ آؤں ایسا کیسے ہو سکتا...

وہ مسکراتی آنکھوں سے بولا....

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....میرا خیال ہے تم مجھے بھول گئ

...ایک وجود دانش کے برابر کھڑا ہوتا ہوا بولا

...سارا

...اسپرانے اسے گلے سے لگاتے ہوئے کہا

....تم بہت ہی زیادہ خوبصورت لگ رہی ہو

...سارانے پسندیدہ نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے کہا

...تھینک یو

...میں بہت خوش ہوں,فائنلی ہم لوگ ملے, سچی میں وڈیو اور آڈیو کالز سے تنگ آ گئ تھی

...وہ آنکھیں گھماتے ہوئے بولی

...میرا یقین کرو پری,یہ مجھ سے بھی زیادہ تم سے ملنے کیلئے بے تاب تھی

...دانش نے قہقہہ لگاتے ہوئے کہا

تمہارے پاپا کہاں ہیں..؟؟تم ماموکو اپنے ساتھ لائے ہو نہ... ؟؟

...وہ پریشانی سے پوچھنے لگی

...ہاں,وہ تمہارے ماما پاپا سے ملنے گئے ہیں...کافی نروس دکھ رہے تھے

...اس نے سانس کھینچتے ہوئے کہا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ہم لوگ سب کچھ بہت عرصہ پہلے کا بھول چکے ہیں.. جو کچھ بھی ہوا اس میں تمہاری یا ماموں کی کوئی غلطی نہیں تھی...

کیا کچھ ایسا ہے جو میں نہیں جانتی...؟؟

...سارا نے مشکوک نظروں سے ان دونوں کی جانب دیکھا

...اوہ, نہیں, نہیں, کچھ نہیں, یہ صرف

ایکچلی ہم دونوں نے مل کر منگنی توڑ دی تھی بس اسی وجہ سے ہمارے بڑے تھوڑا آپس میں ناراض ہیں...

...اسپر انے دانش کی بات کاٹتے ہوئے جلدی سے کہا

...ہاں بالکل

...وہ جلدی سے ہامی بھرتا ہوا بولا

....اوکے

...سارا دونوں کو ایک نظر دیکھنے کے بعد بولی

یا اللہ یہ دانش ہی ہے نہ...؟؟

...ارابیلا نے کمرے میں داخل ہو کر آئبرو اچکاتے ہوئے پوچھا

...کوئی شک گڑیا

....وہ اسکے بال بگاڑتا ہوا بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

نہیں... کوئی شک نہیں... ویسے میرا نہیں خیال جو آنے والا میچ ہے وہ آپ لوگ ہاروگے کیونکہ آپ ...بہت اچھا کھیلتے ہو... میں آپکا کوئی میچ مس نہیں کرتی

...گڈ گرل

...وہ اسکے گال کھینچتا ہوا بولا

ویسے یہ کون ہیں...؟؟

...یہ سارا ہیں مائی فیوچر وائیف

...اچھا جی... بہت پیاری ہیں

...وہ سارا کو دیکھتے ہوئے بولی

آپ کیا کرتے ہو...؟؟

....میرے ساتھ چلو میں اپنا تعارف کرواتی آپ کو اچھا سا

سارا نے بیلا کے سامنے ہاتھ پھیلاتے ہوئے کہا جو بیلا نے باخوشی تھام لیا اور وہ دونوں باتیں ...کرتی ہوئی کمرے سے نکل گئیں

...م میں تمہارے لیے کچھ لایا ہوں

...دانش کی نروس ہوتی آواز نے اسکا دیہان اپنی جانب کھینچا

اس نے اپنی جیب سے باکس نکالا اور اسکی جانب بڑھا دیا جو اس نے پکڑ کر کھولا تو اس میں سے وہی چین ...نکلی جو دانش نے اسے مورٹ کلب جانے سے پہلے پہنائی تھی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

مجھے لگا تھا میں نے یہ کھو دی... میں نے اسے اس رات واپس آ کر ڈرائیر میں رکھا تھا.... لیکن جب میں واپس اپنے گھر گئی تھی میں نے اسے کافی ڈھونڈا تھا مگر ملی ہی نہیں تھی... تمہیں کہاں سے ملی...؟؟ ...وہ نا سمجھی سے پوچھنے لگی

...جب تم کڈنیپ ہو گئی تھی میں اور ماما پولیس کی مدد کر رہے تھے اس دوران مجھے یہ ڈرائیر سے ملی تھی ...وہ بول کر کچھ پل رکا

میں جانتا ہوں مجھے تمہیں یہ اب نہیں دینی چاہئے کیونکہ تم کسی اور کی وائف ہو... لیکن یہ صرف ... تمہارے لیے بنی ہے, تم سے جڑی ہے... اس لیے میں چاہتا ہوں یہ تم اپنے پاس رکھ لو

پری پلیز مجھے معاف کر دو مجھے تم پر ہار نہیں ماننی چاہیے تھی... میں کتنی آسانی سے اپنی ماما کے ہاتھ کی ...کٹھ پتلی بن گیا جو صرف احساسات کے ساتھ کھیل رہی تھیں

...دانش پلیز معافی مت مانگو... یقین کرو اس میں تمہاری کوئی غلطی نہیں

اسپرا ایک درخواست ہے پلیز میری ماما کو اگر تم لوگ ڈھونڈ لو تو انہیں میرے پاپا کے حوالے کر دینا... انہوں نے بے شک کچھ بھی کیا ہو, میرے پاپا ان کے بغیر نہیں رہ سکتے... وہ ان سے بہت محبت کرتے ...ہیں... اگر وہ مل جائیں تو پلیز انہیں واپس لٹا دینا

دانش نے بے چینی سے اسکی طرف دیکھتے ہوئے کہا کیونکہ جب سے انہوں نے اسپرا پر گولی ...چلائی تھی وہ فرار تھی اور وہ کہاں ہیں کسی کو کچھ بھی خبر نہیں تھی

میں وعدہ کرتی ہیں... زین جیسے ہی انہیں تلاش کر لے گا بغیر کسی قسم کا نقصان پہنچائے وہ انہیں آپ ....لوگوں کو واپس کر دے گا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اس نے صرف دانش سے ہی نہیں بلکہ خود سے بھی عہد کیا... تبھی دروازہ کھلا اور عبدالجبار صاحب اور ان کے ساتھ مولوی صاحب کمرے میں داخل ہوئے....

بیٹا نکاح کی رسم کرنی ہے...

انہوں نے اسپرا کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا تو اسکا دل زور شور سے دھڑکنے لگا کیونکہ اسکا مطلب تھا ارحم نکاح پڑھ چکا ہے...

ج جی پاپا...

وہ اپنی شور مچاتی دھڑکنوں کو قابو کرتے ہوئے بامشکل بول پائی..

اوکے آپ شروع کریں...

انہوں نے قاری صاحب کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا اور ساتھ ہی اسپرا کو آہستگی سے کاؤچ پر بٹھایا...

اسپرا نے نظر اٹھا کر دروازے کی جانب دیکھا جہاں اسکی مامانم آنکھوں سے اسکی طرف دیکھ رہی تھی جبکہ فاطمہ اور فائقہ دونوں اسکے پیچھے آکر کھڑی ہو گئی تھیں اور دانش دو قدم دور ہو کر اسے دیکھ رہا تھا جو اسکی خوشی میں خوش تھا...

قاری صاحب نے نکاح کے بول پڑھانے شروع کیے تو اسکا وجود تھما اور سانسیں بے ترتیب ہونے لگی اس نے دل سے تین بار اقرار کیا... اور آخر میں اپنے ماما پاپا کے چہرے کو دیکھنے کے بعد اس نے نکاح نامے پر ارحم کے کیے ہوئے دستخط کے نیچے اپنے سائن کر دیئے...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

نکاح نامے پر دستخط ہوتے ہی مولوی صاحب دانش کے ساتھ کمرے سے باہر نکل گئے تو عبدالجبار صاحب نے آگے بڑھ کر اسکے ماتھے پر اپنے لب رکھ دیئے ساتھ ہی ان کی آنکھیں نم ہونے لگیں جبکہ ملیحہ بیگم جو فاطمہ کا سہارا لیے کھڑی تھیں چھوٹے چھوٹے قدم اٹھا کر اسپرا کے قریب آئیں اور اسکے ہاتھوں کو محبت سے چومنے لگیں...

✸✸✸✸

پاپا دلہن کو باہر لے آئیں ہمارے دلہے راجہ بہت بے تاب ہو رہے اپنی دلہن کو دیکھنے کیلئے....

بیلا نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا تو سب نم آنکھوں سے مسکرا دیئے...

چلیں پھر....

انہوں نے اسپرا کے سامنے ہاتھ پھیلاتے ہوئے پوچھا....

تھام لو جلدی سے ویسے بھی تمہارے دل میں لڈو پھوٹ رہے ہوں گے اپنے شوہر کو دیکھنے کے خیال سے ہی...

فائقہ نے اسکے کان میں سرگوشی نما کہا جس پر وہ بلش کرتے ہوئے اسے گھورنے لگی اور ساتھ ہی اپنا ہاتھ اپنے پاپا کے ہاتھ پر رکھ دیا...

انہوں نے اسے کھڑا ہونے میں مدد کی, جیسے ہی وہ کھڑی ہوئی اس نے اپنا ایک بازو ملیحہ بیگم کے بازو میں جبکہ دوسرا عبدالجبار صاحب کے بازو میں ڈالا اور ان کے سنگت میں سٹیج کی جانب بڑھنے لگی...

سٹیج کی جانب جاتے ہوئے اسکی نگاہ ارحم کی پشت سے ٹکرائی جس نے بلیک رنگ کا لباس پہنا ہوا تھا اور وہ زبیر سے باتوں میں مصروف تھا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اس نے بائیں جانب دیکھا تو تیمیہ اسکے سامنے اپنا ہاتھ لہرا رہی تھی جسکے چہرے پر خوشی کے رنگ نمایاں تھے اسکے بالکل برابر شیزہ کھڑی تھی, دونوں نے ہی رسمی لباس پہنے بہت پیاری لگ رہی تھی... اسپرا پہلی بار ان کو ایسے کپڑوں میں دیکھ رہی تھی جو کہ اسی کی مہربانی تھی...

لڑکوں میں سے صرف علی نے رائیل بلو رنگ کا سوٹ پہنا ہوا تھا جبکہ باقی سب بلیک رنگ کے سوٹ پہنے ہوئے تھے...

علی نے اسے دیکھتے ہی سمائل پاس کی, دوسری طرف احمد جو کیمرے سے ویڈیو ریکارڈ کر رہا تھا اس نے اسے تھمب اپ کا اشارہ کیا..

وکٹر جو احمد سے پیچھے کھڑا تھا اس نے مسکراتے ہوئے ہاں میں سر ہلایا.. ریکرڈ جب اسپرا کی جانب دیکھتے ہوئے مسکرایا تو نہ چاہتے ہوئے بھی اس کے لب مسکرانے لگے کیونکہ وہ بالکل روبوٹک تھا جسے ہنسنا قطعی نہیں آتا تھا... اس نے زین کی جانب دیکھا جو دادی ماں کو پکڑے ہوئے کھڑا تھا جن کی آنکھوں میں نمی کے ساتھ ساتھ خوشی بھی واضح تھی...

اور آخر میں اس نے واپس سے سٹیج کی جانب دیکھا جہاں ارحم اسی کے چہرے کو دیکھ رہا تھا اسکا دل تیزی سے دھڑکنے لگا کیونکہ وہ لگ ہی اس قدر شاندار رہا تھا...

کتنی ناانصافی ہے اللہ جی... یہ سادہ سا بھی تیار ہو کر کتنی بجلی گرا رہا ہے دل پر...

وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتی ہوئی دل ہی دل میں بڑبڑائی, کچھ پل کیلئے تو وہ آس پاس کے لوگوں سے بھی بیگانہ ہو گئی اسے صرف وہ اور اپنا آپ نظر آنے لگا کیونکہ اسکے چہرے کا حسن اور اوپر سے پچ ڈارک

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

بلیک آنکھیں جن میں سے اس کیلیئے محبت صاف چھلک رہی تھی اسکا دیہان کہیں اور جانے ہی نہیں دے رہی تھیں...

ہوش تو اسے تب آیا جب عبدالجبار صاحب نے اسکا ہاتھ ارحم کے ہاتھ میں تھما دیا تھا, پھر انہوں نے ارحم کے کان میں سرگوشی نما کچھ کہا جس پر اس نے ہاں میں سر ہلایا تو وہ ان دونوں کے سر پر پیار دے کر ملیحہ بیگم کو ہاتھ سے پکڑ کر سٹیج سے اتر گئے...

اتنی بھی کیا جلدی ہے جا کر صوفہ سنبھالنے کی مسٹر اینڈ مسسز ارحم, ہم لوگ چاہتے ہیں وہاں بیٹھنے سے پہلے آپ لوگ دونوں ایک دوسرے کیلیئے محبت کے دو بول بولیں.... کیوں صحیح کہہ رہا ہوں نہ...؟؟ علی نے ان کا راستہ روکتے ہوئے مائیک میں کہا اور ساتھ سب لوگوں کو بھی رائے دینے کا کہا....

ہاں ہو جائے...

come on,

we are waiting. ..

سب کی مختلف مختلف آوازیں وہاں گونجنے لگیں...

ہاں بھائی کچھ تو بولو اتنی آسانی سے دلہن نہیں دیں گے...

فائقہ نے کمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا...

ایکسکیوز می وہ تو ہم لے کر ہی جائیں گے....

زبیر نے اونچی آواز میں کہا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہاں تو اس کیلئے تھوڑی محنت کرو پھر

...فاطمہ نے بھی آگے بڑھ کر پر زور لہجے میں کہا

...ارحم ہو جائے یار اب تو

....علی نے اسکی طرف دیکھتے ہوئے کہا جبکہ وہ نہ میں سر ہلاتا مسکرانے لگا

...اوکے سب خاموش ہو جاؤ ہم بولتے ہیں محبت کے دو بول

وہ سب کی جانب دیکھتے ہوئے بولا تو ہرے کی آوازیں اسکے کانوں سے ٹکرانے لگی جبکہ اسپرا کے گال دہکنے لگے...

جب ارحم نے اسپرا کا رخ اپنی طرف کیا تو وہاں وائیٹ لائٹس بجھ گئ جبکہ مختلف رنگ کی روشنیاں ان دونوں کے وجود پر گرنے لگیں...

اسپرا لوگوں کو محبت ہوتی ہے یا عشق ہوتا ہے لیکن مجھے جنون ہے تیرے عشق کا, تم پاگل پن ہو, دیوانگی ہو...

...وہ اسکا ایک ہاتھ تھامے ہی گھٹنے کے بل زمین پر جھکا

تم بچھڑ جاؤ گی تو زندہ ہو کر بھی مر جاؤں گا کیونکہ تم وجہ ہو جینے کی, سہارا ہو میری چلتی پھرتی سانسوں کا...

"In short you are the air that i breathe..."

اسپرا میں تم سے بہت بہت بہت زیادہ پیار کرتا ہوں, مجھے تم سے تمہاری محبت کے علاوہ کچھ نہیں چاہیے اور اس میں زرا سی بھی کمی, میں برداشت نہیں کر سکتا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اس کے الفاظ پر اسپرا کے دل نے ایک بیٹ مس کی جبکہ آنکھیں نم ہونے لگیں

...میں تم پر دنیا کی ساری خوشیاں لٹاؤں گا تم صرف محبت کرنا

...وہ اٹھ کر اسکی پیشانی کو اپنے لبوں سے نرمی سے چھوتا ہوا بولا

سارے ہال میں سیٹیوں اور تالیوں کی گونج سنائی دینے لگی تو ان دونوں نے ایک دوسرے سے نظر ہٹا کر سب کی جانب دیکھا جو رشک بھری آنکھوں سے ان دونوں کی طرف دیکھ رہے تھے ساتھ ہی لائٹس بھی جلا دی گئیں...

...بہت خوش قسمت ہو تم, بہت محبت کرنے والا شوہر ملا ہے تمہیں, اپنی پلکوں پر سجا کر رکھنا اسے سارا نے پسندیدہ نظروں سے ان دونوں کو دیکھتے ہوئے کہا تو اس نے بھیگی آنکھوں سے ہاں میں سر ہلا دیا...

i love you too..

...وہ اسکی جانب تھوڑا سا جھکتے ہوئے سرگوشی نما بولی

Forever Aspara...

Forever Arham...

...وہ بلش کرتے ہوئے بولی

ویسے اس مہندی میں میرا نام ہے کیا...؟؟؟

...وہ شوخ لہجے میں اسکے ہاتھوں کو دیکھتے ہوئے پوچھنے لگا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...جی میری جان آپکا نام ہے جو آپکو ڈھونڈنا ہے

...وہ آہستگی سے بول کر اس کے ساتھ ساتھ صوفہ کی جانب بڑھ گئ

... تمہیں ڈھونڈ لیا تھا اس دنیا میں تو,نام ڈھونڈنا کونسا مشکل ہو گا

..وہ مسکراتی آنکھوں سے اسے دیکھتے ہوئے بولا

... چلیں دیکھتے ہیں,اتنا بھی آسان نہیں ہے

...وہ کہہ کر سامنے دیکھنے لگی

✸✸✸✸

...ان دونوں نے جتنا سوچا تھا اس سے کئ گنا اچھا ان کا شادی والا دن گزر رہا تھا

اسپر اکے سٹوڈینٹس نے اس کے اور ارحم کیلئے گانا گنگنایا تھا جس پر وہ کافی سرپرائز ہوئ تھی کیونکہ

...اسے اس چیز کی بالکل بھی توقع نہیں تھی

اس کی گرلز سٹوڈینٹس نے جب کہا کہ اب وہ ارحم سے فلرٹ کرنے کی کوشش نہیں کریں گی تو وہ

... کھکھلا کر ہنسنے لگی

جیسے وہ پہلے اسکا شوہر نہیں تھا,وہ جانتی تھی یہ لوگ باز نہیں آنے والی... لیکن اسے پرواہ نہیں تھی

... کیونکہ اسے ارحم پر آنکھیں بند کر کے یقین ہے

تم اتنا مسکرا کیوں رہی ہو...؟؟

...ایک جانی پہچانی آواز اسے اپنے پیچھے سے سنائ دی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

میں کیوں نہیں مسکراؤں گی...؟؟

...اس نے الٹا سوال پوچھا

...زبیر سامنے آکر اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگا جبکہ وہ سکون سے صوفے پر بیٹھی رہی

زین نے بتایا تم اسے اچھا خاصہ مشکل وقت دے رہے ہو...؟؟ تمہیں قابو کرنا اسکے لیے کافی ناممکن ہو رہا ہے...

...اس کی بات پر وہ استہزائیہ مسکرایا

...میں دنیا کی نظر میں مر چکا ہوں

...لیکن مافیہ کی دنیا میں نہیں

...وہ ترکی باترکی بولی

...رائیٹ, لیکن یقین کرو اس میں بہت مزا ہے

...وہ کندھے اچکاتا ہوا بولا

کیا تم جیلس ہو ارحم والی جگہ تمہاری بجائے زین کو ملی... ؟؟

...اسکے سوال پر وہ اسے ناسمجھی سے دیکھنے لگا

میں بھلا اپنے ہی بیسٹ فرینڈ سے کیوں جیلس ہوں گا...؟؟ ویسے بھی باس فیصلہ کرتا ہے کونسی جگہ کس نے سنبھالنی ہے ہم نہیں کرتے... سب جانتے تھے ارحم کے بعد یہ پوزیشن زین کو ہی ملے گی... کیونکہ وہ اس جگہ کیلئے بالکل پرفیکٹ ہے میں نہیں ہوں, میرا یقین کرو اسپرا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

وہ اسے آنکھ مارتا ہوا عام سے لہجے میں بولا تو وہ مسکراتے ہوئے سامنے ارحم کو دیکھنے لگی جو اپنے دوستوں سے باتیں کرنے میں مصروف تھا..

تو تم دونوں خوش ہو...؟؟

بالکل تم دیکھ سکتے ہو....

وہ پرسکون لہجے میں بولی...

اور تم جانتی ہو ارحم نے اپنے جینے کا انداز بدلا ہے, اپنا رویہ نہیں...

وہ اسکی بات پر الجھی نظروں سے اسے دیکھنے لگی کیونکہ اسے اسکی بات زرا سمجھ نہیں آئی تھی...

ارحم ہمیشہ سے ایسی ہی زندگی چاہتا تھا, ایک مکمل, مزہب پرسکون زندگی, جہاں اسکی بیوی اور بچے ہوں, جو اسے دل و جان سے چاہیں....

لفظ بچوں پر اسپرا کے دل میں تکلیف سی اٹھی...

بچے بھی انشاءاللہ بہت جلد ہو جائیں گے یہاں پر جو ضروری بات ہے وہ یہ ہے کہ ارحم نے مافیہ کی دنیا کو چھوڑا ہے مافیہ نے اسے نہیں چھوڑا...

اسپرا کے ذہن میں رضا برنیڈو کا عکس گھما..

میرا باس کچھ نہیں کرے گا آئی پرامس کیونکہ ہم اسے اسکے بچوں جیسے ہی ہیں...

زبیر اسکی سوچ کو سمجھتا ہوا بولا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

تو پھر کیا اسکے اپنے دوست اسے واپس سے اس دنیا میں کھینچیں گے...؟؟؟؟؟

...وہ بے یقینی سے اسکی جانب دیکھتے دانت پیستے ہوئے بولی

میں دلہن بنی تمہارے سامنے بیٹھی ہوں اور تم مجھے دھمکا رہے ہو...؟؟

....وہ سلگتے ہوئے لہجے میں پوچھنے لگی

...اور کچھ رہ گیا ہے وہ بھی بول لو

...وہ آئبرو اچکاتا ہوا بولا جس پر وہ اسے گھورنے لگی

اسپر اہم لوگ صرف دوست نہیں ہیں بلکہ ایک فیملی ہیں,ایک دوسرے کی خوشیوں کے رکھوالے,ہم لوگ کبھی بھی اپنی فیملی کو ہرٹ نہیں کرسکتے.... لیکن اس بات کی کوئی گارنٹی نہیں ہے کہ ارحم کے ...پیچھے اس کے پرانے دشمن نہ آئیں

...زبیر سنجیدگی سے اسے سمجھانے لگا

عالیہ ممانی اکیلی ہیں اور مجھے نہیں لگتا وہ یہاں آکر اب ارحم کو کسی قسم کا نقصان پہنچائے گیں... اگر ...وہ کوشش بھی کریں گی تو ارحم سنبھال لے گا

بالکل وہ اکیلی ہے اور اسے ہرانا آسان ہو گا,ایک ہائنا کبھی بھی اکیلا شیر پر حملہ نہیں کرتا بلکہ گروپ ...میں آتا ہے اور شیر کو ختم کرکے چلا جاتا ہے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اللہ نگہبان ہے,جب تک وہ نہ چاہے دنیا کی کوئی بھی طاقت ہمیں نقصان نہیں پہنچا سکتی

...وہ مضبوط لہجے میں بولی

...بے شک,وہ بہتر کرنے والوں میں سے ہے

وہ بول کر ارحم لوگوں کی جانب بڑھ گیا جو کارنر میں کھڑے شاید کسی سیریس گفتگو میں مصروف تھے...

✸✸✸

...ہاں تو جواب مانگ رہا ہوں دو مجھے

ارحم نے شیزہ,زین,ارسل,تیمیہ,احمد اور علی کی جانب دیکھتے ہوئے کہا جبکہ وہ سب منہ کھولے اسکی طرف دیکھنے لگے...

...تم جانتے ہو یہ ناممکن ہے

...ارسل بامشکل بول پایا

...کیا مشکل ہے اس میں,بس کوشش تو کرو آپ سب لوگ

...اس نے اپنی بات پر زور دیا

..لیکن یار ہم لوگ بہت آگے نکل چکے واپسی ناممکن ہے

...علی لب چباتے ہوئے بولا

میں جتنا گناہ گار ہوں نہ,میں سمجھتا ہوں تم لوگوں میں سے اتنا کوئی بھی نہیں ہے,جب میں یہ کر سکتا ہوں تو تم لوگ کیوں نہیں...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...پلیز آج میری شادی ہے اسی پر تحفہ دے دو

....وہ التجائیہ بولا

کیا ہو گیا ہے بھئ ایسے منہ کیوں بنائے ہوئے... ؟؟؟

..زبیر نے آکر ارحم کے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے پوچھا

...وہی ارحم کی پانچ سالوں میں کہی جانے والی بس ایک بات, یہ سب چھوڑ کر راہ حق پر آجائیں

...احمد نے اسکی طرف دیکھتے ہوئے کہا

ارحم تم جانتے ہو یہ مشکل

کچھ بھی مشکل نہیں ہے, ہم جب اس رب کی جانب ایک قدم بڑھاتے ہیں وہ دس قدم ہماری طرف

...بڑھاتا ہے, پلیز اسکی جانب رجوع کر لو, یقین کرو وہ ہمیشہ تھام کر رکھے گا

...وہ ٹوکتے ہوئے تفصیل سے بولا

ہاں تم ٹھیک کہہ رہے ہو, لیکن تم زبردستی نہیں کر سکتے, جب تم نے یہ راہ چنی تھی ہم نے تمہارا پورا

...ساتھ دیا تھا.. اب ہم جو کر رہے ہیں اس میں تم ہمیں نہیں ٹوک سکتے

...زبیر سینے پر بازو باندھتے ہوئے بولا

....مگر سمجھانا میرا فرض ہے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

مافیہ کی دنیا چھوڑنا مطلب موت کو گلے لگانا ہے ہم بہت بری طرح اس دنیا میں جھکڑے ہوئے ہیں ارحم...

ارسل نے شرمندگی سے سر جھکاتے ہوئے کہا...

کوشش تو کرو وہ مایوس نہیں کرے گا, ویسے بھی زندگی اور موت صرف اللہ کے ہاتھ میں ہے اور کسی کے نہیں...

ارحم آج تمہاری شادی ہے جا کر وہ انجوائے کرو, یہ باتیں پھر کبھی ہو جائیں گی...

زین نے بات ختم کرنی چاہی...

جا کر خاک انجوائے کروں, تم لوگ میری فیملی ہو, جانتے ہو کتنی تکلیف ہوتی ہے تم لوگوں کو اسی آگ میں دھنسا ہوا دیکھ کر, میں پل پل مرتا ہوں, کچھ نہیں ہے اس سب میں, پلیز صحیح راہ پر آجاؤ...

زبیر دیکھو شیزہ کی طرف اس نے اپنی زندگی کے کتنے سال ایسے ہی گزار دیے, اپنی فیملی کو آگے نہیں بڑھایا کیونکہ وہ ایسے ماحول میں اپنے بچے کو پیدائش ہی نہیں دینا چاہتی, کیا تمہارا دل نہیں کرتا ایک پر سکون زندگی خود بھی جیو اور اسے بھی دو...؟؟؟

وہ زبیر کی جانب دیکھتے ہوئے تکلیف سے پوچھنے لگا...

ہر کسی کی قسمت میں نارمل زندگی نہیں لکھی ہوتی..

زبیر شیزہ کی جانب دیکھتے ہوئے کچھ پل بعد بولا جو نم آنکھوں سے زمین کی طرف دیکھ رہی تھی...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...قسمت خود بناتے ہیں... خدارا سنبھل جاؤ آپ سب لوگ

. ..وہ سرخ ہوتی آنکھوں سے سب کی جانب دیکھتے ہوئے بولا

....اگر تم سنبھل گئے ہو تو ہمیں لیکچر مت دو اپنے کام سے کام رکھو

...زبیر نے دوٹوک لہجے میں کہا

ٹھیک ہے اگر تم لوگوں نے یہ سب نہیں چھوڑا تو یہ دوستی بھی ختم, آج کے بعد میرا تم لوگوں سے کوئی تعلق نہیں...

...وہ اذیت سے آنکھیں بند کر کے کھولتا ہوا بولا جبکہ باقی سب شاک سے اسکی جانب دیکھنے لگے

ہاں اب تو تم اونچے ہو گئے ہو, ہم جیسے لوگوں کے ساتھ کہاں تعلق رکھنا ضروری سمجھو گے...

زین تلخ لہجے میں بولا جبکہ اسکی آنکھیں تکلیف سے سرخ ہونے لگیں.. وہ آگے بڑھا اور اس نے ارحم کو زور سے خود کے سینے سے لگایا جس پر ارحم بوکھلایا اس سے پہلے وہ اسکی پشت پر اپنا ہاتھ رکھتا وہ جلدی سے اس سے الگ ہو کر ہال سے باہر کی جانب قدم بڑھانے لگا...

....ارحم آج تم نے سب ختم کر دیا

...ارسل بامشکل بولتا وہاں سے چلا گیا

...پلیز یار سب رک جاؤ ایسے کیسے سب ختم

تیمیہ بھیگے ہوئے لہجے میں بولتے ہوئے ان کے پیچھے بھاگی جہاں احمد بھی ان کے ساتھ باہر جا رہا تھا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کیاہوا ہے...؟؟

...اسپرا پریشانی سے قریب آکر پوچھنے لگی

میں کیسے سمجھاؤں میں تم سب کا برا نہیں چاہتا, میں بس تم لوگوں کو خوشیوں بھری زندگی گزارتا ہوا دیکھنا چاہتا ہوں, بس اتنی سی خواہش کر رہا ہوں, اس میں کیا غلط ہے...؟؟ اپنے دوستوں کو برائی سے روکنا گناہ تھوڑی ہے, اگر میں منع نہیں کروں گا تو پھر میں اچھا دوست ہی نہیں ہوں...

....وہ نم آنکھوں سے آہستہ آہستہ بولنے لگا

.... سمجھاؤ ارحم لیکن رشتے تو مت توڑو یار, ہم سب ہی تو ہیں ایک دوسرے کیلئے

علی بے بسی سے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھ کر وہاں سے چلا گیا تو اسپرا پریشانی سے ارحم کو دیکھنے لگی کیونکہ وہ جانتی تھی وہ کتنی شدت سے اپنے دوستوں کو بھی محبت اور خوشیوں بھری زندگی گزارتا ہوا دیکھنا چاہتا ہے....

...تم نے یہ دوستی ختم کر کے غلط کیا

زبیر نے درد سے کہہ کر شیزہ کا ہاتھ تھاما اور وہاں سے چلا گیا جبکہ وہ پیچھے کھڑا اذیت کے گھونٹ بھر کر رہ گیا

...سب ٹھیک ہو جائے گا, وہ تمہارے اپنے ہیں, واپس لوٹ آئیں گے

اسپرا نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا تو اس نے پلٹ کر سختی سے اسے اپنے سینے میں بھینچ لیا اور بچوں کی طرح رونے لگا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

مجھے محبت ہے ان سب سے, میں پرواہ کرتا ہوں ان کی, میں چاہتا ہوں جیسی میں زندگی گزار رہا وہ بھی گزاریں, وہ بھی اپنی لائف میں سکون محسوس کریں... میں ان کا دشمن نہیں ہوں, بس خواہش ہے وہ لوگ بھی سنبھل جائیں.. کیونکہ فی الحال وہ جو زندگی گزار رہے اس سے انکی دنیاوی کے ساتھ ساتھ آخرت والی زندگی بھی تباہ ہو جائے گی....

وہ اسکی بانہوں میں سمایا سسکتے ہوئے بولا تو اسپرا کی آنکھوں سے بھی آنسو بہنے لگے, شکر تھا اس وقت وہ لوگ ہال کے آخری حصہ میں تھے جہاں بالکل بھی لوگ نہیں تھے...

پیار سے سمجھاتے نہ دوستی کیوں ختم کر دی.؟؟..

وہ اسکے گرد اپنا حصار تنگ کرتے ہوئے پوچھنے لگی...

پانچ سال سے پیار سے ہی سمجھاتا آرہا ہوں, وہ لوگ ایک کان سے سنتے ہیں دوسرے سے نکال دیتے ہیں, اسلیے ایسا بولا ہے تاکہ اچھے سے اب اس بارے میں سوچیں تو سہی ایک بار.. .

وہ اس سے الگ ہوتے ہوئے بولا...

ارحم اس رب پر بھروسہ رکھو سب ٹھیک ہو جائے گا...

وہ اسکی آنکھوں سے آنسو صاف کرتے ہوئے بولی...

میں انہیں کھونا نہیں چاہتا وہ سب بہت اہم ہیں...

وہ بے بسی سے بولا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اہم اہم اہم کچھ پل دولہا دلہن سے علیحدہ کیا ہوئے یہاں رومینس شروع ہو گیا

فائقہ نے وہاں آکر شرارت سے کہا لیکن جیسے ہی اسکی نظر ان دونوں کی آنکھوں پر پڑی وہ حیرت سے انہیں دیکھنے لگی...

کیا ہوا ہے...؟؟

..فاطمہ جو فائقہ کے برابر کھڑی تھی اس نے پوچھا

کچھ نہیں ویسے ہی بات کرتے کرتے بس ایموشنل ہو گئے ہم دونوں... لائف میں اتنا سب کچھ ہم دونوں نے سہا ہے لیکن اس کے باوجود ہم دونوں ساتھ ساتھ ہیں...

...اسپرانے نم آنکھوں سے مسکراتے ہوئے کہا

...کیونکہ تم دونوں بنے ہی ایک دوسرے کیلئے ہو

...فائقہ نے شوخ لہجے میں کہا

..بالکل

...فاطمہ نے ہامی بھری

....چلو آجاؤ سب مہمانوں کو بائے بول دو

...فائقہ کے کہنے پر وہ دونوں سٹیج کی جانب بڑھ گئے

✸✸✸✸

کیک کا آرڈر ملا تھا اسکا کیا بنا...؟؟4جو kg

...ارحم نے اپنے ورکر کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...وہ مکمل ہو چکا ہے اور داروک کسٹمر کو دینے بھی چلا گیا ہے

...اس نے فرمانبرداری سے جواب دیا

...بج چکے ہیں تم جاؤ بس کچھ ہی کسٹمرز ہیں میں دیکھ لیتا ہوں 9

اس کے کہنے پر وہ ہاں میں سر ہلاتا وہاں سے چلا گیا جبکہ ارحم وہاں کا کام دیکھنے کے بعد بوٹنی سٹور میں ...گیا

....شاہانہ

...اس نے وہاں داخل ہو کر اسپرا کی سیکرٹری کو پکارا

....ایک سیکنڈ باس

وہ سٹور میں چیزیں رکھتے ہوئے بولی تو وہ وہاں کا حساب کتاب دیکھنے لگا.... تبھی کچھ دیر بعد ...شاہانہ بھی وہاں آ گئ

مائیکل چلا گیا ہے...؟؟

جی وہ کچھ دیر پہلے ہی نکلا ہے اور باس جو سٹور آپ نے دوسرے ٹاؤن میں کھولا ہے اس میں سے آپ کو ...اس سٹور سے بھی زیادہ پرافٹ ہوا ہے

...وہ تفصیل سے بتانے لگی

تمہاری بیٹی کیسی ہے...؟؟

ارحم نے احتیاط سے پوچھا کیونکہ وہ آرمی آفیسر کی بیوی تھی جس کی کچھ عرصہ پہلے شہادت ہو گئ تھی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اس کے پاس اسکا کل اثاثہ اسکی 12 سالہ بیٹی ہی تھی جسکو کینسر تھا اور اسکے آپریشن کا سارا خرچہ ارحم نے اٹھایا ہوا تھا . .

...ڈاکٹر نے کہا ہے کہ آپریشن کے کامیاب ہونے کے چانسز بہت کم ہیں

...وہ افسردگی سے بولی

...اللہ سے دعا کریں, سب ٹھیک ہو گا

...وہ پر اعتماد لہجے میں کہتا وہاں سے نکل گیا

...جب وہ اپنے کام سے مکمل طور پر فارغ ہوا تو چاکلیٹس اور آئس کریم لیکر گھر کی جانب چل پڑا

اسپرا اور ارحم کی شادی کو 1 ماہ گزر چکا تھا اس دوران اسکی اپنے کسی بھی دوست سے بات نہیں ہوئی تھی وہ ان سب کو کچھ وقت دینا چاہتا تھا تاکہ وہ لوگ خود کو سمجھیں اور مکمل فیصلہ کر پائیں..

...گھر کے دروازے کے سامنے پہنچ کر اس نے ایک بار دستک دی تو اسپرا نے فوری دروازہ کھول دیا

...شکر ہے تم آگئے سچی تمہارے بغیر دل نہیں لگ رہا تھا

...وہ آگے بڑھ کر اسکے گال کو چومتے ہوئے بولی

...اچھا جی یہ پکڑو تمہارے لیے لایا ہوں, میں خود ذرا فریش ہو آؤں

وہ اسے چاکلیٹس اور آئسکریم پکڑا کر اسکے ماتھے پر اپنا لمس چھوڑ کر روم میں چلا گیا...جب وہ فریش ہو کر آیا تو اسکے ناک سے لزیز کھانے کی خوشبو ٹکرائی..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...میں کبھی بھی یہ میچ مس نہیں کر سکتی, مجھے یقین ہے دانش لوگوں کی ٹیم ہی جیتے گی

وہ جب اسکے برابر والی جگہ پر بیٹھا تو اسپرا پر جوش لہجے میں بولی... جس پر وہ ہنستے ہوئے نہ میں سر ہلا کر رہ گیا... بے شک اسے دانش کوئی خاص پسند نہیں تھا لیکن وہ اسے خوش دیکھ کر خوش رہتا تھا...

...پتہ نہیں زین ارسل, علی احمد اور زبیر کیسے ہوں گے

وہ پریشانی سے سوچنے لگا تبھی اس نے اپنے دل پر اسپرا کے لب محسوس کیے جو وہاں اپنا احساس چھوڑ رہی تھی تو اس نے اسکے چہرے کی جانب دیکھا...

کیا ہوا ہے..؟؟ کیا سوچ رہے ہو؟؟

وہ فکر مندی سے پوچھنے لگی جس پر اسکے لب مسکرائے وہ تھوڑا نیچے جھکا اور اس نے اسکی پیشانی کو اپنے لبوں سے چھو کر نہ میں سر ہلایا...

تو پھر کھانا کیوں نہیں کھا رہے...؟؟

...وہ پلیٹ کی جانب اشارہ کرتے ہوئے بولی جسے اس نے ہاتھ تک نہیں لگایا تھا

...اس نے چمچ پکڑا اور بریانی کا بھر کر اپنے منہ میں ڈال لیا

ارحم میں جانتی ہوں تم زین لوگوں کی وجہ سے پریشان ہو, انہیں تھوڑا وقت دو سب ٹھیک ہو جائے گا...

...وہ اسکے کندھے پر سر رکھتے ہوئے بولی تو وہ لمبا سانس کھینچ کر رہ گیا

ارحم تمہیں پتہ ہے جب میں 10 سال کی تھی میں نے فاطمہ نے اور فائقہ نے ایک ایک کاغز لیا تھا اس پر کچھ لکھ کر سکول کے گارڈن میں موجود ایک درخت کے نیچے تھوڑی زمین کھود کر دفن کر دیا تھا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

فائقہ لوگوں نے وہ پیج نکالے ہیں جسکی پکچر انہوں نے مجھے بھی سیل پر بھیجی ہے رکو میں ابھی لے موبائل لے کر آتی ہوں...

وہ بول کر پلیٹ ٹیبل پر رکھ کے روم کی جانب بھاگ گئی, سکرین پر دانش کا چہرہ دیکھ کر وہ آنکھیں گھوما کر رہ گیا تبھی اس کے موبائل پر بیل بجی تو سکرین پر ابھرتا نام دیکھ کر اسکے دل نے ایک بیٹ مس کی...

کیسا ہے...؟؟

سامنے سے پوچھا گیا...

میں ٹھیک ہوں, تم بتاؤ خود کیسے ہو اور باقی سب؟؟

وہ بے چینی سے پوچھنے لگا...

سب ٹھیک ہیں, کیا کر رہے تھے...؟؟

کھانا کھا رہا اور ساتھ ایڈیٹ کا میچ دیکھ رہا ہوں...

ارحم کے الفاظ پر زین نے قہقہہ لگایا...

آئی مس یو زین, مجھے لگا تھا میں نے تمہیں کھو دیا, ویسے تم ٹھیک ہو..؟؟

وہ پریشانی سے پوچھنے لگا...

دوستی ختم کرنے سے ختم نہیں ہو جاتی اور جب تک زندگی ہے یہ کبھی ختم ہو گی بھی نہیں..

وہ سکون سے بولا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...بالکل جب تک جان ہے ہم ساتھ ساتھ ہیں

...ارحم نے بھی محبت سے ہامی بھری

...اب بتاؤ کیا ہوا ہے...؟؟ میں تمہاری مسکراہٹ میں چھپا ہوا درد بھی سمجھ سکتا

...اس کے کہنے پر زین نے لمبا سانس کھینچا

عالیہ مل گئ ہے وہ بینگ کاک کے ایک ہاٹل میں کام ایک سرونٹ کے طور پر کر رہی تھی.. میرے آدمی کل تک حفاظت سے اسے واپس پاکستان پہنچا دیں گے, جو میں نے اسپر اسے وعدہ کیا تھا وہ پورا ہو جائے گا....

...وہ یقین سے بولا

اوکے لیکن پریشانی کیا ہے؟ اداس کیوں ہو...؟؟

...اس نے واپس سے اپنا سوال دہرایا

میں تمہاری طرح محبت بھری زندگی جینا چاہتا ہوں ارحم, محبت چاہیئے مجھے, سکون چاہیئے, جہاں ہر پل موت سر پر کھڑی ہونے کا خوف نہ ہو, لیکن میں اس رب کا سامنا کیسے کروں گا, اگر اس نے ٹھکرا دیا تو, میں کیا کروں ارحم, بتاؤ نہ میں کیا کروں...؟؟

...وہ باقاعدہ روتے ہوئے اسکے سامنے گڑگڑانے لگا

شش چپ ہو جاؤ, میں تو خود بہت گناہ گار ہوں, بس اتنا جانتا ہوں سچے دل سے اس پاک زات کو پکارو تو وہ رد نہیں کرتا, وہ اپنے بندوں کو کبھی نہیں ٹھکراتا زین,

زین جب نیک لوگ اس پاک زات کو پکارتے ہیں تو وہ ایک بار لبیک کہتا ہے یعنی میں حاضر ہوں...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

جب ہم جیسے گناہ گار لوگ اس زات کو پکارتے ہیں تو وہ دو دفعہ لبیک لبیک کہتا ہے یعنی میں حاضر ہوں,

....میں حاضر ہوں

....اللہ کو توبہ کرنے والے لوگ بہت پسند ہیں

....ایک دفعہ قدم بڑھاؤ تو صحیح پلیز

. . .اس کے بولنے پر زین کی آنکھوں سے آنسو نکل کر اسکے گال بھگونے لگے

...کاش میں اس وقت تمہارے پاس ہوتا

. . .ارحم بے بسی سے بولا

...فکر مت کرو میں ٹھیک ہوں بس تھوڑا وقت چاہیے

....زین ایک بات یاد رکھنا چاہے کچھ بھی ہو جائے, میں ہوں تم سب کیلئے ہمیشہ

...وہ محبت سے پر لہجے میں بولا

...جانتا ہوں...پھر بات ہوتی

وہ کہہ کر کال بند کر گیا جبکہ وہ خاموش سے موبائل کی جانب دیکھنے لگا.... تبھی اس نے اپنے کندھے پر

...اسپر اکا ہاتھ محسوس کیا...اس نے پلٹ کر اسکی جانب دیکھا جو پریشانی سے اسے ہی دیکھ رہی تھی

تم ٹھیک ہو...؟؟

...اس نے ارحم کے چہرے کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں بھرا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...ہمم ٹھیک ہوں

وہ اسے گلے سے لگاتے ہوئے بولا, وہ سمجھ گئ تھی اسے کوئ بات پریشان کر رہی ہے مگر وہ چاہتی تھی وہ خود بتائے اسے...

...ارحم میں جانتی ہوں کچھ تو ہے, لیکن میں چاہتی ہوں تم خود سے بتاؤ, جب دل کرے آرام سے بتا دینا

...وہ اسکی تھوڑی پر اپنے لب رکھتے ہوئے بولی

i swear to Allah, I'm so in love with you Tesoro...

same here...

وہ اسکے گرد اپنا حصار باندھتی ہوئ بولی تو ارحم اسے بازوؤں میں اٹھا کر واپس لیونگ روم میں لے گیا جہاں ان دونوں نے ملکر ڈنر کیا...

...اسپر امیں زین کے پاس جانا چاہتا ہوں, مجھے لگتا ہے اسے میری ضرورت ہے

...وہ اسے اپنی زین کے ساتھ ہوئ پوری بات بتانے کے بعد بولا

ارحم میں سمجھ سکتی ہوں, لیکن یہ وقت اسے دو تاکہ وہ دل سے فیصلہ کر سکے, اگر تم اس کے ساتھ ہو گے تو وہ صرف تمہارے لیے اس راستے پر آئے گا, مزہ تو تب ہے نہ جب وہ خود کیلئے آئے...

....اسلیے پلیز اسے وقت دو

...اس کی بات سمجھتے ہوئے وہ ہاں میں سر ہلا گیا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

.... یہ رہا وہ لیٹر جو میں نے برسوں پہلے اپنے فیوچر ہزبینڈ کیلئے لکھا تھا

وہ اسے آنکھ مارتے ہوئے بولی تو نہ چاہتے ہوئے بھی ارحم کے لب مسکرائے ساتھ ہی وہ سیل ...میں سے پنک کلر کے کاغز کی تصویر دیکھنے لگا جس پر ہلکی ہلکی مٹی لگی ہوئ تھی

,میرے پیارے چارمنگ فیوچر ہزبینڈ

امید ہے یہ پیج پڑھنے سے پہلے تمہاری گریجویشن مکمل ہو چکی ہو گی,اگر نہیں ہوئ تو پلیز یہ کاغذ واپس رکھو اور جب ہو جائے تب واپس آکر پڑھنا, اور ہاں اس گریجویشن کے دوران خبردار جو تم نے کسی لڑکی کو دیکھا ورنہ اسکا منہ نوچ لوں گی,پلیز سب لڑکیوں سے دور رہنا,میرا انتظار کرنا ہم جلد .... ملیں گے

...وہ اونچی آواز میں پڑھنے لگا,پڑھتے پڑھتے وہ ہنسنے لگا

...بس بھی کرو یار تب میں چھوٹی سی تو تھی

...وہ منہ بسورتے ہوئے بولی

فائنلی جو تم نے پرنس چارمنگ کا خواب چھوٹی ہوتی دیکھا تھا وہ پورا ہو گیا تمہیں سچ میں راجکمار ملا ہے..

..بائے

...آخر میں فاطمہ کا بھیجا ہوا میسج بھی تھا

تو پھر کیسا لگا...؟؟

...وہ تجسس سے پوچھنے لگی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...اچھا ہے

...وہ بس اتنا ہی بول پایا...اور اس کے ذہن میں اسکی مافیہ کی زندگی گھومنے لگی

....ارحم

...اسکی نرم سی آواز نے اسکا دیہان اپنی جانب کھینچا

...اسپرا

...وہ بول کر اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگا

مجھے وہ چیزیں یاد ہیں جو میں نے تمہارے ساتھ کیں..جو تکلیف میں نے تمہیں دی, جس ازیت سے تم

..میری وجہ سے گزری

...مجھے سب کچھ یاد ہے, میں تمہارے ساتھ بالکل ایک مونسٹر کی طرح کا تھا

...اس نے اسپرا کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں تھام کر اسے مزید اپنے قریب کیا

یہاں تک کہ میں تمہارے لیے کچھ احساسات محسوس کرنے لگا لیکن اسکے باجود تمہیں خود سے دور

...جانے نہیں دیا بلکہ تمہیں ہرٹ کیا...تم سوچ بھی نہیں سکتی مجھے کس قدر پچھتاوہ ہے

...تم میرے بغیر ٹھیک تھی, تمہیں میری کوئی ضرورت نہیں تھی

...قسم سے میں بہت شرمندہ ہوں جو میں نے کیا

...وہ اسکی آنکھوں سے آنسو چنتے ہوئے مزید بولا

ہمارے جب بھی فیوچر میں بچے ہوں گے میں کبھی خواب میں غلطی سے بھی نہیں سوچ سکتا کہ میری بیٹی کی زندگی میں کوئی ایسا لڑکا آئے جیسا میں ہوں... قسم سے میں تو اسکی ٹانگیں توڑ کر زندہ

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

قبر میں ڈال آؤں... تمہارے پاپا نے میرے ساتھ جو کچھ بھی کیا سب جائز تھا... کیونکہ میں ان کا درد اچھے سے سمجھ سکتا ہوں...

اسکے بولتے ہی اسپرا تھوڑا آگے جھکی اور اسکے لبوں پر شدت بھرا لمس چھوڑنے لگی ساتھ ہی اس نے ارحم کی گود میں بیٹھ کر اپنے دونوں بازو اسکی گردن کے گرد حائل کر دیئے...

وہ کس کرنے کے بعد اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگی...

اسپرا مجھے معاف کر دو میں تمہارا پرنس چارمنگ نہیں ہوں...

وہ اسکے ماتھے سے اپنا ماتھا ٹکاتے ہوئے درد بھری مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے بولا تو وہ اپنے ایک ہاتھ سے ارحم کی گردن سہلانے لگی....

ارحم میں تم جیسے شخص سے آج تک نہیں ملی..

you are so complicated and different than anyone...

تم خاص ہو, انوکھے ہو... تو اپنی مثال آپ ہو... جیسے بھی ہو صرف میرے ہو, مجھے غرور ہے تم پر اور تمہارا یہی انداز تمہیں میرا پرنس چارمنگ بناتا ہے....

اسکے بولتے ہی ارحم اسکے لبوں کو اپنے لبوں میں قید کر گیا اور پھر اسے ایسے ہی اٹھا کر اپنے روم کی جانب بڑھ گیا...

ابھی اس نے اسے بیڈ پر لٹایا ہی تھا کہ اسپرا کا سر ہلکا ہلکا سا چکرانے لگا تو وہ اسے پکڑ کر بیٹھ گئ...

کیا ہوا...؟؟

وہ اسکا سر پکڑتے ہوئے بولا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...پتہ نہیں چکر سا آیا اور دل گھبرا رہا ہے

...چلو ڈاکٹر پاس چلیں

...وہ اسکا ہاتھ پکڑتا ہوا بولا

...ریلیکس ہو جاؤ ارحم, بہت دیر ہو گئی ہے اس وقت کہاں جانا, ویسے ہی سر چکرایا ہو گا میں ٹھیک ہوں

...وہ اسے یقین دلاتے ہوئے بولی

پکا...؟؟

...وہ اسکے سر کو ہلکا ہلکا دباتے ہوئے پوچھنے لگا

....جی پکا

وہ اسکے دونوں ہاتھ سامنے لا کر انہیں چومتے ہوئے بولی تو وہ اٹھ کر ڈریسنگ کے سامنے گیا اور

...تیل لے کر واپس آیا

یہ کیا...؟؟

...وہ منہ کھولے پوچھنے لگی

...تیل لگانے لگا ہوں, ایک تو تم لڑکیاں فیشن کے چکر میں بالوں میں تیل پتہ نہیں کیوں نہیں لگاتیں

...وہ اسکے بالوں میں تیل ڈال کر ہلکی ہلکی مساج کرتے ہوئے بولا

...ایکسکیوز می, فیشن کی بات نہیں ہے, ویسے ہی بس ٹائم نہیں ملتا

...وہ اسکی انگلیوں کو اپنے بالوں میں محسوس کرتی آنکھیں بند کرتے بولی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اب کیسا محسوس ہو رہا...؟؟

...وہ تھوڑی دیر کے بعد سر دباتے ہوئے پوچھنے لگا

...نیند آ رہی ہے اب

اس نے پلٹ کر اسکی گردن میں اپنا چہرہ چھپاتے ہوئے کہا تو ارحم نے مسکراتے ہوئے اسے اپنے

...سینے سے لگائے ہی اسکے بال فولڈ کر کے کیچر میں قید کر دیئے

...میری جان, میری زندگی

اس نے مسکراتے ہوئے اسکی ناک کو اپنے لبوں سے چھوا جو نیند کی وادی میں اتر چکی تھی...

پھر اسے آہستگی سے بیڈ پر لٹا کر خود واشروم میں چلا گیا, ہاتھ دھو کر وہ واپس آیا اور اسے

....اپنے سینے سے لگا کر سو گیا

✸✸✸✸✸

...سر میری بیٹی کا آپریشن کامیاب رہا تھا, میں آپ کی بہت مشکور ہوں

شاہانہ نے اپنے برابر میں کھڑی بیٹی کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا جو پنک کلر کی فراک پہنے

...بہت خوبصورت لگ رہی تھی

...ارحم نے آگے بڑھ کر اس بچی کو اپنی بانہوں میں لے لیا

یہ کیا کھایا ہوا آپ نے...؟؟

...وہ اسکی گال سے چاکلیٹ صاف کرتا ہوا پوچھنے لگا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...چاکلیٹ کھائی تھی..مجھے بہت اچھی لگتی ہے

....وہ ہنستی ہوئی بولی تو ارحم کا دل بھی خوش ہوا

اسکے دل میں ایک الگ قسم کا سکون اترا جو ہمیشہ دوسروں کی مدد کرنے سے محسوس ہوتا ہے اور ویسا

...سکون وہ آج پہلی بار محسوس کر رہا تھا

...آپ ایسا کریں آج آپ آف کر کے اپنی بیٹی کے ساتھ کچھ وقت گزاریں

...ارحم کے کہنے پر وہ بچی خوشی سے اپنی ماما کی جانب دیکھنے لگی

مطلب میں اپنی ماما ساتھ پارک میں جا سکتی ہوں...؟؟

...اس نے معصومیت سے پوچھا

....جی جا سکتی ہیں...شاہانہ آج آپ آف کر لیں...بچی کو گھمانے لے جائیں

...وہ کہہ کر دور ہوا

....شکریہ سر اینڈ ہیپی برتھڈے

وہ اپنی بیٹی کا ہاتھ تھامتے ہوئے بولی

Thank you...

وہ پروفیشنل انداز میں بولا کیونکہ سارا اسٹاف جانتا تھا آج کے دن اسکی برتھڈے ہوتی ہے تو وہ اپنی بیٹی

...کو ساتھ لیے وہاں سے چلی گئ

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کام سے فارغ ہو کر جب وہ گھر کے قریب پہنچا تو اس کے سامنے تین گاڑیاں پارک تھیں... اندر سے قہقہوں اور باتوں کی آواز باہر تک سنائی دے رہی تھی... اس نے تجسس سے بیل بجائی تو اسپرانے دروازہ کھولا... جو بلیک گاؤن میں تیار ہوئی بہت پیاری لگ رہی تھی... وہ نا سمجھی سے اسے دیکھتے ہوئے ....اندر آیا تو سامنے گارڈن کو وائیٹ اور ریڈ لائٹس سے سجا دیکھ کر اسکی دھڑکن تھمی

تبھی لائٹس آف ہو گئیں اور صرف ایک روشنی جلنے لگی جسکا فوکس ارحم پر تھا... وہ نا سمجھی سے یہاں وہاں دیکھنے لگا مگر ہر طرف اندھیرا تھا... پھر ایک اور لائیٹ جلی جسکا فوکس ایک شخص پر تھا جسکی اسکی ....جانب پشت تھی

...تو جو روٹھا کون ہسے گا

...تو جو چھوٹا کون رہے گا

....وہ پلٹا اور مائیک کے ذریعے لیریکس بولنے لگا ساتھ ارحم کی جانب قدم بڑھانے لگا

....علی

....ارحم زیر لب حیرت سے بڑبڑایا

تو چپ ہے تو یہ ڈر لگتا ہے

...اپنا مجھ کو کون کہے گا

علی نے اس کے پاس پہنچ کر اسکا ہاتھ تھامتے ہوئے آخری دو لائینیں گنگنائیں جس پر وہ مسرور سا ...اسکی جانب دیکھنے لگا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

,تو ہی وجہ

.... تیرے بنا بیکار ہوں میں

... تیرا یار ہوں میں

ابھی وہ سنبھلا بھی نہیں تھا احمد نے دائیں جانب سے آکر اس کی گردن کے گرد اپنا بازو حائل کرتے ہوئے نم آنکھوں سے لیریکس گنگنائے جبکہ باقی سب جو وہاں موجود تھے ان سب دوستوں ...کو محبت بھری نظروں سے دیکھنے لگے

.... آجا لڑیں پھر کھلونوں کیلئے

... تو جیتے میں ہار جاؤں

.... ارحم نے پلٹ کر بائیں جانب دیکھا جہاں سے زین گنگناتا اسکی طرف آرہا تھا

... آجا کریں پھر وہی شرارتیں

... تو بھاگے میں مار کھاؤں

... میٹھی سی تیری وہ گالی سننے کو تیار ہوں میں

... تیرا یار ہوں میں

زین نے اسکے پاس آکر اس کے بالوں کو خراب کرتے ہوئے پیار سے لائنیں گنگنائیں تو وہ نم .... آنکھوں سے مسکرانے لگا

... میری زندگی سنواری مجھ کو گلے سے لگا کے

... بٹھا دیا فلک پہ مجھے خاک سے اٹھا کے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

... تیری یاری کو میں نے تو خدا کا دیا تحفہ مانا

...یاد کرے گی دنیا تیرا میرا افسانہ

... تیرے جیسا یار کہاں.... کہاں ایسا یارانہ

زبیر کی آواز ہوا میں ارتعاش پیدا کرنے لگی تو سب کی نظر اسکی جانب اٹھی جو ارحم کے سامنے کھڑا ہوا اسے مشکور نظروں سے دیکھ رہا تھا جبکہ ارحم اپنی بانہیں کھول کر ان سب کو ہی اپنی بانہوں میں سمیٹ گیا....

... میرے دل کی یہ دعا ہے دور تو کبھی نہ جائے

.. تیرے بنا ہو جینا وہ دن کبھی نہ آئے

... تیرے سنگ جینا یہاں, تیرے سنگ مر جانا

...یاد کرے گی دنیا تیرا میرا افسانہ

... تیرے جیسا یار کہاں, کہاں ایسا یارانہ

ارسل نے اس کے پیچھے کھڑے ہو کر اسکے کندھے پر اپنا ہاتھ رکھ کے بھیگی آواز میں لیریکس بولے...

.... کیونکہ کام بے شک ان لوگوں کا مختلف تھا لیکن دل تو ایک دوسرے کیلیئے دھڑکتے تھے نہ

...ہیپی برتھڈے ارحم

.. وہ سب یکجا زبان میں بولے تو اسکا دل خوشی سے جھوم اٹھا ساتھ ہی ساری لائٹس اون ہو گئیں

... میں کیسے شکریہ ادا کروں مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہا

...م م مجھے لگا تھا میں نے اتنے انمول رشتے خود سے دور کر دیئے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...مجھے یہ تھا تم لوگ نہیں آؤ گے

پلیز مجھے معاف کر دو... میں تم لوگوں کی تکلیف کا باعث نہیں بننا چاہتا تھا, میں نے بس اتنا چاہا تھا تم

...لوگ بھی سکون بھری زندگی گزارو, سوری میں بہت سخت ہو گیا تھا لیکن یہ تم لوگوں کیلیئے ہی تھا

...وہ ٹوٹے پھوٹے الفاظ میں بولنے لگا تو ان سب نے واپس سے اسے گلے سے لگا لیا

تم نے جو بھی کیا ہمارا اچھا ہی چاہا اور تم نے کچھ غلط نہیں کیا اسلام میں بھی کہا گیا اگر کبھی کچھ صحیح کرنے کیلیئے سختی کرنی پڑے تو بالکل ہچکچاؤ مت, اسلیے بے فکر ہو جاؤ ہم ناراض نہیں ہیں... بلکہ خوش ہیں...

....کیونکہ ہم سب نے اپنی نئی زندگی شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے

مطلب...؟؟؟

...ارسل کی بات پر وہ بے یقینی سے پوچھنے لگا

...مطلب یہ ہے کہ ہم مافیہ کی دنیا کو گڈ بائے کہہ آئے اب ہمارا تم خرچہ پانی اٹھاؤ

...زبیر نے شرارت سے کہا تو سب ہنسنے لگا

میں خوشی خوشی اٹھالوں گا باس کیسے مانا...؟؟؟

...وہ مسکراتے ہوئے پوچھنے لگا

جیسے تمہاری دفعہ مانا تھا, تم جانتے ہو وہ ہمارے ساتھ زبردستی نہیں کر سکتا کیونکہ اس نے ہمیں اپنی

...اولاد کی طرح چاہا ہے, جو کچھ تمہیں سننے کو ملا تھا وہی سب ہم نے بھی سن لیا

...زین مزے سے کندھے اچکاتے ہوئے بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

ویسے ہمارا یہ سرپرائز تمہیں کیسا لگا...؟؟

تیمیہ نے چہکتے ہوئے پوچھا, ساتھ گارڈن کی جانب اشارہ کیا جو برتھڈے تھیم کے مطابق بہت اچھے سے سجایا گیا تھا...

زبردست, بہت ہی اعلیٰ... فائنلی سب ٹھیک ہونے جا رہا ہے...

وہ مسکراتے ہوئے بولا

ارحم تمہیں اس سب کا شکریہ اسپرا کو بھی کہنا چاہیے, ہم سب ہچکچا رہے تھے اب کیسے ملے ایک ساتھ, کیا کریں..؟؟ ہم لوگوں نے کانفرنس کال پر اسپرا سے بات کی اور اس نے ایسے سب کو اکٹھا ہونے کا مشورہ دیا....

شیزہ کے کہنے پر اس نے حیرت سے دائیں جانب کھڑی اسپرا کی جانب دیکھا جو اپنے پاپا کے سینے سے لگی محبت سے اسے ہی دیکھ رہی تھی کیونکہ اس نے اسے اس بات کی بھنک بھی نہیں لگنے دی تھی....

you are my feisty woman...

I love you so much...

وہ اسکی جانب بڑھ کر اسکے ہاتھ محبت سے تھامتا ہوا بولا جس پر وہ مسکراتی ہوئی بلش کرنے لگی....

عبدالجبار صاحب, ملیحہ بیگم, دادی ماں بیلا, شیزہ اور تیمیہ نے بھی جب اسے برتھڈے وش کر دیا تو اس نے سب کی موجودگی میں کیک کاٹا اور پھر سب نے مل کر کھانا کھایا, جو شیزہ, تیمیہ اور اسپرا نے مل کر بنایا تھا...

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

کیاہوا ہے زبیر...؟؟

...ارحم نے اس سے پوچھا جو اس کے برابر آ کے بیٹھ گیا تھا

...میرا برتھڈے گفٹ تمہارے لیے

اس نے ایک باکس اسکی جانب بڑھاتے ہوئے کہا جو ارحم نے تھام کر کھول دیا جس میں گولی ...موجود تھی

یہ کیا ہے...؟؟

وہ سب کی طرف ایک نظر دیکھتے ہوئے پوچھنے لگا جو آپس میں باتیں کر رہے تھے کسی کا بھی ...دیہان ان دونوں کی طرف نہیں تھا

...یہ وہی گولی ہے جو میں نے تمہاری بیوی کے سینے سے نکالی تھی

...اس کے کہنے پر وہ گولی کو اپنے ہاتھ کی انگلیوں سے چھونے لگا

اگلی دفعہ تم خود کو کسی مشکل میں ڈالو تو ایک نظر اسے لازمی دیکھنا...یہ تمہیں اس پل کی یاد دلائے گی ...جب اسپرا کو تمہاری آنکھوں کے سامنے گولی لگی تھی

...ارحم اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگا

اسپرا بالکل اینجل ہے جس نے صرف تمہاری زندگی کو ہی نہیں سنوارا بلکہ ہم لوگوں کی لائیف کو بھی ....سنوار دیا ہے..تم بہت خوش قسمت ہو جو یہ تمہارے پاس ہے پلیز ہمیشہ اسکا خیال رکھنا

...وہ اسکا ہاتھ تھپتھپاتا ہوا بولا

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

تم فکر مت کرو, میں ہمیشہ رکھوں گا.... تم بتاؤ آگے کیا کرنے کا پلین ہے تا کہ میں تمہاری مدد کر سکوں...

...یار ہم سب نے جو کرنا ہے وہ شروع کر چکے ہیں تم پریشان نہ ہو

زین اور ارسل نے امریکا میں اپنی میڈیکل کی جاب کیلئے اپلائی کیا تھا ان دونوں کو وہاں مل گئی ہے...

انہوں نے کل وہاں ہی روانہ ہونا ہے... علی کو تم جانتے ہو گاڑیوں کا شوق ہے اس نے اور احمد نے گاڑیوں کا شوروم اٹلی میں ہی کھولا ہے کیونکہ پولیس ان دونوں کے ہی بارے میں کچھ نہیں جانتی.... اور میں نے اور شیزہ نے پیرس میں رہنے کا سوچا ہے, وہاں ہماری رہائش اور کام کا ارینج ہو گیا ہے...

...وہ تفصیل سے سب کچھ بتانے لگا

لیکن تم لوگوں نے تو کہا تھا ابھی کچھ نہیں ہوا...؟؟

...وہ حیرت سے پوچھنے لگا

یار ایک ماہ ہم لوگ تم سے دور رہے ہیں... اس دوران چیزیں ہی سیٹ کر رہے تھے, اور ہاں تیمیہ نے اٹلی میں ہی اپنے باٹنی سٹور پر کام جاری رکھنے کا سوچا ہے..

ماشاءاللہ! میں بہت خوش ہوں تم سب کیلئے, شکر ہے اللہ نے تم سب کے دل میں بھی ہدایت ڈال دی.

....بے شک وہ بہت رحیم و کریم اور بخشنے والا ہے

...ارحم نے خوشی سے اسے گلے لگاتے ہوئے کہا

....بے شک.... لیکن ڈر لگتا ہے سب ٹھیک ہو گا نہ

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...سب ٹھیک ہو گا بس اس پاک ذات پر بھروسہ رکھنا

اس سفر میں مشکلات آئیں گی لیکن اپنے قدم مضبوط رکھنا, کبھی مایوس نہ ہونا, کیونکہ اندھیرا چاہے کتنا

....ہی گہرہ کیوں نہ ہو, سحر کی راہ میں کبھی بھی حائل نہیں ہو سکتا, سویرا ہو کر ہی رہتا ہے

....وہ اسکی پیٹھ تھپتھپاتے ہوئے بولا تو زبیر ہاں میں سر ہلا گیا

✸✸✸✸

...اگر فاطمہ اور فائقہ لوگ بھی یہاں ہوتیں تو زیادہ مزہ آتا

...تیمیہ نے سیڑھیاں چڑھتے ہوئے کہا

...جانتی ہوں, میں خود انہیں بہت مس کر رہی وہ لوگ اپنے کام کی وجہ سے نہیں آپائیں

...اسپرا نے جواب دیا تو وہ سر ہاں میں ہلا کر اپنے کمرے کا دروازہ کھولنے لگی

...گڈ نائٹ اسپرا

..نائٹ تیمیہ

اسپرا بول کر اپنے کمرے میں داخل ہو گئ جہاں ارحم شرٹ لیس اپنے ہاتھ میں موبائل پکڑے یہاں

...وہاں گھوم رہا تھا

...مجھے بہت برا لگ رہا ہے سب لڑکوں کو کاؤچز پر سونا پڑ رہا ہے

وہ لب چباتے ہوئے بولی کیونکہ ان کے گھر میں صرف دو گیسٹ روم تھے جن میں سے ایک

...میں اسپرا کی ساری فیملی تھی جبکہ دوسرے میں شیزہ اور تیمیہ سو رہی تھیں

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

...کچھ نہیں ہوتا,وہ کمفرٹیبل ہیں وہاں... میں واپس سے پوچھ کر ہی یہاں آیا ہوں

وہ اپنا سیل سائیڈ ٹیبل پر رکھ کر اسے اپنی جانب کھینچتا ہوا بولا, جس کی وجہ سے اسپرا کے ہاتھ ارحم کے وجود سے ٹکرائے تو وہ بلش کرنے لگی...

....مجھے سب نے گفٹ دیا ہے سوائے تمہارے

....تم نے تو اچھے سے وش بھی نہیں کیا

وہ اسکے بالوں میں اپنا چہرہ چھپاتے ہوئے شکایت کرنے لگا جبکہ دوسری طرف اسپرا کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا...

Wish you v Happy Birthday my handsome man...

...وہ اسکے گرد اپنا حصار باندھتی ہوئی محبت سے چور لہجے میں بولی

اور گفٹ...؟؟

...وہ آئبرو اچکاتا ہوا پوچھنے لگا جس پر اسپرا کے لب مسکرانے لگے

اس خوبصورت سی مسکراہٹ کے پیچھے کیا وجہ ہے...؟؟

اسپرا کے ہنسنے پر وہ اسے بیڈ پر بٹھا کر پوچھنے لگا جس پر وہ مسکراتے ہوئے اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگی..

...ارحم میرے پاس بھی تمہارے لیے گفٹ ہے

...وہ اسکی گود میں بیٹھ کر اسکی گردن کے گرد بازو حائل کر کے اسکی جاءلائن پر کس کرتے ہوئے بولی

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اور وہ کیا ہے...؟؟

...وہ اسکے بالوں کو سہلاتے ہوئے پوچھنے لگا

....اارحم میں پریگنینٹ ہوں

....اس کے الفاظ پر ارحم کے چہرے پر مسکراہٹ کی جگہ شاک نے لے لی

کیا...؟؟؟

...وہ بے یقینی سے پوچھنے لگا

i said, I'm pregnant....

....بولتے ہوئے اسپرا کے گال دہکنے لگے

....ارحم

...جب اسپرا نے اسکی آنکھوں میں آنسو دیکھے تو وہ نرمی سے اسکا چہرہ اپنے ہاتھوں میں تھامتی ہوئی بولی

....مجھے یقین ہی نہیں ہو رہا, ہماری خواہش پوری ہونے جا رہی ہے... میں پاپا بننے والا ہوں

....وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولنے لگا

...ہاں ارحم اس رب نے ہماری سن لی

وہ نم آنکھوں سے مسکراتے ہوئے بولی تو وہ اسکے لبوں پر جھکا اور شدت بھری گستاخی کرنے لگا..

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....تم سوچ بھی نہیں سکتی یہ دنیا کا سب سے پیارا گفٹ ہے جو تم نے مجھے آج دیا ہے

وہ اسے بیڈ پر لٹا کر اسکی آنکھوں میں دیکھتا ہوا بولا جبکہ وہ اپنی بے ترتیب ہوتی سانسوں کو سنبھالنے لگی...

...چلو اٹھو اس رب کا شکر ادا کریں جس نے اس رحمت سے نوازا ہے

...وہ بیڈ سے اتر کر اسکے سامنے ہاتھ پھیلاتا ہوا بولا

اس وقت...؟؟

...وہ اسکا ہاتھ پکڑتے ہوئے پوچھنے لگی

ہاں میری جان اسی وقت, کیونکہ شکریہ ادا کرنے کا کوئی خاص وقت تو ہوتا نہیں, جب دل کرے شکریہ ادا کر لو....

...وہ اسے ہوا میں اٹھا کر خوشی سے جھومتا ہوا بولا جبکہ وہ اسکے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر کھکھلا کر ہسنے لگی

.....اسپر مجھے جنون ہے تیرے عشق کا

...وہ اسے ساتھ لیے واشروم میں داخل ہوتا ہوا بولا

....مجھے بھی ارحم

.....وہ پیار سے بولی تو دونوں نے وضو کیا اور پھر اس رب کے سامنے شکرانے کے نوافل ادا کرنے لگے

جب ہم سچے دل سے اس رب کی جانب قدم بڑھاتے ہیں تو وہ قدم قدم پر ہماری آزمائش لیتا ہے, مگر جب ہم ثابت قدمی سے ہر آزمائش پر پورا اترتے ہیں تو وہ ہمیں بے حساب انعامات سے نوازتا ہے,

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

....کیونکہ اس کے گھر میں دیر ہے اندھیر نہیں

اسلیے جب کچھ کرنے کی ٹھانو تو اس پر ثابت قدم رہو, کبھی کسی موڑ پر ناامید اور مایوس نہ ہوں,, کیونکہ امیدوں کے سمندر میں طلاطم آتے رہتے ہیں... سفینے ڈوبتے بھی ہیں لیکن سفر نہیں رکتا, مسافر ٹوٹ جاتے ہیں مگر ما نجھی نہیں تھکتا, سفر طے ہو کر رہتا ہے... بے شک خدا حاضر ہے ناظر بھی, ظاہر ہے اور باطن بھی, وہی ہے حال سے واقف اور وہی ہے سینوں میں بھی, مصیبت کے اندھیروں میں کبھی اسے پکار کر تو دیکھو وہ تمہاری آنکھوں کے آنسوؤں کو یونہی ملیامیٹ ہونے نہیں دے گا, ہوا کا رخ کتنا ہی تیز کیوں نہ وہ تمہیں گرنے نہیں دے گا... بس خود کو اسکی جانب بڑھاؤ اور توبہ کرو وہ سب سنے گا اور ہر ....چیز سے نوزاے گا

....یہی صحیح راہ اسپرا اور ارحم نے چنی تھی جنکی زندگی ہمیشہ ہمیشہ کیلئے سنور گئ تھی

ختم شد

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔۔۔

"اَلسَلامُ عَلَیکُم احباب۔۔۔۔

"ناولز کی دنیا" کے ناولز میں خوش آمدید ۔۔۔۔

ناولز کی دنیا" ویب سائیٹ /گروپ / پیج دے رہا ہے تمام لکھاریوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم جہاں آپ اپنی خدا داد صلاحیتوں کو اپنے قلم سے تحریر کر کے اپنا اور اپنے ملک کا نام روشن کرسکتے ہیں ۔۔۔ اگر آپ کو بھی اللہ کی طرف سے یہ صلاحیت دی گئی ہے تو اسے اجاگر ضرور کریں ۔۔۔ ہمیں آپ جیسے ہی لکھاریوں کی تلاش اور ضرورت ہے ۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

اگر آپ ہمارے بلاگز پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، آرٹیکل

پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو ہم سے رابطہ کریں -- اپنی تحریر اردو میں ٹائیپ

کرکے ہمیں بھیجیں۔ جتنا جلدی ہوسکا آپکی تحریر پوسٹ ہوجائے گی ---

مزید تفصیلات یا کسی بھی طرح کی مدد کے لیئے ہم سے گروپ یا پیج انباکس

میں رابطہ کریں یا ای میل پر ہم سے رابطہ کرسکتے ہیں--

Email address :-

Novelskiduniya77@gmail.com

Facebook page :- Novels ki duniya

(user name @zoyatalib77)

Facebook group :- Novels ki duniya

(پر خیال رہے کہ یہ گروپ زویا طالب کا ہی ہو)

اور باقی کے رابطے کے لیئے ہر پیج کے نیچے

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE

"novels ki duniya "

اور

"website"

لکھا ہے ان دونوں کو وزٹ کرنے کے لیئے لکھے ہوئے پر ہی کلک کریں

اور اوپن کرلیں ---

شکریہ-----

Novels by "novels_ki_duniya" web/fb page /group by Zoya talib
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Our WEBSITE